لَمْ يَرْوِهِ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ

اسے روح بن قاسم سے صرف عیسٰی بن شعیب ہی روایت کرتے ہیں۔

2195 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَنْبَسَةَ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ الضَّبِّيُّ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عُبَيْدٍ الْمُكْتِبِ، عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ نَجَبَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ، فَاِذَا اسْتُشِيرَ فَلْيُشِرْ بِمَا هُوَ صَانِعٌ لِنَفْسِهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مشورہ امانت ہوتا ہے' پس جب کسی سے مشورہ لیا جائے تو وہ اس کو اپنی طرف سے جو اس نے کرنا ہے' اچھا مشورہ دے۔

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَنْبَسَةَ، وَهُوَ حَدِيثٌ غَرِيبٌ

یہ حدیث عبدالرحمٰن بن عنبسہ ہی روایت کرتے ہیں' اور یہ حدیث غریب ہے۔

2196 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نَا عَامِرُ بْنُ مُدْرِكٍ قَالَ: نَا زُفَرُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ: دَخَلْتُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاكِعٌ،

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس حالت میں داخل ہوا کہ نبی کریم ﷺ رکوع میں تھے' پھر میں نے صف میں ملنے سے پہلے ہی رکوع کر لیا یہاں تک کہ صف میں داخل ہو۔ تو نبی کریم ﷺ نے جس وقت

2195- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه99 .

2196- اخرجه البخاري في الأذان جلد 2 صفحه 312 رقم الحديث: 783' وأبو داؤد في الصلاة جلد 1صفحه179 رقم الحديث: 683' والنسائي في الامامة جلد2صفحه91 (باب الركوع دون الصف)' وأحمد في المسند جلد 5 صفحه49 رقم الحديث: 20430 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فَرَكَعْتُ خَارِجًا مِنَ الصَّفِّ، ثُمَّ مَشَيْتُ حَتَّى دَخَلْتُ فِي الصَّفِّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ انْصَرَفَ: زَادَكَ اللّٰهُ حِرْصًا، وَلَا تَعُدْ

سلام پھیرا تو فرمایا: اللہ عزوجل تیری حرص میں اضافہ کرے آئندہ ایسا نہ کرنا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زُفَرَ إِلَّا ابْنُ مُدْرِكٍ

اسے زفر سے صرف ابن مدرک ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ زَكَرِيَّا شَاذَانُ

احمد بن زکریا شاذان کی روایات

2197 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَكَرِيَّا شَاذَانُ الْقَصْرِيُّ قَالَ: نَا بَرَكَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ اَسْبَاطٍ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا رَاَيْتُ عَوْرَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے کبھی رسول اللہ ﷺ کی شرمگاہ نہیں دیکھی۔

لَمْ يَرْوِهِ اِلَّا بَرَكَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ

اسے صرف برکہ بن محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

2198 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الزِّنْبَقِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، وَاَبِي يَعْفُورٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي اَوْفَى قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، نَاْكُلُ الْجَرَادَ

حضرت ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوات میں شریک ہوئے تھے' ہم ٹڈیاں کھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا اَبُو عَوَانَةَ، وَلَا عَنْ اَبِي عَوَانَةَ اِلَّا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ مُدْرِكٍ

اسے شیبانی سے صرف ابوعوانہ اور ابوعوانہ سے صرف یحییٰ بن حماد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں حسن بن مدرک اکیلے ہیں۔

2199 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُدْرِكٍ الْقَصْرِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ الْوَاسِطِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے ہوئے سنا: قیامت کے

2198- اخرجه البخاری فی الذبائح جلد9صفحه535 رقم الحديث: 5495' ومسلم فی الصيد والذبائح جلد3 صفحه1546 .

2199- اخرجه ابوداؤد فی الصلاة جلد 1صفحه227 رقم الحديث: 864' والنسائی فی الصلاة جلد 1صفحه188 (باب المحاسبة علی الصلاة)' وابن ماجه فی الاقامة جلد 1صفحه458 رقم الحديث: 1425' واحمد فی المسند جلد2صفحه389 رقم الحديث: 7921 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قَالَ: نَا اَبُو خُلَيْدٍ عُتْبَةُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، اَنَّهُ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو حَكِيمٍ الضَّبِّيُّ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَوَّلَ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَلَاتُهُ، فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَلَائِكَتِهِ: انْظُرُوا اِلَى صَلَاةِ عَبْدِي، اَتَمَّهَا اَوْ نَقَصَهَا؟ فَاِنْ اَتَمَّهَا كُتِبَتْ لَهُ تَامَّةً، وَاِنْ كَانَ قَدِ انْتَقَصَهَا، قِيلَ: انْظُرُوا هَلْ لِعَبْدِي مِنْ نَافِلَةٍ تُكْمِلُونَ بِهَا فَرِيضَتَهُ؟ ثُمَّ تُؤْخَذُ الْاَعْمَالُ بَعْدَ ذٰلِكَ

دن سب سے پہلے بندہ سے نماز کے متعلق حساب لیا جائے گا' اللہ عزوجل فرشتوں کو فرمائے گا: میرے بندے کی نماز دیکھو کہ مکمل ہے یا اس میں کمی ہے؟ اگر مکمل ہوئی تو اس کے لیے مکمل ثواب لکھا جائے گا' اور اگر کمی ہوئی تو کہا جائے گا: کیا میرے بندہ کے نامۂ اعمال میں نفل ہیں تو اس کے ذریعہ فرضوں میں کمی پوری کی جائے' پھر اس کے بعد دوسرے اعمال لیے جائیں گے۔

2200 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُدْرِكٍ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا عُتْبَةُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالظُّرُوفِ الْمُزَفَّتَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے دباء اور مزفت کے برتنوں میں پینے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِهِمَا عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ اِلَّا عُتْبَةُ بْنُ حَمَّادٍ

ان دونوں کو ابن ثوبان سے صرف عتبہ بن حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2201 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْقَصْرِيُّ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنْ سُعَيْرِ بْنِ الْخِمْسِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَشَرَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ فِي الْجَنَّةِ: اَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قریش سے دس افراد جنتی ہیں: ابوبکر جنتی ہیں' عمر جنتی ہیں' عثمان جنتی ہیں' علی جنتی ہیں' طلحہ جنتی ہیں' زبیر جنتی ہیں' سعد جنتی ہیں' سعید جنتی ہیں' عبدالرحمن بن عوف جنتی ہیں' ابوعبیدہ بن جراح جنتی ہیں۔

2200- أخرجه مسلم فى الأشربة جلد3صفحه1578' واحمد فى المسند جلد2صفحه546 رقم الحديث: 9373 .

2201- أخرجه الطبرانى فى الصغير جلد1صفحه29 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدٌ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعِيدٌ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عُمَرَ إِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

اسے سفیان سے صرف حامد بن یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت ابن عمر سے صرف اسی سند سے یہ روایت مروی ہے۔

2202 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ وَهْبٍ أَبُو زَيْدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ: أَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَذْهَبَ اللَّهُ بَصَرَهُ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ، كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ وَاجِبًا أَنْ لَا تَرَى عَيْنَاهُ النَّارَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کی اللہ عزوجل آنکھ لے جائے اور وہ صبر کرے اور ثواب کی نیت کرے تو اللہ پر ضروری ہے کہ اس کی آنکھ کو جہنم نہ دکھائے۔

لَمْ يَرْوِهِ إِلَّا وَهْبُ بْنُ حَفْصٍ

اس کو صرف وہب بن حفص ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2202- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه48 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ الْجُرَيْرِيُّ

احمد بن خلیل جریری کی روایات

2203 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَلِيلِ الْجُرَيْرِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زِمَامٍ الْعَلَّافُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبِّ، فَقَالَ: اُمَّةٌ مُسِخَتْ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گوہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ مسخ شدہ اُمت ہے اور اللہ ہی زیادہ جانتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ

اسے روح بن قاسم سے صرف محمد بن سواء ہی روایت کرتے ہیں۔

2204 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مَابَهْرَامَ الْاِيذَجِيُّ قَالَ: نَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ غَالِبِ بْنِ رَاشِدٍ الْعَبْشَمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُولُ: صَبَبْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَضُوئَهُ، فَرَفَعَ رَاْسَهُ اِلَيَّ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّكَ سَتَلِي اَمْرَ اُمَّتِي بَعْدِي، فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ فَاقْبَلْ مِنْ مُحْسِنِهِمْ، وَتَجَاوَزْ، عَنْ مُسِيئِهِمْ قَالَ: فَمَا زِلْتُ اَرْجُوهَا حَتّٰى قُمْتُ مَقَامِي هٰذَا

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا‘ وہ فرما رہے تھے کہ میں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو وضو کروا رہا تھا‘ آپ نے اپنا سرمبارک میری طرف اُٹھایا‘ فرمایا: عنقریب تجھے میرے بعد میری اُمت کا والی بنایا جائے گا‘ اگر ایسا ہو جائے تو ان کی اچھائیاں قبول کرنا اور بُرائیوں سے اجتناب کرنا۔ حضرت امیر معاویہ فرماتے ہیں کہ میں نے مسلسل اس کی اُمید رکھی یہاں تک کہ میں اس مقام پر کھڑا ہو گیا ہوں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ اِلَّا يَحْيَى بْنُ غَالِبِ بْنِ رَاشِدٍ

اسے غالب القطان سے صرف یحییٰ بن غالب بن راشد ہی روایت کرتے ہیں۔

2204- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه171 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

2205 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمِصْرِيُّ الْاَيْلِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَاصِمٍ قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ لَاحِقٍ قَالَ: نَا ابْنُ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَائِدُ الْمَرِيضِ يَخُوضُ فِي الرَّحْمَةِ، فَاِذَا جَلَسَ عِنْدَهُ اغْتَمَسَ فِيهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مریض کی عیادت کرنے والا اللہ کی رحمت میں غوطہ زن ہوتا ہے وہ جب اس کے پاس بیٹھتا ہے تو اس کی رحمت میں ڈوب جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْمُفَضَّلِ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

اسے مفضل سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

2206 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْحَرِيشِ الْاَهْوَازِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

اسے اسماعیل سے صرف عمران بن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2205- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه300 .

2206- أخرجه الطبراني والكبير جلد10صفحه281 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه284 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّخَعِيُّ

احمد بن محمد نخعی کی روایات

2207 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ النَّخَعِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نَا مِسْعَرُ بْنُ الْحَجَّاجِ النَّهْدِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: اشْتَدَّ غَضَبُ اللّٰهِ عَلَى مَنْ ظَلَمَ مَنْ لَا يَجِدُ نَاصِرًا غَيْرِي

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ اللہ کا شدید غصہ اس پر ہوگا جس نے ظلم کیا اور جو میرے علاوہ کوئی مددگار نہ پائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا شَرِيكٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مِسْعَرُ بْنُ الْحَجَّاجِ

اسے ابواسحاق سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں؛ اسے روایت کرنے میں مسعر بن حجاج اکیلے ہیں۔

2208 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْوَلِيدِ السُّكَّرِيُّ الْاَهْوَازِيُّ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ قَالَ: لَا تَحِلُّ اللُّقَطَةُ، مَنِ الْتَقَطَ شَيْئًا فَلْيُعَرِّفْهُ، فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَلْيَرُدَّهَا اِلَيْهِ، وَاِنْ لَمْ يَاْتِ فَلْيَتَصَدَّقْ بِهَا، فَاِذَا جَاءَ فَلْيُخَيِّرْهُ بَيْنَ الْاَجْرِ، وَبَيْنَ الَّذِي لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے گم شدہ شے کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: گم شدہ شے حلال نہیں؛ جس کو گم شدہ شے ملے تو وہ اس کا اعلان کرے؛ اگر اس کا مالک آ جائے تو اس کو واپس کر دے اور اگر وہ نہ آئے تو اسے صدقہ کر دے؛ پھر اگر وہ مالک آ جائے تو اس کو اختیار ہے کہ اس کی مزدوری دے یا وہ چیز اس کو دے دے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا السَّمْتِيُّ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ سُمَيٍّ اِلَّا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ

اسے زیاد بن سعد سے صرف سمتی ہی روایت کرتے ہیں؛ اور سمی سے صرف زیاد بن سعد ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2208- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه171 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

احمد بن عبد الكريم العسكرى

احمد بن عبدالکریم عسکری کی روایات

2209 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الزَّعْفَرَانِيُّ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا اَبُو قُتَيْبَةَ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى النَّحْوِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آگ پر پکائی ہوئی شے کھائے وہ (کھا کر) وضو کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هَارُونَ اِلَّا اَبُو قُتَيْبَةَ، وَلَمْ يُسْنِدْ هَارُونُ عَنْ يَحْيَى غَيْرَ هَذَا الْحَدِيثِ

اسے ہارون سے صرف ابوقتیبہ ہی روایت کرتے ہیں' اور ہارون' یحییٰ سے اس حدیث کے علاوہ کوئی مسند حدیث روایت نہیں کرتے۔

2210 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمُّويَةَ اَبُو سَيَّارٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدَانُ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: لَمَّا رَجَعْنَا مِنْ تَبُوكَ، سَاَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: لَا يَاْتِي عَلَى النَّاسِ مِائَةُ سَنَةٍ وَعَلَى ظَهْرِ الْاَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوسَةٌ الْيَوْمَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب ہم غزوۂ تبوک سے واپس آئے تو ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: قیامت کب آئے گی؟ آپ نے فرمایا: لوگوں پر سو سال نہیں گزریں گے کہ آج جو زمین پر موجود ہے' کوئی نفس باقی نہیں رہے گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ دَاوُدَ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ اِلَّا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ

اسے از داؤد از ابوعثمان صرف ابن ابی زائدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2209- أخرجه مسلم في الحيض جلد 1 صفحه 272 رقم الحديث: 352' والنسائي في الطهارة جلد 1 صفحه 87 (باب الوضوء مما غيرت النار)' وابن ماجه في جلد 1 صفحه 163 رقم الحديث: 485' وأحمد في المسند جلد 2 صفحه 356 رقم الحديث: 7623.

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

2211 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمُّوَيْهِ اَبُو سَيَّارٍ قَالَ: نَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو اَيُّوبَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ يَجْعَلُ لِلّٰهِ نِدًّا جَعَلَهُ اللّٰهُ فِي النَّارِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: وَاُخْرَى لَمْ اَسْمَعْهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْجُو اَنْ تَكُونَ حَقًّا: لَا يَمُوتُ عَبْدٌ لَّا يَجْعَلُ لِلّٰهِ نِدًّا اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کا شریک ٹھہراتا ہوا مرتا ہے' اللہ عزوجل اس کو جہنم میں داخل کرے گا' حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ ایک دوسری بات تھی جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے نہیں سنی' میں اُمید کرتا ہوں کہ (وہ یہ تھی کہ) اللہ پرضروری ہے کہ جو بندہ اس حالت میں مرے کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے تو اللہ اس کو جنت میں داخل کرے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَفْرِيقِيِّ اِلَّا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ

اسے ابوایوب افریقی سے صرف ابن ابی زائدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2211- أخرجه البخاري في الأيمان جلد **11** صفحه **575** رقم الحديث: **6683**' ومسلم في الايمان جلد **1** صفحه **94**' والطبراني في الكبير جلد **10** صفحه **187** رقم الحديث: **10410** .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ فَادِكٍ التُّسْتَرِيُّ

2212 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ فَادِكٍ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى اَبُو غَسَّانَ السُّكَّرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي قَالَ: قَالَ الْحَسَنُ: اِنَّ مُحَمَّدَ بْنَ مَسْلَمَةَ الْاَنْصَارِيَّ سَالَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيْفًا، فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ، وَاشْتَرَطَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالسَّيْفُ فِي يَدِهِ قَبْلَ اَنْ يَدْفَعَهُ اِلَيْهِ، فَقَالَ: هَاءَ يَا مُحَمَّدُ، قَاتِلْ بِهِ الْمُشْرِكِينَ مَا قُوتِلُوا، فَاِذَا رَاَيْتَ الْمُسْلِمِينَ اقْتَتَلُوا فَاعْمَدْ بِهِ اِلَى اُحُدٍ فَاكْسِرْهُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ اِلَّا ابْنُهُ

احمد بن فادک تستری کی روایت

حضرت محمد بن مسلمہ انصاری رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے تلوار مانگی تو آپ نے انہیں عطا کی اور رسول اللہ ﷺ نے ان پر اس حالت میں شرط لگائی کہ تلوار آپ کے ہاتھ میں تھی' انہیں دینے سے پہلے۔ تو میں نے عرض کی: اے محمد! میں اس کے ساتھ مشرکوں کو قتل کروں گا' جب میں مسلمانوں کو دیکھوں گا کہ وہ لڑتے ہیں' تو میں اُن کی طرف مدد کے لیے جاؤں گا' اسے اس کے ساتھ اُحد کی طرف بھیجئے تا کہ وہ اسے توڑے۔

اسے محمد بن جحادہ سے صرف ان کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْبَرَاثِيُّ

2213 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْبَرَاثِيُّ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُجَالِدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ثِيَابُنَا فِي الْجَنَّةِ نَنْسِجُهَا بِاَيْدِينَا؟ قَالَ: فَضَحِكَ الْقَوْمُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَ تَضْحَكُونَ؟ مِنْ جَاهِلٍ يَسْاَلُ عَالِمًا؟ لَا يَا اَعْرَابِيُّ، وَلٰكِنَّهَا تَشَقَّقُ عَنْهَا ثَمَرَاتُ الْجَنَّةِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الشَّعْبِيِّ اِلَّا مُجَالِدٌ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُجَالِدٍ اِلَّا ابْنُهُ، وَلَا يُرْوَى اِلَّا عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

2214 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي يَحْيَى الْحَضْرَمِيُّ الْمَعْرُوفُ بِيَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ اَبِي نَاجِيَةَ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ يُونُسَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ اِلَّا الْمَكْتُوبَةَ

احمد بن مخلد براثی کی روایات

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا جنت میں ہم اپنے کپڑے اپنے ہاتھوں سے سلائی کریں گے؟ اس کی بات سن کر لوگ ہنس پڑے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم کیوں ہنسے ہو؟ دیکھو تو سہی کہ بے علم ہے لیکن سوال اہل علم والا کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے دیہاتی! نہیں! بلکہ اس میں جنت کے پھل چیریں جائیں گے۔

اسے شعبی سے صرف مجالد اور مجالد سے صرف ان کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت جابر سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے تو پھر صرف فرض نماز ہے اور کوئی نماز نہیں ہے۔

2214- اخرجه مسلم فی المسافرين جلد1صفحه493' وابو داؤد فی الصلاة جلد2صفحه22 رقم الحديث: 1266' والترمذی فی الصلاة جلد2صفحه282 رقم الحديث: 421' والنسائی فی الامامة جلد2صفحه90 (باب ما يكره من الصلاة عند المكتوبة)' وابن ماجه فی الاقامة جلد 1صفحه364 رقم الحديث: 1151' والدارمی فی الصلاة جلد1صفحه400 رقم الحديث: 1448' واحمد فی المسند جلد2صفحه599 رقم الحديث: 9886 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَدْخُلْ بَيْنَ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، وَعَطَاءٍ الزُّهْرِيَّ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ

عمرو بن دینار اورعطاء کے درمیان زہری داخل نہیں کرتے سوائے محمد بن عبداللہ بن عبیداللہ بن عبید بن عمیر کے۔

2215 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ، صَاحِبِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي إِسْحَاقُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلَّهِ مَسْجِدًا بَنَى اللَّهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ .

حضرت ابواسحاق اپنے والد وہ ان کے دادا حضرت نبیط بن شریط سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بناتا ہے۔

لَا يُرْوَى عَنْ نُبَيْطٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ وَلَدُهُ عَنْهُ

حضرت نبیط سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے اسے روایت کرنے میں اُن کی اولاد اکیلی ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُورَانِيُّ

احمد بن محمد البورانی کی روایات

2216 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُورَانِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ .

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہٗ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے فرمایا: جنگ دھوکہ کا نام ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا عَلِيُّ بْنُ غُرَابٍ

اسے ہشام بن عروہ سے صرف علی بن غراب ہی روایت کرتے ہیں۔

2217 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبُورَانِيُّ الْقَاضِي قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الصُّدَائِيُّ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ الْجَارُودِ قَالَ: نَا ابْنُ اَبِي الْمُنِيرِ، خَالُ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْظَرَ مُعْسِرًا اِلَى مَيْسَرَتِهِ اَنْظَرَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِذَنْبِهِ اِلَى تَوْبَتِهِ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے تنگ دست کو خوشحالی تک مہلت دی' اللہ عزوجل اس کو گناہوں کی معافی مانگنے کی مہلت دے گا۔

لَا يُرْوَى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الصُّدَائِيُّ

حضرت ابن عباس سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں صدائی اکیلے ہیں۔

2218 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ طُعْمَةَ الْحَلَبِيُّ قَالَ: نَا اَبُو خَيْثَمَةَ مُصْعَبُ بْنُ سَعِيدٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز میں

2216- أخرجه ابن ماجه في الجهاد جلد2صفحه945 رقم الحديث:2833 .

2217- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 12صفحه151 رقم الحديث:11330 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه137-138 .

2218- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:8612 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلَا يُغْمِضْ عَيْنَيْهِ .

ہوتو وہ اپنی آنکھیں بند نہ کیا کرے۔

لَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ مُوسَى إِلَّا مُصْعَبٌ

رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت ہے اور موسیٰ سے اسے صرف مصعب ہی روایت کرتے ہیں۔

2219 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ التَّمِيمِيُّ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ: نَا مُصْعَبُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَاءَ رَجُلٌ قَدْ تَوَضَّأَ وَفِي قَدَمِهِ مَوْضِعٌ لَمْ يُصِبْهُ الْمَاءُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَاَتِمَّ وُضُوئَكَ ، فَفَعَلَ .

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی آیا' اس نے وضو کیا اور اس کے قدموں میں کچھ جگہ خشک تھی' تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جاؤ! اپنا وضو مکمل کرو' تو اس نے ایسا ہی کیا۔

لَا يُرْوَى عَنْ اَبِي بَكْرٍ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ

حضرت ابوبکر سے یہ حدیث صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے۔

2220 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدٍ السُّلَمِيُّ، بِجُونِيَّةَ قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ حِصْنِ بْنِ حَسَّانَ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ الْبَيْرُوتِيُّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشُّفْعَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شفعہ ہر شریک کے لیے ہے' چاہے وہ چوتھائی حصے میں ہو یا دیوار میں شریک ہو' کسی کو فروخت کرنا جائز نہیں ہے یہاں تک کہ اپنے شریک سے اجازت لے کہ وہ لے یا چھوڑ دے۔

2219- انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه144 .

2220- اخرجه مسلم في المساقاة جلد3صفحه1229' وابو داؤد في البيوع جلد3صفحه283 رقم الحديث: 3513' والنسائي في البيوع جلد7صفحه265 (باب بيع المشاع)' واحمد في المسند جلد3صفحه388 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فِي كُلِّ شِرْكٍ فِي رَبْعٍ اَوْ حَائِطٍ لَا يَصْلُحُ اَنْ يَبِيعَهُ حَتّٰى يُؤْذِنَ شَرِيكَهُ، فَيَأْخُذَ اَوْ يَدَعَ

2221 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يُونُسَ الرَّقِّيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سَمِينَةَ قَالَ: نَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي اَوْفَى، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ لِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: بَشِّرْ خَدِيجَةَ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ، لَا صَخَبَ فِيهِ، وَلَا نَصَبَ .

حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا کہ آپ خدیجہ کو جنت میں ایسے گھر کی خوشخبری دیں جو بانسوں کا ہوگا' اس میں نہ شور اور نہ ہی تھکاوٹ ہوگی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ اِلَّا ابْنُ عَيَّاشٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُ اِلَّا ابْنُ اَبِي سَمِينَةَ

اسے شیبانی سے صرف ابن عیاش ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن ابی سمینہ اکیلے ہیں۔

2222 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يُونُسَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ: قُلْتُ لِلرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ ابْنِ عَفْرَاءَ: صِفِي لِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: كُنْتُ اِذَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتَهُ كَالشَّمْسِ الطَّالِعَةِ .

حضرت ابوعبیدہ بن محمد بن عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ربیع بنت معوذ بن عفراء رضی اللہ عنہا سے کہا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کی تعریف سنائیں! آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کو جب بھی دیکھتی تھی تو ایسے محسوس ہوتا تھا کہ سورج چمک رہا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الرُّبَيِّعِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ . تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث ربیع سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن موسیٰ اکیلے ہیں۔

2223 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الصَّفَّارُ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ اَبِي الزَّرْقَاءِ قَالَ:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ نے فرمایا: مجھے کسی شے پر اتنی

2221- اخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه15 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه227 .

2222- انظر: مجمع الزوائدجلد8صفحه283 .

2223- اخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه17 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا شِبْلُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: مَا نَدِمْتُ عَلَى شَيْءٍ مَّا نَدِمْتُ عَلَى اَنِّي لَمْ اَسْاَلْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرِّيحِ . فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: بَلَى قَدْ سَاَلْتُهُ عَنْهَا، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرِّيحُ مِمَّ هِيَ؟ قَالَ: مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ يَبْعَثُهَا بِالرَّحْمَةِ، وَيَبْعَثُهَا بِالْعَذَابِ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شِبْلٍ اِلَّا زَيْدُ بْنُ اَبِي الزَّرْقَاءِ

ندامت نہیں ہوئی جتنی مجھے اس بات پر ندامت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ہوا کے متعلق کیوں نہیں پوچھا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیوں نہیں! بلکہ میں نے آپ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ ہوا کس چیز سے ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل کی طرف سے وہ بھیجتا ہے اس کو رحمت بنا کر اور عذاب بنا کر بھی۔

اسے شبل سے صرف زید بن ابی زرقاء ہی روایت کرتے ہیں۔

2224 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ التَّمِيمِيُّ اَبُو الصَّقْرِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَحْتَرِقُونَ، تَحْتَرِقُونَ، فَاِذَا صَلَّيْتُمُ الْفَجْرَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ تَحْتَرِقُونَ، فَاِذَا صَلَّيْتُمُ الظُّهْرَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ تَحْتَرِقُونَ، فَاِذَا صَلَّيْتُمُ الْعَصْرَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ تَحْتَرِقُونَ، فَاِذَا صَلَّيْتُمُ الْمَغْرِبَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَحْتَرِقُونَ تَحْتَرِقُونَ، فَاِذَا صَلَّيْتُمُ الْعِشَاءَ غَسَلَتْهَا، ثُمَّ تَنَامُونَ فَلَا يُكْتَبُ عَلَيْكُمْ شَيْءٌ حَتَّى تَسْتَيْقِظُونَ

رَفَعَهُ عَلِيُّ بْنُ عُثْمَانَ اللَّاحِقِيُّ . وَرَوَاهُ جَمَاعَةٌ: عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ مَوْقُوفًا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم جلاؤ گے تم جلاؤ گے جب تم نے فجر کی نماز پڑھ لی تو تم نے اس کو دھولیا پھر تم جلو گے جلو گے جب تم نے ظہر کی نماز پڑھ لی تو تم نے اس کو دھولیا پھر تم جلو گے پھر تم جلاؤ گے پھر تم نے عصر کی نماز پڑھ لی تو تم اسے دھولیا کرو پھر تم جلو گے تم جلو تو پھر جب تم مغرب کی نماز پڑھ لو گے تو تم نے اس کو دھو لیا پھر تم جلو گے پھر تم جلو گے پس جب تم نے عشاء کی نماز پڑھ لی تو تم نے اس کو دھولیا پھر تم سوؤ گے کہ تم پر کوئی شے نہیں لکھی جائے گی یہاں تک کہ تم جاگ جاؤ۔

علی بن عثمان لاحقی اسے مرفوعاً روایت کرتے ہیں اور ایک جماعت اسے حماد بن سلمہ سے مرفوعاً روایت کرتی ہے۔

2224- أخرجه الخطيب في تاريخه جلد4صفحه305 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه302 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

2225 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِیُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ: نَا مِسْكِینٌ اَبُو فَاطِمَةَ، عَنْ حَوْشَبٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِی خَلِیلِی صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: الْوِتْرُ قَبْلَ النَّوْمِ، وَصِیَامُ ثَلَاثَةِ اَیَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَالْغُسْلُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے خلیل ﷺ نے مجھے تین نصیحت کیں: رات کو سونے سے قبل وتر پڑھنے اور ہر مہینے میں تین روزے رکھنے اور جمعہ کے دن غسل کرنے کی۔

2226 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التُّسْتَرِیُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ بِشْرِ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ: نَا مِسْكِینٌ، عَنْ حَوْشَبٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا غَیَّرَتِ النَّارُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو کوئی آگ پر پکی ہوئی چیز کھائے تو وہ وضو کرے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَیْنِ الْحَدِیثَیْنِ عَنْ حَوْشَبِ بْنِ عَقِیلٍ اِلَّا مِسْكِینٌ، وَلَا رَوَاهُمَا عَنْهُ اِلَّا اِسْمَاعِیلُ بْنُ بِشْرٍ

یہ دونوں حدیثیں حوشب بن عقیل سے صرف مسکین ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں کو صرف اسماعیل بن بشر ہی روایت کرتے ہیں۔

2227 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ الْجَوَالِیقِیُّ التُّسْتَرِیُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ اِبْرَاهِیمَ الْبَصْرِیُّ قَالَ: نَا اَیُّوبُ بْنُ سُلَیْمَانَ الْحَبَطِیُّ قَالَ: نَا زَكَرِیَّا بْنُ حَكِیمٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سرکہ بہترین سالن ہے۔

2225- اخرجه النسائی فی الصیام جلد4صفحه187 (باب صوم ثلاثة أیام من الشهر)' واحمد فی المسند جلد2 صفحه307 رقم الحدیث: 7157 .

2226- تقدم تخریجه .

2227- اخرجه الطبرانی فی الصغیر جلد1صفحه55 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه46 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

2228 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَمْدَانَ أَبُو سَعِيدٍ التُّسْتَرِيُّ، بِعَبَّادَانَ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ قَالَ: أَهْلَلْنَا هِلَالَ ذِي الْحِجَّةِ قَمَرًا ضَخْمًا، الْمُقِلُّ يَقُولُ: مِنْ لَيْلَتَيْنِ، وَالْمُكْثِرُ يَقُولُ: مِنْ ثَلَاثٍ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ لَقِيتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَسَأَلْتُهُ عَنْ يَوْمِ التَّرْوِيَةِ، فَعَدَّ لِي مِنْ ذَلِكَ الْيَوْمِ، فَقُلْتُ: إِنَّا أَهْلَلْنَاهُ قَمَرًا ضَخْمًا، فَقَالَ: إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَدَّهُ إِلَى رُؤْيَتِهِ

حضرت ابوبختری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے ذی الحجہ کا چاند دیکھا تو وہ چاند موٹا تھا' تھوڑے لوگوں نے کہا: محسوس ہو رہا تھا کہ دو راتوں' یا زیادہ نے کہا: تین دن کا ہے' جب ہم مکہ آئے تو میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ملا' میں نے ان سے ترویہ کے دن کے متعلق پوچھا تو انہوں نے میرے لیے آج کا دن شمار کیا۔ میں نے عرض کی: ہم نے چاند کو موٹا دیکھا' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ نے اس کو لمبا کیا دیکھنے کے لیے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ أَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ إِلَّا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ . وَقَدْ رَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ

اسے ابوخالد الدالانی سے صرف عبدالسلام بن حرب ہی روایت کرتے ہیں۔ شعبہ' عمرو بن مرہ سے روایت کرتے ہیں۔

2229 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ ثَوَابٍ الْحُصْرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا الْأَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمْ، فَسَهَا فِي صَلَاةٍ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ، ثُمَّ تَشَهَّدَ، ثُمَّ سَلَّمَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز پڑھائی' تو آپ نماز میں بھول گئے' سو آپ نے سہو کے دو سجدے کیے' پھر آپ نے التحیات پڑھی' پھر سلام پھیرا۔

لَمْ يَرْوِهِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوَابٍ

اس کو صرف محمد بن ثواب ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2228- اخرجه مسلم في الصيام جلد2صفحه766 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُرِّیُّ

احمد بن محمد المری کی روایات

2230 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُرِّیُّ الْبُغْدَادِیُّ قَالَ: نَا حَرْبُ بْنُ الْحَسَنِ الطَّحَّانُ قَالَ: نَا حُسَیْنُ بْنُ الْحَسَنِ الْاَشْقَرُ قَالَ: نَا قَیْسُ بْنُ الرَّبِیعِ، عَنْ لَیْثٍ، عَنِ ابْنِ اَبِی لَیْلَی، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْزَمُوا مَوَدَّتَنَا اَهْلَ الْبَیْتِ، فَاِنَّهُ مَنْ لَقِیَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ یَوَدُّنَا دَخَلَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِنَا، وَالَّذِی نَفْسِی بِیَدِهِ، لَا یَنْفَعُ عَبْدًا عَمَلُهُ اِلَّا بِمَعْرِفَةِ حَقِّنَا

حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہماری اہل بیت کی مودت کو لازم پکڑو' کیونکہ جو اللہ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ وہ ہم سے محبت کرتا ہوگا تو وہ ہماری شفاعت کی وجہ سے جنت میں داخل ہوگا' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! کسی بندہ کو اس کا علم نفع نہیں دے گا جب تک اس کو ہمارے حق کی معرفت نہیں ہوگی۔

2231 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِیُّ الْبَصْرِیُّ، بِالْبَصْرَةِ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیلَ الْوَاسِطِیُّ قَالَ: نَا یَزِیدُ بْنُ هَارُونَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یَنْهَی عَنْ اَکْلِ الْکُرَّاثِ وَالْبَصَلِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ لہسن اور پیاز کھانے سے منع فرماتے تھے۔

2232 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ قُرْقُرَةَ الْاَنْطَاکِیُّ قَالَ: نَا الْحُسَیْنُ بْنُ سَیَّارٍ الْحَرَّانِیُّ قَالَ: نَا یُوسُفُ بْنُ الْمَاجِشُونَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا مَاتَ ابْنُ آدَمَ، قَالَ آدَمُ لِامْرَاَتِهِ حَوَّاءَ: اِنَّهُ قَدْ مَاتَ ابْنُکِ، قَالَتْ: وَمَا الْمَوْتُ؟ قَالَ: لَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب آدم علیہ السلام کا بیٹا فوت ہوگیا تو حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت حوا علیہا السلام سے فرمایا: آپ کا بیٹا فوت ہوگیا' حضرت حوا علیہا السلام نے عرض کی: موت کیا ہے؟ فرمایا: نہ وہ کھاتا ہے نہ پیتا ہے نہ وہ چلتا ہے نہ پکڑتا ہے۔ حضرت آدم نے جب یہ فرمایا تو

2230- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه175 .

2231- أخرجه البخاري في الأذان جلد2صفحه394 رقم الحديث: 854' ومسلم في المساجد جلد 1صفحه394' وأحمد في المسند جلد3صفحه485 رقم الحديث: 15280 .

2232- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه8 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

يَطْعَمُ، وَلَا يَشْرَبُ، وَلَا يَمْشِي، وَلَا يَبْطُشُ، فَلَمَّا قَالَ ذَلِكَ صَرَخَتْ، فَقَالَ: الرَّنَّةُ عَلَيْكِ وَعَلَى بَنَاتِكِ، وَاَنَا وَبَنِيَّ بُرَآءُ، فَصَارَتِ الْمَوَاتِيمُ عَلَى النِّسَاءِ

لَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

حضرت حوا علیہا السلام نے چیخ ماری' حضرت آدم نے فرمایا: یہ چیخ مار کر رونا تیری اور تیری لڑکیوں پر جمع ہے اور میرے بیٹے اس سے بَری ہیں' پس رونا عورتوں میں جاری ہوگیا۔

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے۔

2233 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْمُقْرِءُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا جُبَارَةُ بْنُ مُغَلِّسٍ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى اَبِي مُوسَى فَقَالَ: رَجُلٌ مَاتَ وَتَرَكَ ابْنَتَهُ وَبِنْتَ ابْنٍ، وَاُخْتًا، فَقَالَ: لِلابْنَةِ النِّصْفُ، وَلِلْاُخْتِ النِّصْفُ، وَسَتَاْتِي ابْنَ مَسْعُودٍ، وَيَقُولُ لَكَ مِثْلَ ذَلِكَ . فَاَتَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، فَقُلْتُ: اِنَّ اَبَا مُوسَى قَالَ لِي: كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَمَا اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ: اِلابْنَةُ النِّصْفُ، وَلابْنَةِ الِابْنِ التَّكْمِلَةُ، وَلِلْاُخْتِ الثُّلُثُ، هَكَذَا فَرَضَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: ایک آدمی فوت ہو جاتا ہے اور وہ اپنی ایک بیٹی اور پوتا اور ایک بہن چھوڑ جاتا ہے۔ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بیٹی کے لیے نصف اور بہن کے لیے نصف ہے اور آپ ابن مسعود کے پاس جائیں' وہ بھی آپ کے لیے اسی کی مثل کہیں گے۔ پس میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور عرض کی: حضرت ابوموسیٰ نے مجھے مسئلہ اس طرح بتایا ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: وہ اس مسئلہ کو بھول گئے ہیں اور میں بھی رہنماؤں میں سے نہیں ہوں' مسئلہ یہ ہے کہ بیٹی کے لیے نصف اور پوتی کے لیے بقیہ ہے اور بہن کے لیے ایک تہائی ہے' رسول اللہ ﷺ نے اسی طرح مقرر فرمایا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ اِلَّا قَيْسٌ، وَلَا عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ

عمرو بن مرہ سے صرف قیس ہی روایت کرتے ہیں اور ابوعبیدہ سے صرف عمرو بن مرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2234 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ روایت کرتے

2234- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه50 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه233 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ مِهْرَانَ الدَّبَّاغُ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ الْحِمَّانِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ ظَهْرَ مَرٍّ، فَاُهْدِيَ عُضْوَ صَيْدٍ، فَرَدَّهُ عَلَى الرَّسُولِ، وَقَالَ لَهُ: اقْرَاْ عَلَيْهِ السَّلَامَ، وَقُلْ: لَوْلَا اَنَّا حُرُمٌ مَا رَدَدْنَاهُ عَلَيْكَ

ہیں کہ نبی کریم ﷺ مقام ظہر مر پر اُترے تو آپ کو ایک شکار کا حصہ دیا گیا تو آپ ﷺ نے اسے ایلچی کو واپس کر دیا' آپ ﷺ نے اسے فرمایا: اس کو سلام کہنا اور کہنا کہ اگر یہ حرام نہ ہوتا تو میں اسے آپ کو واپس نہ کرتا۔

2235 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مِرْدَاسٍ الْاَيْلِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ سَمُرَةَ الْاَحْمَسِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُصَلِّي الرَّجُلُ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ؟ قَالَ: اَوَكُلُّكُمْ يَجِدُ ثَوْبَيْنِ؟

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے عرض کی یارسول اللہ! کیا آدمی ایک کپڑے میں نماز پڑھ سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا تم میں سے ہر کوئی دو کپڑے پاتا ہے؟

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَشْعَثَ اِلَّا الْمُحَارِبِيُّ

اسے اشعث سے صرف محاربی ہی روایت کرتے ہیں۔

2236 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَخْشِيٍّ ابْنُ اَخِي الْمَخْشِيِّ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو الْقَاسِمِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِي الْمُغِيرَةُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: شیطان تم میں سے ہر ایک کی نماز میں خلل ڈالتا ہے' سو وہ نمازی نہیں جانتا کہ اس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں' اگر تم میں سے کوئی ایسی حالت پائے تو وہ بیٹھے بیٹھے دو سجدے کرے۔

2235- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد1صفحه561 رقم الحديث: 358' ومسلم فی الصلاة جلد1صفحه367 .

2236- أخرجه البخاری فی السهو جلد3صفحه125 رقم الحديث: 1232' ومسلم فی المساجد جلد1صفحه398 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابِ الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ سَلِمَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ يَاْتِي اَحَدَكُمْ فِي صَلَاتِهِ، فَيَلْبَسُ عَلَيْهِ، حَتّٰى لَا يَدْرِي كَمْ صَلّٰى، فَاِذَا وَجَدَ ذٰلِكَ اَحَدُكُمْ فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

2237 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ، قَالَتْ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنِي لَمْ يَاْكُلِ الطَّعَامَ، فَجَعَلَهُ فِي حِجْرِهِ، فَبَالَ عَلٰى ثَوْبِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا بِمَاءٍ، فَنَضَحَهُ عَلٰى ثَوْبِهِ، وَلَمْ يَغْسِلْهُ

حضرت اُم قیس بنت محصن رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس اپنے بیٹے کو لے کر آئی' ابھی وہ کھانا نہیں کھاتا تھا تو آپ ﷺ نے اسے اپنی گود میں رکھا' تو اس نے رسول اللہ ﷺ کے کپڑوں پر پیشاب کر دیا' آپ نے پانی منگوایا اور اسے اپنے کپڑے پر ڈالا اور اسے دھویا نہیں۔

2238 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَلْيَسْتَنْثِرْ، وَمَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوتِرْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو وضو کرے وہ ناک صاف کرے اور جب وہ ڈھیلوں سے استنجاء کرے تو وہ طاق ڈھیلے استعمال کرے۔

2239 - وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ، اَنَّهُ رَاَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَلْقِيًا فِي الْمَسْجِدِ،

حضرت عبادہ بن تمیم اپنے چچا حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو مسجد میں چت لیٹے ہوئے دیکھا' آپ

2237- أخرجه البخاری فی الوضوء جلد 1 صفحه 390 رقم الحديث: 223' ومسلم فی الطهارة جلد 1 صفحه 238' وأبو داؤد فی الطهارة جلد 1 صفحه 100 رقم الحديث: 374' والنسائی فی الطهارة جلد 1 صفحه 128 (باب بول الصبی الذی لم يأكل الطعام) .

2238- أخرجه البخاری فی الوضوء جلد 1 صفحه 315 رقم الحديث: 161' ومسلم فی الطهارة جلد 1 صفحه 212 .

2239- أخرجه البخاری فی الصلاة جلد 1 صفحه 671 رقم الحديث: 475' ومسلم فی اللباس جلد 3 صفحه 1662 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قَدْ وَضَعَ اِحْدَی رِجْلَيْهِ عَلَی الْاُخْرَی

نے ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھا ہوا تھا۔

2240 - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ مُصِيبَةٍ تُصَابُ بِهَا الْمُسْلِمُ اِلَّا كُفِّرَتْ عَنْهُ، حَتَّى الشَّوْكَةَ يُشَاكُهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس مسلمان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ تکلیف اس کے لیے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے یہاں تک کہ کانٹا بھی جو اسے چبھتا ہے۔

2241 - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عُرْوَةَ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَزَغُ فُوَيْسِقَةٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گرگٹ نافرمانوں میں سے ہے۔

2242 - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ طَلْحَةَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَمْرِو بْنِ سَهْلٍ، اَخْبَرَهُ، اَنَّ سَعِيدَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْاَرْضِ شَيْئًا فَاِنَّهُ يُطَوَّقُهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِينَ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جو کسی کی زمین ظلماً تھوڑی بھی لے لے تو وہ اس کو سات زمینوں تک طوق بنا کے گلے میں ڈال دی جائے گی۔

2243 - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسٍ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ اَكُونَ قَدْ هَلَكْتُ، فَقَالَ: لِمَ؟ قَالَ: فَاَجِدُنِي اُحِبُّ الْخُيَلَاءَ، وَيَنْهَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ نَرْفَعَ اَصْوَاتَنَا فَوْقَ صَوْتِكَ، وَاَنَا جَهِيرُ الصَّوْتِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا ثَابِتُ، اَلَيْسَ تَرْضَى اَنْ

حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں خوف کرتا ہوں کہ میں ہلاک ہو گیا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیوں؟ عرض کی: مجھے محسوس ہوتا ہوں کہ میں غرور کو پسند کرتا ہوں اور اللہ عزوجل نے آپ کی آواز پر آوازیں اونچی کرنے سے منع کیا ہے اور میں بلند آواز والا آدمی ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ثابت! کیا تو اس پر راضی نہیں

2240- اخرجه مسلم فی البر جلد4صفحه1994' واحمد فی المسند جلد6صفحه12 رقم الحديث: 24882 .

2241- اخرجه البخاری فی بدء الخلق جلد 6صفحه404 رقم الحديث: 3306' ومسلم فی السلام جلد4 صفحه1758 .

2242- اخرجه البخاری فی المظالم جلد5صفحه123 رقم الحديث: 2454' ومسلم فی المساقاة جلد3صفحه1231 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

تَعِيشَ حَمِيدًا، وَتُقْتَلَ شَهِيدًا وَتَدْخُلَ الْجَنَّةَ؟

ہیں کہ تو عزت کی زندگی گزارے اور تو شہید ہو اور جنت میں داخل ہو؟

2244 - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، وحَسَنَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، اَخْبَرَاهُ، اَنَّ اَبَاهُمَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، اَخْبَرَهُمَا، اَنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا يَقُولُ لِابْنِ عَبَّاسٍ: اِنَّكَ رَجُلٌ تَائِهٌ، نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے فرمانے لگے: آپ عظیم آدمی ہیں' رسول اللہ ﷺ نے خیبر میں عورتوں سے متعہ کرنے اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع فرمایا تھا (اور آپ متعہ کے جواز کا فتویٰ دیتے ہیں)۔

2245 - وعَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَةَ بْنِ قَيْسٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ اَهْدَى لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا وَحْشِيًّا، وَهُوَ بِوَدَّانَ اَوْ بِالْاَبْوَاءِ، فَرَدَّهُ عَلَيْهِ قَالَ: فَعَرَفَ فِي وَجْهِي كَآبَةَ رَدِّهِ عَلَيَّ، فَقَالَ: لَيْسَ بِنَا رَدُّهُ عَلَيْكَ، وَلٰكِنَّا حُرُمٌ

حضرت صعب بن جثامہ بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو مقام ودان یا ابواء کے مقام پر وحشی گدھا ہدیہ کیا گیا' تو آپ نے انہیں واپس کر دیا سو آپ نے میرے چہرے پر ناپسندیدگی کا اظہار دیکھا' تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہم ہدیہ واپس نہیں کرتے ہیں' لیکن ہم حالت احرام میں ہیں۔

2246 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَخِي الْمَخْشِيِّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي خَالِي الْمُغِيرَةُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ رَاشِدٍ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: بَيْنَا اَنَا جَالِسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہلاک ہو گیا! آپ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت! تجھے کیا ہوا؟ اس نے عرض کی: میں نے رمضان شریف میں حالت روزہ میں اپنی بیوی سے جماع کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: کیا تو غلام آزاد کرنے کی طاقت رکھتا ہے؟ عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! آپ

2244- أخرجه البخاري في المغازي جلد7صفحه549 رقم الحديث: 4216' ومسلم في النكاح جلد2صفحه1027 .

2245- أخرجه البخاري في جزاء الصيد جلد4صفحه38 رقم الحديث: 1825' ومسلم في الحج جلد2صفحه850 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلَكْتُ قَالَ: وَيْحَكَ، مَا لَكَ؟ قَالَ: وَقَعْتُ عَلَى امْرَاَتِي، وَاَنَا صَائِمٌ، فِي رَمَضَانَ قَالَ: هَلْ تَجِدُ رَقَبَةً تُعْتِقُهَا؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ . قَالَ: فَهَلْ تُطِيقُ صِيَامَ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ؟ قَالَ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ: فَهَلْ تَجِدُ اِطْعَامَ سِتِّينَ مِسْكِينًا؟ قَالَ: لَا، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ . فَبَيْنَا هُمْ عَلَى ذَلِكَ اُتِيَ بِعَرَقٍ فِيهِ تَمْرٌ، فَقَالَ: اَيْنَ الَّذِي اَتَى؟ فَدُعِيَ لَهُ، فَقَالَ: خُذْ هَذَا فَتَصَدَّقْ بِهِ قَالَ: اَعَلَى اَفْقَرَ مِنْ اَهْلِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ وَاللّٰهِ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا اَهْلُ بَيْتٍ اَفْقَرُ مِنَّا، فَضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ اَنْيَابُهُ، ثُمَّ قَالَ: خُذْهُ، فَاَطْعِمْهُ اَهْلَكَ

نے فرمایا: کیا تُو لگاتار دو ماہ کے روزے رکھنے کی طاقت رکھتا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: کیا تُو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانے کی طاقت رکھتا ہے؟ اس نے عرض کی: نہیں! یارسول اللہ! تو آپ نے اس سے اعراض فرمایا: ہم اسی حالت میں تھے کہ آپ کے پاس ایک ٹوکری لائی گئی اس میں کھجوریں تھیں' آپ نے فرمایا: وہ کہاں ہے جو آیا تھا' تو اسے بلایا گیا' آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو لے اور صدقہ کر! اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیے میرے گھر والوں سے زیادہ کوئی فقیر ہے؟ اللہ کی قسم! ہم سے زیادہ ان دو ریگستانوں میں کوئی فقیر نہیں ہے۔ نبی کریم ﷺ مسکرائے یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں نظر آئیں' آپ نے فرمایا: اس کو لے اور اپنے گھر والوں کو کھلا دے۔

لَا تُرْوَى هَذِهِ الْاَحَادِيثُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهَا: عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عُفَيْرٍ

یہ احادیث عبیداللہ بن عمر سے صرف اسی اسناد سے روایت ہیں' عبیداللہ بن سعید بن عفیر اسے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

2247 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَهْدِيٍّ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: خَرَجَ اَبُو بَكْرٍ بِالْهَاجِرَةِ، فَسَمِعَ بِذَلِكَ عُمَرُ، فَخَرَجَ فَاِذَا هُوَ بِاَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ، مَا اَخْرَجَكَ هَذِهِ السَّاعَةَ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا اَجِدُ فِي بَطْنِي مِنْ حَاقِّ الْجُوعِ . قَالَ: وَاَنَا وَاللّٰهِ مَا اَخْرَجَنِي غَيْرُهُ، فَبَيْنَمَا هُمَا كَذَلِكَ اِذْ خَرَجَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ دوپہر کو باہر نکلے تو یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سنی تو وہ بھی نکلے تو دیکھا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں' کہا کہ اے ابوبکر! اس وقت کس چیز نے آپ کو باہر نکالا؟ انہوں (حضرت ابوبکر) نے فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے اس بات نے نکالا کہ میں اپنے پیٹ میں بھوک کی وجہ سے کچھ نہیں پاتا' تو انہوں (حضرت عمر) نے کہا: مجھے بھی اللہ کی قسم! اس نے

2247- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحہ320-321 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عَلَيْهِمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اَخْرَجَكُمَا فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ؟ فَقَالَا: اَخْرَجَنَا، وَاللّٰهِ مَا نَجِدُ فِي بُطُونِنَا مِنْ حَاقِّ الْجُوعِ . فَقَالَ: وَاَنَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا اَخْرَجَنِي غَيْرُهُ، فَقُومَا، فَقَامُوا . فَانْطَلَقُوا حَتّٰى اَتَوْا بَابَ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، وَكَانَ اَبُو اَيُّوبَ يَدَّخِرُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا كَانَ اَوْ لَبَنًا، فَاَبْطَاَ يَوْمَئِذٍ فَلَمْ يَاْتِ لِحِينِهِ، فَاَطْعَمَهُ اَهْلَهُ، وَانْطَلَقَ اِلٰى نَخْلِهِ يَعْمَلُ فِيهِ، فَلَمَّا اَتَوْا بَابَ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ خَرَجَتِ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ: مَرْحَبًا بِرَسُولِ اللّٰهِ وَبِمَنْ مَعَهُ، فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَيْنَ اَبُو اَيُّوبَ؟ قَالَتْ: يَاْتِيكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ السَّاعَةَ . فَرَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَصُرَ بِهِ اَبُو اَيُّوبَ وَهُوَ يَعْمَلُ فِي نَخْلٍ لَهُ، فَجَاءَ يَشْتَدُّ حَتّٰى اَدْرَكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِنَبِيِّ اللّٰهِ وَبِمَنْ مَعَهُ . فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَيْسَ الْحِينُ الَّذِي كُنْتَ تَجِيئُنِي فِيهِ، فَرَدَّهُ، فَجَاءَ اِلٰى عِذْقِ النَّخْلِ فَقَطَعَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَرَدْتَ اِلٰى هٰذَا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَحْبَبْتُ اَنْ تَاْكُلَ مِنْ رُطَبِهِ وَبُسْرِهِ وَتَمْرِهِ، وَلَاَذْبَحَنَّ لَكَ مَعَهَا قَالَ: اِنْ ذَبَحْتَ فَلَا تَذْبَحَنَّ ذَاتَ دَرٍّ . فَاَخَذَ عَنَاقًا لَهُ اَوْ جَدْيًا فَذَبَحَهُ، وَقَالَ لِامْرَاَتِهِ: اخْتَبِزِي وَاَطْبُخُ اَنَا، فَاَنْتِ اَعْلَمُ بِالْخَبْزِ فَعَمَدَ اِلٰى نِصْفِ الْجَدْيِ فَطَبَخَهُ، وَشَوَى نِصْفَهُ،

علاوہ کسی چیز نے نہیں نکالا۔ سو وہ اسی حال میں تھے کہ دونوں کے پاس نبی اکرم ﷺ تشریف لائے' آپ نے پوچھا: اس وقت تم کو کس چیز نے نکالا؟ انہوں نے عرض کیا: اللہ کی قسم! ہمیں اس چیز نے نکالا کہ ہمارے پیٹوں میں بھوک کے سوا کچھ نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مجھے بھی اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اس کے علاوہ کسی چیز نے نہیں نکالا۔ تینوں اُٹھ کر چلے حتیٰ کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے دروازے پر آئے اور حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ سے کھانے اور دودھ کا ذکر کیا تھا تو اس دن انہوں نے دیر کر دی' اس وقت وہ (گھر) نہیں آئے تھے تو وہ کھانا ان کے گھر والوں نے کھا لیا اور وہ اپنے کھجوروں کے باغ میں کام کرنے کے لیے چلے گئے۔ پس جب آپ ﷺ حضرت ابوایوب کے دروازے پر آئے تو ان کی اہلیہ باہر نکلی' اس نے کہا: رسول اللہ ﷺ کے لیے خوش آمدید اور آپ کے ساتھیوں کے لیے بھی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس (حضرت ابوایوب کی اہلیہ) سے پوچھا: ابوایوب کہاں ہے؟ اس نے عرض کیا: اے اللہ کے نبی! وہ ابھی آنے والے ہی ہیں' تو رسول اللہ ﷺ لوٹ گئے تو حضرت ابوایوب نے آپ کو دیکھ لیا اور وہ کھجوروں کے باغ میں کام کر رہے تھے' وہ جلدی سے آئے حتیٰ کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو جا لیا۔ عرض کیا: اللہ کے نبی کو خوش آمدید ہو اور آپ کے ساتھیوں کے لیے بھی! انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ!

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فَلَمَّا اَدْرَكَ الطَّعَامُ وُضِعَ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ، فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَدْىِ فَوَضَعَهُ عَلَى رَغِيفٍ، فَقَالَ: يَا اَبَا اَيُّوبَ، اَبْلِغْ بِهٰذَا فَاطِمَةَ، فَاِنَّهَا لَمْ تُصِبْ مِثْلَ هٰذَا مُنْذُ اَيَّامٍ . فَلَمَّا اَكَلُوا وَشَبِعُوا، قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُبْزٌ وَّلَحْمٌ وَّبُسْرٌ وَّتَمْرٌ وَّرُطَبٌ ، وَدَمَعَتْ عَيْنَاهُ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هٰذَا هُوَ النَّعِيمُ الَّذِى تُسْاَلُوْنَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، فَكَبُرَ ذٰلِكَ عَلَى اَصْحَابِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَصَبْتُمْ مِثْلَ هٰذَا وَضَرَبْتُمْ بِاَيْدِيكُمْ، فَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰهِ وَبَرَكَةِ اللّٰهِ، فَاِذَا شَبِعْتُمْ، فَقُولُوا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا وَاَنْعَمَ وَاَفْضَلَ، فَاِنَّ هٰذَا كَفَافٌ بِهٰذَا . وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَاْتِى اِلَيْهِ اَحَدٌ مَّعْرُوفًا اِلَّا اَحَبَّ اَنْ يُجَازِيَهُ، فَقَالَ لِاَبِى اَيُّوبَ: ائْتِنَا غَدًا ، فَلَمْ يَسْمَعْ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكَ اَنْ تَاْتِيَهُ، فَلَمَّا اَتَاهُ اَعْطَاهُ وَلِيدَةً، فَقَالَ: يَا اَبَا اَيُّوبَ، اسْتَوْصِ بِهَا خَيْرًا، فَاِنَّا لَمْ نَرَ اِلَّا خَيْرًا مَا دَامَتْ عِنْدَنَا ، فَلَمَّا جَاءَ بِهَا اَبُو اَيُّوبَ قَالَ: مَا اَجِدُ لِوَصِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا مِنْ اَنْ اُعْتِقَهَا، فَاَعْتَقَهَا

یہ وہ وقت تو نہیں ہے جس وقت آپ آیا کرتے ہیں' وہ آپ کو واپس لے آئے' پھر ایک کھجور کا خوشہ لے کر آئے' اسے کاٹا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: میں تو یہ نہیں چاہتا تھا' انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ تازہ اور پکی کھجور بھی کھائیں اور کچی بھی اور میں آپ کے لیے اس کے ساتھ یہ (بکری) بھی ذبح کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: اگر تو نے ذبح کرنا ہے تو دودھ والی ذبح نہ کرنا' تو انہوں نے بکری کا بچہ آپ کے لیے پکڑا اور اسے ذبح کیا اور اپنی اہلیہ سے کہا: روٹی پکا اور میں سالن پکاتا ہوں کیونکہ تُو روٹی اچھی طرح بنانا جانتی ہے' انہوں نے آدھے بچے کو پکایا اور آدھے کو بھونا۔ پھر جب کھانا پک گیا تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ اور آپ کے اصحاب کے سامنے رکھا تو رسول اللہ ﷺ نے کچھ گوشت لیا اور ایک روٹی پر رکھا۔ پھر فرمایا: اے ابوایوب! یہ فاطمہ تک پہنچا آؤ کیونکہ اسے کئی دنوں سے اس طرح کا کھانا نصیب نہیں ہوا۔ جب انہوں نے کھایا اور سیر ہو گئے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: روٹی اور گوشت' پکی اور تر کھجوریں۔ آپ کی آنکھوں سے آنسو بہہ پڑے' پھر فرمایا: یہ وہ نعمتیں ہیں جن کے متعلق قیامت کے دن سوال ہوگا' تو آپ کے صحابہ کرام پر یہ بات گراں گزری تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تمہیں اس قسم کی چیزیں ملیں اور تم اپنے ہاتھوں پر رکھو تو کہو: اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ کی برکت کے ساتھ۔ پھر جب تم سیر ہو جاؤ تو کہو: تمام تعریفیں اس اللہ کی ذات کے لیے جس نے ہمیں سیر

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

کیا اور ہمیں سیراب کیا اور انعام وفضل عطا فرمایا۔ یہ (دعا کرنا) اس (انعام) کا نعم البدل ہو جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ کے پاس اگر کوئی بہترین چیز لاتا تو آپ اُس کا بدلہ دینا پسند فرماتے۔ آپ نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کل ہمارے پاس آنا! انہوں نے نہ سنا تو آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: (ان سے کہو) بے شک رسول اللہ ﷺ تمہیں حکم دیتے ہیں کہ تم کل ہمارے پاس آؤ۔ جب وہ آئے تو آپ نے ان کو ایک لونڈی عطا فرمائی' فرمایا: اے ابوایوب! میں تجھے اس کے متعلق بھلائی کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ ہم نے اسے اچھا پایا ہے جب سے یہ ہمارے پاس ہے۔ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ اسے لے کر آئے تو کہا کہ میں رسول اللہ ﷺ کی وصیت میں سوائے اس کے بہتری نہیں پاتا کہ میں اسے آزاد کر دوں' سوانہوں نے اسے آزاد کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ إِلَّا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى

یہ حدیث عبداللہ بن کیسان سے صرف فضل بن موسیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2248 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو أَبُو طَلْحَةَ الْمُجَاشِعِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِسْحَاقَ أَبُو يُوسُفَ الْقُلُوسِيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا حُلْوُ بْنُ السَّرِيِّ الْأَوْدِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَضَعُ إِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى ثُمَّ يَتَغَنَّى وَيَدَعُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی ایسے نہ کرے کہ وہ ایک پاؤں کو دوسرے پاؤں پر رکھے' پھر وہ قرآن اچھی طرز میں پڑھے اور سورۂ بقرہ کو چھوڑ دے۔

2248- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه315-316 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَنْ يَقْرَاَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُلْوِ بْنِ السَّرِيِّ اِلَّا الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو يُوسُفَ الْقُلُوسِيُّ

یہ حدیث حلو بن سری سے صرف حارث بن محمد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابو یوسف القلوسی اکیلے ہیں۔

2249 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَوَارِبِيُّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يَكُونُ حَامِيَةَ الْقَوْمِ وَيَدْفَعُ عَنْ اَصْحَابِهِ، اَيَكُونُ نَصِيبُهُ مِثْلَ نَصِيبِ غَيْرِهِ؟ قَالَ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ، وَهَلْ تُرْزَقُونَ وَتُنْصَرُونَ اِلَّا بِضُعَفَائِكُمْ

حضرت عامر بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی غریب ہے اور اس کے ساتھی اس کو دور رکھتے ہیں' کیا اس کے لیے دوسرے کی طرح حصہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تیری ماں تجھ پر روئے! تم کو رزق اور تمہاری مدد تو غریبوں ہی کی وجہ سے کی جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ اِلَّا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث زہری سے صرف عبدالحمید بن جعفر ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں معلّٰی بن عبدالرحمن اکیلے ہیں۔

2250 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ: نَا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ: نَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي اِلَى جِذْعٍ يَتَسَانَدُ اِلَيْهِ، فَمَرَّ رُومِيٌّ، فَقَالَ: لَوْ دَعَانِي مُحَمَّدٌ فَجَعَلْتُ لَهُ مَا هُوَ اَرْفَقُ بِهِ مِنْ هَذَا، قَالَتْ:

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک تنے کا سہارا لے کر نماز پڑھتے تھے' ایک رومی گزرا' اس نے کہا: اگر مجھے محمد بلوائیں تو میں ان کے لیے اس سے زیادہ نرم چیز بنا دوں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: رسول اللہ ﷺ کے لیے اس کو بلایا' اس نے آپ کے لیے چار پاؤں والا منبر بنایا تو نبی کریم ﷺ منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور خطبہ دینے لگے تو

2249- اخرجه البخاري في الجهاد والسير جلد 6 صفحه 104 رقم الحديث: 2896' وأحمد في المسند جلد 1 صفحه 219 رقم الحديث: 1497 .

2250- انظر: مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 185 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

فَدُعِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ لَهُ الْمِنْبَرَ اَرْبَعَ مَرَاقِيَ، فَصَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَخَطَبَ، فَحَنَّ الْجِذْعُ كَمَا تَحِنُّ النَّاقَةُ، فَنَزَلَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا شَاْنُكَ؟ اِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ اللّٰهَ فَرَدَّكَ اِلَى مُخْتَبَسِكَ، وَاِنْ شِئْتَ دَعَوْتُ اللّٰهَ فَاَدْخَلَكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ فَاَثْمَرْتَ فِيهَا، فَاَكَلَ مِنْ ثَمَرَتِكَ اَنْبِيَاءُ اللّٰهِ الْمُرْسَلُونَ، وَعِبَادُهُ الْمُتَّقُونَ قَالَ: فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: نَعَمْ فَغَارَ الْجِذْعُ، فَذَهَبَ

وہ کھجور کا تنا رونے لگا جس طرح اونٹنی روتی ہے' تو رسول اللہ ﷺ منبر سے نیچے اُترے اور آپ ﷺ نے فرمایا: تجھے کیا ہوا ہے؟ اگر تو چاہے تو میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ تجھے اس حالت پہ لوٹا دے اور اگر تُو چاہے تو میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ تجھے اللہ جنت میں داخل کرے' تو اس میں پھل لگائے' تو تیرے پھلوں سے اللہ کے انبیاء و رسل اور اس کے متقی پرہیزگار بندے پھل کھائیں۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا' آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے وہ تنا زمین میں دھنس گیا تو آپ چلے گئے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا ابْنُ بُرَيْدَةَ، وَلَا عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ اِلَّا صَالِحُ بْنُ حَيَّانَ، وَلَا عَنْ صَالِحٍ اِلَّا حِبَّانُ، وَلَا عَنْ حِبَّانَ اِلَّا قَبِيصَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے صرف ابن بریدہ اور ابن بریدہ سے صرف صالح بن حیان اور صالح بن حیان سے قبیصہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں علی بن احمد الجوار بی اکیلے ہیں۔

2251 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَحْمَدَ الْجَوَارِبِيُّ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّمَا رَجُلٍ اَكْفَرَ رَجُلًا، فَاِنْ كَانَ كَافِرًا، وَاِلَّا فَقَدْ بَاءَ بِالْكُفْرِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی کسی دوسرے آدمی کو کافر کہتا ہے' اگر وہ کافر ہو تو ٹھیک ہے ورنہ وہ کہنے والا ہی اس کفر کا مستحق ٹھہرے گا۔

لَمْ يَرْوِ عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سِيَاهٍ، عَنْ نَافِعٍ حَدِيثًا غَيْرَ هٰذَا، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَّا ابْنُهُ، وَلَا عَنِ ابْنِهِ اِلَّا هَاشِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ

عبدالعزیز بن سیاہ از نافع' یہ حدیث اس طریقے کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں اور عبدالعزیز سے صرف ان کے بیٹے اور اُن کے بیٹے سے صرف ہاشم بن

2251- اخرجه البخاري في الأدب جلد10صفحه531 رقم الحديث: 6104' ومسلم في الأيمان جلد1صفحه79 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

عبدالواحد ہی روایت کرتے ہیں۔

2252 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَوَارِبِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مَحْذُورَةَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: نَا الْحَكَمُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ حِسًّا اَمَامِي، فَقِيلَ: هٰذَا بِلَالٌ، وَرَاَيْتُ اُمَّ سُلَيْمٍ بِنْتَ مِلْحَانَ فِي الْجَنَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا' تو میں نے اپنے آگے ہٹ سنی تو عرض کی گئی: یہ بلال ہیں' اور میں نے اُم سلیم بنت ملحان کو جنت میں دیکھا۔

2253 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى ثَعْلَبٌ النَّحْوِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا زَائِدَةُ بْنُ اَبِي الرُّقَادِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاُمِّ عَطِيَّةَ: اِذَا خَفَضْتِ فَاَشِمِّي وَلَا تَنْهَكِي، فَاِنَّهُ اَسْرَى لِلْوَجْهِ، وَاَحْظَى عِنْدَ الزَّوْجِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت اُم عطیہ کو فرمایا: جب تُو عورتوں کا ختنہ کرے تو تھوڑا سا کاٹ اور اس کو تکلیف نہ ہو کیونکہ اس سے چہرہ ہشاش بشاش رہتا ہے اور جماع کے وقت لذت حاصل ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا ثَابِتٌ، وَلَا عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا زَائِدَةُ بْنُ اَبِي الرُّقَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ

یہ حدیث حضرت انس سے صرف ثابت اور ثابت سے صرف زائدہ بن ابی الرقاد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن سلام جمحی اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2252- أخرجه أحمد في المسند جلد 3 صفحه 328 رقم الحديث: 13836' أخرجه البخاري في فضائل الصحابة جلد 7 صفحه 50 رقم الحديث: 3679' ومسلم في فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1908 .

2253- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 27314 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

احمد بن ابراهيم بن كيسان

2254 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ الثَّقَفِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ قَالَ: نَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ عَمِيرَةَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: شَهِدْتُ عَلِيًّا عَلَى الْمِنبَرِ نَاشَدَ اَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ غَدِيرِ خُمٍّ يَقُولُ مَا قَالَ فَيَشْهَدُ؟ فَقَامَ اثْنَا عَشَرَ رَجُلًا، مِنْهُمْ: اَبُو سَعِيدٍ، وَاَبُو هُرَيْرَةَ، وَاَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، فَشَهِدُوا اَنَّهُمْ سَمِعُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ فَعَلِيٌّ مَوْلَاهُ، اللّٰهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو

2255 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ كَيْسَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَاعَةُ اللّٰهِ طَاعَةُ الْوَالِدِ، وَمَعْصِيَةُ اللّٰهِ مَعْصِيَةُ الْوَالِدِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا

احمد بن ابراہیم بن کیسان کی روایات

حضرت عمیرہ بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا' جب آپ منبر پر جلوہ افروز تھے تو آپ نے اصحاب رسول اللہ ﷺ کو قسم دی کہ کس نے رسول اللہ ﷺ کو غدیر خم کے دن فرماتے سنا: کون آپ کے فرمان کی گواہی دے گا؟ تو اُن میں سے بارہ افراد اُٹھے: حضرت ابوسعید اور ابوہریرہ اور انس بن مالک رضی اللہ عنہم' اُنہوں نے گواہی دی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس کا میں مددگار ہوں اس کا علی مددگار ہے' اے اللہ! تُو اس کو دوست رکھ جو اس کو دوست رکھے' اور تُو اس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھے۔

یہ حدیث مسعر سے صرف اسماعیل بن عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: والد کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے' اور والد کی نافرمانی اللہ کی نافرمانی ہے۔

یہ حدیث لیث بن سعد سے صرف اسماعیل بن عمرو

2254- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه111 .

2255- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه139 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ السِّجِسْتَانِيُّ

2256 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ السِّجِسْتَانِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، وَاَبِي طُوَالَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضْلُ عَائِشَةَ عَلَى النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيدِ عَلَى سَائِرِ الطَّعَامِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ يَحْيَى

2257 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَزِيدَ السِّجِسْتَانِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُشَيْرٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمَّتِي اُمَّةٌ مَرْحُومَةٌ، لَا عَذَابَ عَلَيْهَا فِي الْآخِرَةِ، اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ دُفِعَ اِلَى كُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى، فَيُقَالُ: يَا مُسْلِمُ، هَذَا فِدَاؤُكَ مِنَ النَّارِ

احمد بن یزید سجستانی کی روایات

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عائشہ کی فضیلت عورتوں پر ایسے ہے جیسے ثرید کی فضیلت تمام کھانوں پر ہے۔

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے صرف اسماعیل بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت' اُمت مرحومہ ہے' اس پر قیامت کے دن عذاب نہیں ہوگا' جب قیامت کا دن ہوگا تو مسلمانوں میں سے ہر آدمی کے بدلے اہل کتاب کا ایک آدمی اس کی جگہ (جہنم میں) رکھا جائے گا' پس کہا جائے گا: اے مسلمان! یہ تیری جگہ جہنم میں فدیہ ہے۔

2256- أخرجه البخاري في فضائل الصحابة جلد 7 صفحه 133 رقم الحديث: 3770' ومسلم في فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1895 .

2257- أخرجه أبو داؤد في الفتن جلد 4 صفحه 103 رقم الحديث: 4278' وأحمد في المسند جلد 4 صفحه 511 رقم الحديث: 19775 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُشَيْرٍ اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ الْحَارِثِ، وَلَا عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ يَحْيَى .

یہ حدیث عروہ بن عبداللہ بن قشیر سے صرف جعفر بن حارث اور جعفر بن حارث سے صرف اسمٰعیل ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں یحییٰ بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

2258 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْخَشَّابُ الْبَلَدِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَائِشَةَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ، اَنَّ جَدَّهُ عُمَيْرَ بْنَ حَبِيبِ بْنِ خُمَاشَةَ، وَكَانَ قَدْ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ احْتِلَامِهِ، اَوْصَى وَلَدَهُ، فَقَالَ: يَا بَنِيَّ، اِيَّاكُمْ وَمُجَالَسَةَ السُّفَهَاءِ، فَاِنَّ مُجَالَسَتَهُمْ دَاءٌ، مَنْ يَحْلُمْ عَنِ السَّفِيهِ يُسَرَّ، وَمَنْ يُجِبْهُ يَنْدَمْ، وَمَنْ لَا يَرْضَى بِالْقَلِيلِ مِمَّا يَاْتِي بِهِ السَّفِيهُ يَرْضَى بِالْكَثِيرِ، وَاِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَاْمُرَ بِمَعْرُوفٍ اَوْ يَنْهَى عَنْ مُنْكَرٍ فَلْيُوَطِّنْ نَفْسَهُ عَلَى الصَّبْرِ عَلَى الْاَذَى، وَلْيَثِقْ بِالثَّوَابِ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَاِنَّهُ مَنْ وَثِقَ بِالثَّوَابِ مِنَ اللّٰهِ لَمْ يَضُرَّهُ مَسُّ الْاَذَى

حضرت ابوجعفر خطمی اپنے دادا حضرت عمیر بن حبیب بن خماشہ سے روایت کرتے ہیں اور انہوں نے بلوغت کے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پایا تھا تو آپ نے ان کے بیٹے کی وصیت کی' آپ نے فرمایا: اے میرے بیٹے! بیوقوفوں کی مجلس سے بچنا' کیونکہ ان کی مجالس بیماری ہے' جو بیوقوفوں سے بچے گا وہ آسانی میں رہے گا' اور جو ان سے محبت کرے گا وہ نادم ہوگا' وہ تھوڑے پر راضی نہیں ہو گا' جو پاگلوں کے پاس آئے گا وہ زیادہ پر راضی ہوگا' اور جب تم میں سے کوئی نیکی کا حکم دے یا بُرائی سے منع کرے اپنے اوپر آنے والی تکلیف پر صبر کرے اور اللہ عزوجل سے ثواب کی اُمید رکھے' کیونکہ جو اللہ سے ثواب کی اُمید رکھے تو اس کو کوئی تکلیف نقصان نہیں پہنچائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الْخَطْمِيِّ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ عَائِشَةَ

یہ حدیث ابوجعفر خطمی سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابن عائشہ اکیلے ہیں۔

2259 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْبَلَدِيُّ قَالَ: نَا ابْنُ عَائِشَةَ قَالَ: نَا دُرَيْدُ بْنُ مُجَاشِعٍ، عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ، عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ

حضرت احنف بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے احنف! جو زیادہ ہنسے گا اس کا رعب کم ہوگا' اور جو مذاق

2258- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحہ67 .

2259- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحہ305 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

قَيْسٍ قَالَ: قَالَ لِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَا اَحْنَفُ، مَنْ كَثُرَ ضَحِكُهُ قَلَّتْ هَيْبَتُهُ، مَنْ مَزَحَ اسْتُخِفَّ بِهِ، وَمَنْ اَكْثَرَ مِنْ شَيْءٍ عُرِفَ بِهِ، وَمَنْ كَثُرَ كَلَامُهُ كَثُرَ سَقَطُهُ، وَمَنْ كَثُرَ سَقَطُهُ قَلَّ حَيَاؤُهُ، وَمَنْ قَلَّ حَيَاؤُهُ قَلَّ وَرَعُهُ، وَمَنْ قَلَّ وَرَعُهُ مَاتَ قَلْبُهُ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ عَائِشَةَ

کرے گا اس کو حقیر جانا جائے گا' اور جو زیادہ شے کی تلاش میں ہوگا اس کے ساتھ مشہور ہوگا' جو زیادہ گفتگو کرے گا اس کا جھوٹ زیادہ ہوگا' اور جس میں جھوٹ کثرت سے ہوگا اس میں حیاء کم ہوگی' اور جس میں حیاء کم ہوگی اس کا تقویٰ کم ہوگا' اور جس کا تقویٰ کم ہوگا اس کا دل مردہ ہوگا۔

یہ حدیث حضرت عمر سے صرف اسی سند سے مروی ہے' اسے روایت کرنے میں ابن عائشہ اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ مُجَاهِدٍ الْقَطَّانُ

2260 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُجَاهِدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نَا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ طُعْمَةَ بْنِ عَمْرٍو الْجَعْفَرِيِّ، عَنْ اَبِي الْجَحَّافِ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ: اَتَيْتُ اُمَّ سَلَمَةَ اُعَزِّيهَا عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ فَقَالَتْ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ عَلَى مَنَامَةٍ لَهَا، فَجَائَتْهُ فَاطِمَةُ بِشَيْءٍ فَوَضَعَتْهُ، فَقَالَ: اُدْعِي حَسَنًا وَحُسَيْنًا وَابْنَ عَمِّكِ عَلِيًّا، فَلَمَّا اجْتَمَعُوا عِنْدَهُ قَالَ: اللّٰهُمَّ هَؤُلَاءِ خَاصَّتِي وَاَهْلُ بَيْتِي، فَاَذْهِبْ عَنْهُمُ الرِّجْسَ وَطَهِّرْهُمْ تَطْهِيرًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ طُعْمَةَ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا زَافِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ

2261 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقَطْعُ فِي رُبْعِ دِينَارٍ

احمد بن مجاہد القطان کی روایات

حضرت شہر بن حوشب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا حسین بن علی رضی اللہ عنہما پر تعزیت کرنے تو حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ داخل ہوئے تو آپ سونے والے بستر پر آئے' تو حضرت فاطمہ بنت محمد رضی اللہ عنہا تشریف لائیں' برتن لے کر اس کو رکھا' آپ ﷺ نے فرمایا: حسن و حسین اور میرے چچا زاد علی کو بلاؤ! جب سارے آپ کے پاس اکٹھے ہوئے تو آپ نے فرمایا: اے اللہ! یہ میرے خاص لوگ ہیں اور میری اہل بیت ہیں' ان سے پلیدی لے جا اور ان کو خوب پاک فرما!

یہ حدیث طعمہ بن عمرو سے صرف زافر بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن عمر بن ابان اکیلے ہیں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چار دینار چوری کرنے پر ہی ہاتھ کاٹا جائے۔

2260- اخرجه الترمذی فی المناقب جلد5صفحه690 رقم الحديث: 3871' واحمد فی المسند جلد6صفحه331 رقم الحديث:26606' والطبرانی فی الكبير جلد3صفحه53-54 رقم الحديث: 2666 .

2261- اخرجه البخاری فی الحدود جلد12صفحه99 رقم الحديث:6789' ومسلم فی الحدود جلد3صفحه1312 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيِّ إِلَّا ابْنُهُ هِشَامٌ

یہ حدیث یحییٰ بن یحییٰ الغسانی سے صرف ان کے بیٹے ہشام ہی روایت کرتے ہیں۔

2262 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيلِ الْخُشَنِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْخُشَنِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا صَلَاةَ إِلَّا بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، وَآيَتَيْنِ مَعَهَا

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: نماز سورۂ فاتحہ اور اس کے ساتھ دو آیتیں ملائے بغیر نہیں ہوتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْخُشَنِيُّ

یہ حدیث حسان بن نوح سے صرف علی بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

فائدہ: یاد رہے کہ اگر کوئی آدمی امام کے پیچھے نماز پڑھ رہا ہو تو وہ قرأت نہیں کرے گا' اگر اکیلا نماز پڑھ رہا ہو تو وہ سورۂ فاتحہ اور کوئی دوسری سورت بھی ساتھ ملائے گا اور یہ بھی یاد رہے کہ مطلقاً قرأت فرض ہے' سورۂ فاتحہ اور کوئی دوسری سورہ پڑھنا واجب ہے۔

2263 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ذَكْوَانَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَطَاءٍ الْخُرَاسَانِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا عُزِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ابْنَتِهِ رُقَيَّةَ امْرَأَةِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ دَفْنُ الْبَنَاتِ مِنَ الْمَكْرُمَاتِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے اپنی لختِ جگر رقیہ زوجہ عثمان غنی رضی اللہ عنہا کو دفن کیا تو فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں بیٹیاں دفن کرنا بھلائی ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ذَكْوَانَ الدِّمَشْقِيُّ

یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اسے روایت کرنے میں عبداللہ بن ذکوان دمشقی اکیلے ہیں۔

2262- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحہ118 .

2263- أخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد11صفحہ366 رقم الحدیث: 12035' والبزار جلد 1صفحہ375 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحہ15 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْقَاهِرِ

2264 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْقَاهِرِ قَالَ: نَا ابْنُ الْخَيْبَرِيِّ اللَّخْمِيُّ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَامِرٌ الشَّعْبِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْحَلَالُ بَيِّنٌ وَالْحَرَامُ بَيِّنٌ، وَبَيْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ اُمُورٌ مُّشْتَبِهَاتٌ، لَا يَدْرِي كَثِيرٌ مِّنَ النَّاسِ اَمِنَ الْحَلَالِ هِيَ اَمْ مِنَ الْحَرَامِ هِيَ، يَدَعُهُنَّ الْمَرْءُ يَكُونُ اَشَدَّ اسْتِبْرَاءً لِعِرْضِهِ وَدِينِهِ، وَمَنْ يَقَعْ فِيهِنَّ يُوشِكُ اَنْ يَقَعَ فِي الْحَرَامِ، كَمُرْتِعٍ اِلَى جَانِبِ الْحِمَى يُوشِكُ اَنْ يَرْتَعَ فِي الْحِمَى، اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ مَلِكٍ حِمًى، وَاِنَّ حِمَى اللّٰهِ مَحَارِمُهُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ اِلَّا مُنَبِّهُ بْنُ عُثْمَانَ وَالْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ

2265 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُعْفِيُّ قَالَ: نَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطَرِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ السِّمْطِ، عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ مَحْفُوظِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ سَلْمَانَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، ثُمَّ قَلَبَ جُبَّةً عَلَيْهِ، فَمَسَحَ بِهَا وَجْهَهُ

احمد بن عبدالقاہر کی روایات

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: حلال اور حرام واضح ہیں' ان دونوں کے درمیان کچھ شک والے اُمور بھی ہیں' اکثر لوگ نہیں جانتے ہیں کہ کیا وہ حلال ہے یا حرام؟ جس نے ان کو چھوڑا' اس نے اپنے دین اور عزت کو بچا لیا' اور جو اس میں پڑ گیا وہ حرام میں پڑ گیا' جس طرح چرنے والا جانور چراگاہ کے اردگرد چر رہا ہوتا ہے' قریب ہے کہ اس میں جا پڑے' سنو! ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے اور بے شک اللہ کی چراگاہ اس کی حرام کردہ اشیاء ہیں۔

یہ حدیث ثور بن زید سے صرف منبہ بن عثمان اور ولید بن مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے وضو کیا پھر اپنے جبہ کو پلٹا اور اس کے ساتھ اپنے چہرے کو صاف کیا۔

2264- اخرجه البخاری فی الأيمان جلد1صفحه153 رقم الحديث:52' ومسلم فی المساقاة جلد3صفحه1219 .

2265- اخرجه ابن ماجه فی الطهارة جلد1صفحه158 رقم الحديث:468 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْوَضِينِ بْنِ عَطَاءٍ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ السِّمْطِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الطَّاطَرِيُّ

یہ حدیث وضین بن عطاء سے صرف یزید بن سمط ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں مروان بن محمد طاطری اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّمَشْقِيُّ

2266 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ اسْتَاْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ ذَا؟ قَالَ: اَنَا، فَقَالَ: اَنَا اَنَا كَاَنَّهُ كَرِهَهُ

2267 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بِنْتِ شُرَحْبِيلَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقُشَيْرِيُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْمَرْاَةِ تَحْتَلِمُ: هَلْ عَلَيْهَا غُسْلٌ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، اِذَا وَجَدَتِ الْمَاءَ فَلْتَغْتَسِلْ

2268 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِرْقٍ الْيَحْصِبِيُّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا حَسَّانُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْكِنْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِيَّانِ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: مَنْ

احمد بن حسین الدمشقی کی روایات

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجازت چاہی' آپ نے فرمایا: کون؟ میں نے عرض کی: میں! آپ نے فرمایا: میں' میں' گویا آپ نے ایسا کرنے کو ناپسند کیا (یعنی جب کوئی کسی کے پاس آئے تو وہ پوچھے: کون؟ تو اس کو اپنا نام بتانا چاہیے' یہی اچھا طریقہ ہے)۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عورت کے احتلام کے متعلق پوچھا کہ کیا اس پر غسل فرض ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہاں! جب وہ پانی پائے تو غسل کرے۔

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو دیہاتی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' ان میں سے ایک نے عرض کی: اے محمد! لوگوں میں سب سے اچھا کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کی عمر لمبی ہو اور اس کا عمل اچھا ہو۔

2267- انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه 271 .

2268- اخرجه الترمذی فی الزهد جلد4 صفحه565 رقم الحديث: 2329' واحمد فی المسند جلد 4 صفحه233 رقم الحديث: 17715 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

خَيْرُ النَّاسِ يَا مُحَمَّدُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ طَالَ عُمْرُهُ وَحَسُنَ عَمَلُهُ

وَقَالَ الْآخَرُ: إِنَّ شَرَائِعَ الْإِسْلَامِ قَدْ كَثُرَتْ عَلَيْنَا فَبِأَيِّهِ نَتَمَسَّكُ؟ فَقَالَ: لَا يَزَالُ لِسَانُكَ رَطْبًا مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ

دوسرے نے عرض کی: اسلام کے احکامات بہت زیادہ ہیں، ہم کن کو پکڑیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی زبان کو ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تروتازہ رکھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَسَّانَ بْنِ نُوحٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث حسان بن نوح سے صرف علی بن عیاش ہی روایت کرتے ہیں۔

2269 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِرْقٍ قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ الْغَسَّانِيِّ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ أَصْفَرُ وَأَبْيَضُ لَمْ يَتَهَنَّ بِالْعَيْشِ

حضرت مقدام بن معدی بن کرب رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ جس کے پاس زرد و سفید (مراد سونا چاندی ہے) نہیں ہوگا، اس کی زندگی اچھی نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ إِلَّا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عِرْقٍ

یہ حدیث ابوبکر بن ابومریم سے صرف بقیہ بن ولید ہی روایت کرتے ہیں، اسے روایت کرنے میں محمد بن حارث بن عرق اکیلے ہیں۔

2270 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ الدَّمِيرِيُّ الْمِصْرِيُّ، بِدَمِيرَةَ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ دُوَيْدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْأَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا اور معاف کرنے سے عزت میں اضافہ ہوتا ہے، تم معاف کر دیا کرو اللہ تم کو عزت دے گا، اور جو آدمی اپنے اوپر مانگنے کا دروازہ کھول لیتا ہے تو اللہ عزوجل اس پر محتاجی کا

2269- اخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد 20 صفحه 278 رقم الحدیث: 659، والامام احمد فی مسنده رقم الحدیث: 13314 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 68 .

2270- اخرجه مسلم رقم الحدیث: 2588، والامام احمد فی مسنده جلد 2 صفحه 436-438 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 108 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا نَقَصَ مَالٌ مِّنْ صَدَقَةٍ، وَلَا عَفَا رَجُلٌ، عَنْ مَظْلِمَةٍ إِلَّا زَادَهُ اللّٰهُ بِهَا عِزًّا، فَاعْفُوا يُعِزَّكُمُ اللّٰهُ، وَلَا فَتَحَ رَجُلٌ عَلَى نَفْسِهِ بَابَ مَسْأَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ

دروازہ کھول دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ إِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ، وَزَكَرِيَّا بْنُ دُوَيْدٍ الْأَشْعَثِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف قاسم بن یزید الجرمی اورزکریا بن دوید الاشعثی ہی روایت کرتے ہیں۔

2271 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَخْنَسِ، وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَنَافُسَ بَيْنَكُمْ إِلَّا فِي اثْنَتَيْنِ: رَجُلٌ أَعْطَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ قُرْآنًا، فَهُوَ يَقُومُ بِهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، يَتَّبِعُ مَا فِيهِ، فَيَقُولُ رَجُلٌ: لَوْ أَنَّ اللّٰهَ أَعْطَانِي مِثْلَ مَا أَعْطَى فُلَانًا، فَأَقُومُ بِهِ كَمَا يَقُومُ. وَرَجُلٌ أَعْطَاهُ مَالًا فَهُوَ يُنْفِقُ وَيَتَصَدَّقُ، وَيَقُولُ رَجُلٌ مِثْلَ ذَلِكَ

حضرت یزید بن اخنس رضی اللہ عنہ' جنہیں صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے' روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آپس میں حسد نہ کرو' مگر دو آدمیوں پر رشک کرو (رشک کا مطلب ہے کہ دعا کرنا کہ مجھے بھی یہ دے جس طرح اس کو دیا ہے' میں بھی اسی طرح تیری راہ میں خرچ کروں) (۱) ایسے آدمی پر جس کو اللہ عزوجل نے قرآن کا علم دیا اور وہ دن رات اس میں لگا رہتا ہے' تو وہ آدمی کہے کہ اگر اللہ مجھے بھی اسی طرح دے تو میں بھی فلاں کی طرح دن رات قیام کیا کروں گا اور (۲) ایسے آدمی پر جس کو اللہ نے مال دیا اور وہ خرچ کرتا اور صدقہ کرتا ہے' تو وہ آدمی بھی اسی کی مثل کہے (عرض کرے: میں بھی اس طرح خرچ کروں' اگر مجھے اللہ تعالیٰ مال دے)۔

لَمْ يُسْنِدْ يَزِيدُ بْنُ الْأَخْنَسِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا، تَفَرَّدَ بِهِ: زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ

حضرت یزید بن الاخنس' رسول اللہ ﷺ سے اس حدیث کے علاوہ کسی اور سند روایت نہیں کرتے' اسے روایت کرنے میں زید بن واقد اکیلے ہیں۔

2272 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَنَّاءُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ

2271- أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 48' والكبير جلد 22 صفحه 239 رقم الحديث: 626' والامام أحمد في مسنده جلد 4 صفحه 105 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 111 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ جُوتِي الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ الذِّمَارِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ عُمَرَ اَوْصَى بِاَرْضِ خَيْبَرَ لِلْمَسَاكِينِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمْسِكْ اَصْلَهَا، وَتَصَدَّقْ بِغَلَّتِهَا، فَهِيَ تَجْرِي عَلَى ذٰلِكَ الْيَوْمَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خیبر کی زمین کی مساکین کے لیے وصیت کی' تو نبی کریم ﷺ نے ان (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) کو فرمایا: زمین اپنے پاس ہی رکھو' اس کا غلہ صدقہ کر دو' وہ اس دن تک جاری رہے گا (یعنی ثواب تجھے ملتا رہے گا قیامت تک)۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا عَبْدُ الْمَلِكِ الذِّمَارِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، وَاَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف عبدالملک الذماری اور محمد بن یوسف الفریابی اور ابوداؤد الحفری ہی روایت کرتے ہیں۔

2273 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يَزْدَادَ الطَّبَرَانِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ النَّصِيبِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِصْمَةَ النَّصِيبِيُّ، عَنْ بِشْرِ بْنِ حَكَمٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي حُرَّةَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَنَاءُ اُمَّتِي فِي الطَّعْنِ وَالطَّاعُونِ . قُلْنَا: قَدْ عَرَفْنَا الطَّعْنَ، فَمَا الطَّاعُونُ؟ قَالَ: وَخْزُ اَعْدَائِكُمْ مِنَ الْجِنِّ، وَفِي كُلٍّ شَهَادَةٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کی ہلاکت طعن اور طاعون میں ہوگی' ہم نے عرض کی: طعن کو تو ہم نے پہچان لیا' طاعون کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تمہارے دشمن' جنوں کی نظر ہر ایک میں شہادت (کا اجر وثواب) ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَالِمٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي حُرَّةَ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا بِشْرُ بْنُ حَكِيمٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ بِشْرٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِصْمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَيُّوبَ

یہ حدیث سالم سے صرف ابراہیم بن ابی حرہ اور ابراہیم سے صرف بشر بن حکیم اور بشر سے صرف عبداللہ بن عصمہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں موسیٰ بن ایوب اکیلے ہیں۔

2274 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب یہ

2273- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحہ317 ۔

2274- اخرجہ ابن ماجہ فی النکاح جلد 1صفحہ596 رقم الحدیث: 1856' واحمد فی المسند جلد 5صفحہ327

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

بْنِ سَعْدٍ الْمُرِيُّ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ مُوسَى بْنِ صَاعِدٍ الصُّورِيُّ قَالَ: نَا مُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، وَالْاَعْمَشُ، وَمَنْصُورٌ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: (الَّذِينَ يَكْنِزُونَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ) (التوبة: 34) ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَبًّا لِلذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، فَقَالُوا: اَيُّ الْمَالِ نَتَّخِذُ؟ فَقَالَ: قَلْبًا شَاكِرًا، وَلِسَانًا ذَاكِرًا، وَزَوْجَةً صَالِحَةً

آیت نازل ہوئی: ''وہ لوگ جو سونا اور چاندی ذخیرہ کرتے ہیں'' (التوبہ:۳۴) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سونے و چاندی کے لیے تباہی ہو صحابہ کرام نے عرض کی: ہم کون سا مال حاصل کریں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: شکر کرنے والا دل ذکر کرنے والی زبان اور نیک بیوی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ اِلَّا مُؤَمَّلٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمُزَنِيُّ الْوَاسِطِيُّ، وَعَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ

یہ حدیث از سفیان از عمرو بن مرہ صرف مؤمل اور محمد بن حسین المزنی الواسطی اور عبدالمجید بن عبدالعزیز بن ابی رواد ہی روایت کرتے ہیں۔

2275 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ رَوْحٍ الْبَرْذَعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْفٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ، فَيَقُولُ: اُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَذَرَاَ وَبَرَاَ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو ان کلمات سے دَم کرتے تھے: ''اُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَذَرَاَ وَبَرَاَ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا الْفِرْيَابِيُّ وَرَوَاهُ النَّاسُ: عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ

یہ حدیث از سفیان از ابن ابی لیلیٰ صرف الفریابی ہی روایت کرتے ہیں۔ اور لوگ سفیان سے وہ منصور سے وہ منہال سے روایت کرتے ہیں۔

رقم الحديث: 22455 ۔

2275- انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحه 116-117 ۔

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ شَاهِينَ الْبَغْدَادِيُّ

2276 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ شَاهِينَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَ: نَا عِكْرِمَةُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهِ: (الَّذِينَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ) (الماعون: 5) ؟ قَالَ: هُمُ الَّذِينَ يُؤَخِّرُونَهَا عَنْ وَقْتِهَا

لَمْ يَرْفَعْ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ اِلَّا عِكْرِمَةُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ

احمد بن شاہین بغدادی کی روایت

حضرت مصعب بن سعد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے نبی کریم ﷺ کو اللہ عزوجل کے اس ارشاد "وہ لوگ جو نماز میں سستی کرتے ہیں" (الماعون:۵) کے متعلق فرماتے سنا: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو نماز کو وقت سے مؤخر کرتے ہیں۔

یہ حدیث از عبدالملک بن عمیر صرف عکرمہ بن ابراہیم ہی مرفوع روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2276- اخرجه البيهقى فى سننه جلد2صفحه303 رقم الحديث: 3161 . وانظر الدر المنثور للحافظ السيوطى جلد 6 صفحه400 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْوَسَاوِسِيُّ

2277 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْوَسَاوِسِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَ: نَا نَافِعٌ اَبُو هُرْمُزَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَطَهَّرُ، وَبَيْنَ يَدَيْهِ اِنَاءٌ قَدْرَ الْمُدِّ، وَاِنْ زَادَ فَقَلَّ مَا يَزِيدُ، وَاِنْ نَقَصَ فَقَلَّ مَا يَنْقُصُ، فَغَسَلَ يَدَيْهِ، وَمَضْمَضَ وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، وَخَلَّلَ لِحْيَتَهُ، وَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ ثَلَاثًا ثَلَاثًا، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ وَاُذُنَيْهِ مَرَّتَيْنِ مَرَّتَيْنِ، وَغَسَلَ رِجْلَيْهِ حَتّٰى اَنْقَاهُمَا . فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هٰكَذَا التَّطَهُّرُ؟ قَالَ: هٰكَذَا اَمَرَنِي رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي: تَخْلِيلِ اللِّحْيَةِ فِي الْوُضُوءِ اِلَّا نَافِعٌ اَبُو هُرْمُزَ، تَفَرَّدَ بِهِ: شَيْبَانُ

2278 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَقْطَعُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْمِهْرَقَانِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ قِيرَاطٍ، عَنْ جَسْرٍ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

احمد بن اسماعیل الوساوسی کی روایات

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس داخل ہوا تو آپ وضو کر رہے تھے' آپ کے آگے پانی کا ایک مُد پڑا ہوا تھا' تھوڑا تھا یا زیادہ تھا' پس آپ نے اپنے دونوں ہاتھ دھوئے اور کلی کی اور ناک میں پانی ڈالا تین تین مرتبہ اور اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا اور داڑھی کا خلال کیا اور اپنی کلائیاں تین تین مرتبہ دھوئیں اور اپنے سر کا مسح کیا اور دونوں کانوں کا مسح کیا دو دو مرتبہ اور اپنے دونوں پاؤں دھوئے یہاں تک کہ ان کو صاف کیا۔ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! وضو اس طرح کرنا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے رب عزوجل نے مجھے اسی طرح حکم دیا ہے۔

یہ لفظ از عطاء از حضرت ابن عباس از نبی کریم ﷺ سے روایت نہیں کیے گئے ہیں کہ آپ ﷺ نے داڑھی کا خلال کیا' سوائے نافع ابوھرمز کے' اسے روایت کرنے میں شیبان اکیلے ہیں۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے اس نے محبت کی۔

2277- انظر الأنساب للسمعاني جلد13صفحه338 .

2278- أخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه58 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ اِلَّا جَسْرٌ اَبُو جَعْفَرٍ، وَاَبُو عُمَارَةَ الرَّازِيُّ

یہ حدیث یونس بن عبید سے صرف جسر ابوجعفر اور ابوعمارہ الرازی ہی روایت کرتے ہیں۔

2279 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَطَّابِ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي قَالَ: نَا اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ دِينَارٍ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ اَبِي تَمِيمَةَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ الشَّيْبَانِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْاَوَّابِينَ اِذَا رَمِضَتِ الْفِصَالُ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صلوٰۃ الاوابین اس وقت ہے جب اونٹوں کے پاؤں جل رہے ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا الْحَسَنُ بْنُ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث ایوب سے صرف حسن بن دینار ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن اسحاق اکیلے ہیں۔

2280 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى السُّوطِيُّ اَبُو الْحَسَنِ قَالَ: نَا اَبُو نُعَيْمٍ الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ قَالَ: نَا سَلَمَةُ بْنُ نُبَيْطٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا اَحْمَدُ، وَمُحَمَّدٌ، وَالْحَاشِرُ، وَالْمُقَفِّي، وَالْخَاتَمُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں احمد اور محمد اور حاشر اور مقفی اور خاتم ہوں (یعنی یہ میرے نام ہیں)۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الضَّحَّاكِ اِلَّا سَلَمَةُ بْنُ نُبَيْطٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو نُعَيْمٍ

ضحاک سے صرف ابوسلمہ بن عیط ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابونعیم اکیلے ہیں۔

2279- أخرجه مسلم فی المسافرين جلد 1 صفحه 516' والدارمی فی الصلاة جلد 1 صفحه 403 رقم الحديث: 1457' وأحمد فی المسند جلد 4 صفحه 448 رقم الحديث: 19286 .

2280- انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 287 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

2281 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّوْطِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، وَعَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَا: نَا شُعْبَةُ، عَنْ مُشَاشٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُتَوَشِّحٌ بِثَوْبِ قُطْنٍ، وَفِي يَدِهِ عَنَزَةٌ، وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، فَرَكَزَهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ صَلَّى اِلَيْهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہم پر نکلے اس حال میں کہ آپ اُونی کپڑے میں لپٹے ہوئے تھے اور آپ کے ہاتھ میں نیزہ تھا' آپ حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا سہارا لیے ہوئے تھے' آپ ﷺ نے نیزہ اپنے سامنے گاڑا' پھر اس کی طرف نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُشَاشٍ اِلَّا شُعْبَةُ، وَلَا رَوَى عَنْ مُشَاشٍ اَحَدٌ غَيْرُ شُعْبَةَ

یہ حدیث مشاش سے صرف شعبہ اور مشاس سے شعبہ کے علاوہ کسی نے بھی روایت نہیں کی۔

2282 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ الْجَوْهَرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ زَبَّارٍ الْكَلْبِيُّ قَالَ: نَا شَرْقِيُّ بْنُ الْقُطَامِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا طَلْقٍ الْعَائِذِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ شَرَاحِيلَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَعْدِي كَرِبَ الزُّبَيْدِيِّ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُنَا مِنْ قُرْبٍ وَنَحْنُ اِذَا حَجَجْنَا قُلْنَا: لَبَّيْكَ تَعْظِيمًا اِلَيْكَ عُذْرًا هَذِي زُبَيْدًا قَدْ اَتَتْكَ قَصْرًا يَقْطَعْنَ خَبْتًا وَجِبَالًا وَعِرًا قَدْ خَلَّفُوا الْاَنْدَادَ خُلْوًا صُفْرًا وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا وُقُوفًا بِبَطْنِ مُحَسِّرٍ، نَخَافُ اَنْ تَتَخَطَّفَنَا الْجِنُّ، فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْتَفِعُوا عَنْ بَطْنِ عُرَنَةَ، فَاِنَّهُمْ اِخْوَانُكُمْ اِذْ اَسْلَمُوا، وَعَلَّمَنَا التَّلْبِيَةَ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

حضرت عمرو بن معدی کرب الزبیدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے قریب سے دیکھا کہ جب ہم حج کر رہے تھے' ہم نے کہا: حاضر ہیں' ہم تیری عظمت کا اظہار کرتے ہیں اور تجھ سے معذرت کرتے ہیں' زبید نے افسوس کی بات کی' وہ مجبور ہو کر آئی ہے۔ ہم عاجز اور دشوار کن مراحل طے کر کے آئے ہیں' انہوں نے اللہ کے مدمقابل خدا بنائے' اس لیے وہ نقصان میں ہیں' اور ہم جب بطن محسر پر کھڑے تھے تو ہم کو ڈر لگا کہ ہم کو جن اُچک نہ لیں۔ رسول اللہ ﷺ نے ہم کو فرمایا: بطن عرفہ سے نیچے اُترو' کیونکہ جب یہ مسلمان ہو گئے تو اب تمہارے بھائی ہیں اور ہم کو تلبیہ سکھایا: ''لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ''۔

2281- انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث: 5312 .

2282- اخرجه البزار رقم الحديث: 1412 . انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه225 .

Marfat.com
Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرْقِيِّ بْنِ الْقُطَامِيِّ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ زَبَّارٍ الْكَلْبِيُّ

یہ حدیث شرقی بن قطامی سے صرف محمد بن زیاد بن زبار الکلبی ہی روایت کرتے ہیں۔

2283 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ زَبَّارٍ الْكَلْبِيُّ قَالَ: نَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ، عَنْ أَبِيهَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّهُ سَتَكُونُ بَعْدِي فِتَنٌ يُصْبِحُ الرَّجُلُ مُؤْمِنًا، وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا. فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، فَأَيُّ الرِّجَالِ أَرْشَدُ؟ قَالَ: رَجُلٌ بَيْنَ هَذَيْنِ الْحَرَمَيْنِ فِي قِلَّةٍ، يُقِيمُ الصَّلَاةَ لِمَوَاقِيتِهَا، وَيَحُجُّ وَيَعْتَمِرُ، فَلَا يَزَالُ كَذَلِكَ حَتَّى تَأْتِيَهُ يَدٌ خَاطِئَةٌ، أَوْ مَنِيَّةٌ قَاضِيَةٌ

حضرت عائشہ بنت سعد اپنے والد سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے سنا: عنقریب میرے بعد فتنے ہوں گے صبح آدمی مؤمن ہو گا' رات کو کافر' شام کو مؤمن تو صبح کافر۔ میں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! کون لوگ زیادہ ہدایت والے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ آدمی جوان دوحرمین میں کم ہوں گے اور نماز وقت پر ادا کریں گے اور حج اور عمرہ کریں گا' معاملہ اسی طرح رہے گا یہاں تک کہ خاطی کا ہاتھ آ جائے یا فیصلہ آ جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ إِلَّا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ

یہ حدیث حضرت عائشہ بنت سعد سے صرف صالح بن عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن زیاد اکیلے ہیں۔

2284 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ قَالَ: نَا أَبُو غَزِيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَقِيَ الزُّبَيْرُ سَارِقًا، فَشَفِعَ فِيهِ، فَقِيلَ لَهُ: حَتَّى نُبْلِغَهُ الْإِمَامَ، فَقَالَ: إِذَا بَلَغَ الْإِمَامَ فَلَعَنَ اللَّهُ الشَّافِعَ وَالْمُشَفَّعَ، كَمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ ایک چور سے ملے' آپ نے اس کی سفارش کی' آپ سے کہا گیا: ہم اس کو امام کے پاس لے جائیں گے' حضرت زبیر نے فرمایا: میں امام کے پاس لے جاؤ گے' تو اللہ کی لعنت ہو سفارش کرنے والے اور کروانے والے پر' جس طرح رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔

2284- انظر: مجمع الزوائد جلد6صفحه262 .

Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ إِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے صرف عبدالرحمٰن بن ابی زناد ہی روایت کرتے ہیں۔

2285 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ جَوْصَا الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا أَبُو تَقِيٍّ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ وَرْقَاءَ بْنِ عُمَرَ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا صَلَاةَ إِلَّا الْمَكْتُوبَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے تو فرض نماز کے علاوہ کوئی (دوسری سنت نفل) نماز (پڑھنا جائز نہیں) ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ إِلَّا بَقِيَّةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: أَبُو تَقِيٍّ

یہ حدیث ابن ثوبان سے صرف بقیہ ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ابوتقی اکیلے ہیں۔

2286 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ غِيَاثٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السَّعْدِيُّ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى أَبُو يَحْيَى الْمُعَلِّمُ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ: نَا أَيُّوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الثَّقَفِيُّ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، فِي الْحَرِّ الشَّدِيدِ وَعَلَيْهِ ثِيَابُ الشِّتَاءِ، وَخَرَجَ عَلَيْنَا فِي الشِّتَاءِ وَعَلَيْهِ ثِيَابُ الصَّيْفِ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ، فَشَرِبَهُ، ثُمَّ مَسَحَ الْعَرَقَ عَنْ جَبْهَتِهِ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى بَيْتِهِ، فَقُلْتُ لِأَبِي: يَا أَبَتَاهُ أَمَا رَأَيْتَ مَا صَنَعَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ؟ خَرَجَ عَلَيْنَا فِي الشِّتَاءِ وَعَلَيْهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے' سخت گرمی میں آپ نے سردیوں والے کپڑے پہنے ہوئے تھے' اور آپ سردیوں میں اس حالت میں ہمارے پاس آئے کہ آپ نے گرمیوں والے کپڑے پہنے ہوئے تھے' آپ نے پانی مانگا! اس کونوش کیا پھر اپنی پیشانی سے پسینہ صاف کیا' پھر آپ اپنے گھر چلے گئے' میں نے اپنے والد سے عرض کی: اے ابا جان! امیر المؤمنین ایسے کیوں کیا آپ نے دیکھا؟ آپ ہمارے پاس سردیوں میں آئے اور آپ نے گرمیوں والے کپڑے پہنے ہوئے تھے اور آپ گرمیوں میں آئے تو آپ سردیوں والے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ حضرت ابولیلیٰ نے فرمایا: میرے والد

2285- تقدم تخريجه .

2286- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه125 .

Marfat.com
Marfat.com

ثِيَابُ الصَّيْفِ، وَخَرَجَ عَلَيْنَا فِي الصَّيْفِ وَعَلَيْهِ ثِيَابُ الشِّتَاءِ، فَقَالَ اَبُو لَيْلَى: مَا فَطِنْتُ، فَاَخَذَ بِيَدِ اَبِيهِ، فَاَتَى عَلِيًّا فَقَالَ لَهُ الَّذِي صَنَعَ . فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بَعَثَنِي وَاَنَا اَرْمَدُ، فَبَزَقَ فِي عَيْنِي، ثُمَّ قَالَ: افْتَحْ عَيْنَيْكَ ، فَفَتَحْتُهُمَا، فَمَا اشْتَكَيْتُهُمَا حَتَّى السَّاعَةِ، وَدَعَا لِي فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنْهُ الْحَرَّ وَالْبَرْدَ ، فَمَا وَجَدْتُ حَرًّا وَلَا بَرْدًا حَتَّى يَوْمِي هَذَا

نے میرا ہاتھ پکڑا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس لے آئے۔ آپ سے اس کے متعلق عرض کی گئی جو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا تو حضرت علی نے ان سے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اس حالت میں بھیجا کہ میری آنکھ میں درد تھی' آپ نے اپنا لعاب میری آنکھ میں لگایا' پھر فرمایا: اپنی دونوں آنکھیں کھولو! میں نے دونوں آنکھوں کو کھولا تو اس وقت سے لے کر آج تک میری آنکھوں میں تکلیف نہیں ہوئی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرے لیے دعا کی اور فرمایا: اے اللہ! اس سے گرمی اور سردی لے جا! پس میں نہ گرمی اور نہ سردی محسوس کرتا ہوں یہاں تک کہ میرے لیے یہ دن آ گیا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں اور ابراہیم سے یہ صرف اسی سند سے روایت کی گئی ہے۔

2287 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ: نَا السَّكَنُ بْنُ حَكِيمٍ قَالَ: صَلَّيْتُ اِلَى جَنْبِ اِبْرَاهِيمَ الصَّائِغِ، وَعَلَيَّ فَرْوٌ، فَكُنْتُ اَتَّقِي بِهِ التُّرَابَ، فَلَمَّا صَلَّى اِبْرَاهِيمُ، قَالَ لِي: قَالَ عَطَاءٌ: قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلَى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ، وَلَا اَكُفَّ شَعْرًا وَلَا ثَوْبًا

حضرت سکن بن حکیم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابراہیم الصائغ کے پہلو میں اس حالت میں نماز پڑھ رہا تھا کہ میرے اوپر چادر تھی' میں اس سے مٹی صاف کر رہا تھا' جب حضرت ابراہیم نے نماز پڑھ لی تو مجھے فرمایا: حضرت عطاء نے فرمایا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور یہ کہ میں اپنے بالوں اور کپڑوں سے نہ کھیلوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ

یہ حدیث از عطاء از حضرت ابن عباس صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں۔

2287- أخرجه البخارى فى الأذان جلد2صفحه344 رقم الحديث:809' ومسلم فى الصلاة جلد1صفحه354 .

Marfat.com
Marfat.com

2288 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوسُفَ الْجُبَيْرِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْاَسْوَدِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا فَهْدُ بْنُ حَيَّانَ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَزِيدُ صَلَاةُ الْجَمِيعِ عَلَى صَلَاةِ الرَّجُلِ وَحْدَهُ بِضْعًا وَعِشْرِينَ، اَوْ خَمْسًا وَعِشْرِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اکیلے نماز پڑھنا باجماعت نماز پڑھنے سے پچیس یا اس سے زیادہ ثواب میں اضافہ کردیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا فَهْدٌ

یہ حدیث شعبہ سے صرف فہد ہی روایت کرتے ہیں۔

2289 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ، عَنْ سَعْدٍ الْاِسْكَافِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ: حَدَّثَنِي تَمِيمٌ الدَّارِيُّ، اَنَّهُ رَكِبَ الْبَحْرَ فِي اُنَاسٍ مِنْ اَهْلِهِ، فَاَلْجَاَتْهُمُ الرِّيحُ اِلَى جَزِيرَةٍ فِي الْبَحْرِ، فَاِذَا هُمْ بِدَابَّةٍ اَهْلَبَ، فَقَالُوا: مَا اَنْتِ؟ فَقَالَتْ: اَنَا الْجَسَّاسَةُ فَذَكَرَ حَدِيثَ الْجَسَّاسَةِ

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے خطبہ دیا اور فرمایا: مجھے حضرت تمیم الداری نے بیان کیا کہ وہ اپنے گھر والوں کے ساتھ سمندر میں سوار تھے تیز ہوا جزیرہ سے سمندر میں آئی وہ بالوں والا جانور تھے صحابہ کرام نے عرض کی: تو کون ہے؟ تو اس نے کہا: میں جساسہ ہوں (یعنی دجال کا جاسوس اس کے بعد جساسہ کی حدیث ذکر کی)۔

2290 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ دَاوُدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

2288- اخرجه البخاری فی الأذان جلد2صفحه154 رقم الحديث: 647' ومسلم فی المساجد جلد1صفحه450 .

2289- اخرجه أبو داؤد فی الملاحم جلد4صفحه115 رقم الحديث: 4325' والترمذی فی الفتن جلد4صفحه521 رقم الحديث: 2253' وابن ماجه فی الفتن جلد2صفحه1354 رقم الحديث: 4074' وأحمد فی المسند جلد 6 صفحه445 رقم الحديث: 27417 .

2290- اخرجه أبو داؤد فی العلم جلد3صفحه320 رقم الحديث: 3658' والترمذی فی العلم جلد 5صفحه29 رقم الحديث: 2649' وابن ماجه فی المقدمة جلد 1صفحه98 رقم الحديث: 266' وأحمد فی المسند جلد 2 صفحه393 رقم الحديث: 7588 .

Marfat.com
Marfat.com

السُّكَّرِيُّ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ خُلَيْدٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ كَثِيرِ بْنِ شِنْظِيرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ يَعْلَمُهُ، فَكَتَمَهُ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلْجَمًا بِلِجَامٍ مِّنْ نَارٍ

اللہ ﷺ نے فرمایا: جس سے علم کے متعلق پوچھا گیا جس کو وہ جانتا ہو'اس نے وہ چھپایا تو وہ قیامت کے دن اس حالت میں لایا جائے گا کہ اس کو آگ کی لگام دی ہو گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرٍ اِلَّا حَمَّادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ خُلَيْدٍ

یہ حدیث کثیر سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں محمد بن خلید اکیلے ہیں۔

2291 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الرَّجَانِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: نَا اَبِي قَالَ: نَا وَرْقَاءُ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ، وَاَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ، فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چاند دیکھ کر روزہ رکھواور چاند دیکھ کر عید کرو' اگر تم پر آسمان غبار آلود ہو تو تیس دن کی گنتی مکمل کرو۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ وَرْقَاءَ اِلَّا الْمُقْرِءُ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ عَنْهُ

اسے ورقاء سے صرف مقری ہی روایت کرتے ہیں' اسے روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

2291- أخرجه البخاري في الصوم جلد4صفحه143 رقم الحديث: 1909' ومسلم في الصيام جلد2صفحه762 ـ

Marfat.com
Marfat.com

اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعِيرِيُّ

احمد بن محمد الشعیری کی روایات

2292 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّعِيرِيُّ الشِّيرَازِيُّ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَكَمِ الْحَبَرِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اِيمَانَ لِمَنْ لَا اَمَانَةَ لَهُ، وَلَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا طُهُورَ لَهُ، وَلَا دِينَ لِمَنْ لَا صَلَاةَ لَهُ، اِنَّمَا مَوْضِعُ الصَّلَاةِ مِنَ الدِّينِ كَمَوْضِعِ الرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس میں امانت نہیں اس میں ایمان نہیں اور جس نے وضو نہیں کیا اس کی نماز نہیں اور جس نے نماز نہیں پڑھی اس کا دین نہیں اور نماز کا تعلق دین سے اس طرح ہے جس طرح سر کا تعلق جسم سے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا مِنْدَلٌ، وَلَا عَنْ مِنْدَلٍ اِلَّا حَسَنٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَكَمِ

یہ حدیث عبید اللہ بن عمر سے صرف مندل اور مندل سے صرف حسن ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں حسین بن الحکم اکیلے ہیں۔

2293 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَحْمُودِ بْنِ صُبَيْحٍ الْمَدِينِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا الْحَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الذَّهَبُ بِالذَّهَبِ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ، وَالْبُرُّ بِالْبُرِّ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ، وَالزَّبِيبُ بِالزَّبِيبِ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، يَدًا بِيَدٍ، فَمَنْ زَادَ اَوِ ازْدَادَ فَقَدْ اَرْبَى

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سونا سونے کے بدلے چاندی چاندی کے بدلے گندم گندم کے بدلے اور جو جو کے بدلے کھجور کھجور کے بدلے کشمش کشمش کے بدلے نمک نمک کے بدلے برابر برابر ہاتھ فروخت کرو جس نے زیادتی یا اضافہ کیا اس نے سود کا معاملہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمَعْرُورِ اِلَّا الزُّبَيْرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: بِشْرٌ

یہ حدیث مغرور سے صرف زبیر ہی روایت کرتے ہیں اسے روایت کرنے میں بشر اکیلے ہیں۔

2292- اخرجه الطبرانی فی الأوسط جلد2صفحه383 رقم: 2292 . انظر: كشف الخفاء جلد2صفحه467 رقم: 2984 .

Marfat.com
Marfat.com

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اِبْرَاهِيمُ

باب ان کے نام سے جن کا نام ابراہیم ہے

2294 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي سُفْيَانَ الْقَيْصَرَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَحَدٌ مِنْكُمْ يُنْجِيهِ عَمَلُهُ قَالُوا: وَلَا اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ وَفَضْلٍ، وَلَوْ يُؤَاخِذُنِي بِمَا جَنَى هَؤُلَاءِ لَاَوْبَقَنِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل سے نجات نہیں پائے گا' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں بھی نہیں مگر مجھے میرے اللہ نے اپنی رحمت اور مہربانی کی چادر میں ڈھانپ لیا ہے' اگر میرا مؤاخذہ فرمائے اس کے بدلے جو یہ سارے غلطی کرتے ہیں تو وہ ضرور کرسکتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْفِرْيَابِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف فریابی ہی روایت کرتے ہیں۔

2295 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ اسْمًا، مَنْ اَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ کے ننانوے نام ہیں' جس نے اُن کو یاد کرلیا وہ جنت میں داخل ہوجائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ اِلَّا الْفِرْيَابِيُّ

یہ حدیث سفیان سے صرف فریابی ہی روایت کرتے ہیں۔

2296 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے مرفوعاً

2294- أخرجه البزار بنحوه جلد4صفحه162 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه359 .

2295- أخرجه البخاري: الدعوات جلد11صفحه218 رقم الحديث: 6410' ومسلم: الذكر جلد 4صفحه2063' وابن ماجة: الدعاء جلد2صفحه1269' وأحمد: المسند جلد2صفحه420 رقم الحديث: 8166 .

2296- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه77 .

Marfat.com
Marfat.com

يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَيَّانَ اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا عَمِلَ آدَمِيٌّ عَمَلًا اَنْجَى لَهُ مِنَ الْعَذَابِ مِنْ ذِكْرِ اللّٰهِ قِيلَ: وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا الْجِهَادُ اِلَّا اَنْ تَضْرِبَ بِسَيْفِكَ حَتّٰى يَنْقَطِعَ

روایت کرتے ہیں کہ کسی آدمی کا کوئی عمل اتنا عذاب سے نجات دلانے والا نہیں جتنا اللہ کا ذکر، عرض کی گئی: جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: جہاد فی سبیل اللہ بھی نہیں، فرمایا: جہاد بھی نہیں ایک صورت ہے کہ آدمی اپنی تلوار سے لڑے یہاں تک کہ شہید ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا اَبُو خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْفِرْيَابِيُّ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف ابوخالد ہی روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں فریابی اکیلے ہیں۔

2297 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا فُدَيْكُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ عَنْهَا، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ جُلُوسٌ، فَقَالَ: اَوَّلُكُنَّ تَرِدُ عَلَيَّ الْحَوْضَ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَجَعَلْنَا نَقْدِرُ اَذْرُعَنَا اَيَّتُنَا اَطْوَلُ يَدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ ذَاكَ اَعْنِي اِنَّمَا اَعْنِي اَصْنَعَكُنَّ يَدًا

حضرت میمونہ زوجہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے، ہم بیٹھی ہوئی تھیں، آپ نے کہا: تم میں سے سب سے پہلے جو حوض پر آئے گی جس کے ہاتھ لمبے ہیں، ہم اپنے ہاتھ ناپنے لگیں کہ ہاتھ لمبا کس کا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میری مراد یہ نہیں ہے، میری مراد اس سے یہ ہے کہ جو سخی ہاتھ والی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ اِلَّا مَسْلَمَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ فُدَيْكُ بْنُ سُلَيْمَانَ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف مسلمہ ہی روایت کرتے ہیں، اس کو روایت کرنے میں فدیک بن سلیمان اکیلے ہیں۔

2298 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا فُدَيْكُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ عِيسَى الْعُقَيْلِيُّ قَالَ: نا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ

حضرت صالح بن بشیر بن فدیک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فدیک، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس

2297- انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه251 .

2298- أخرجه الطبراني في الكبير جلد18صفحه336 . وانظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه258 .

Marfat.com
Marfat.com

الزُّهْرِيِّ، عَنْ صَالِحِ بْنِ بَشِيرِ بْنِ فُدَيْكٍ قَالَ: خَرَجَ فُدَيْكٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّهُمْ يَزْعُمُونَ أَنَّهُ مَنْ لَمْ يُهَاجِرْ هَلَكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فُدَيْكُ، أَقِمِ الصَّلَاةَ، وَآتِ الزَّكَاةَ، وَاهْجُرِ السُّوءَ، وَاسْكُنْ مِنْ أَرْضِ قَوْمِكَ حَيْثُ شِئْتَ

آئے عرض کی: یارسول اللہ! آپ خیال کرتے ہیں کہ جنہوں نے ہجرت نہیں کی وہ ہلاک ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: اے فدیک! نماز قائم کرو زکوٰۃ ادا کرو برائی چھوڑ دو اپنی قوم کی جس زمین (شہر) میں چاہیں آپ رہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، إِلَّا فُدَيْكُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَقَدْ سَمِعَ فُدَيْكٌ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف فدیک بن سلیمان ہی روایت کرتے ہیں فدیک نے یہ حدیث اوزاعی سے سنی ہے۔

2299 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: أَصَبْتُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ أُصِبْ مَالًا أَنْفَسَ مِنْهَا، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنِّي أَصَبْتُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ لَمْ أُصِبْ مَالًا أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْهَا، وَإِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَتَصَدَّقَ بِهَا، فَقَالَ احْبِسْ أَصْلَهَا، وَتَصَدَّقْ بِثَمَرَتِهَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے خیبر کی زمین حصے میں ملی مجھے اس زمین سے بڑھ کر کوئی پسند نہیں تھی میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے جو خیبر کی زمین حصے میں ملی ہے وہ مجھے سب سے زیادہ پسند ہے میں چاہتا ہوں کہ اس کو صدقہ کر دوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: خود زمین کو اپنے پاس رکھو اور اس کا پھل وغیرہ صدقہ کر دو۔

2300 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو پڑھتے ہوئے سنا: لبیک عن شبرمہ! آپ ﷺ نے فرمایا: شبرمہ کون ہے؟ اس نے

2299- أخرجه البخاري: الشروط جلد 5 صفحه 418 رقم الحديث: 2737، ومسلم: الوصية جلد 3 صفحه 1256، وأبو داؤد: الوصايا جلد 3 صفحه 116 رقم الحديث: 2878، والترمذي، الأحكام جلد 3 صفحه 650 رقم الحديث: 1375، والنسائي: الأحباس جلد 6 صفحه 191 (باب كيف يكتب الحبس؟)، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 18 رقم الحديث: 4607.

2300- اخرجه ابو داؤد: المناسك جلد 2 صفحه 167 رقم الحديث: 1811، وابن ماجه: المناسك جلد 2 صفحه 969 رقم الحديث: 2903، والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 42 رقم الحديث: 12419.

Marfat.com
Marfat.com

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ: لَبَّيْكَ عَنْ شُبْرُمَةَ قَالَ: وَمَنْ شُبْرُمَةُ؟ قَالَ: رَجُلٌ اَمَرَنِي اَنْ اَحُجَّ عَنْهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُجَّ عَنْ نَفْسِكَ، ثُمَّ حُجَّ عَنْ شُبْرُمَةَ

عرض کی: ایک آدمی نے مجھے اپنی طرف سے حج کرنے کے لیے کہا تھا' حضورﷺ نے فرمایا: پہلے اپنا حج ادا کر' پھر شبرمہ کی طرف سے کر۔

2301 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ، وَلَكِنْ يَقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَاءِ، حَتَّى اِذَا لَمْ يُبْقِ عَالِمًا اتَّخَذَ النَّاسُ رُئُوسًا جُهَّالًا، فَسُئِلُوا، فَاَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ، فَضَلُّوا وَاَضَلُّوا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: علم لوگوں سے چھینا نہیں جائے گا بلکہ علم اُٹھالیا جائے گا' علماء کے اس دنیا سے جانے کے ساتھ' یہاں تک کہ کوئی عالم باقی نہیں رہے گا' لوگ جاہلوں کو سردار بنائیں گے' وہ ان سے سوال پوچھیں گے وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے' وہ فتویٰ دینے والے خود بھی گمراہ ہوں گے اور لوگوں کو بھی گمراہ کریں گے۔

2302 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَرَّةَ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، عَنِ ابْنِ مَسْعَدَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ اَوِ الْعَصْرَ، فَسَلَّمَ فِي رَكْعَتَيْنِ، فَقَالَ ذُو الْيَدَيْنِ: اَقَصُرَتِ الصَّلَاةُ اَمْ نَسِيتَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَقُولُ ذُو الْيَدَيْنِ؟ قَالُوا: صَدَقَ، فَاَتَمَّ بِهِمُ الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَمَا سَلَّمَ ابْنُ مَسْعَدَةَ اسْمُهُ عَبْدُ اللهِ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن مسعدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے ظہر یا عصر کی نماز پڑھائی' آپ نے دو رکعتوں کے بعد سلام پھیر دیا۔ ذوالیدین نے عرض کی: کیا نماز میں کمی کا حکم نازل ہوا یا آپ بھول گئے ہیں؟ حضور سرورِ کونینﷺ نے فرمایا: ذوالیدین نے کیا کہا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ذوالیدین نے سچ کہا ہے۔ اس کے بعد آپ نے دو رکعت مکمل فرمائیں' پھر دو سجدے سہو کے لیے بیٹھنے کی حالت میں سلام کے بعد۔ ابن مسعدہ کا نام عبداللہ ہے' حضورﷺ کے اصحاب میں سے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اِلَّا عَبْدُ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف عبدالرزاق ہی

2301- اخرجه البخاري: العلم جلد1صفحه234 رقم الحديث: 100' ومسلم: العلم جلد 4صفحه2058' والترمذي: العلم جلد5صفحه31 رقم الحديث: 2652' وابن ماجة: المقدمة جلد 1صفحه20 رقم الحديث: 52' والدارمي: المقدمة جلد1صفحه89 رقم الحديث: 239' وأحمد: المسند جلد2صفحه220 رقم الحديث: 6518 .

Marfat.com
Marfat.com

الرَّزَّاقِ، تَفَرَّدَ بِهِ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَرَّةَ

روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن محمد بن برہ اکیلے ہیں۔

2303 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: نا الثَّوْرِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَخْبَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلَاثُمِائَةٍ وَسِتُّونَ صَنَمًا، فَجَعَلَ يَطْعَنُهَا فَتَسَاقَطُ عَلَى وَجْهِهَا، وَهُوَ يَقُولُ: (جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا) (الاسراء: 81)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ مکہ شریف داخل ہوئے فتح مکہ کے دن تو کعبہ شریف کے اردگرد تین سو ساٹھ بت تھے آپ اپنے نیزہ کے ساتھ گراتے جاتے اور وہ منہ کے بل گر رہے تھے آپ پڑھ رہے تھے: حق آ گیا باطل چلا گیا بے شک باطل ختم ہی ہونے والا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ إِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث امام ثوری سے صرف امام عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں۔

2304 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: أنا الثَّوْرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَمَرَّ بِقَرْيَةِ نَمْلٍ قَدْ أُحْرِقَتْ، فَقَالَ: إِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يُعَذِّبَ بِعَذَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت عبدالرحمن بن مسعود رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے آپ چیونٹیوں کی بستی کے پاس سے گزرے اس کو جلا دیا گیا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کسی کے لیے مناسب نہیں ہے کہ وہ کسی کو عذاب دے اللہ عزوجل جیسا عذاب۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الثَّوْرِيِّ إِلَّا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

یہ حدیث امام ثوری سے صرف امام عبدالرزاق ہی روایت کرتے ہیں۔

2303- أخرجه البخاري: المظالم جلد 5 صفحه 145 رقم الحديث: 2478، ومسلم: الجهاد جلد 3 صفحه 1408، والترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 303 رقم الحديث: 3138، وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 491 رقم الحديث: 3583 .

2304- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 10 صفحه 176 رقم الحديث: 10373-10374 . أخرجه أبو داؤد: الجهاد جلد 3 صفحه 55 رقم الحديث: 2675 .

Marfat.com
Marfat.com

2305 - اخبرنا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: آنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: آنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِى قِلَابَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الذَّهَبُ بِالْوَرِقِ رِبًا اِلَّا هَاءَ وَهَاءَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا مَعْمَرٌ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سونا چاندی کے بدلے فروخت کرنا سود ہے مگر برابر برابر جائز ہے۔

یہ حدیث ایوب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔

2306 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: آنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: آنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ عِيسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَامَ اِلَى قِرْبَةٍ لَهُمْ، فَخَنَثَهَا، وَشَرِبَ وَهُوَ قَائِمٌ

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّزَّاقِ

حضرت عیسیٰ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک مشکیزہ کی طرف کھڑے ہوئے آپ نے اس کا منہ کھولا اس سے کھڑے ہونے کی حالت میں پانی نوش کیا۔

یہ حدیث حضرت عبداللہ بن اُنیس سے صرف اسی سند کے ساتھ مروی ہے۔ اس حدیث کے ساتھ عبدالرزاق اکیلے ہیں۔

2307 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُوسٍ الصَّنْعَانِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بَحِيرٍ الْقَاصَّ، يَذْكُرُ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ الْاَنْصَارِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ عَنِ الرَّقِيمِ: اِنَّ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ دَخَلُوا فِي كَهْفٍ، فَوَقَعَ قِطْعَةٌ مِنَ الْجَبَلِ عَلَى بَابِ الْكَهْفِ، فَاُوصِدَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے حضور ﷺ سے سنا تین آدمیوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: تین آدمی غار میں داخل ہوئے پہاڑ سے پتھر کا ایک ٹکڑا غار کے دروازے پر گرا (غار کا منہ بند ہو گیا) اُن میں سے ایک نے کہا: اے لوگو! تم میں سے ہر کوئی اپنے نیک عمل کا وسیلہ پیش کرے ہوسکتا ہے تم پر رحم کیا جائے گا ان میں سے ایک نے کہا: مجھے معلوم ہے

2305- اخرجه احمد: المسند جلد 4 صفحه 25 رقم الحديث: 16358 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 117-118 .

2306- اخرجه احمد: المسند جلد 6 صفحه 180 رقم الحديث: 25333 .

2307- انظر: مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 145 .

Marfat.com
Marfat.com

قَائِلٌ مِنْهُمْ: يَا قَوْمُ، تَذَكَّرُوا أَيُّكُمْ عَمِلَ حَسَنَةً لَعَلَّ اللّٰهَ بِرَحْمَتِهِ يَرْحَمُنَا، فَقَالَ أَحَدُهُمْ: قَدْ عَمِلْتُ حَسَنَةً مَرَّةً كَانَ لِي عُمَّالٌ اسْتَأْجَرْتُهُمْ فِي عَمَلٍ لِي، كُلُّ رجل مِنْهُمْ بِأَجْرٍ مَعْلُومٍ، فَجَائَنِي رَجُلٌ ذَاتَ يَوْمٍ وَسَطَ النَّهَارِ، فَاسْتَأْجَرْتُهُ مَا بَقِيَ مِنَ النَّهَارِ بِشَرْطِ أَصْحَابِهِ، فَعَمِلَ فِي بَقِيَّةِ نَهَارِهِ كَمَا عَمِلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ فِي نَهَارِهِ كُلِّهِ، فَرَأَيْتُ فِي الذِّمَامِ أَنْ لَا أَنْقُصَهُ شَيْئًا مِمَّا اسْتَأْجَرْتُ بِهِ أَصْحَابَهُ، لِمَا جَهِدَ فِي عَمَلِهِ، فَقَالَ لِي رَجُلٌ مِنْهُمْ: أَتُعْطِي هَذَا مِثْلَ مَا أَعْطَيْتَنِي وَلَمْ يَعْمَلْ إِلَّا نِصْفَ نَهَارٍ؟ قُلْتُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ لَمْ أَبْخَسْكَ شَيْئًا مِنْ شَرْطِكَ، وَإِنَّمَا هُوَ مَالِي أَحْكُمُ فِيهِ مَا شِئْتُ، فَغَضِبَ عِنْدَ ذَلِكَ، وَتَرَكَ إِجَارَتَهُ، وَوَضَعْتُ حَقَّهُ فِي جَانِبٍ مِنَ الْبَيْتِ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ مَرَّتْ بِي بَعْدَ ذَلِكَ بَقَرٌ، فَاشْتَرَيْتُ بِهِ فَصِيلًا مِنَ الْبَقَرِ، فَأَمْسَكْتُهُ حَتَّى كَبِرَ، ثُمَّ بِعْتُهُ، ثُمَّ صَرَفْتُ ثَمَنَهُ فِي بَقَرَةٍ، فَحَمَلَتْ، ثُمَّ تَوَالَدَتْ لَهَا حَتَّى بَلَغَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ مَرَّ بِي بَعْدَ حِينٍ شَيْخٌ ضَعِيفٌ لَا أَعْرِفُهُ، فَقَالَ لِي: إِنَّ لِي عِنْدَكَ حَقًّا، فَذَكَرَهُ حَتَّى عَرَفْتُهُ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، إِيَّاكَ أَبْغِي، فَعَرَضْتُهَا عَلَيْهِ جَمِيعًا، فَقُلْتُ: هَذَا حَقُّكَ، فَقَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ لَا تَسْتَهْزِءْ مِنِّي، إِنْ لَمْ تَتَصَدَّقْ عَلَيَّ فَأَعْطِنِي حَقِّي، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ مَا أَسْخَرُ مِنْكَ، إِنَّهَا لَحَقُّكَ، مَا لِي مِنْهَا شَيْءٌ، فَدَفَعْتُهَا إِلَيْهِ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتُ فَعَلْتُ ذَلِكَ لِوَجْهِكَ، فَافْرُجْ عَنَّا، فَانْصَدَعَ

میں نے ایک نیک عمل کیا تھا' میرے پاس کچھ مزدور تھے میں نے اُن کو مزدوری پر لگایا ہوا تھا مقررہ مزدوری پر۔ ایک آدمی ایک دن دوپہر کے وقت آیا اس کا آدھا دن مزدوری کا رہ گیا تھا' اس نے مزدوری کی اپنے بقیہ ساتھیوں کی مزدوری پر' اس نے آدھا دن کام کیا۔ پس میں نے اپنے ذمہ میں یہ سمجھا کہ میں اُس کے ساتھیوں کو جو اُجرت دے رہا ہوں۔ اس کی اُجرت اس سے کم نہ کروں کیونکہ اس نے اپنا کام کرنے میں محنت کی ہے۔ پس اُن میں سے ایک آدمی نے مجھ سے کہا: کیا تو اس کو میرے برابر اُجرت دے رہا ہے حالانکہ اس نے آدھا دن کام کیا ہے؟ میں نے کہا: اے اللہ کے بندے! میں نے تجھ سے جو اُجرت مقرر کی تھی' اس میں کمی تو نہیں کی ہے۔ اور یہ میرا حق ہے کہ اس کے بارے میں جو چاہوں میں فیصلہ کروں۔ پس وہ اُس وقت غصے ہو گیا اور اپنی اُجرت چھوڑ کر چلا گیا۔ پس میں نے اُس کا حق' گھر کے ایک کونے میں رکھ دیا جب تک اللہ نے چاہا' پھر ایک دن میرے پاس سے گائیں گزریں۔ اس کے ساتھ میں نے اُن میں سے ایک بچہ خرید لیا۔ پس اسے اپنے پاس رکھا یہاں تک کہ وہ بڑا ہو گیا پھر میں نے اسے بیچ دیا۔ پھر میں نے اس کی رقم ایک گائے میں لگائی پس وہ حاملہ ہو گئی پھر اُس نے بچہ جن دیا یہاں تک کہ وہ وہاں تک پہنچ گیا جہاں تک اللہ نے چاہا پھر ایک دن ایک بوڑھا آدمی میرے پاس سے گزرا' میں اُسے نہ پہچان سکا' سو اُس نے آ کر مجھ سے کہا: تیرے پاس میرا حق تھا۔ پس اُس نے

Marfat.com
Marfat.com

الْجَبَلُ، حَتّٰى رَاَوْا وَبَصَرُوا، وَقَالَ الْآخَرُ: فَعَلْتُ حَسَنَةً مَرَّةً كَانَ عِنْدِي فَضْلٌ، وَاَصَابَتِ النَّاسَ شِدَّةٌ، فَجَاءَتْنِي امْرَاَةٌ تَطْلُبُ مِنِّي مَعْرُوفًا، فَقُلْتُ لَهَا: لَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ دُونَ نَفْسِكِ، فَاَبَتْ عَلَيَّ، ثُمَّ رَجَعَتْ فَذَكَّرَتْنِي بِاللّٰهِ، فَاَبَيْتُ عَلَيْهَا، فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ دُونَ نَفْسِكِ، فَاَبَتْ عَلَيَّ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِزَوْجِهَا، فَقَالَ لَهَا: اَعْطِيهِ نَفْسَكِ وَاَغْنِي عِيَالَكِ، فَجَاءَتْنِي، فَنَاشَدَتْنِي اللّٰهَ، فَقُلْتُ لَهَا: لَا وَاللّٰهِ مَا هُوَ دُونَ نَفْسِكِ، فَلَمَّا رَاَتْ ذٰلِكَ اَسْلَمَتْ اِلَيَّ نَفْسَهَا، فَلَمَّا كَشَفْتُهَا وَهَمَمْتُ بِهَا ارْتَعَدَتْ مِنْ تَحْتِي، فَقُلْتُ: مَا لَكِ؟ قَالَتْ: اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعَالَمِينَ، فَقُلْتُ لَهَا: خِفْتِ اللّٰهَ فِي الشِّدَّةِ، وَلَمْ اَخَفْهُ فِي الرَّخَاءِ فَتَرَكْتُهَا، وَاَعْطَيْتُهَا مَا يَحِقُّ عَلَيَّ بِمَا كَشَفْتُهَا، اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتُ فَعَلْتُ ذٰلِكَ لِوَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا، فَانْصَدَعَ الْجَبَلُ حَتّٰى عَرَفُوا وَتَبَيَّنَ لَهُمْ، وَقَالَ الْآخَرُ: قَدْ عَمِلْتُ حَسَنَةً مَرَّةً كَانَ لِي اَبَوَانِ شَيْخَانِ كَبِيرَانِ، وَكَانَتْ لِي غَنَمٌ، فَاُطْعِمُ اَبَوَيَّ وَاَسْقِيهِمَا، ثُمَّ اَرْجِعُ اِلَى غَنَمِي، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ اَصَابَنِي غَيْثٌ، فَحَبَسَنِي فَلَمْ اَرُحْ حَتّٰى اَمْسَيْتُ، فَاَتَيْتُ اَهْلِي، فَاَخَذْتُ مِحْلَبِي، فَحَلَبْتُ، وَتَرَكْتُ غَنَمِي قَائِمَةً، فَمَضَيْتُ اِلَى اَبَوَيَّ لِاَسْقِيَهُمَا، فَوَجَدْتُهُمَا قَدْ نَامَا، فَشَقَّ عَلَيَّ اَنْ اُوقِظَهُمَا، وَشَقَّ عَلَيَّ اَنْ اَتْرُكَ غَنَمِي، فَمَا بَرِحْتُ جَالِسًا وَمِحْلَبِي عَلَى يَدَيَّ حَتّٰى اَيْقَظَهُمَا الصُّبْحُ، اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ

تفصیل ذکر کی' یہاں تک کہ میں نے اُسے پہچان لیا۔ میں نے کہا: ٹھیک ہے! میں تجھے دیتا ہوں' پس میں نے وہ سب اُس کے سامنے پیش کر دیا اور کہا: یہ سب تیرا حق ہے۔ اس نے کہا: اے اللہ کے بندے! تُو مجھ سے مذاق کرتا ہے' اگر تُو مجھ پر صدقہ نہیں کر رہا ہے تو مجھے بس میرا حق دے دے! (تیری بڑی مہربانی) میں نے کہا: قسم بخدا! میں تجھ سے مذاق نہیں کر رہا ہوں۔ یہ تیرا ہی حق ہے' اس میں سے میری کوئی شی نہیں۔ پس وہ سب کچھ میں نے اس کے حوالے کر دیا۔ اے اللہ! اگر یہ سب کام میں نے تیری رضا کے لئے کیا تھا تو ہم پر کشادگی فرما۔ پتھر تھوڑا سا سرک گیا یہاں تک کہ انہیں کچھ نظر آنے لگا۔ دوسرے نے کہا: میں نے بھی ایک ایسی نیکی کی تھی جس کا میرے نزدیک بڑا مقام ہے اور لوگوں پر وہ بات بڑی گراں گزری۔ پس ایک عورت میرے پاس آئی۔ مجھ سے نیکی کا سوال کیا۔ میں نے اُس سے کہا: نہیں! قسم بخدا! وہ تیری جان کے بدلے ہوگا۔ اس نے انکار کیا۔ پھر کچھ عرصہ بعد وہ واپس آئی تو اُس نے مجھے اللہ کی یاد دلائی' پس میں نے اس سے انکار کر دیا۔ میں نے کہا: قسم ہے وہ تیرے نفس کے بدلے ہوگا۔ اس نے انکار کر دیا۔ پس اُس نے جا کر اپنے خاوند سے تذکرہ کیا۔ اس کے خاوند نے اُس سے کہا: اپنا نفس پیش کر دے اور اپنے بچوں کو مالدار بنا لے۔ وہ میرے پاس آئی اور اس نے مجھے اللہ کا نام دیا تو میں نے اس سے کہا: جان لگے گی۔ پس جب اس نے یہ دیکھا تو اپنا آپ میرے حوالے کر

Marfat.com
Marfat.com

تَعْلَمُ اَنِّی فَعَلْتُ ذٰلِكَ لِوَجْهِكَ فَافْرُجْ عَنَّا قَالَ النُّعْمَانُ: لَكَاَنِّی اَسْمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فَقَالَ الْجَبَلُ: طَاقْ، فَفَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، فَخَرَجُوا

دیا۔ جب میں نے اُسے بے پردہ کیا اور مطلب برآری کا ارادہ کیا' میرے نیچے سے وہ کانپنے لگی۔ میں نے کہا: تجھے کیا ہے؟ اس نے کہا: میں اللہ رب العالمین سے ڈر رہی ہوں۔ میں نے اس سے کہا: تُو اس سختی اور تنگی کی حالت میں بھی اللہ سے ڈرتی ہے اور میں خوشحالی میں بھی اپنے رب سے نہیں ڈر رہا ہوں۔ پس میں نے اُسے چھوڑ دیا اور اسے بے پردہ کرنے کے بدلے' اس کا جو حق تھا اسے دے دیا۔ اے اللہ! اگر میں نے یہ کام تیری رضا کے لیے کیا تو یہ چٹان ہم سے دُور فرما دے۔ چٹان کچھ اور سرک گئی یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے کو پہچاننے لگے۔ اور ان کے لیے بہت کچھ واضح ہو گیا۔ تیسرے نے کہا: مجھے بھی اپنی ایک ایسی نیکی یاد ہے' میرے والدین بہت بوڑھے تھے۔ میرے پاس بکریوں کا ریوڑ تھا میں اپنے والدین کو کھلاتا تھا اور دودھ پلاتا تھا۔ پھر میں اپنی بکریوں کی طرف آتا تھا۔ پس ایک دن جب بادل آیا' اُس نے مجھے روک لیا' میں شام تک نہ جا سکا' پس میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا' ڈول اُٹھایا' دودھ نکال کر بکریوں کو وہیں کھڑا چھوڑا اور اپنے والدین کو دودھ پلانے کے لیے چل پڑا۔ پس میں نے انہیں سویا ہوا پایا۔ پس یہ بات مجھ پر بہت گراں گزری کہ ان کو بیدار کروں اور یہ بات بھی اپنے مقام پر مشکل تھی کہ میں اپنی بکریوں کو چھوڑ دوں۔ پس میں انتظار میں بیٹھا رہا' دودھ کا برتن میرے ہاتھ پر تھا یہاں تک کہ اُن کو صبح نے بیدار کیا۔ اے اللہ! اگر میرا یہ عمل تیری رضا کے لیے تھا تو چٹان کو ہٹا دے۔ حضرت

Marfat.com
Marfat.com

نعمان فرماتے ہیں: گویا اس وقت میں رسول کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سن رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا: جبلٗ طاق۔ پس اللہ تعالیٰ نے اُن سے اس مصیبت کو دُور کر دیا اور وہ غار سے نکل گئے۔

2308 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُوسٍ قَالَ: نَا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَاصِمٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی مثل حدیث روایت کی ہے۔

2309 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ: قَالَ نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى اَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ، فَوَجَدْتُهُ طَيِّبَ النَّفْسِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا الطُّفَيْلِ، اَخْبِرْنِي مَنِ النَّفَرُ الَّذِينَ لَعَنَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَهَمَّ اَنْ يُخْبِرَنِي، فَقَالَتِ امْرَاَتُهُ سَوْدَةُ: مَهْ يَا اَبَا الطُّفَيْلِ، اَمَا بَلَغَكَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ، فَاَيُّمَا عَبْدٍ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ دَعَوْتُ عَلَيْهِ بِدَعْوَةٍ فَاجْعَلْهَا لَهُ زَكَاةً وَرَحْمَةً

حضرت عبداللہ بن عثمان بن خثیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں ابوطفیل عامر بن واثلہ کے پاس داخل ہوا' میں نے ان کو بڑا خوش حال پایا' میں نے عرض کی: اے ابوطفیل! مجھے بتائیں اُن لوگوں کے متعلق جن پر رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی' ابوطفیل نے بتانے کا ارادہ کیا' اُن کی بیوی سودہ نے کہا: اے ابوطفیل! چھوڑیں' کیا آپ کو خبر نہیں پہنچی کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں انسان ہوں' مؤمنین میں سے کوئی بندہ میں نے جن کے خلاف بددعا کی ہے' وہ ان کے گناہوں کی پاکی اور رحمت بنا دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَوْدَةَ امْرَاَةِ اَبِي الطُّفَيْلِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ بْنُ حَبِيبٍ الْمَكِّيُّ

یہ حدیث سودہ امرء ۃ ابوطفیل سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عمر بن حبیب المکی اکیلے ہیں۔

2310 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

2308- اخرجه الامام أحمد فی مسنده جلد5صفحه454 . انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه270 .

2310- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه325 .

Marfat.com
Marfat.com

قَالَ: نا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِى ثَابِتٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّى اُرِيدُ اَنْ اُجَاهِدَ، فَقَالَ: اَحَيٌّ اَبَوَاكَ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَفِيهِمَا فَجَاهِدْ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا مَعْمَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ رَبَاحٌ وَرَوَاهُ مِسْعَرٌ وَسُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ وَغَيْرُهُمْ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِى ثَابِتٍ، عَنْ اَبِى الْعَبَّاسِ الشَّاعِرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ایک آدمی حضورﷺ کے پاس آیا' عرض کی: میں جہاد کرنا چاہتا ہوں' آپ نے فرمایا: کیا تیرے ماں باپ زندہ ہیں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: تو اُن دونوں کی خدمت کر یعنی تیرے لیے جہاد ہے۔

یہ حدیث حبیب سے روایت ہے' انہوں نے ابن عمر سے روایت کی ہے اور حبیب سے صرف معمر ہی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں رباح اکیلے ہیں اور اس کو مسعر' سفیان ثوری وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ حبیب بن ثابت سے' انہوں نے ابوالعباس شاعر سے' انہوں نے عبداللہ ابن عمرو سے' وہ حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

2311 - وَبِهِ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ اَبِى مَسْعُودٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُولَى: اِذَا لَمْ تَسْتَحِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: لوگوں نے کلام نبوت میں سے سب سے پہلے جو چیز پائی وہ یہ تھی کہ جب حیاء نہ ہوتو جو چاہو کرو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ اِلَّا رَبَاحٌ وَرَوَاهُ عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِى الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ اَبِى مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ حدیث معمر منصور سے اور منصور سے صرف رباح ہی سے روایت کرتے ہیں' عبدالرزاق' معمر سے' وہ اعمش سے' وہ ابوالضحیٰ سے' وہ مسروق سے' وہ ابومسعود سے' وہ حضورﷺ سے۔

2312 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِى الْجَرَّاحِ، عَنِ النُّعْمَانِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے مجھے منع کیا حالت جنابت میں قرآن پڑھنے

2311- اخرجه البخاری: الأدب جلد10صفحه539-540 رقم الحديث: 6120' وأبو داؤد: الأدب جلد4صفحه253 رقم الحديث: 4797' وابن ماجة: الزهد جلد 2صفحه1400 رقم الحديث: 4183' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه149 رقم الحديث: 17094 .

Marfat.com
Marfat.com

بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقِرَائَةِ وَاَنَا جُنُبٌ، وَنَهَانِي، وَلَا اَقُولُ نَهَاكُمْ، عَنْ لِبَاسِ الْمُعَصْفَرِ، وَعَنْ مِيثَرَةِ الْاُرْجُوَانِ، وَعَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ، وَعَنْ لِبَاسِ الْقِسِيِّ

سے اور صرف مجھے ہی منع کیا' میں نہیں کہتا کہ آپ نے تم کو منع کیا' زرد رنگ کے کپڑوں سے اور سونے کی انگوٹھی پہننے سے اور مقامِ قسی کا بنا ہوا لباس پہننے سے۔

2313 - وَبِهِ: عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: خَبُثَتْ نَفْسِي، وَلٰكِنْ لِيَقُلْ: لَقِسَتْ نَفْسِي

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ النُّعْمَانِ اِلَّا اَبُو الْجَرَّاحِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا رَبَاحٌ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ہرگز یہ نہ کہے کہ میرا نفس خبیث ہے' اگر کہنا ہے تو یہ کہے: میرا دل سخت ہو گیا ہے۔

یہ دونوں حدیثیں نعمان سے صرف ابوالجراح ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں سے روایت کرنے میں رباح اکیلے ہیں۔

2314 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ، قَالَ نا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: اَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اَبِي سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ، عَنْ اُمِّهَا اُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَصْمًا عِنْدَ بَابِهِ، فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ، فَقَالَ: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ، وَيَاْتِينِي الْخَصْمُ، فَلَعَلَّ بَعْضَهُمْ اَنْ يَكُونَ اَلْحَنَ بِحُجَّتِهِ مِنْ بَعْضٍ، فَاَقْضِي لَهُ وَاَحْسَبُ اَنَّهُ

حضرت اُم سلمہ زوجہ نبی ﷺ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے سنا اپنے دروازے کے پاس دو آدمیوں کو جھگڑتے ہوئے' آپ اُن کے پاس نکلے' آپ نے فرمایا: میں ظاہر میں انسان ہوں میرے پاس جھگڑے آتے ہیں' ہوسکتا ہے کوئی زبان میں بڑا تیز ہو دوسرے سے' میں اس کے مطابق فیصلہ کر دوں' میں خیال کروں کہ وہ سچ ہے' جس کے لیے ایسا فیصلہ کر دیا گیا تو اس کے لیے جہنم کا ٹکڑا کاٹ دیا ہے وہ چاہے تو لے لے یا اس کو چھوڑ دے۔

2313- اخرجه البخاري: الأدب جلد 10 صفحه 579 رقم الحديث: 6179' ومسلم الألفاظ جلد 4 صفحه 1765' وأبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 297 رقم الحديث: 4979' واحمد: المسند جلد 6 صفحه 58 رقم الحديث: 24298.

2314- اخرجه البخاري: المظالم جلد 5 صفحه 128 رقم الحديث: 2458' ومسلم: الأقضية جلد 3 صفحه 1337' وأبو داؤد: الأقضية جلد 3 صفحه 300 رقم الحديث: 3583.

Marfat.com
Marfat.com

صَادِقٌ، فَمَنْ قَضَيْتُ لَهُ حَقَّ مُسْلِمٍ فَإِنَّمَا هِيَ قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ، فَلْيَأْخُذْهَا اَوْ لِيَدَعْهَا

2315 - وَبِهِ عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ الرِّيَاحِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْبَغِي لِاَحَدٍ اَنْ يَقُولَ: اَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى فَنَسَبَهُ اِلَى اَبِيهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: تم میں ہرگز کوئی نہ کہے: میں حضرت یونس بن متیٰ علیہ السلام سے بہتر ہوں۔ پس آپ نے اُن کی نسبت اُن کے باپ کی طرف کی۔

2316 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَبُو الْوَلِيدِ الْمَخْزُومِيُّ، اِمَامُ مَسْجِدِ صَنْعَاءَ قَالَ: اَنَا مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، مَوْلَى الْاَنْصَارِ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَارِيَةَ الْقِبْطِيَّةِ سَرِيَّتِهِ بَيْتَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ، فَوَجَدَتْهَا مَعَهُ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فِي بَيْتِي مِنْ بَيْنِ بُيُوتِ نِسَائِكَ؟ قَالَ: فَاِنَّهَا عَلَيَّ حَرَامٌ اَنْ اَمَسَّهَا يَا حَفْصَةُ، واكْتُمِي هَذَا عَلَيَّ فَخَرَجَتْ حَتَّى اَتَتْ عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: يَا بِنْتَ اَبِي بَكْرٍ، اَلَا اُبَشِّرُكِ؟ فَقَالَتْ: بِمَاذَا؟ قَالَتْ: وَجَدْتُ مَارِيَةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فِي بَيْتِي مِنْ بَيْنِ بُيُوتِ نِسَائِكَ؟ وَبِي تَفْعَلُ هَذَا مِنْ بَيْنِ نِسَائِكَ؟ فَكَانَ اَوَّلَ السُّرُورِ اَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے حضرت ماریہ قبطیہ کے ساتھ حفصہ کے گھر میں خلوت کی جو کہ رخصت پر تھیں لیکن اسی دوران تشریف لائیں اور انہیں باہر انتظار کی زحمت اُٹھانا پڑی پس جب انہوں نے حضرت ماریہ کو (اپنے گھر میں) آپ کے ساتھ دیکھا تو عرض کرنے لگیں: اے اللہ کے رسول! اپنی بیویوں میں سے میرے گھر میں (اور میرے بستر پر یہ کام)؟ (یہ سُن کر آپ کبیدہ خاطر ہوئے اور) فرمایا: اے حفصہ! (اب اس کے بعد) اُسے چھونا مجھ پر حرام ہے' اب اسے چھپائے رکھنا۔ پس وہ وہاں سے نکل کر حضرت عائشہ کے گھر آئیں اور ان سے کہا: اے بنت ابوبکر! کیا میں تجھے ایک خوشخبری نہ دوں۔ انہوں نے کہا کون سی؟ انہوں نے کہا: میں نے ماریہ کو اپنے گھر میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ دیکھا۔ تو میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول! اپنی بیویوں کے گھروں میں سے

2315- اخرجه البخاري: احاديث الأنبياء جلد6صفحه494 رقم الحديث: 3395' ومسلم: الفضائل جلد4 صفحه1846' وابو داؤد: السنة جلد4صفحه217 رقم الحديث: 4669 .

2316- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه130 .

Marfat.com
Marfat.com

حَرَّمَهَا عَلَى نَفْسِهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: يَا حَفْصَةُ، أَلَا أُبَشِّرُكِ؟ فَقُلْتُ: بَلَى بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَأَعْلَمَنِي أَنَّ أَبَاكِ يَلِي الْأَمْرَ مِنْ بَعْدِهِ، وَأَنَّ أَبِي يَلِيهِ بَعْدَ أَبِيكِ، وَقَدِ اسْتَكْتَمَنِي ذَلِكَ فَاكْتُمِيهِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ذَلِكَ: (يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ) (التحريم: 1) أَيْ: مِنْ مَارِيَةَ: (تَبْتَغِي مَرْضَاةَ أَزْوَاجِكَ) أَيْ: حَفْصَةَ، (وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ) (البقرة: 218) أَيْ: لِمَا كَانَ مِنْكَ، (قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ أَيْمَانِكُمْ وَاللّٰهُ مَوْلَاكُمْ وَهُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ) (التحريم: 2)، (وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا) (التحريم: 3) يَعْنِي حَفْصَةَ، (فَلَمَّا نَبَّأَتْ بِهِ) (التحريم: 3) يَعْنِي عَائِشَةَ، (وَأَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ) (التحريم: 3) أَيْ بِالْقُرْآنِ (عَرَّفَ بَعْضَهُ) (التحريم: 3) عَرَّفَ حَفْصَةَ مَا أَظْهَرَتْهُ مِنْ أَمْرِ مَارِيَةَ، (وَأَعْرَضَ عَنْ بَعْضٍ) (التحريم: 3) عَمَّا أَخْبَرَتْ بِهِ مِنْ أَمْرِ أَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَلَمْ يُثَرِّبْهُ عَلَيْهَا، (فَلَمَّا نَبَّأَهَا بِهِ قَالَتْ مَنْ أَنْبَأَكَ هَذَا قَالَ نَبَّأَنِيَ الْعَلِيمُ الْخَبِيرُ) (التحريم: 3)، ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْهَا يُعَاتِبُهَا، فَقَالَ: (إِنْ تَتُوبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوبُكُمَا وَإِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِينَ) (التحريم: 4) يَعْنِي أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ، (وَالْمَلَائِكَةُ بَعْدَ ذَلِكَ ظَهِيرٌ عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ مُسْلِمَاتٍ مُؤْمِنَاتٍ قَانِتَاتٍ تَائِبَاتٍ عَابِدَاتٍ

میرے گھر میں (یہ)؟ حالانکہ آپ اپنی بیویوں میں سے میرے ساتھ یہ سلوک کر رہے ہیں؟ پس پہلی خوشی کی بات یہ ہے کہ آپ نے اس کو اپنے اوپر حرام کر دیا ہے۔ پھر مجھ سے فرمایا: اے حفصہ! میں تجھے ایک خوشخبری نہ دوں! تو میں نے عرض کی: کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یارسول اللہ! آپ نے مجھے بتایا کہ تیرا باپ ان کے خلیفہ ہوں گے اور میرے باپ' تیرے باپ کے بعد خلیفہ ہوں گے۔ آپ نے مجھ سے' اسے پوشیدہ رکھنے کو' کہا: تو بھی اسے پوشیدہ رکھ۔ پس اللہ تعالیٰ نے اسی بارے میں یہ آیات نازل فرمائیں: اے نبی! کس حکمت کے تحت آپ وہ کام کرنے سے رُک گئے جس کو اللہ تعالیٰ نے آپ کے لیے حلال کیا ہے۔ یعنی ماریہ سے (ہمبستری کرنے سے) اپنی بیویوں کی مرضی سے یعنی حفصہ کی۔ اور اللہ بہت زیادہ بخشنے والا' ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔ یعنی اس چیز کو جس کا آپ سے صدور ہوا ہے۔ تحقیق قسموں کا کفارہ دے کر کھولنا اللہ تعالیٰ نے تم پر فرض کر دیا ہے اور اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہ علیم وحکیم ہے۔ اور جب نبی کریم ﷺ نے کسی زوجہ محترمہ (حفصہ) سے راز کی بات کی تو انہوں نے وہ بات آگے (عائشہ کو) بتا دی۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس کو نبی پر ظاہر فرما دیا۔ یعنی قرآن اُتار کر۔ تو نبی نے اسے کچھ بتایا' یعنی آپ نے حضرت حفصہ کو جتا دیا جو انہوں نے حضرت ماریہ کا معاملہ ظاہر کیا اور بعض سے اعراض کر لیا۔ یعنی وہ کچھ جو انہوں نے ابوبکر وعمر کی خلافت کے حوالے سے

Marfat.com
Marfat.com

سَائِحَاتٍ ثَيِّبَاتٍ وَأَبْكَارًا) (التحريم:5) ، فَوَعَدَهُ مِنَ الثَّيِّبَاتِ آسِيَةَ بِنْتَ مُزَاحِمِ امْرَأَةَ فِرْعَوْنَ، وَأُخْتَ نُوحٍ، وَمِنَ الْأَبْكَارِ مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ، وَأُخْتَ مُوسَى عَلَيْهِمُ السَّلَامُ لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ هِشَامُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت عائشہ کو خبر دی۔ پس جب حضور ﷺ نے حضرت حفصہ کو یہ بات کہی تو انہوں نے کہا: آپ کو یہ بات کس نے بتائی؟ تو آپ نے فرمایا: مجھے میرے علیم و خبیر رب نے خبر دی ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر عتاب فرمایا ہے۔ (اگلی آیات میں) اے نبی کی دونوں بیویو! اگر تم اللہ کی طرف رجوع کرو تو ضرور تمہارے دل راہ سے ہٹ گئے ہیں اور اگر اُن پر زور باندھو تو اللہ اُن کا مددگار ہے اور جبریل بھی اور نیک ایمان والے بھی۔ یعنی ابوبکر و عمر اور اس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں۔ اُن کا رب' قریب ہے اگر وہ تمہیں طلاق دے دیں کہ انہیں تم سے بہتر بیویاں بدل دے۔ اطاعت والیاں' ایمان والیاں' ادب والیاں' توبہ والیاں' بندگی والیاں' روزے رکھنے والیاں' بعض ثیبہ اور بعض کنواریاں۔ پس اللہ تعالیٰ نے آپ سے ثیبہ میں سے فرعون کی بیوی آسیہ بنت مزاحم کا وعدہ فرمایا اور نوح علیہ السلام کی بہن کا۔ اور کنواریوں میں سے مریم بنت عمران اور موسیٰ علیہ السلام کی بہن کا وعدہ دیا۔ یہ حدیث حضرت ابوہریرہ سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کے ساتھ حضرت ہشام بن ابراہیم منفرد ہیں۔

2317 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ شَرُوسٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ أَبِي الْحَجَّاجِ الْبَصْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت عون بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود اپنے والد سے' ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن کے لیے تعجب ہے جو اس کو بخار کی وجہ سے تکلیف ہوتی ہے' اگر اس کو معلوم ہو جائے کہ بخار ہونے کی صورت میں کتنا ثواب ملتا ہے تو وہ پسند

2317- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحہ307 .

Marfat.com
Marfat.com

عَجَبٌ لِلْمُؤْمِنِ وجزَعِهِ مِنَ السَّقَمِ، وَلَوْ يَعْلَمُ مَا لَهُ فِي السَّقَمِ اَحَبَّ اَنْ يَكُونَ سَقِيمًا الدَّهْرَ ثُمَّ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ فَضَحِكَ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مِمَّ رَفَعْتَ رَاْسَكَ اِلَى السَّمَاءِ فَضَحِكْتَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجِبْتُ مِنْ مَلَكَيْنِ كَانَا يَلْتَمِسَانِ عَبْدًا فِي مُصَلًّى كَانَ فِيهِ، وَلَمْ يَجِدَاهُ، فَرَجَعَا، فَقَالَا: يَا رَبَّنَا، عَبْدُكَ فُلَانٌ كُنَّا نَكْتُبُ لَهُ فِي يَوْمِهِ وَلَيْلَتِهِ عَمَلَهُ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ، فَوَجَدْنَاهُ قَدْ حَبَسْتَهُ فِي حِبَالِكَ فَقَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: اكْتُبُوا لِعَبْدِي عَمَلَهُ الَّذِي كَانَ يَعْمَلُ فِي يَوْمِهِ وَلَيْلَتِهِ، وَلَا تُنْقِصُوا مِنْهُ شَيْئًا، وَعَلَيَّ اَجْرُ مَا حَبَسْتُهُ، وَلَهُ اَجْرُ مَا كَانَ يَعْمَلُ

2474 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ قَالَ: نا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي السَّلِيلِ قَالَ: قَالَ أَبُو ذَرٍّ: كَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْلُو عَلَيَّ هَذِهِ الْآيَةَ: (وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهُ) (الطلاق: 3) فَجَعَلَ يُعِيدُهَا عَلَيَّ حَتَّى نَعَسْتُ. ثُمَّ قَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ، كَيْفَ تَصْنَعُ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنَ الْمَدِينَةِ؟ قُلْتُ: إِلَى السَّعَةِ وَالدَّعَةِ، أَنْطَلِقُ فَأَنْطَلِقُ، فَأَكُونُ حَمَامَةً مِنْ حَمَامَةِ الْحَرَمِ قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنْ مَكَّةَ؟ قُلْتُ: إِلَى السَّعَةِ وَالدَّعَةِ، إِلَى الشَّامِ وَالَى الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنَ الشَّامِ؟ قُلْتُ: إِذًا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ أَضَعُ سَيْفِي عَلَى عَاتِقِي قَالَ: أَوْ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ وَإِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے سامنے یہ آیت تلاوت کرتے تھے: جو اللہ سے ڈرتا ہے اللہ اس کے لیے نکلنے کا راستہ مقرر کرتا ہے' اس کو ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا ہے' اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے' اللہ اس کے لیے کافی ہوتا ہے' آپ اس کو بار بار پڑھنے لگے یہاں تک کہ میں رونے لگا' پھر فرمایا: اے ابوذر! وہ وقت کیا ہوگا جب تُو مدینہ سے نکالا جائے گا؟ میں نے عرض کی: میں کوشش کروں گا اور چھوڑوں گا' پھر آپ چلے اور میں بھی چلا' میں حرم کی کبوتری میں ایک کبوتری تھا' آپ نے فرمایا: تو کیا کرے گا جب آپ کو مکہ سے نکالا جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں کوشش کروں گا اور چھوڑوں گا۔ شام کی طرف اور مقدس زمین کی طرف (بیت المقدس)۔ آپ نے فرمایا: تو تیری کیا حالت ہوگی تو کیا کرے گا جب آپ کو شام سے نکالا جائے گا؟ میں نے عرض کی: اس وقت (میں کیا کروں) اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ

2474- انظر: مجمع الزوائد جلد5 صفحہ226 .

Marfat.com
Marfat.com

مبعوث کیا ہے' میں اپنی تلوار اپنے کندھے پر رکھوں گا' آپ نے فرمایا: کیا تُو اس سے بہتر نہیں کرے گا' تُو سن اوراطاعت کر' اگر چہ حبشی غلام ہی ہو۔

2475 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا كَهْمَسٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: اَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحَى؟ قَالَتْ: لَا اِلَّا اَنْ يَجِيءَ مِنْ مَغِيبِهِ قُلْتُ: اَكَانَ يُصَلِّي جَالِسًا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، بَعْدَمَا حَطَمَهُ النَّاسُ قُلْتُ: اَفَكَانَ يَقْرِنُ السُّوَرَ؟ قَالَتْ: الْمُفَصَّلَ قُلْتُ: اَفَكَانَ يَصُومُ شَهْرًا كُلَّهُ؟ قَالَتْ: مَا عَلِمْتُهُ صَامَ شَهْرًا كُلَّهُ اِلَّا رَمَضَانَ، وَلَا اَفْطَرَ شَهْرًا كُلَّهُ حَتَّى يُصِيبَ مِنْهُ غَيْرَ رَمَضَانَ

حضرت عبداللہ بن شقیق فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: کیا حضور ﷺ چاشت کی نماز پڑھتے تھے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! مگر جب سفر سے واپس آتے' میں نے عرض کی: کیا آپ بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس کے بعد جب لوگوں کا رش ہوتا' میں نے عرض کی: کیا آپ سورتیں ملاتے تھے؟ فرمایا: مفصل' میں نے عرض کی: کیا آپ مکمل ماہ کے روزے رکھتے تھے؟ آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتی کہ آپ پورا مہینہ روزے رکھتے ہوں سوائے رمضان کے' تمام ماہ افطار بھی نہیں کرتے تھے سوائے رمضان کے یہاں تک کہ اُس سے حصہ پاتے۔

2476 - وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ مِحْجَنِ بْنِ الْاَدْرَعِ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ، ثُمَّ عَرَضَ لِي وَاَنَا خَارِجٌ فِي طَرِيقِ الْمَدِينَةِ، فَاَخَذَ بِيَدِي، فَانْطَلَقْنَا حَتَّى صَعِدْنَا اِلَى اُحُدٍ، فَاَقْبَلَ عَلَى الْمَدِينَةِ، فَقَالَ: وَيْلُ اُمِّهَا، قَرْيَةٌ يَدَعُهَا اَهْلُهَا كَاَيْنَعِ مَا تَكُونُ قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَنْ يَاْكُلُ ثَمَرَتَهَا؟ قَالَ: عَافِيَةُ الطَّيْرِ وَالسِّبَاعِ، وَلَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ، كُلَّمَا اَرَادَ اَنْ يَدْخُلَهَا تَلَقَّاهُ

حضرت محجن بن ادرع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے کسی کام کے لیے بھیجا' پھر مجھے کوئی بات پیش آئی اس حال میں کہ میں مدینہ کے راستے میں تھا' آپ نے میرا ہاتھ پکڑا' ہم چلنے لگے یہاں تک کہ ہم اُحد پہاڑ پر چڑھے' آپ مدینہ شریف کی طرف متوجہ ہوئے' اس کے بعد فرمایا: ہلاکت اس کی ماں کے لیے! جس بستی کے رہنے والے اُسے چھوڑ دیں گے' جیسے پکا ہوا پھل درخت کو' میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اس

2475- أخرجه أحمد: المسند جلد 6 صفحه 192 رقم الحديث: 25439' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 496' والنسائي: الصيام جلد 4 صفحه 124 (باب ذكر اختلاف الفاظ الناقلين لخبر عائشة فيه).

2476- أخرجه أحمد: المسند جلد 5 صفحه 41 رقم الحديث: 20370 .

Marfat.com
Marfat.com

بِكُلِّ نَقْبٍ مِنْ نِقَابِهَا مَلَكٌ، فَصَدَّهُ ثُمَّ أَقْبَلَ، حَتَّى إِذَا كُنَّا بِبَابِ الْمَسْجِدِ إِذَا رَجُلٌ يُصَلِّي، فَقَالَ: يَقُولُهُ صَادِقًا فَقُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هَذَا فُلَانٌ أَكْثَرُ أَهْلِ الْمَدِينَةِ صَلَاةً، فَقَالَ: لَا تُسْمِعْهُ فَتُهْلِكَهُ

کے پھل کون کھائے گا؟ فرمایا: پرندے اور درندے اس میں دجال داخل نہیں ہوگا' جب بھی داخل ہونے کا ارادہ کرے گا' اس کی ہر گلی میں فرشتہ ہوگا وہ اس کو روکے گا' پھر آئے گا یہاں تک کہ جب مسجد کے دروازے کے پاس آئے گا تو ایک آدمی نماز پڑھ رہا ہوگا' آپ نے فرمایا: وہ اُن سے سچی بات کرے گا' میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ فلاں آدمی ہے جو مدینہ شریف میں سب سے زیادہ نماز پڑھنے والا ہے' آپ نے فرمایا: اُسے مت سنانا ورنہ تُو اُسے ہلاک کردے گا۔

2477 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: قُلْتُ لِأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ: أَكْتِبْنَا قَالَ: لِمَ نُكْتِبُكُمْ؟ وَلَنْ نَجْعَلَهُ قُرْآنًا، وَلَكِنْ خُذُوا عَنَّا كَمَا كُنَّا نَأْخُذُ عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ أَبُو سَعِيدٍ يَقُولُ: تَحَدَّثُوا، فَإِنَّ الْحَدِيثَ يُذَكِّرُ بَعْضُهُ بَعْضًا

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوسعید الخدری سے کہا: ہمیں لکھواؤ! فرمایا: ہم تمہیں کیوں لکھوائیں؟ ہم اس کو ہرگز قرآن نہیں بنائیں گے۔ لیکن ہم سے لو! جس طرح ہم حضور ﷺ سے حدیث سیکھتے تھے۔ حضرت ابوسعید فرماتے تھے: حدیث بیان کرو' بے شک حدیث ایک دوسرے کو یاد کرواتی ہے۔

2478 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمِرَاءُ فِي الْقُرْآنِ كُفْرٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے بیان کرنا کفر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَهْمَسٍ إِلَّا الشُّعَيْثِيُّ

یہ حدیث کہمس سے صرف شعیثی ہی بیان کرتے

2477- انظر: مجمع البحرين (212) .

2478- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد 4 صفحه 199 رقم الحديث: 4603' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 401 رقم الحديث: 8009 .

Marfat.com
Marfat.com

ہیں۔

2479 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ: نا كَهْمَسٌ، عَنْ بُرْدٍ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ غُضَيْفِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: اَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ اَوْ مِنْ آخِرِهِ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ اَوَّلِهِ، وَرُبَّمَا اَوْتَرَ مِنْ آخِرِهِ، قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً قُلْتُ: اَكَانَ اِذَا اَصَابَتْهُ الْجَنَابَةُ يَغْتَسِلُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ، اَوْ مِنْ آخِرِهِ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ اَوَّلِهِ، وَرُبَّمَا اغْتَسَلَ مِنْ آخِرِهِ. قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً قُلْتُ: اَفَكَانَ يَجْهَرُ بِقِرَائَتِهِ فِي صَلَاتِهِ اَوْ يُخَافِتُ؟ قَالَتْ: رُبَّمَا جَهَرَ، وَرُبَّمَا خَافَتَ، قُلْتُ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الْاَمْرِ سَعَةً

حضرت غضیف بن حارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: کیا حضور ﷺ رات کے اوّل حصے یا آخر حصہ میں نماز وتر پڑھتے تھے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بسا اوقات آپ رات کے اوّل حصے اور بسا اوقات رات کے آخر حصے میں وتر پڑھتے تھے میں نے کہا: اللہ بڑا ہے تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے اس دین میں آسانی بنائی۔ میں نے عرض کیا: جب آپ پر غسل فرض ہوتا تو آپ رات کے اوّل حصے یا رات کے آخر میں غسل کرتے تھے؟ فرمایا: آپ بسا اوقات رات کے اوّل حصے اور بسا اوقات رات کے آخری حصے میں غسل کرتے تھے۔ میں نے کہا: اللہ بڑا ہے تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے اس دین میں آسانی بنائی ہے میں نے عرض کی: کیا (نوافل میں) قرأت جہراً یا آہستہ کرتے تھے؟ آپ نے فرمایا: بسا اوقات جہراً اور بسا اوقات آہستہ پڑھتے تھے میں نے کہا: اللہ بڑا ہے تمام خوبیاں اللہ کے لیے ہیں جس نے اس دین میں آسانی بنائی ہے۔

2480 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَوْمِ عَاشُورَاءَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم کو عاشوراء کے روزے رکھنے کا حکم دیتے تھے۔

2479- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1صفحه56-57 رقم الحديث: 226، وأحمد: المسند جلد 6صفحه82-83 رقم الحديث: 24507.

2480- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد3صفحه340-348 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه188 .

Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا ابْنُ لَهِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعَاذٌ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابن لہیعہ ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں معاذ اکیلے ہیں۔

2481 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بعض اشعار دانائی پر مبنی ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَعْمَشِ إِلَّا أَبُو عَوَانَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى

یہ حدیث اعمش سے صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں یحییٰ اکیلے ہیں۔

2482 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَأَطْفِئُوهَا بِالْمَاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بخار جہنم کی تپش سے ہے اس کو پانی سے بجھاؤ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُغِيرَةِ إِلَّا الْحَجَبِيُّ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف حجبی ہی روایت کرتے ہیں۔

2483 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا أَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَى قَوْمٍ قَدْ نَصَبُوا حَمَامًا حَيًّا، وَهُمْ يَرْمُونَهُ، فَقَالَ: هَذِهِ الْمُجَثَّمَةُ لَا يَحِلُّ أَكْلُهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ ایک قوم پر نکلے انہوں نے زندہ کبوتر کو باندھا ہوا تھا' وہ اس پر نشانہ بازی کررہے تھے' آپ نے فرمایا: اس باندھے ہوئے کا کھانا جائز نہیں ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ إِلَّا مُسْلِمٌ

یہ حدیث ابوبکر سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

2481- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحه126 .

2482- أخرجه البخاري: الطب جلد10صفحه184 رقم الحديث: 5725' ومسلم: السلام جلد4صفحه1732 .

2483- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه322 رقم الحديث: 11876 .

Marfat.com
Marfat.com

2484 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَخَذَ قَيْدَ شِبْرٍ مِنَ الْاَرْضِ طَوَّقَهُ اللّٰهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِينَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک بالشت کسی کی زمین لی اللہ عزوجل اس کے گلے میں ستر زمینوں کا طوق ڈالے گا۔

2485 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ الشِّخِّيرِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ، فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا الضُّعَفَاءَ وَالْفُقَرَاءَ، وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ، فَرَاَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَاءَ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میں نے جنت میں جھانکا' میں نے وہاں رہنے والے زیادہ کمزور اور فقیر لوگ دیکھے' میں نے جہنم میں جھانکا' وہاں رہنے والے دیکھے تو زیادہ تر عورتیں تھیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا الضَّحَّاكُ بْنُ يَسَارٍ

یہ حدیث یزید بن عبداللہ سے صرف ضحاک بن یسار ہی روایت کرتے ہیں۔

2486 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنِ الْهِرْمَاسِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا غُلَامٌ، فَغَدَوْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَخَذْتُ بِيَدِهِ لِيُبَايِعَنِي، فَرَدَّهَا، وَلَمْ يُبَايِعْنِي

حضرت ہرماس بن زیادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا اس حالت میں کہ میں بچہ تھا' میں آپ کے سامنے ہوا' میں نے آپ کا ہاتھ پکڑا تاکہ میں آپ کی بیعت کروں' آپ نے واپس کر دیا اور میری بیعت نہیں کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْهِرْمَاسِ اِلَّا عِكْرِمَةُ

یہ حدیث ہرماس سے صرف عکرمہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2484- أخرجه البخارى: بدء الخلق جلد6صفحه338 رقم الحديث: 3195' ومسلم: المساقاة جلد3صفحه1231 .

2485- أخرجه البخارى فى بدء الخلق جلد6صفحه318' والترمذى فى أبواب جهنم جلد4صفحه115 .

2486- أخرجه النسائى: البيعة جلد7صفحه135 (باب بيعة الغلام) .

Marfat.com
Marfat.com

2487 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مِنْدَلٌ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَضْحَى عَلَيَّ فَرِيضَةٌ، وَهُوَ عَلَيْكُمْ سُنَّةٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چاشت کی نماز مجھ پر فرض ہے اور یہی تمہارے لیے سنت ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا اَبُو جَنَابٍ

یہ حدیث عکرمہ سے صرف ابو جناب ہی روایت کرتے ہیں۔

2488 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: نا نَاصِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: كَانَ شَابٌّ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَخِفُّ فِي حَوَائِجِهِ، فَقَالَ: سَلْنِي حَاجَةً. فَقَالَ: ادْعُ لِي بِالْجَنَّةِ قَالَ: فَرَفَعَ رَاْسَهُ فَتَنَفَّسَ، وَقَالَ: نَعَمْ، وَلَكِنْ اَعِنِّي بِكَثْرَةِ السُّجُودِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک جوان نبی کریم ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا اور اپنی ضروریات میں کم وقت لگاتا' تو آپ نے فرمایا: مجھ سے کسی ضرورت کا سوال کرو! تو اُس نے عرض کی: میرے لیے جنت کی دعا کیجئے! راوی کا بیان ہے کہ آپ ﷺ نے سر اُٹھا کر سانس لی اور کہا: ٹھیک ہے! لیکن سجدوں کی زیادتی سے میری مدد کرنا۔

2489 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ دَفَنَ ثَلَاثَةً، فَصَبَرَ عَلَيْهِمْ، وَاحْتَسَبَهُمْ، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَتْ اُمُّ اَيْمَنَ: اَوِ اثْنَيْنِ؟ فَقَالَ: مَنْ دَفَنَ اثْنَيْنِ، فَصَبَرَ عَلَيْهِمَا، وَاحْتَسَبَهُمَا، وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَتْ اُمُّ اَيْمَنَ: وَوَاحِدًا؟ فَسَكَتَ وَاَمْسَكَ، ثُمَّ قَالَ: يَا اُمَّ اَيْمَنَ، مَنْ دَفَنَ وَاحِدًا فَصَبَرَ عَلَيْهِ وَاحْتَسَبَ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

اور اسی راوی سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے تین (بچے) دفن کیے' ان پر صبر بھی کیا ثواب کی نیت سے' اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے عرض کی: (اگر) دو ہوں؟ آپ نے فرمایا: جس نے دو دفن کیے اور ان پر صبر کیا اور صبر حاصل کیا' اس کے لیے بھی جنت واجب ہو گئی۔ حضرت اُم ایمن رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ایک؟۔ آپ خاموش ہو گئے' یا رُک گئے' پھر فرمایا: اے اُم ایمن!

2487- أخرجه الطبراني في الكبير جلد11صفحه260 رقم الحديث:11674 .

2488- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه245 رقم الحديث:2029 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه252 .

2489- أخرجه الطبراني في الكبير جلد2صفحه273 رقم الحديث:2030 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه31 .

Marfat.com
Marfat.com

جس نے ایک بھی دفن کیا' اس پر صبر کیا اور ثواب حاصل کیا اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سِمَاكٍ إِلَّا نَاصِحٌ

یہ دونوں حدیثیں سماک سے صرف ناصح ہی روایت کرتے ہیں۔

2490 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: نا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَصْحَابِ الطَّعَامِ فَرَأَى طَعَامًا حَسَنًا، فَأَدْخَلَ يَدَهُ فِيهِ، فَإِذَا تَحْتَهُ طَعَامٌ رَدِيءٌ، [illegible]الَ: بِعْ ذَا عَلَى حِدَةٍ وَذَا عَلَى حِدَةٍ، مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ إِلَّا أَبُو مَعْشَرٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کھانے والوں کے پاس سے گزرے آپ نے اچھا کھانا دیکھا' آپ نے اپنا دست مبارک اس میں داخل کیا تو اس کے نیچے ردّی گندم تھی' آپ نے فرمایا: اس کو علیحدہ فروخت کرو اور اُس کو علیحدہ فروخت کرو' جس نے ملاوٹ کی' اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے۔

یہ حدیث نافع سے صرف ابومعشر روایت کرتے ہیں۔

2491 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سَالِمٍ أَبِي النَّضْرِ، عَنِ ابْنِ أَبِي قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى صَاحِبِكُمْ دَيْنٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ، فَقَالَ رَجُلٌ: هُوَ عَلَيَّ، فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي النَّضْرِ إِلَّا عَبْدُ

حضرت ابن ابی قتادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک جنازہ لایا گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے ساتھی پر قرض ہے؟ صحابہ کرام نے فرمایا: جی ہاں! حضور ﷺ نے فرمایا: تم اپنے دوست کا جنازہ پڑھو! ایک آدمی نے عرض کی: اس کا قرض میں ادا کروں گا' اس کے بعد حضور ﷺ نے اس کا جنازہ پڑھایا۔

یہ حدیث ابونضر سے صرف عبداللہ بن عمر ہی

2490- أخرجه الدارمي: البيوع جلد 2 صفحه 323 رقم الحديث: 2541' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 69 رقم الحديث: 5112 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 81 .

2491- أخرجه الترمذي: الجنائز جلد 3 صفحه 372 رقم الحديث: 1069' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 52 (باب الصلاة على من عليه دين)' وابن ماجه: الصدقات جلد 2 صفحه 804 رقم الحديث: 2407' والدارمي: البيوع جلد 2 صفحه 341 رقم الحديث: 2592' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 350 رقم الحديث: 22604 .

Marfat.com
Marfat.com

اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

روایت کرتے ہیں۔

2492 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا الْمِسْوَرُ بْنُ عِيسَى قَالَ: نا الْقَاسِمُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ يَاسِينَ الزَّيَّاتِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ مَعَادِنِ التَّقْوَى تَعَلُّمُكَ إِلَى مَا قَدْ عَلِمْتَ مَا لَمْ تَعْلَمْ، وَالتَّقْصِيرُ فِيمَا قَدْ عَلِمْتَ قِلَّةُ الزِّيَادَةِ فِيهِ، وَإِنَّمَا يُزَهِّدُ الرَّجُلَ فِي عِلْمِ مَا لَمْ يَعْلَمْ قِلَّةُ الِانْتِفَاعِ بِمَا قَدْ عَلِمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: تقویٰ کے معادن سے یہ ہے تیرا سیکھنا یہ ہے کہ جان لے اس کو جس کا علم نہیں ہے کمی کرنا جس کو معلوم ہو کہ اس کا زادِ راہ کم ہے علم آدمی سے بے رغبتی کرتا ہے اس کو کم نفع کا پتا بھی نہیں ہوتا ہے جس کا اس کو علم ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا يَاسِينُ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف یاسین ہی روایت کرتے ہیں۔

2493 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَنَّ عَلِيَّ بْنَ الْحَكَمِ الْبُنَانِيَّ، أَخْبَرَهُمْ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الْمَدَّاحِينَ فَاحْثُوا فِي وُجُوهِهِمُ التُّرَابَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضورﷺ سے سنا فرماتے ہوئے کہ جب تم دیکھو تعریف کرنے والوں کو (منہ پر) تو اُن کے منہ میں مٹی ڈالو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ الْحَكَمِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَمَّادٌ

یہ حدیث عطاء سے صرف علی بن حکم ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں حماد اکیلے ہیں۔

2494 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ مَنْظُورٍ قَالَ: نا أَبُو حَازِمٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقَدَرِيَّةُ مَجُوسُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: قدریہ اس اُمت کے مجوس ہیں اگر وہ بیمار ہو جائیں تو اُن کی عیادت نہ کرو اگر وہ مر جائیں تو ان کے جنازہ میں شرکت نہ کرو۔

2492- انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحہ 139 .

2493- انظر: مجمع البحرين (3175) .

2494- انظر: مجمع البحرين (3210) .

Marfat.com
Marfat.com

هَـٰذِهِ الْاُمَّةِ، اِنْ مَرِضُوا فَلَا تَعُودُوهُمْ، وَاِنْ مَاتُوا فَلَا تَشْهَدُوهُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ اِلَّا زَكَرِيَّا

یہ حدیث ابوحازم سے صرف زکریا ہی روایت کرتے ہیں۔

2495 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: اَنَا اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالْاِثْمِدِ عِنْدَ الرُّقَادِ، فَاِنَّهُ يُنْبِتُ الشَّعْرَ، وَيَجْلُو الْبَصَرَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم اثمد سرمہ استعمال کیا کرو سوتے وقت کیونکہ یہ پلکوں کے بال اُگاتا ہے اور نگاہ کو تیز کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ اِلَّا مُسْلِمٌ

یہ حدیث ابوبکر سے صرف مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

2496 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللُّقَطَةِ؟ فَقَالَ: اعْرِفْ وِعَائَهَا وَوِكَائَهَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا عَامًا، فَاِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا فَعَرَفَ عَدَدَهَا، وَوِكَائَهَا، فَادْفَعْهَا اِلَيْهِ وَاِلَّا فَهِيَ لَكَ

حضرت زید بن خالد الجہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور ﷺ سے پوچھا راستے پر گری ہوئی شی کے متعلق؟ آپ نے فرمایا: ذات/ بندھن اور تھیلی لوگوں سے پوچھو (اُن سے پوچھنا وہ جو واقعی بتا دے تو سمجھ جا کہ اس کا مال ہے اس کو دے دے۔ لغات الحدیث) پھر ایک سال اس کا اعلان کر' اگر اس کا مالک آئے اور وہ اس کی تعداد اور تھیلی کو پہچان لے تو اس کو دے دو ورنہ یعنی اگر وہ نہ آئے تو تیرا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2495- اخرجه ابن ماجة: الطب جلد**2**صفحه**1156** رقم الحديث:**3496** .

2496- اخرجه البخارى: العلم جلد **1**صفحه**225** رقم الحديث: **91**' ومسلم: اللقطة جلد **3**صفحه**1349**' واحمد: المسند جلد**4**صفحه**142** رقم الحديث: **17039** .

Marfat.com
Marfat.com

2497 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ الْعَبْدُ بِخَيْرٍ مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَيْفَ يَسْتَعْجِلُ؟ قَالَ: يَقُولُ: قَدْ دَعَوْتُ وَلَمْ يُسْتَجَبْ لِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بندہ ہمیشہ بھلائی پر رہتا ہے جب تک جلدی نہ کرے عرض کی گئی: یارسول اللہ! جلدی کرنے سے کیا مراد ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ کہنا کہ میں نے دعا کی اور میری دعا قبول نہیں ہوئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا اَبُو هِلَالٍ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ابوھلال ہی روایت کرتے ہیں۔

2498 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا زَكَرِيَّا بْنُ مَنْظُورٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَطَّافٌ الشَّامِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُغْنِي حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ، وَالدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ، وَمَا لَمْ يَنْزِلْ، وَإِنَّ الدُّعَاءَ لَيَلْقَى الْبَلَاءَ، فَيَعْتَلِجَانِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: احتیاط بھی تقدیر سے بچا نہیں سکتی ہے دعا نفع دیتی ہے اُس مصیبت سے جو نازل ہو چکی ہے یا ابھی نازل نہیں ہوئی' بے شک دعا آزمائش کو مل جاتی ہے' دونوں ایک دوسرے سے جلدی ہی کرتی رہیں گی قیامت کے دن تک۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ إِلَّا عَطَّافٌ، وَلَا عَنْ عَطَّافٍ، إِلَّا زَكَرِيَّا، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَجَبِيُّ

یہ حدیث ہشام سے صرف عطاف ہی روایت کرتے ہیں اور عطاف سے صرف زکریا اور اس کو روایت کرنے میں حجبی اکیلے ہیں۔

2499 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا سَلَّامٌ الطَّوِيلُ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ جب نماز سے فارغ ہوتے تھے' پھر اپنی پیشانی پر دایاں ہاتھ پھیرتے تھے' پھر کہتے تھے: اللہ

2497- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد3صفحه193-210' وابو يعلى جلد5صفحه248' والبزار جلد 4 صفحه37-38 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه150 .

2498- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه149 .

2499- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه113 .

Marfat.com
Marfat.com

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَضَى صَلَاتَهُ مَسَحَ جَبْهَتَهُ بِيَدِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ، اللّٰهُمَّ أَذْهِبْ عَنِّي الْغَمَّ وَالْحَزَنَ

کے نام سے جس کے علاوہ کوئی خدا نہیں ہے وہ رحمٰن رحیم ہے اے اللہ! مجھ سے غم اور پریشانی دُور فرما دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا زَيْدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ سَلَّامٌ

یہ حدیث معاویہ سے صرف یزید ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں سلام اکیلا ہے۔

2500 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا أَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيدَ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ وَافَقْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَا أَسْأَلُ اللّٰهَ؟ قَالَ: سَلِيهِ الْعَافِيَةَ

حضرت اُم المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر میں لیلۃ القدر کو پالوں میں اللہ سے کیا مانگوں؟ آپ نے فرمایا: تو اللہ سے عافیت مانگنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي هِلَالٍ إِلَّا أَبُو عُمَرَ

یہ حدیث ابوھلال سے صرف ابوعمر ہی روایت کرتے ہیں۔

2501 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلَى غُفْرَةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ خَالِدِ بْنِ صَفْوَانَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى سَرَايَا مِنَ الْمَلَائِكَةِ تَحِلُّ وَتَقِفُ عَلَى مَجَالِسِ الذِّكْرِ فِي الْأَرْضِ، فَاغْدُوا وَرُوحُوا فِي ذِكْرِ اللّٰهِ، وَذَكِّرُوا اللّٰهَ بِأَنْفُسِكُمْ، مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَعْلَمَ مَنْزِلَتَهُ عِنْدَ اللّٰهِ فَلْيَنْظُرْ كَيْفَ مَنْزِلَةُ اللّٰهِ عِنْدَهُ، فَإِنَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ کے سیر کرنے والے فرشتے ہیں جو اُترتے ہیں اور زمین میں ذکر کرنے والوں کی مجلسوں پر ٹھہر جاتے ہیں۔ پس صبح و شام اللہ کا ذکر کرو اور (بہانے بہانے سے) اپنے آپ کو اللہ کا ذکر یاد دلاؤ جس کو پسند ہو کہ وہ اللہ کے ہاں اپنا مقام دیکھے کہ وہ کیسا ہے وہ دیکھے اللہ کا اس کے ہاں کتنا مقام ہے بے شک اللہ عزوجل بندے کو وہی مقام دیتا ہے جتنا وہ اللہ عزوجل کو اپنے ہاں مقام دیتا ہے۔

2500- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد5صفحه534 رقم الحديث: 3514' وابن ماجه: الدعاء جلد2صفحه1265 رقم الحديث: 3850' واحمد: المسند جلد6صفحه192 رقم الحديث: 25438 .

2501- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه80 .

Marfat.com
Marfat.com

اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُنْزِلُ الْعَبْدَ مِنْهُ حَيْثُ اَنْزَلَهُ مِنْ نَفْسِهِ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عُمَرُ

یہ حدیث جابر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عمر اکیلے ہیں۔

2502 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ عُمَّارَ بُيُوتِ اللّٰهِ هُمْ اَهْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا صَالِحٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں: میں نے حضور ﷺ سے سنا فرماتے ہوئے کہ اللہ کے گھروں کو آباد کرنے والے ہی اللہ والے ہیں۔

یہ حدیث ثابت سے صرف صالح ہی روایت کرتے ہیں۔

2503 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا شَيْبَانُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَاَنَا اَعْلَمُ بِمَا مَعَ الدَّجَّالِ مِنْهُ، اِنَّ مَعَهُ نَارًا تُحْرِقُ، وَنَهَرَ مَاءٍ بَارِدٍ، فَمَنْ اَدْرَكَهُ فَلَا يَهْلِكَنَّ بِهِ، لِيُغْمِضْ عَيْنَيْهِ، وَلْيَقَعْ فِي الَّتِي يَرَاهَا نَارًا، فَاِنَّهَا لَهُمْ مَاءٌ بَارِدٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جانتا ہوں جو دجال کے پاس ہوگا' اس کے پاس جلانے والی آگ ہو گی اور ٹھنڈے پانی کی نہر ہوگی' جو اس کو پائے گا اس کو اس کے ذریعے ہلاک نہیں کرے گا اُسے چاہیے کہ آنکھیں بند کر کے اُس میں داخل ہو جائے جسے وہ آگ دیکھ رہا ہے کیونکہ وہ اُن کے لیے ٹھنڈا پانی ہوگا۔

2504 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَجِيحٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا اَبُو سِنَانٍ، وَلَيْسَ، بِضِرَارٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِتْرُ مَا بَيْنَ اَعْيُنِ الْجِنِّ، وَعَوْرَاتِ بَنِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنوں (شیطانوں) کی آنکھوں کے درمیان اور انسان کی شرمگاہ کے درمیان پردہ یہ ہے کہ وہ کپڑے پہنتے وقت بسم اللہ کہہ لیں۔

2502- اخرجه البزار جلد1صفحه217 . انظر: مجمع الزوائد رقم الحديث:2612 .

2503- اخرجه مسلم: الفتن جلد4صفحه2249' وأحمد: المسند جلد5صفحه451 رقم الحديث: 23341 .

2504- انظر: مجمع البحرين (341) .

Marfat.com
Marfat.com

آدَمَ إِذَا وَضَعُوا ثِيَابَهُمْ أَنْ يَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰهِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ إِلَّا حَجَّاجٌ

یہ حدیث ابراہیم سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں۔

2505 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نا أَيُّوبُ، وَسَلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي غَلَّابٍ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ، عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَقَالَ: تَعْرِفُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ؟ فَإِنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَأَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا، قُلْتُ: أَيُحْتَسَبُ بِهَا؟ فَقَالَ: نَعَمْ، أَرَأَيْتَ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ

حضرت ابوغلاب یونس بن جبیر سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا اس آدمی کے متعلق جو اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دے اس کا کیا حکم ہے؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم عبداللہ بن عمر کو پہچانتا ہے؟ اس نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی اس کے بعد حضرت عمر نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا اس کے متعلق تو آپ نے رجوع کرنے کا حکم دیا۔ میں نے کہا: کیا اس کو طلاق شمار کیا گیا تھا؟ حضرت ابن عمر نے فرمایا: جی ہاں! کیا آپ نے دیکھا نہیں ان کا عجز اور ناسمجھی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ إِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث سلمہ سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2506 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: أَنَا مُصْعَبُ بْنُ سَوَّارٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيمَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ عَادَ مَرِيضًا خَاضَ فِي الرَّحْمَةِ، فَإِذَا قَعَدَ عِنْدَهُ غَمَرَتْهُ، وَوَكَّلَ اللّٰهُ بِهِ سَبْعِينَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ يُصَلُّونَ عَلَيْهِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا فرماتے ہوئے کہ جو مریض کی عیادت کرتا ہے وہ اللہ کی رحمت میں ڈوبا ہوتا ہے جب اس مریض کے پاس بیٹھتا ہے وہ اللہ کی رحمت میں ڈوبا رہتا ہے اللہ عزوجل ستر ہزار فرشتوں کو اس کا وکیل بناتا ہے جو اس کے لیے شام تک

2505- أخرجه البخاری: الطلاق جلد9صفحه269 رقم الحديث: 2558' ومسلم: الطلاق جلد 2صفحه1096 [illegible] داؤد: الطلاق جلد 2صفحه262 رقم الحديث: 2184' والترمذی: الطلاق جلد 3صفحه469 [illegible] الحديث: 1175 .

2506- اخرجه ابن ماجة: الجنائز جلد1صفحه463 رقم الحديث: 1442 .

Marfat.com
Marfat.com

حَتّٰی یُمْسِیَ

دعا کرتے رہتے ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ اِلَّا مُصْعَبٌ

یہ حدیث ابواسحاق سے صرف مصعب ہی روایت کرتے ہیں۔

2507 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی طَلْحَةَ، عَنْ اَبِی صَالِحٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَبِيعُ الْخَمْرَ فِي سَفِينَةٍ فِي الْبَحْرِ، وَكَانَ يَشُوبُهَا بِالْمَاءِ، وَكَانَ مَعَهُ فِي السَّفِينَةِ قِرْدٌ، فَاَخَذَ الْقِرْدُ الْكِيسَ، فَصَعِدَ بِهِ الدَّقَلَ، فَجَعَلَ يُكْفِءُ دِينَارًا فِي السَّفِينَةِ، وَدِينَارًا فِي الْمَاءِ، حَتّٰی قَسَمَهُ نِصْفَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی سمندر میں کشتی پر شراب فروخت کرتا تھا' وہ شراب میں پانی بھی ملا دیتا تھا' اس کے ساتھ کشتی میں بندر تھا' بندر تھیلا پکڑ کر پردے کی لکڑی پر چڑھ گیا' ایک دینار کشتی میں ڈالنے لگا' ایک دینار پانی میں ڈالنے لگا یہاں تک کہ اُس کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی صَالِحٍ اِلَّا اِسْحَاقُ، تَفَرَّدَ بِهِ حَمَّادٌ

یہ حدیث ابوصالح سے صرف اسحاق ہی روایت کرتے ہیں' اُن سے روایت کرنے میں حماد اکیلے ہیں۔

فائدہ: مذکورہ بالا روایت میں شراب کا ذکر ہے' لیکن مولانا وحید الزمان نے لغات الحدیث میں صفحہ ۲۳۳' جلد ا' مطبوعہ نعمانی کتب خانہ میں لکھا حیات الحیوان کے حوالہ سے کہ وہ آدمی دودھ میں پانی ڈالتا تھا' یہ زیادہ انسب ہے لیکن دونوں میں تطبیق ممکن ہے کہ ہوسکتا ہے یہ شراب کی حرمت نازل ہونے سے پہلے کا واقعہ ہو۔ سیالکوٹی غفرلہ

2508 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي نُوحُ بْنُ حَكِيمٍ، وَكَانَ قَارِئًا لِلْقُرْآنِ، عَنْ رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ دَاوُدُ، وَلَدَتْهُ اُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ لَيْلَى بِنْتِ قَانِفٍ الثَّقَفِيَّةِ قَالَتْ: كُنْتُ مِمَّنْ غَسَّلَ اُمَّ

حضرت نوح بن حکیم قاریٔ قرآن تھے' وہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' اس کو داؤد کہا جاتا تھا' وہ اُم حبیبہ بنت ابی سفیان کی اولاد سے تھے' وہ لیلیٰ بنت قانف الثقفیہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں: میں اُم کلثوم بنت رسول اللہ ﷺ کو غسل دینے میں شریک تھی' حضور ﷺ نے جو چیز سب سے پہلے ہم کو دی وہ حقاء

2507- اخرجه أحمد: المسند جلد2صفحه409 رقم الحديث: 8075 .

2508- اخرجه ابوداؤد: الجنائز جلد3صفحه196 رقم الحديث: 3157' واحمد: المسند جلد 6صفحه410 رقم الحديث: 27202 .

Marfat.com
Marfat.com

كُلْثُومِ بِنْتَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ أَوَّلَ مَا أَعْطَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحِقَاءُ، ثُمَّ الدِّرْعُ، ثُمَّ الْخِمَارُ، ثُمَّ الْمِلْحَفَةُ، ثُمَّ أُدْرِجَتْ فِي الثَّوْبِ الْأَكْبَرِ

(ازار بند) تھا' پھر چادر' پھر اوڑھنی' پھر ملحفہ (بڑی چادر)' پھر بڑے کپڑے میں لپیٹ دیا گیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ لَيْلَى بِنْتِ قَانِفٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ

یہ حدیث لیلیٰ بنت قانف سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اسحاق اکیلے ہیں۔

2509 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مَعْقِلُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: نا النَّضْرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبَجَلِيُّ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ الثُّمَالِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا فَاطِمَةُ قُومِي فَاشْهَدِي أُضْحِيَّتَكِ، فَإِنَّهُ يُغْفَرُ لَكِ بِكُلِّ قَطْرَةٍ مِنْ دَمِهَا كُلُّ ذَنْبٍ عَمِلْتِيهِ، وَقُولِي: إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، لَا شَرِيكَ لَهُ، وَبِذَلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ عِمْرَانُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا لَكَ وَلِأَهْلِ بَيْتِكَ خَاصَّةً، فَأَهْلُ ذَلِكَ أَنْتُمْ، أَمْ لِلْمُسْلِمِينَ عَامَّةً؟ قَالَ: بَلْ لِلْمُسْلِمِينَ عَامَّةً

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! تو کھڑی ہو اور اپنی قربانی کا مشاہدہ کر کیونکہ اس کے خون کا قطرہ گرنے سے پہلے تیرے تمام گناہ معاف ہو جائیں گے جو تو نے کیے اور تو پڑھ: بے شک میری نماز' میری قربانی' میری زندگی' میری موت تمام کائنات کے پالنے والے اللہ کے لیے ہے' اس کا کوئی شریک نہیں ہے' اس کا مجھے حکم دیا گیا' میں سب سے پہلے جھکنے والا ہوں۔ حضرت عمران نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ آپ اور آپ کی آل کے لیے خاص ہے یا عام مسلمانوں کے لیے بھی ہے؟ آپ نے فرمایا: بلکہ تمام مسلمانوں کے لیے ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو حَمْزَةَ

یہ حدیث عمران بن حصین سے صرف اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابوحمزہ اکیلے ہیں۔

2510 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا أَبُو

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا

2509- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 18 صفحه 239 رقم الحديث: 600' والحاكم في مستدركه جلد 4 صفحه 222' والبيهقي في الكبرى جلد 9 صفحه 283 . انظر: مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 20 .

2510- أخرجه الترمذي: الأدب جلد 5 صفحه 113 رقم الحديث: 2801' والحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 288 .

Marfat.com
Marfat.com

الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ وَالْآخِرِ فَلَا يُدْخِلْ حَلِيلَتَهُ الْحَمَّامَ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَدْخُلِ الْحَمَّامَ إِلَّا بِمِئْزَرٍ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَقْعُدَنَّ عَلَى مَائِدَةٍ يُشْرَبُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ

ہو وہ حمام میں اپنا حلیلہ داخل نہ کرے جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ حمام میں داخل نہ ہو مگر تہبند کے ساتھ جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ ایسے دسترخوان پر نہ بیٹھے جس میں شراب پلائی جاتی ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبَّادٍ إِلَّا حَجَّاجٌ

یہ حدیث عباد سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں۔

2511 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ، وَهُوَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ تَقْرَءُونَ هَذِهِ الْآيَةَ: (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا عَلَيْكُمْ أَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ) (المائدة: **105**)، وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ النَّاسَ إِذَا رَأَوْا مُنْكَرًا فَلَمْ يُغَيِّرُوا يُوشِكُ أَنْ يَعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ

حضرت قیس بن ابی حازم سے روایت ہے کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے سنا منبر پر خطبہ دیتے ہوئے آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! تم یہ آیت پڑھتے ہو: اے ایمان والو! تم پر اپنی اصلاح لازم ہے جو گمراہ ہے وہ تم کو نقصان نہیں دے گا جب تم سیدھی راہ پر ہو اور میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے فرماتے ہوئے کہ لوگ جب بُرائی دیکھیں اس کو نہ روکیں تو قریب ہے اللہ کا عذاب ان سب کو آئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ إِلَّا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ

یہ حدیث مالک سے صرف حجاج بن نصیر ہی روایت کرتے ہیں۔

2512 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ

2511- أخرجه أبو داؤد: الملاحم جلد **4** صفحه **120** رقم الحديث: **4338**، والترمذي: التفسير جلد **5** صفحه **256** رقم الحديث: **3057**، وابن ماجه: الفتن جلد **2** صفحه **1327** رقم الحديث: **4005**، وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **3** رقم الحديث: **1**.

2512- أخرجه البخاري: الجنائز جلد **3** صفحه **242** رقم الحديث: **1335**، والترمذي: الجنائز جلد **3** صفحه **336**

Marfat.com
Marfat.com

الضَّرِيرُ قَالَ: نا أَبُو شَيْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَأُ عَلَى الْجَنَائِزِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ إِلَّا أَبُو شَيْبَةَ

حضور ﷺ نمازِ جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھتے تھے۔

یہ حدیث حکم سے صرف ابوشیبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2513 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: مُرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَنَازَةٍ فَأَثْنَوْا عَلَيْهِ خَيْرًا، فَقَالَ: وَجَبَتْ ثُمَّ مُرَّ بِجَنَازَةٍ أُخْرَى، فَأُثْنِيَ عَلَيْهَا شَرًّا، فَقَالَ: وَجَبَتْ فَقِيلَ: مَا وَجَبَتْ؟ قَالَ: أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللّٰهِ فِي الْأَرْضِ، إِنْ شِئْتُمْ خَيْرًا، وَإِنْ شِئْتُمْ شَرًّا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ إِلَّا الْقَعْنَبِيُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے پاس ایک جنازہ گزرا' صحابہ کرام نے اس کی تعریف کی' آپ نے فرمایا: واجب ہوگئی' دوسرا جنازہ گزرا تو صحابہ کرام نے اس کی برائی بیان کی تو آپ نے فرمایا: واجب ہوگئی' عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا واجب ہوگئی؟ آپ نے فرمایا: تم زمین میں اللہ کے گواہ ہو' اگر تم چاہو اچھائی کرو' اگر چاہو برائی بیان کرو۔

یہ حدیث عبداللہ بن عمر سے صرف قعنبی ہی روایت کرتے ہیں۔

2514 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: أَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: أَنَا سَعِيدٌ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ الْفِهْرِيِّ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَتَى الرَّجُلُ الْقَوْمَ، فَقَالُوا: مَرْحَبًا، فَمَرْحَبًا بِهِ يَوْمَ يَلْقَى رَبَّهُ، وَإِذَا أَتَى الرَّجُلُ

حضرت ضحاک بن قیس فہری' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب کوئی آدمی کسی قوم کے پاس آئے' اس کو خوش آمدید کہے' ان کو خوش آمدید کہا جائے گا' جب وہ اپنے رب سے ملیں گے' جب کوئی آدمی کسی قوم کے پاس آئے' وہ کہے: تیرے لیے کوئی بھلائی نہیں' جب وہ اپنے رب سے ملیں گے تو ان

رقم الحديث: 1026' وابن ماجه: الجنائز جلد1 صفحه479 رقم الحديث: 1495 .

2513- اخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد3 صفحه215 رقم الحديث: 3233' والنسائي: الجنائز جلد 4 صفحه41 (باب الثناء)' وابن ماجه: الجنائز جلد1 صفحه478 رقم الحديث: 1492 . انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه7 .

2514- أخرجه الطبراني في الكبير جلد8 صفحه358' والحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه525 . انظر: مجمع الزوائد جلد10 صفحه274-275 .

Marfat.com
Marfat.com

الْقَوْمَ، فَقَالُوا: قَحْطًا، فَقَحْطًا لَهُ يَوْمَ يَلْقَى رَبَّهُ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

2515 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومٍ قَالَ: حَدَّثَنِي شَيْخٌ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ يُكَنَّى أَبَا أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأُتِيَ بِجَنَازَةٍ، فَأَثْنَى النَّاسُ عَلَيْهَا خَيْرًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ ثُمَّ أُتِيَ بِأُخْرَى، فَكَأَنَّ النَّاسَ نَالُوا مِنْهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ فَقَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُتِيَ بِفُلَانٍ، فَقَالَ: وَجَبَتْ ثُمَّ أُتِيَ بِفُلَانٍ، فَقَالَ: وَجَبَتْ فَسَمِعَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ فَقَالَ عُمَرُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، أُتِيَ بِفُلَانٍ، فَأَثْنَى النَّاسُ عَلَيْهِ كَثِيرًا، فَقُلْتَ: وَجَبَتْ ثُمَّ أُتِيَ بِفُلَانٍ، فَأَثْنَى النَّاسُ عَلَيْهِ شَرًّا، فَقُلْتَ: وَجَبَتْ فَقَالَ: أُتِيَ بِأَخِيكُمْ فَشَهِدْتُمْ بِمَا شَهِدْتُمْ، فَوَجَبَتْ شَهَادَتُكُمْ، ثُمَّ أُتِيَ بِأَخِيكُمْ فُلَانٍ، فَشَهِدْتُمْ بِمَا شَهِدْتُمْ، فَوَجَبَتْ شَهَادَتُكُمْ، أَنْتُمْ شُهَدَاءُ اللَّهِ فِي الْأَرْضِ، بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْمَدَنِيِّ إِلَّا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ

کے لیے کوئی بھلائی نہیں ہوگی۔

یہ حدیث ضحاک بن قیس سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں حماد بن سلمہ اکیلے ہیں۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے آپ کے پاس سے جنازہ گزرا صحابہ کرام نے اس کی تعریف کی اچھائی بیان کی حضور ﷺ نے فرمایا: واجب ہوگئی پھر دوسرا جنازہ گزرا تو لوگوں نے اس کی بُرائی بیان کی تو حضور ﷺ نے فرمایا: واجب ہوگئی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: فلاں کا جنازہ آیا تو آپ نے فرمایا کہ واجب ہو گئی پھر فلاں کا جنازہ آیا تو آپ نے فرمایا کہ واجب ہو گئی۔ حضور ﷺ نے ان سب کی بات سنی پھر آپ نے فرمایا: یہ کیا ہوا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں! فلاں کا جنازہ آیا تو صحابہ کرام نے اس کی بڑی تعریف کی آپ نے فرمایا: واجب ہوگئی پھر فلاں کا جنازہ آیا تو صحابہ کرام نے اس کی بُرائی بیان کی آپ نے فرمایا: واجب ہوگئی آپ نے فرمایا: تمہارے بھائی کا جنازہ آیا تم نے جو گواہی دی اس کے لیے واجب ہوگئی تمہاری گواہی کے مطابق پھر فلاں بھائی کا جنازہ آیا تم نے جو گواہی دی تمہاری گواہی کے مطابق واجب ہوگئی تم ایک دوسرے پر اللہ کے گواہ ہو زمین پر۔

یہ حدیث ابوایوب المدنی سے صرف ربیعہ بن کلثوم بن جبیر ہی روایت کرتے ہیں۔

2515- أخرجه البزار جلد1صفحه410 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه7 .

Marfat.com
Marfat.com

2516 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ: كُنْتُ فِيمَنْ صُبَّ عَلَيْهِ النُّعَاسُ يَوْمَ اُحُدٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں ان میں شامل تھا جن پر اُحد کے دن اونگھ طاری ہوئی تھی۔

2517 - وَبِهِ عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُعْطَى الرَّجُلُ فِي الْجَنَّةِ قُوَّةَ كَذَا وَكَذَا مِنَ النِّسَاءِ. قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَيُطِيقُ ذٰلِكَ؟ قَالَ: يُعْطَى قُوَّةَ مِائَةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے فرمایا: آدمی کو جنت میں اتنی اتنی عورتوں کی طاقت دی جائے گی' عرض کی گئی: یارسول اللہ! کتنی طاقت؟ آپ نے فرمایا: سوآدمیوں کے برابر طاقت دی جائے گی۔

2518 - وَبِهِ عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ اِلَّا وَلَهُ ثَلَاثَةُ اَخِلَّاءَ، فَاَمَّا خَلِيلٌ، فَيَقُولُ: مَا اَنْفَقْتَ فَلَكَ، وَمَا اَمْسَكْتَ فَلَيْسَ لَكَ، فَذَاكَ مَالُهُ، وَاَمَّا خَلِيلٌ، فَيَقُولُ: اَنَا مَعَكَ، فَاِذَا اَتَيْتَ بَابَ الْمَلِكِ تَرَكْتُكَ، فَذَاكَ اَهْلُهُ وَحَشَمُهُ، وَاَمَّا خَلِيلٌ، فَيَقُولُ: اَنَا مَعَكَ حَيْثُ دَخَلْتَ، وَحَيْثُ خَرَجْتَ، فَذَاكَ عَمَلُهُ، فَيَقُولُ: اِنْ كُنْتَ لَاَهْوَنَ الثَّلَاثَةِ عَلَيَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں' آپ نے فرمایا: کوئی بندہ ایسا نہیں ہے مگر اس کے تین دوست ہوں گے' بہرحال ایک وہ دوست ہے جو کہے: جوتُو خرچ کرے وہ تیرے لیے ہے' جو روکے رکھے وہ تیرے لیے نہیں ہے' یہ اس کا مال ہے۔ دوسرا وہ دوست جو کہے: میں تیرے ساتھ ہوں' جب تو بادشاہ کے دروازے پر آئے گا تو میں تجھے چھوڑ دوں گا' یہ اس کے اہل اور اس کا عمدہ ہے' تیسرا وہ جو کہے: میں تیرے ساتھ ہوں جب تُو داخل ہوگا' جب تُو نکلے گا' یہ اس کا عمل ہے' پس وہ کہے گا: اگر تو مجھ پر تینوں سے زیادہ آسان ہے۔

2519 - وَبِهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور

2516- اخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه 422 رقم الحديث: 4068' والترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 229 رقم الحديث: 3008' واحمد: المسند جلد 4 صفحه 38 رقم الحديث: 16363 .

2517- اخرجه الترمذي: صفة الجنة جلد 4 صفحه 677 رقم الحديث: 2536 .

2518- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 74 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 125 .

2519- اخرجه البخاري: بدء الخلق جلد 6 صفحه 368 رقم الحديث: 3251' والترمذي: التفسير جلد 5 صفحه 400

Marfat.com
Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ، لَا يَقْطَعُهَا

ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک درخت ہے اس کے سایہ میں سوار ایک سو سال تک چلتا رہے تو اس کا سایہ ختم نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ

یہ حدیث اسی سند سے مروی ہے۔

2520 - عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عِمْرَانُ وَعَنْ عِمْرَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں' وہ محمد بن زیاد سے' وہ حضرت ابوہریرہ سے' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

2521 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّجُلُ فِي الصَّلَاةِ مَا دَامَ فِي مُصَلَّاهُ الَّذِي صَلَّى فِيهِ مَا لَمْ يُحْدِثْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی نماز ہی میں ہوتا ہے جب تک اس جگہ بیٹھا رہتا ہے جس جگہ اس نے نماز پڑھی ہو اور جب تک بے وضو نہ ہو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَكْرٍ اِلَّا عِمْرَانُ

یہ حدیث بکر سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں۔

2522 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرٌو قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي مَيْمُونَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: لیلۃ القدر کی ۲۷ یا ۲۹ کو فرشتے زمین میں ستاروں کی تعداد سے زیادہ ہوتے

رقم الحديث: 3293' وأحمد: المسند جلد3صفحه201 رقم الحديث: 12683 .

2520- أخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه495 رقم الحديث: 4881' ومسلم: الجنة وصفة نعيمها جلد 4 صفحه2175 .

2521- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه338 رقم الحديث: 176' ومسلم: المساجد جلد1صفحه459 .

2522- اخرجه الامام أحمد في مسنده جلد2صفحه519' والبزار جلد 1صفحه384 . انظر: مجمع الزوائد جلد 3 صفحه178-179 .

Marfat.com
Marfat.com

قَالَ فِی لَیْلَةِ الْقَدْرِ: لَیْلَةِ سَابِعَةٍ اَوْ تَاسِعَةٍ وَعِشْرِینَ، اِنَّ الْمَلَائِکَةَ فِی تِلْکَ اللَّیْلَةِ فِی الْاَرْضِ اَکْثَرُ مِنْ عَدَدِ النُّجُومِ

ہیں۔

2523 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ اَبِی الْحَسَنِ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: لَیْسَ شَیْءٌ اَکْرَمَ عَلَی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الدُّعَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل کے ہاں دعا سے زیادہ کوئی معزز نہیں ہے۔

2524 - وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ یَزِیدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّیرِ، عَنْ عِیَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِیِّ قَالَ: اَهْدَیْتُ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَدِیَّةً، فَقَالَ لِی: اَسْلَمْتَ؟ قَالَ: لَا فَقَالَ: اِنِّی نُهِیتُ عَنْ زَبْدِ الْمُشْرِکِینَ فَرَدَّهَا

حضرت عیاض بن حمار المجاشعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو ہدیہ دیا گیا' آپ نے فرمایا: کیا تُو مسلمان ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: مجھے منع کیا گیا ہے مشرکوں کے ہدیہ قبول کرنے سے' آپ نے واپس کر دیا۔

2525 - وَبِهِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا، فَهُوَ عَلَی الْبَادِءِ، اِلَّا اَنْ یَعْتَدِیَ الْمَظْلُومُ

حضرت عیاض بن حمار المجاشعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: دو گالیاں دینے والے جو دونوں کہتے ہیں گناہ ابتداء کرنے والا ہے' مگر یہ ہے کہ اگر مظلوم بھی حد سے زیادہ تجاوز کرے تو اس پر بھی گناہ ہے۔

2526 - وَبِهِ عَنْ عِیَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ:

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

2523- أخرجه الترمذی: الدعوات جلد5صفحه455 رقم الحديث: 3370' وابن ماجه: الدعاء جلد2صفحه1258 رقم الحديث: 3829' وأحمد: المسند جلد2صفحه481 رقم الحديث: 8769 .

2524- أخرجه أبوداؤد: الخراج جلد3صفحه170 رقم الحديث: 3057' والترمذی: السير جلد4صفحه150 رقم الحديث: 1577' والطبرانی فی الكبير جلد17صفحه364 رقم الحديث: 999 .

2525- انظر: مجمع البحرين (3130) .

2526- انظر: مجمع البحرين (3131) .

Marfat.com
Marfat.com

قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يَسُبُّنِي، فَاَسُبُّهُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُسْتَبَّانِ شَيْطَانَانِ، يَتَهَاتَرَانِ وَيَتَكَاذَبَانِ

کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی گالی دیتا ہے' میں اس کو گالی دوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: دو گالیاں دینے والے دونوں شیطان ہوتے ہیں' ایک دوسرے کو الزام دینے والے ہیں' دونوں جھوٹ بولتے ہیں۔

2527 - وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ اِلَى قِبَلِ الْيَمَنِ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اَقْبِلْ بِقُلُوبِهِمْ، وَبَارِكْ لَنَا فِي صَاعِنَا وَمُدِّنَا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے یمن کی طرف نظر کی' عرض کی: اے اللہ! ان کے دلوں کو (ہماری) طرف پلٹ دے' ہمارے صاع اور مد میں برکت دے۔

2528 - وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ اللَّيْثِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُصْبِحُ النَّاسُ مُجْدِبِينَ، فَيَاْتِيهِمُ اللّٰهُ بِرِزْقٍ مِنْ عِنْدِهِ، فَيُصْبِحُوا مُشْرِكِينَ، يَقُولُونَ: مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا

حضرت معاویہ اللیثی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ صبح کرتے ہیں بھوک کی حالت میں' اللہ کی جانب سے اُن کے پاس رزق آتا ہے' وہ اس کے بعد مشرک ہو جاتے ہیں' وہ کہتے ہیں کہ فلاں فلاں ستارے نے ہم پر بارش برسائی۔

2529 - وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ، عَنْ اَبِي عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِيَّاكُمْ وَمُحَقَّرَاتِ الْاَعْمَالِ، فَاِنَّهُنَّ يَجْتَمِعْنَ عَلَى الرَّجُلِ حَتَّى يُهْلِكْنَهُ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ لَهُنَّ مَثَلًا كَمَثَلِ قَوْمٍ نَزَلُوا بِاَرْضِ فَلَاةٍ، فَحَضَرَ صَنِيعُ الْقَوْمِ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيءُ بِكَذَا، وَالرَّجُلُ يَجِيءُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بُرے اعمال کرنے سے بچو کیونکہ ایک آدمی کے نامۂ اعمال میں جمع ہوتے رہتے ہیں یہاں تک کہ اس کو ہلاک کر دیتے ہیں' حضور ﷺ نے ان کی مثال بیان فرمائی جس طرح کوئی قوم ایک جنگل میں اترے' قوم کام کرنے کے لیے آئی' ایک آدمی اس طرف سے آیا' ایک آدمی آیا عوید کے ساتھ یہاں

2527- اخرجه الترمذی: المناقب جلد5صفحه726 رقم الحدیث: 3934' واحمد: المسند جلد5صفحه220 رقم الحدیث:21665' والطبرانی فی الکبیر جلد5صفحه116 رقم الحدیث:4789 .

2528- اخرجه الطبرانی فی الکبیر جلد19صفحه430' والبزار جلد 1صفحه318' والامام احمد فی مسنده جلد3 صفحه429 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه215 .

2529- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه192 .

Marfat.com
Marfat.com

بِالْعُوَيْدِ، حَتّٰى جَمَعُوا مِنْ ذٰلِكَ سَوَادًا كَثِيرًا، ثُمَّ أَجَّجُوا نَارًا، فَانْضَجَتْ مَا قُذِفَ فِيهَا

تک کہ جم غفیر اکٹھا ہوگیا' پھر انہوں نے آگ جلائی' اس آگ نے جلا کر رکھ دیا جو اس میں ڈالا گیا تھا۔

2530 - وَبِهِ: قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي الْخُطْبَةِ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَسْتَعِينُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ، وَنَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا، مَنْ يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، مَنْ يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ رَشَدَ، وَمَنْ يَعْصِهِمَا فَإِنَّمَا يَضُرُّ نَفْسَهُ، وَلَنْ يَضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ خطبہ ان کلمات کے ساتھ پڑھتے تھے: تمام تعریفیں اللہ کے لیے' ہم اس سے مدد طلب کرتے ہیں' اس سے بخشش طلب کرتے ہیں' ہم اللہ سے اپنے نفس کی شرارت سے پناہ مانگتے ہیں' جس کو اللہ گمراہ کرے اس کو ہدایت دینے والا کوئی نہیں' میں گواہی دیتا ہوں اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور میں گواہی دیتا ہوں محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں' جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے وہ ہدایت پاتا ہے' جو ان دونوں کی نافرمانی کرتا ہے وہ اپنے آپ کو ہی نقصان دیتا ہے' اللہ کو کوئی نقصان نہیں دے سکتا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْأَحَادِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا عِمْرَانُ

یہ تمام احادیث قتادہ سے صرف عمران ہی روایت کرتے ہیں۔

2531 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: أنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِي مُوسَى، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا خَافَ قَوْمًا قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُورِهِمْ وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کو جب کسی قوم سے خوف ہوتا تو آپ یہ دعا کرتے: اے اللہ! ہم تجھے ان کے مقابلہ میں کرتے ہیں اور ہم ان کی شرارتوں سے پناہ مانگتے ہیں۔

2532 - وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْجَنَّةُ لَبِنَةٌ مِنْ ذَهَبٍ، وَلَبِنَةٌ مِنْ فِضَّةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک اینٹ سونے کی اور ایک چاندی کی ہے۔

2530- أخرجه أبوداؤد: الصلاة جلد1صفحه286 رقم الحديث: 1097 .

2532- أخرجه البزار جلد4صفحه190 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه399 .

Marfat.com
Marfat.com

2533 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: اَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا عَافَى اللّٰهُ اَيُّوبَ اَمْطَرَ عَلَيْهِ جَرَادًا مِنْ ذَهَبٍ، فَجَعَلَ يَاْخُذُهُ بِيَدِهِ وَيَجْعَلُهُ فِي ثَوْبِهِ، فَقِيلَ لَهُ: يَا اَيُّوبُ، اَمَا تَشْبَعُ؟ فَقَالَ: وَمَنْ يَشْبَعُ مِنْ رَحْمَتِكَ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هَمَّامٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل نے حضرت ایوب علیہ السلام کو عافیت دی تو ان پر سونے کی ٹڈیوں کی بارش ہوئی' آپ اپنے ہاتھ سے پکڑ کر اپنے کپڑے میں ڈالنے لگے' آپ سے کہا گیا: اے ایوب! کیا آپ سیر نہیں ہوئے ہیں؟ حضرت ایوب نے عرض کی: تیری رحمت سے کون سیر ہوتا ہے۔

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہمام ہی روایت کرتے ہیں۔

2534 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا شَبِيبُ بْنُ شَيْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِي رَبَاحٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ دَاءٍ اِلَّا اَنْزَلَ لَهُ دَوَاءً، عَلِمَهُ مَنْ عَلِمَهُ، وَجَهِلَهُ مَنْ جَهِلَهُ اِلَّا السَّامَ قِيلَ: وَمَا السَّامُ؟ قَالَ: الْمَوْتُ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا شَبِيبٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل نے کوئی بیماری نازل نہیں فرمائی مگر اس کی دواء بھی نازل فرمائی ہے' جان لیا جس نے جان لیا' جاہل رہا جو اس سے جاہل رہا' مگر سام کی کوئی دواء نہیں ہے' عرض کی گئی: سام کیا ہے؟ فرمایا: موت۔

یہ حدیث عطاء بن ابوسعید سے اور عطاء سے صرف شبیب ہی روایت کرتے ہیں۔

2535 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا رِبْعِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَارُودِ بْنِ اَبِي سَبْرَةَ الْهُذَلِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ الْجَارُودَ بْنَ اَبِي سَبْرَةَ يَقُولُ: حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ اُم سلیم کے پاس آتے تھے ان سے ملنے کے لیے' حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا آپ کے لیے کوئی شی بنانے کے لیے کوئی شی صاف کر رہی تھیں' میرا

2533- اخرجه الحاكم في المستدرك جلد2صفحه582 . انظر: الدر المنثور جلد4صفحه334 .

2534- اخرجه الطبراني في الصغير جلد1صفحه36 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه87 .

2535- اخرجه احمد: المسند جلد3صفحه231 رقم الحديث: 12962' والبيهقي في الكبرى جلد10صفحه418 رقم الحديث: 21167 .

Marfat.com
Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْتِي أُمَّ سُلَيْمٍ يَزُورُهَا، فَتُتْحِفُهُ بِالشَّيْءِ تَصْنَعُهُ لَهُ، وَأَخٌ لِي صَغِيرٌ يُكَنَّى: أَبَا عُمَيْرٍ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ، مَا لِي أَرَى ابْنَكِ خَاثِرَ النَّفْسِ؟ قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَاتَتْ صَعْوَتُهُ الَّتِي كَانَتْ يَلْعَبُ بِهَا . فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟

ایک چھوٹا بھائی تھا' اس کی کنیت ابوعمیر تھی' حضور ﷺ ایک دن آئے' آپ نے فرمایا: اے اُم سلیم! میں آپ کے لخت جگر کو پریشان دیکھ رہا ہوں؟ حضرت اُم سلیم نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کی چڑیا مرگئی ہے جس کے ساتھ یہ کھیلتا تھا' حضور ﷺ فرمانے لگے: اے ابوعمیر! آپ کی چڑیا کو کیا ہوا؟

2536 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَنِي رِبْعِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجَارُودِ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي الْحَجَّاجِ قَالَ: حَدَّثَنِي الْجَارُودُ بْنُ أَبِي سَبْرَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا سَافَرَ فَأَرَادَ أَنْ يَتَطَوَّعَ بِالصَّلَاةِ اسْتَقْبَلَ بِنَاقَتِهِ الْقِبْلَةَ، فَكَبَّرَ، ثُمَّ صَلَّى حَيْثُ تَوَجَّهَتْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ جب سفر کی حالت میں ہوتے اور آپ کا ارادہ نفل پڑھنے کا ہوتا تو آپ اونٹنی کا منہ قبلہ کی طرف کرتے' اللہ اکبر کہتے پھر نماز پڑھتے جس طرف اس کا منہ ہوتا۔

لَا يُرْوَى هَذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنِ الْجَارُودِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا رِبْعِيٌّ

یہ دونوں حدیثیں جارود سے اسی سند سے روایت ہیں' اُن سے روایت کرنے میں ربعی اکیلے ہیں۔

2537 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مَعْقِلُ بْنُ مَالِكٍ الْبَاهِلِيُّ قَالَ: نا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمَّازٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حُبُّ قُرَيْشٍ إِيمَانٌ، وَبُغْضُهُمْ كُفْرٌ، وَحُبُّ الْعَرَبِ إِيمَانٌ، وَبُغْضُهُمْ كُفْرٌ، فَمَنْ أَحَبَّ الْعَرَبَ فَقَدْ أَحَبَّنِي، وَمَنْ أَبْغَضَ الْعَرَبَ فَقَدْ أَبْغَضَنِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قریش کی محبت ایمان ہے' ان سے بغض کفر ہے' عرب والوں سے محبت ایمان ہے' ان سے بغض کفر ہے' جس نے عرب والوں سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی' جس نے ان سے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا۔

2536- اخرجه ابو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 9 رقم الحديث: 1225' والدارقطني: سننه جلد 1 صفحه 396 رقم الحديث: 2' والبيهقي في الكبرى جلد 2 صفحه 8 رقم الحديث: 2208 .

2537- اخرجه ابونعيم في الحلية جلد 2 صفحه 333 . انظر: مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 92 .

Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ إِلَّا الْهَيْثَمُ

یہ حدیث ثابت سے صرف ہیثم ہی روایت کرتے ہیں۔

2538 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حَمَّادٍ الشُّعَيْثِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ، فَانْطَلَقَ إِلَى خَشَبَةٍ مَعْرُوضَةٍ، وَخَرَجَ السَّرَعَانُ مِنَ الْمَسْجِدِ، فَقَالُوا: قَصُرَتِ الصَّلَاةُ، وَفِي الْقَوْمِ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ، فَهَابَا أَنْ يُكَلِّمَاهُ، وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ، يُقَالُ لَهُ: ذُو الْيَدَيْنِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنَسِيتَ أَوْ قَصُرَتِ الصَّلَاةُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمْ أَنْسَ، وَلَمْ تَقْصُرِ الصَّلَاةُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكَمَا يَقُولُ ذُو الْيَدَيْنِ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَجَاءَ، فَصَلَّى مَا بَقِيَ عَلَيْهِ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَكَبَّرَ وَسَجَدَ كَسُجُودِهِ أَوْ أَطْوَلَ، وَرَفَعَ رَأْسَهُ ثُمَّ كَبَّرَ وَسَجَدَ كَسُجُودِهِ أَوْ أَطْوَلَ فَقِيلَ لَهُ: سَلَّمَ؟ فَقَالَ: نُبِّئْتُ أَنَّ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ قَالَ: سَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورﷺ نے مغرب یا عشاء کی دو رکعت نماز پڑھائی' اس کے بعد سلام پھیر دیا' پھر آپ ایک کھڑی لکڑی کی طرف چلے گئے' پھر جلدی سے مسجد کی طرف آئے' صحابہ کرام گفتگو کر رہے تھے' نماز میں کمی ہو گئی ہے' قوم میں ابوبکر و عمر بھی موجود تھے' دونوں گفتگو کرنے سے ڈرنے لگے' قوم میں ایک آدمی تھا اس کو ذوالیدین کہا جاتا تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا بھلا دیئے گئے ہیں یا نماز میں کمی ہوئی ہے؟ آپ نے فرمایا: نہ میں بھلایا گیا ہوں نہ نماز میں کمی ہوئی ہے۔ پھر حضورﷺ نے فرمایا: کیا ایسے ہی ہے جس طرح ذوالیدین کہہ رہا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! اس کے بعد حضورﷺ تشریف لائے' آپ نے نماز پڑھائی جو باقی رہ گئی تھی' پھر سلام پھیرا' اس کے بعد اللہ اکبر کہا پھر نماز جیسا سجدہ کیا' یا اس سے کہا: کیا' اس کے بعد اپنا سر اُٹھایا پھر اللہ اکبر کہا' نماز جیسا سجدہ کیا یا اس سے لمبا کیا۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: آپ نے سلام پھیرا تھا' فرمایا: مجھے عمران بن حصین نے بتایا کہ آپﷺ نے سلام پھیرا تھا۔

فائدہ: اس حدیث کی شرح مفسر قرآن شارحِ بخاری و مسلم بحر العلوم' ماہر مسائل جدید و قدیم علامہ غلام رسول سعیدی دام اللہ ظلہ اپنی مشہور زمانہ کتاب شرح مسلم میں فرماتے ہیں' جلد نمبر ۲ صفحہ ۱۴۷۔

2538- أخرجه البخاری: الصلاة جلد 1 صفحه 674 رقم الحديث: 482' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 403 .

Marfat.com
Marfat.com

2539 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَرْعَرَةَ بْنِ الْبِرِنْدِ قَالَ: نا فَضَّالُ بْنُ الزُّبَيْرِ بْنِ جَابِرٍ اَبُو مُهَنَّدٍ الْغُدَانِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ صُدَيَّ بْنَ عَجْلَانَ الْبَاهِلِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اكْفُلُوا لِي بِسِتٍّ اَكْفُلْ لَكُمْ بِالْجَنَّةِ: اِذَا حَدَّثَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَكْذِبْ، وَاِذَا وَعَدَ فَلَا يُخْلِفْ، وَاِذَا ائْتُمِنَ فَلَا يَخُنْ، وَغُضُّوا اَبْصَارَكُمْ، وَاحْفَظُوا فُرُوجَكُمْ، وَكُفُّوا اَيْدِيَكُمْ

حضرت ابوامامہ صدی بن عجلان الباہلی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مجھے چھ چیزوں کی ضمانت دو' میں تم کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں' جب تم میں کوئی بات کرے تو جھوٹ نہ بولے' جب وعدہ کرے تو وعدہ خلافی نہ کرے' جب امانت رکھی جائے تو وہ خیانت نہ کرے' اپنی نگاہوں کو نیچے رکھو' اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرو' اپنے ہاتھوں کو روکے رکھو (یعنی اس کے ذریعے قتل و غارت نہ کرو' کسی حرام کردہ چیز پر ہاتھ نہ رکھو)۔

فائدہ: معلوم ہوا کہ حضور ﷺ مختار کل ہیں اللہ عزوجل کی عطاء سے۔ تبھی آپ جنت کی ضمانت دے رہے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ حضور ﷺ جسے چاہیں جنت عطا کریں۔

2540 - وَبِهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ حَلَاوَةَ الْاِيمَانِ: اَنْ يَكُونَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَاَنْ يُحِبَّ الْعَبْدَ لَا يُحِبُّهُ اِلَّا لِلّٰهِ، وَاَنْ يُلْقَى فِي النَّارِ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْقَذَهُ اللّٰهُ مِنْهُ

حضرت ابوامامہ صدی بن عجلان الباہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس میں تین چیزیں ہوں اس نے ایمان کی حلاوت پالی' وہ یہ ہیں: اللہ اور اس کے رسول ﷺ دونوں ہر شی سے بڑھ کر پیارے ہوں' بندہ محبت نہ کرے مگر اللہ کی رضا کے لیے' جب اللہ عزوجل نے اس کو کفر سے بچالیا تو وہ کفر کی طرف لوٹنے کو ناپسند کرے۔

2541 - وَبِهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، هَلُمُّوا اِلَى رَبِّكُمْ، اِنَّ مَا قَلَّ وَكَفَى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَاَلْهَى، يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّمَا هُمَا نَجْدَانِ: نَجْدُ خَيْرٍ، وَنَجْدُ شَرٍّ، فَمَا يَجْعَلُ نَجْدَ

حضرت ابوامامہ صدی بن عجلان الباہلی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! اپنے رب کی طرف آؤ' بے شک جو تھوڑا ہو اور کافی ہو بہتر ہے' جو زیادہ ہو اور سستی والا ہو' اے لوگو! یہ دونوں مشقتیں ہیں' ایک قسم کی

2539- أخرجه الطبراني في الكبير جلد8صفحه262 رقم الحديث:8018 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه304 .

2540- أخرجه الطبراني في الكبير جلد9صفحه80' والبخاري في الايمان جلد1صفحه77 رقم الحديث:16' ومسلم في الايمان جلد1صفحه69 .

2541- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه259 .

Marfat.com
Marfat.com

الشَّرِّ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِنْ نَجْدِ الْخَيْرِ؟

محنت ومشقت ہے اور برائی میں بھی مشقت ہوتی ہے۔ کیا کوئی برائی کی مشقت کو بھلائی کی مشقت سے تمہارے لیے زیادہ پسندیدہ بناتا ہے؟

2542 - وَبِهٖ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

حضرت ابوامامہ صدی بن عجلان الباہلی فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا فرماتے ہوئے کہ اے لوگو! جہنم کی آگ سے بچو اگرچہ کھجور کا آدھا حصہ دے کر صدقہ اللہ کی راہ میں۔

2543 - وَبِهٖ قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا الْمُسْلِمُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ لَا تُرْوَى هٰذِهِ الْاَحَادِيْثُ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهَا فَضَّالٌ

حضرت ابوامامہ صدی بن عجلان الباہلی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! مسلمان کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کی زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔ یہ تمام احادیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں فضال اکیلے ہیں۔

2544 - حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَطَاءٌ، اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ اَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَيْنِ مِنْ ذَهَبٍ لَابْتَغَى اِلَيْهِمَا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَاُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ اِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت عطاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے یہ حدیث حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنی' حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر انسان کے پاس سونے کی دو وادیاں ہوں تو وہ خواہش کرے گا کہ تیسری بھی ہو (سونے کی وادی) انسان کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی' اللہ عزوجل جس کی چاہتا ہے توبہ قبول کرتا ہے۔

2545 - حَدَّثَنَا اَبُوْ مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنائی' آپ نے اس کو

2542- أخرجه الطبراني في الكبير جلد8صفحه313 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه109 .

2543- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 8021 . انظر: مجمع الزوائد جلد1صفحه59 .

2544- أخرجه البخاري: الرقاق جلد11صفحه257 رقم الحديث: 6436' ومسلم: الزكاة جلد2صفحه725 .

2545- أخرجه البزار جلد3صفحه377 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه155-156 .

Marfat.com
Marfat.com

عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، فَلَبِسَهُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، فَفَشَتْ خَوَاتِيمُ الذَّهَبِ فِي اَصْحَابِهِ، فَرَمَى بِهِ، وَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، وَنَقَشَ فِيهِ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ فَكَانَ فِي يَدِهِ حَتّٰى مَاتَ وَفِي يَدِ اَبِي بَكْرٍ، حَتّٰى مَاتَ، وَفِي يَدِ عُمَرَ، حَتّٰى مَاتَ، وَفِي يَدِ عُثْمَانَ سِتَّ سِنِينَ، فَلَمَّا كَثُرَتْ عَلَيْهِ الْكُتُبُ دَفَعَهُ اِلَى رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ يَخْتِمُ بِهِ، فَاَتَى قَلِيبًا لِعُثْمَانَ، فَسَقَطَ فِيهَا، فَالْتَمَسُوهُ فَلَمْ يُوجَدْ، فَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، وَنَقَشَ فِيهِ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ

تین دن تک پہنا' صحابہ کرام بھی سونے کی انگوٹھی بنانے لگے' آپ نے اُتار کر پھینک دی اور چاندی کی انگوٹھی بنائی' اس میں نقش کروایا: محمد رسول اللہ' وہ آپ کے دست مبارک میں وصال تک تھی اور اس کے بعد حضرت ابوبکر کے ہاتھ میں وصال تک تھی' اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں وصال تک رہی' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں چھ سال تک رہی' جب خط کثرت سے لکھے جانے لگے تو آپ نے انصار کے ایک آدمی کو دے دی' وہ اس کے ساتھ مہر لگاتا تھا۔ وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے کنویں کے پاس آیا تو وہ مہر کنویں میں گر گئی' اس کو تلاش کیا گیا لیکن وہ ملی نہیں' اس کے بعد دوسری چاندی کی مہر بنائی' اس میں لکھا گیا: محمد رسول اللہ۔

2546 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا شُعْبَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنانے سے منع کیا۔

یہ حدیث قتادہ سے صرف شعبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2547 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ: حُجِّي وَاشْتَرِطِي: اَنَّ مَحِلِّي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت ضباعہ بنت زبیر رضی اللہ عنہا کو فرمایا: حج کرو اور مجھ سے شرط لگاؤ کہ مجھے قحط سالی نے روکا ہوا ہے۔

2546- أخرجه البخاري: اللباس جلد10صفحه328 رقم الحديث: 5864' ومسلم: اللباس جلد3صفحه1654 .

2547- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه220-221 .

Marfat.com
Marfat.com

حَيْثُ حَبَسْتَنِي

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا هِشَامٌ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں۔

2548 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا أَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ رُفَيْعٍ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي رِجَالٌ مَرْضِيُّونَ، فِيهِمْ عُمَرُ، وَأَرْضَاهُمْ عِنْدِي عُمَرُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَعَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتَّى تَغْرُبَ الشَّمْسُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' آپ فرماتے ہیں کہ مجھے پسندیدہ لوگوں نے بتایا' ان میں سب سے زیادہ پسندیدہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا فجر کے بعد (نوافل نماز) پڑھنے سے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جائے اور عصر کے بعد یہاں تک کہ سورج غروب ہو جائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي هِلَالٍ إِلَّا أَبُو عُمَرَ

یہ حدیث ابوھلال سے صرف ابوعمر ہی روایت کرتے ہیں۔

2549 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَ: نا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ حِينَ اسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے تلبیہ پڑھا جس وقت آپ اونٹنی پر سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔

2550 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نحر کے دن تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ جمرہ عقبہ کو کنکریاں ماریں۔

2548- أخرجه البخاري: المواقيت جلد2صفحه69 رقم الحديث: **581**' ومسلم: المسافرين جلد1صفحه**566** .

2549- أخرجه البخاري: الحج جلد3صفحه482 رقم الحديث: **1552**' ومسلم: الحج جلد2صفحه**845** .

2550- أخرجه البخاري جلد 3صفحه622 رقم الحديث: **1686-1687**' ومسلم: الحج جلد 2صفحه**931**' وأبو داؤد: المناسك جلد 2صفحه168 رقم الحديث: **1815**' وابن ماجه: المناسك جلد 1صفحه1011 رقم الحديث: **3040** .

Marfat.com
Marfat.com

عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبّٰى يَوْمَ النَّحْرِ حَتّٰى رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَيْسٍ اِلَّا حَمَّادٌ

یہ حدیث قیس سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2551 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو الْقَاسِمِ الْكُلَيْبِيُّ قَالَ: نا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ رِفَاعَةَ الْقِتْبَانِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَمَّنَ رَجُلٌ رَجُلًا عَلٰى دَمِهِ فَقَتَلَهُ اِلَّا كَانَ الْقَاتِلُ بَرِيئًا مِنَ الْمَقْتُولِ

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کوئی دوسرے آدمی کو اس کے خون پر امن دے اس کے بعد وہ اس کو قتل کر دے تو قاتل مقتول سے بری ہوگا۔

2552 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا اَبُو هِلَالٍ قَالَ: نا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطَعَ فِي مِجَنٍّ قُلْتُ لِاَنَسٍ: كَمْ ثَمَنُهُ؟ قَالَ: خَمْسَةُ دَرَاهِمَ

قَالَ اَبُو هِلَالٍ: يُخَالِفُنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، فَقَالَ: هُوَ عَنْ اَبِي بَكْرٍ، فَلَقِيتُ هِشَامَ بْنَ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ: هُوَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ایک سیر مال چوری کرنے پر چور کا ہاتھ کاٹا۔ راوی حدیث فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس سے کہا: اس کی قیمت کتنی بنتی ہے؟ فرمایا: پانچ درہم۔

ابو ہلال فرماتے ہیں: سعید بن ابی عروبہ میرے علاوہ دوسری روایت کرتے ہیں فرمایا: یہ ابی بکر ہیں میں ہشام بن ابی عبد اللہ سے ملا وہ فرماتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔

2553 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سَلَّامٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي اَبْزٰى، عَنْ اَبِي

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت ماعز بن مالک کو تین مرتبہ واپس کیا۔

2551- اخرجه أحمد: المسند جلد5صفحه265 رقم الحديث: 22006 .

2553- اخرجه الامام أحمد فى مسنده جلد 1 صفحه8، والبزار جلد2صفحه217 . انظر: مجمع الزوائد جلد 6 صفحه269 .

Marfat.com
Marfat.com

بَكْرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي بَكْرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ جَابِرٌ الْجُعْفِيُّ

یہ حدیث ابوبکر سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں جابرالجعفی اکیلے ہیں۔

2554 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ مَاعِزًا، أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَقَرَّ بِالزِّنَا، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَعَلَّكَ قَبَّلْتَ أَوْ غَمَزْتَ، أَوْ لَمَسْتَ؟ قَالَ: لَا. قَالَ: فَفَعَلْتَ كَذَا وَكَذَا؟، لَا يُكَنِّي قَالَ: نَعَمْ. فَأَمَرَ بِهِ، فَرُجِمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَعْلَى إِلَّا جَرِيرٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے پاس آئے اور زنا کا اقرار کیا' حضور ﷺ نے ان کو فرمایا: ہوسکتا ہے تو نے بوسہ لیا ہو یا گلے ملے ہو یا چھوا ہو؟ حضرت ماعز نے عرض کی: نہیں! آپ نے فرمایا: تُو نے ایسے ایسے کیا ہے؟ آپ ﷺ نے کنایہ نہیں کیا۔ عرض کی: ہاں! آپ نے پھر ان کو رجم کرنے کا حکم دیا تو رجم کی گئی۔

یہ حدیث یعلٰی سے صرف جریر ہی روایت کرتے ہیں۔

2555 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ قَالَ: نا مُطَرِّفٌ، وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ: سَأَلْتُ عَلِيًّا: هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ سِوَى الْقُرْآنِ؟ فَقَالَ: لَا، وَالَّذِي فَلَقَ الْحَبَّةَ، وَبَرَأَ النَّسَمَةَ إِلَّا أَنْ يُعْطِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَهْمًا فِي كِتَابِهِ، أَوْ مَا فِي الصَّحِيفَةِ، قُلْتُ: وَمَا فِي الصَّحِيفَةِ؟ قَالَ: الْعَقْلُ،

حضرت ابوجحیفہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا آپ کے پاس حضور ﷺ کی طرف سے قرآن کے علاوہ اور بھی کوئی چیز ہے؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں! اس ذات کی قسم جس نے دانہ کو پھاڑا اور دانہ کو اُگایا' اللہ عزوجل نے اس کتاب کی سمجھ عطا کی ہے اور جو صحیفہ میں ہے۔ میں نے عرض کی: صحیفہ میں کیا ہے؟ فرمایا: دیت کے احکامات اور قیدیوں کو آزاد کرنے کے متعلق اور یہ کہ مسلمان کو کافر کے بدلے

2554- أخرجه البخاري: الحدود جلد **12** صفحه **138** رقم الحديث: **6824**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **353** رقم الحديث: **2437** .

2555- أخرجه البخاري: الجهاد جلد **6** صفحه **193** رقم الحديث: **3047**' والنسائي: القسامة جلد **8** صفحه **20** (باب سقوط القود من المسلم للكافر)' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **99** رقم الحديث: **601** .

Marfat.com
Marfat.com

وَفِكَاكُ الْاَسِيرِ، وَاَنْ لَا يُقْتَلَ مُسْلِمٌ بِكَافِرٍ

قتل نہ کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِسْمَاعِيلَ اِلَّا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ الرَّمَادِيُّ

یہ حدیث اسماعیل سے صرف سفیان بن عیینہ ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں رمادی اکیلے ہیں۔

2556 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا حَوْشَبُ بْنُ عَقِيلٍ، عَنْ مَهْدِيٍّ الْهَجَرِيِّ قَالَ: نا عِكْرِمَةُ قَالَ: نا اَبُو هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ بِعَرَفَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے عرفہ کے دن میدانِ عرفات میں روزہ رکھنے سے منع فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عِكْرِمَةَ اِلَّا مَهْدِيٌّ، تَفَرَّدَ بِهِ حَوْشَبٌ

یہ حدیث عکرمہ سے صرف مہدی ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں حوشب اکیلے ہیں۔

2557 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي رَزِينٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمِّي قَالَتْ: كَانَتْ اُمُّ الْحَرِيرِ اِذَا مَاتَ رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْهَا، فَقِيلَ لَهَا: يَا اُمَّ الْحَرِيرِ مَا لَكِ اِذَا مَاتَ رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ اشْتَدَّ عَلَيْكِ؟ فَقَالَتْ: سَمِعْتُ مَوْلَايَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ اقْتِرَابِ السَّاعَةِ هَلَاكُ الْعَرَبِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ رَزِينٍ: وَكَانَ مَوْلَاهَا طَلْحَةَ بْنَ مَالِكٍ

حضرت اُم جریر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب عرب میں کوئی آدمی مرجاتا تو ان پر سختی ہوتی' عرض کی گئی: اے اُمّ جریر! کیا وجہ تھی جب عرب سے کوئی مرجاتا تو آپ پر سختی ہوتی؟ فرمایا: میں نے اپنے آقا سے سنا فرماتے ہوئے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے قریب ہونے کی نشانی عرب کا ہلاک ہونا ہے۔ حضرت محمد بن رزین فرماتے ہیں: ان کے آقا طلحہ بن مالک تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مَالِكٍ اِلَّا

یہ حدیث طلحہ بن مالک سے اسی سند سے روایت

2556- اخرجه أبو داؤد: الصوم جلد 2 صفحه 338 رقم الحديث: 2440' وابن ماجه: الصيام جلد 1 صفحه 551 رقم الحديث: 1732' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 406 رقم الحديث: 8051 .

2557- اخرجه الترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 724 رقم الحديث: 3929' والطبراني في الكبير جلد 8 صفحه 309 رقم الحديث: 8159 .

Marfat.com
Marfat.com

بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبَ

ہے' اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن حرب اکیلے ہیں۔

2558 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عِصْمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخَزَّازُ قَالَ: نا شَرِيكٌ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَبَنٍ يَوْمَ عَرَفَةَ، فَشَرِبَ، وَسَقَى الَّذِي عَنْ يَمِينِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس لایا گیا عرفہ کے دن دودھ' آپ نے خود بھی نوش کیا اور اسے اپنی دائیں والوں کو (لنگر) پیش کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرٍ إِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث جابر سے صرف شریک ہی روایت کرتے ہیں۔

2559 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ: نا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: جَاءَ ابْنَا مُلَيْكَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ أُمَّنَا كَانَتْ تَحْفَظُ عَلَى الْبَعْلِ، وَتُكْرِمُ الضَّيْفَ، وَقَدْ مَاتَتْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَيْنَ أُمُّنَا؟ قَالَ: أُمُّكُمَا فِي النَّارِ، فَقَامَا، وَقَدْ شَقَّ ذَلِكَ عَلَيْهِمَا، فَدَعَاهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَجَعَا، فَقَالَ: أُمِّي مَعَ أُمِّكُمَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُنَافِقِينَ: وَمَا يُغْنِي هَذَا عَنْ أُمِّهِ شَيْئًا، وَنَحْنُ نَطَأُ عَقِبَيْهِ؟ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ، شَابٌّ لَمْ أَرَ رَجُلًا كَانَ أَكْثَرَ سُؤَالًا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيْنَ أَبُوكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَأَلْتُ رَبِّي عَزَّ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ملیکہ کے بیٹے حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہماری ماں اپنے شوہر کا بڑا خیال کرتی تھیں اور مہمان نوازی کرتی تھیں' وہ زمانۂ جاہلیت میں فوت ہوگئی تھیں' آپ بتائیں کہ ہماری ماں کہاں ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہاری ماں جہنم میں ہے' دونوں بیٹے کھڑے ہوئے اس حال میں کہ دونوں پر یہ بات دشوار گزری' آپ نے دونوں کو بلایا' دونوں واپس آئے تو آپ نے فرمایا: ہماری ماں تمہاری ماں کے ساتھ۔ منافقوں میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے کہا: یہ اپنی ماں کو کوئی فائدہ نہیں دے سکتا اور ہم کو پیچھے سے کھینچتا ہے؟ انصار میں سے ایک نوجوان نے کہا: میں نے اس آدمی سے بڑا آپ ﷺ سے زیادہ سوال کرتے ہوئے نہیں دیکھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ابو

2559- أخرجه أحمد: المسند جلد 1صفحه517 رقم الحديث: 3786' والطبراني في الكبير جلد 10صفحه80 رقم الحديث: 10017-10018 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه364-365 .

Marfat.com
Marfat.com

وَجَلَّ لَهُمَا، وَإِنِّي لَقَائِمُ الْمَقَامَ الْمَحْمُودَ

جان کہاں ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: میں نے اپنے رب سے دونوں کے متعلق پوچھا' بے شک میں مقامِ محمود پر کھڑا ہونے والا ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي وَائِلٍ إِلَّا عُثْمَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ الصَّعْقُ

یہ حدیث ابووائل سے صرف عثمان ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں صعق اکیلے ہیں۔

2560 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ مَيْمُونٍ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ: سَمِعْتُ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْعَتُ الزَّيْتَ وَالْوَرْسَ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ قَالَ قَتَادَةُ: يُلَدُّ بِهِ مِنْ جَانِبِهِ الَّذِي يَشْتَكِيهِ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا: زیتون اور ورس ذاتِ جب (یہ ایک بیماری ہے) کے لیے مقرر کرتے ہوئے۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ اس کو اس جانب داغا جاتا جس جانب اس کو تکلیف ہوتی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُهُ مُعَاذٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے معاذ اکیلے ہیں۔

2561 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا مُرَجَّى بْنُ رَجَاءٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ الْعَرْزَمِيِّ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: اشْتَرَيْتُ غُلَامَيْنِ أَخَوَيْنِ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَبِيعَ، أَحَدَهُمَا وَأُمْسِكَ الْآخَرَ، فَنَهَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: بِعْهُمَا جَمِيعًا أَوْ أَمْسِكْهُمَا جَمِيعًا

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہیں: میں نے دو غلام خریدے' وہ دونوں بھائی تھے' میں نے اُن میں سے ایک کو فروخت کرنے اور دوسرے کو روکے رکھنے کا ارادہ کیا تو مجھے حضور ﷺ نے منع کیا' آپ نے فرمایا: دونوں کو فروخت کرو یا دونوں کو رکھ لو۔

2560- اخرجه الترمذي: الطب جلد 4 صفحه 407 رقم الحديث: 2078' واحمد: المسند جلد 4 صفحه 455 رقم الحديث: 19348 .

2561- اخرجه الترمذي: البيوع جلد 3 صفحه 571 رقم الحديث: 1284' وابن ماجه: البيوع جلد 2 صفحه 755 رقم الحديث: 2249' واحمد: المسند جلد 1 صفحه 122 رقم الحديث: 763 .

Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُرَجًّى إِلَّا الْحَوْضِيُّ

یہ حدیث مرجّی سے صرف حوضی ہی روایت کرتے ہیں۔

2562 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْحَوْضِيُّ قَالَ: نا الضَّحَّاكُ بْنُ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي تَمِيمَةَ التَّمِيمِيِّ، عَنْ أَبِي مُوسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ الدَّهْرَ كُلَّهُ ضَيَّقَ اللَّهُ عَلَيْهِ جَهَنَّمَ هَكَذَا وَضَمَّ أَصَابِعَهُ عَلَى تِسْعِينَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے صومِ دھر (ہمیشہ روزے) رکھے اس پر اللہ عزوجل جہنم اس طرح تنگ کر دے گا' اور آپ نے اپنی انگلیوں کو نوے پر ملایا۔

2563 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ عَوْذِ اللَّهِ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نا عَوْفٌ، عَنْ أَبِي الصِّدِّيقِ النَّاجِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَيْتٍ فِيهِ نَفَرٌ مِنْ قُرَيْشٍ، فَأَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ فِي الْبَيْتِ إِلَّا قُرَشِيٌّ؟ قَالُوا: لَا، إِلَّا ابْنُ أُخْتٍ لَنَا، فَقَالَ: ابْنُ أُخْتِ الْقَوْمِ مِنْهُمْ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ هَذَا الْأَمْرَ لَا يَزَالُ فِي قُرَيْشٍ، مَا إِذَا اسْتُرْحِمُوا رَحِمُوا، وَإِذَا حَكَمُوا عَدَلُوا، وَإِذَا قَسَمُوا أَقْسَطُوا، فَمَنْ لَمْ يَفْعَلْ ذَلِكَ مِنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ خانہ کعبہ میں کھڑے ہوئے' وہاں قریش کا گروہ تھا' آپ نے دروازے کی چوکھٹ کو پکڑا' پھر فرمایا: حرمِ کعبہ میں صرف قریش ہیں' انہوں نے کہا: نہیں! مگر ایک ہماری بہن کا بیٹا ہے' آپ نے فرمایا: بہن کا بیٹا قوم میں شامل ہوتا ہے۔ پھر فرمایا: یہ حکومت قریش ہی میں رہے گی' جب تک اُن سے رحم طلب کیا جائے گا تو وہ رحم کریں گے' جب فیصلہ کریں گے تو انصاف کریں گے' جب کوئی چیز بانٹیں گے تو انصاف کریں گے' جو ایسے نہیں کرے گا اس پر اللہ اور اس کے فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہو' اس سے فرض و نفل قبول نہیں ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ إِلَّا مُعَاذُ بْنُ عَوْذِ اللَّهِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي سَعِيدٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث عوف سے صرف معاذ بن عبداللہ ہی روایت کرتے ہیں اور ابوسعید سے یہ صرف اسی سند سے روایت ہے۔

2562- اخرجه احمد: المسند جلد 4صفحه 505 رقم الحديث: 19735' والبيهقى فى الكبرى جلد 4صفحه494 رقم الحديث: 8477 .

2563- انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه197 .

Marfat.com
Marfat.com

2564 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجُوزُ لِلْمَرْاَةِ اَمْرٌ فِي مَالِهَا اِذَا مَلَكَ زَوْجُهَا عِصْمَتَهَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ اِلَّا حَمَّادٌ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے ان کے والد ان کے دادا سے بذاتِ خود روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: عورت کے لیے جائز نہیں ہے شوہر کے مال کو (تقسیم کرے) جب شوہر نے اس کی حفاظت کے لیے آپ مالک بنایا ہے۔

یہ حدیث داؤد سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2565 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ: لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ، فَاِنَّكَ اِنْ اُعْطِيتَهَا عَنْ مَسْاَلَةٍ وُكِلْتَ اِلَيْهَا، وَاِنْ اُعْطِيتَهَا عَنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَيْهَا، وَاِذَا حَلَفْتَ عَلَى يَمِينٍ فَرَاَيْتَ غَيْرَهَا خَيْرًا مِنْهَا فَكَفِّرْ عَنْ يَمِينِكَ وَاْتِ الَّذِي هُوَ خَيْرٌ

حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ سے فرمایا: حکومت لینے کا سوال نہ کرنا اگر مانگنے سے دی گئی تو تجھے اس کے سپرد کر دیا جائے گا۔ اگر بغیر مانگے دی گئی تو تیری اس حوالہ سے مدد کی جائے گی جب تُو کسی چیز پر قسم اُٹھائے پھر اس کے کرنے میں بہتری دیکھے تو اپنی قسم کا کفارہ ادا کر اور اس کو اختیار کر جو تیرے لیے بہتر ہے۔

2566 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ زُبَيْدٍ الْيَامِيِّ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ فِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ، وَبَيْنَ يَدَيْهِ قَصْعَةٌ مِنْ ثَرِيدٍ، فَدَخَلَ

حضرت قیس بن سکن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا عاشوراء کے دن آپ کے آگے ثرید کا پیالہ پڑا ہوا تھا حضرت اشعث بن قیس داخل ہوئے حضرت ابن مسعود نے فرمایا: اے ابو محمد! آؤ کھانا کھاؤ! حضرت اشعث

2564- اخرجه ابو داؤد: البيوع جلد3 صفحه291 رقم الحديث: 3546' والنسائي: العمرى جلد6 صفحه236 (باب عطية المراة بغير اذن زوجها)' وابن ماجه: الهبات جلد 2 صفحه798 رقم الحديث: 2388' واحمد: المسند جلد2 صفحه295 رقم الحديث: 7075 .

2565- اخرجه البخاري: الأحكام جلد 13 صفحه132-133 رقم الحديث: 7147' ومسلم: الأيمان جلد3 صفحه1273-1274 .

2566- اخرجه مسلم: الصيام جلد2 صفحه794' واحمد: المسند جلد1 صفحه549 رقم الحديث: 4023 .

Marfat.com
Marfat.com

الْاَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ، فَقَالَ: هَلُمَّ اِلَى الْغَدَاءِ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ، فَقَالَ: اَوَمَا صُمْتُمْ هَذَا الْيَوْمَ؟ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: كُنَّا نَصُومُهُ قَبْلَ اَنْ يَنْزِلَ رَمَضَانُ، فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ صُمْنَاهُ، وَتَرَكْنَا مَا سِوَاهُ

نے عرض کی: کیا آپ اس دن روزہ نہیں رکھتے تھے؟ حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا: ہم رمضان کے روزوں کا حکم نازل ہونے سے پہلے یہ روزہ رکھتے تھے' جب رمضان کے روزوں کا حکم نازل ہوا ہم اس کے روزے رکھنے لگے اور اس کے علاوہ کو چھوڑ دیا۔

2567 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا وُهَيْبٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ هِنْدَ بْنِ حَارِثَةَ، عَنْ عَمِّهِ اَسْمَاءَ بْنِ حَارِثَةَ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ائْتِ قَوْمَكَ، فَمُرْهُمْ فَلْيَصُومُوا هَذَا الْيَوْمَ يَعْنِي يَوْمَ عَاشُورَاءَ، قُلْتُ: اِنِّي لَا اُرَانِي اَصِيرُ اِلَيْهِمْ اِلَّا وَقَدْ طَعِمُوا قَالَ: فَمُرْهُمْ، فَلْيَصُومُوا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ

حضرت یحییٰ بن ہند بن حارثہ اپنے چچا اسماء بن حارثہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے بھیجا' آپ نے فرمایا: تم اپنی قوم کے پاس جاؤ' ان کو اس دن روزہ رکھنے کا حکم دو' یعنی عاشوراء کے دن کا۔ میں نے عرض کی: میں خیال کرتا ہوں کہ انہوں نے کھانا کھالیا ہے' آپ نے فرمایا: ان کو حکم دو کہ جو دن باقی ہے اتنا روزہ رکھ لو۔

2568 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ: حَدَّثَتْنَا عُلَيْلَةُ بِنْتُ الْكُمَيْتِ الْعَتَكِيَّةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اُمِّي مُنَيَّةَ تُحَدِّثُ، عَنْ اَمَةِ اللّٰهِ ابْنَةِ رُزَيْنَةَ، وَكَانَتْ اُمُّهَا خَادِمًا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اُمِّي رُزَيْنَةَ تَقُولُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَظِّمُ يَوْمَ عَاشُورَاءَ، حَتَّى اِنْ كَانَ لَيَدْعُوا بِصِبْيَانِهِ وَصِبْيَانِ فَاطِمَةَ الْمَرَاضِيعِ، فَيَقُولُ لِاُمَّهَاتِهِمْ: لَا تُرْضِعُوهُمْ اِلَى اللَّيْلِ وَيَتْفِلُ فِي اَفْوَاهِهِمْ، فَكَانَ رِيقُهُ يُجْزِئُهُمْ

حضرت علیلہ بنت الکمیت العتکیہ فرماتی ہیں کہ میں نے اپنی والدہ صفیہ سے سنا' وہ بیان کرتی ہیں کہ امۃ اللہ بنت رزینہ سے وہ اپنی والدہ سے جو حضور ﷺ کی خادمہ تھیں' فرماتی ہیں کہ میں نے اپنی والدہ رزینہ سے سنا' وہ فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ عاشوراء کے دن کا احترام کرتے یہاں تک کہ آپ اپنے بچوں اور فاطمہ کے دودھ پیتے بچوں کو بلاتے تھے' اس سے فرماتے ان کی ماؤں کو' ان کو رات تک دودھ نہ پلاؤ' ان کے منہ میں تھوک ڈالو' ان کے لیے تھوک ہی کافی ہوتا تھا۔

2567- اخرجه الطبرانی فی الكبير جلد1 صفحه296 رقم الحديث: 869 . انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه188 .

2568- انظر: مجمع الزوائد جلد3 صفحه189 .

Marfat.com
Marfat.com

2569 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا يَاسِينُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: نا اَبُو عَقِيلٍ الدَّوْرَقِيُّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ) (النساء : 95) قَالَ: هُمْ قَوْمٌ كَانُوا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغْزُونَ مَعَهُ لِاَسْقَامٍ وَاَوْجَاعٍ وَاَمْرَاضٍ، وَآخَرُونَ اَصِحَّاءُ، فَكَانَ الْمَرْضَى اَعْذَرَ مِنَ الْاَصِحَّاءِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''لا يستوى القاعدون من المؤمنين غير اولى الضرر '' کی تفسیر کرتے ہیں کہ اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو حضور ﷺ کے زمانہ میں بیماری اور بھوک اور امراض کی وجہ سے جہاد نہیں کر سکتے تھے اور دوسرے تندرست تھے' بیماروں کا عذر زیادہ تھا تندرستوں سے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ اِلَّا اَبُو عَقِيلٍ الدَّوْرَقِيُّ: بَشِيرُ بْنُ عُقْبَةَ

یہ حدیث ابونضرہ سے صرف ابوعقیل الدورقی' بشیر بن عقبہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2570 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ فَضَالَةَ قَالَ: نا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ بِنْتَ الْجُهَنِيِّ اَخْبَرَهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى قَوْمًا يَتَعَاطَوْنَ سَيْفًا مَسْلُولًا فَقَالَ: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ فَعَلَ هٰذَا، اَلَمْ اَنْهَ عَنْ هٰذَا؟

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جہنی کی بیٹی نے بتایا کہ حضور ﷺ نے ایک قوم کو دیکھا اس نے تلوار سونتی ہوئی تھی' آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لعنت اس پر جو یہ کر رہے ہیں' کیا میں نے ان کو ایسے کرنے سے منع نہیں کیا۔

2571 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ جُبَيْرَ بْنَ مُطْعِمٍ يَقُولُ: رَاَيْتُ يَوْمَ حُنَيْنٍ شَيْئًا اَسْوَدَ مِثْلَ الْبِجَادِ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، فَلَمَّا دَفَعَ اِلَى الْاَرْضِ فَشَا فِي الْاَرْضِ ذَرًّا، وَانْهَزَمَ الْمُشْرِكُونَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حنین کے دن دیکھا' ایسی کالی شی کمبل کی طرح زمین و آسمان کے درمیان' جب وہ زمین کی طرف بھیجی گئی' وہ زمین میں ذرہ ذرہ ہو کر پھیل گئی اور مشرکین شکست کھا گئے۔

2569- انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه12 .

2570- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 1612' والامام أحمد في مسنده بنحوه جلد3صفحه347 . انظر: مجمع الزوائد جلد7صفحه294 .

2571- انظر: مجمع البحرين (2787) .

Marfat.com
Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ

یہ حدیث جبیر بن مطعم سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں محمد بن اسحاق اکیلے ہیں۔

2572 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ السِّيرِينِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى بِلَالٍ، فَوَجَدَ عِنْدَهُ صُبْرًا مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا يَا بِلَالُ؟ فَقَالَ: تَمْرًا ادَّخَرْتُهُ لَكَ فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا بِلَالُ، أَمَا تَخَافُ أَنْ يَكُونَ لَهُ بُخَارٌ فِي النَّارِ؟ أَنْفِقْ يَا بِلَالُ، وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ إِقْلَالًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ حضرت بلال کے پاس داخل ہوئے' آپ نے حضرت بلال کے پاس کھجور کا ایک ڈھیر پایا' آپ نے فرمایا: بلال یہ کیا ہے؟ حضرت بلال نے عرض کی: یہ کھجوریں ہیں جو میں نے آپ کے لیے رکھی ہوئی ہیں' آپ نے فرمایا: اے بلال! تیرے لیے ہلاکت ہو! کیا تو اس بات سے خوف نہیں کرتا کہ تیرے لیے جہنم سے بخار ہو' اے بلال! اس کو خرچ کر دو' عرش والے سے کمی کا خوف نہ رکھنا۔

2573 - وَبِهِ قَالَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: ثَلَاثٌ أَوْصَانِي بِهِنَّ خَلِيلِي أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا أَدَعُهُنَّ أَبَدًا: صَوْمُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَالْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَأَنْ لَا أَنَامَ إِلَّا عَلَى وِتْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ مجھے ابوالقاسم ﷺ نے تین چیزوں کی وصیت کی' میں نے ان کو ہمیشہ نہیں چھوڑا ہے' (وہ تین چیزیں یہ ہیں:) ہر ماہ تین روزے رکھنے کی' جمعہ کے دن غسل کرنے کی اور وتر پڑھے بغیر نہ سونے کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ إِلَّا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ

یہ حدیث ابن عون سے صرف بکار بن محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

2574 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: نا أَيُّوبُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي رَاشِدٍ الْحُبْرَانِيِّ، عَنْ

حضرت عبدالرحمٰن بن شبل سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: قرآن پڑھو' جب تم قرآن پڑھو تو اس میں زیادتی نہ کرو' اس میں

2572- أخرجه البزار جلد4صفحه251 . انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه244 .

2573- واخرجه النسائي: الصيام جلد4صفحه187 (باب صوم ثلاثة أيام من الشهر)' وأحمد: المسند جلد 2صفحه636 رقم الحديث:1283 .

2574- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد3صفحه444 . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه98 .

Marfat.com
Marfat.com

عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شِبْلٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَئُوا الْقُرْآنَ، فَإِذَا قَرَأْتُمُوهُ فَلَا تَسْتَكْثِرُوا بِهِ، وَلَا تَغْلُوا فِيهِ، وَلَا تَجْفُوا عَنْهُ، وَلَا تَأْكُلُوا بِهِ وَقَالَ: إِنَّ النِّسَاءَ هُمْ أَهْلُ النَّارِ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَلَسْنَ أُمَّهَاتِنَا وَأَخَوَاتِنَا وَبَنَاتِنَا؟ فَذَكَرَ كُفْرَهُنَّ لِحَقِّ الزَّوْجِ، وتَضْيِيعَهُنَّ لِحَقِّهِ

خیانت نہ کرو' اس سے بے وفائی نہ کرو' اس کو کھانے کا ذریعہ نہ بناؤ' اور فرمایا: عورتیں جہنم والی ہیں۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا وہ ہماری مائیں' بہنیں اور بیٹیاں نہیں ہیں؟ آپ نے ذکر کیا: یہ شوہروں کے حقوق کی ناشکری کرتی ہیں اور اُن کے حقوق ضائع کرتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا وُهَيْبٌ

یہ حدیث ایوب سے صرف وہیب ہی روایت کرتے ہیں۔

2575 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ وَاصِلٍ الْأَحْدَبِ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَيُّ الذَّنْبِ أَعْظَمُ؟ قَالَ: أَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ. قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: أَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ خَشْيَةَ أَنْ يَأْكُلَ مَعَكَ. قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: أَنْ تُزَانِيَ حَلِيلَةَ جَارِكَ، ثُمَّ تَلَا: (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُونَ مَعَ اللّٰهِ إِلَهًا آخَرَ وَلَا يَقْتُلُونَ النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللّٰهُ إِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُونَ) (الفرقان:68)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا گناہ بڑا ہے؟ آپ نے فرمایا: کسی کو اللہ عزوجل کے مدمقابل ٹھہرانا حالانکہ تجھے اس نے پیدا کیا ہے۔ میں نے عرض کی: اس کے بعد کون؟ آپ نے فرمایا: اپنی اولاد کو اس خوف سے قتل کرنا کہ وہ تیرے ساتھ کھائے گی۔ میں نے عرض کی: اس کے بعد کون بڑا ہے؟ آپ نے فرمایا: اپنی پڑوسن کے ساتھ زنا کرنا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: وہ لوگ جو اللہ عزوجل کے ساتھ دوسرے خدا کو نہیں پکارتے اور نہ اس جان کو قتل کرتے ہیں جس کو اللہ نے حرام کیا ہے مگر حق کے ساتھ اور نہ وہ زنا کرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ وَاصِلٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ

یہ حدیث سفیان سے واصل نے اور سفیان سے صرف محمد بن کثیر اور عبدالرحمٰن بن معدی روایت کرتے ہیں۔

2575- أخرجه البخاري: الأدب جلد**10** صفحه**448** رقم الحديث: **6001**.

Marfat.com
Marfat.com

2576 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، كَانَ يُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَجِيءُ فَيُصَلِّي بِقَوْمِهِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھتے تھے' پھر واپس آتے اور اپنی قوم کو نماز پڑھاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا حَجَّاجٌ

یہ حدیث ہشام سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں۔

2577 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: شَهِدَ عِنْدِي رِجَالٌ مَرْضِيُّونَ، وَاَرْضَاهُمْ عِنْدِي عُمَرُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صِيَامِ يَوْمِ الْفِطْرِ، وَيَوْمِ النَّحْرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میرے پاس پسندیدہ مرد موجود تھے' ان سب میں مجھے پسندیدہ حضرت عمر تھے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے دنوں میں روزہ رکھنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا هِشَامٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں۔

2578 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا هِشَامٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَفْتَخِرُوا بِآبَائِكُمُ الَّذِينَ مَاتُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَمَا يُدَحْرِجُ الْجُعَلُ بِاَنْفِهِ خَيْرٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمہارے وہ ماں باپ جو جاہلیت میں فوت ہو گئے اُن پر فخر نہ کرو' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے' بھونرے (کالے رنگ کے کیڑے) کا اپنی ناک کو (کسی پہاڑ سے) لڑھکانا'

2576- أخرجه البخاري: الأدب جلد **10** صفحه **532** رقم الحديث: **6106**' ومسلم: الصلاة جلد **1** صفحه **340**' وأبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **160** رقم الحديث: **599-600**' وأحمد: المسند جلد **3** صفحه **378** رقم الحديث: **14137**.

2577- انظر: مجمع الزوائد جلد **3** صفحه **207**.

2578- انظر: مجمع البحرين (**3105**).

Marfat.com
Marfat.com

مِنْ آبَائِكُمُ الَّذِينَ مَاتُوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا هِشَامٌ، وَالْحَسَنُ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، وَالْحَسَنُ الْقَافَلَانِيُّ

تمہارے اُن آباء سے بہتر ہے جو زمانۂ جاہلیت میں مر گئے۔

یہ حدیث ایوب سے ہشام، حسن بن ابی جعفر اور حسن القافلانی ہی روایت کرتے ہیں۔

2579 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا أَبُو أُمَيَّةَ بْنُ يَعْلَى الثَّقَفِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُشْرَفَ لَهُ بُنْيَانٌ، وَيُرْفَعَ لَهُ دَرَجَاتٌ، فَلْيَعْفُ عَمَّنْ ظَلَمَهُ، وَيُعْطِ مَنْ حَرَمَهُ، وَيَصِلْ مَنْ قَطَعَهُ

الضَّرِيرُ قَالَ: نا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ أَبِي مُوسَى، رَفَعَهُ قَالَ: لَيْسَ مِنَّا مَنْ حَلَقَ، وَخَرَقَ، وَسَلَقَ

کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: اس کا تعلق ہم سے نہیں ہے جو گریبان پھاڑے اور بال نوچے اور کپڑے پھاڑے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا أَبُو عَوَانَةَ

یہ حدیث عبدالملک سے صرف ابوعوانہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2621 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا أَبُو لَيْلَى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ مَزِيدَةَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ أُمِّهِ، أَنَّ أَبَا مُوسَى قَالَ: يَوْمَ عَاشُورَاءَ: صُومُوا هَذَا الْيَوْمَ، فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَنَا بِصَوْمِهِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ دن عاشوراء کا ہے اس دن روزہ رکھا کرو کیونکہ حضور ﷺ ہم کو اس دن روزہ رکھنے کا حکم دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَزِيدَةَ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَيْسَرَةَ

یہ حدیث مزیدہ سے صرف عبداللہ بن میسرہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2622 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى زُنْبُورٌ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَافِعٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْقُنُوتِ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ صبح کی نماز میں دعائے قنوت سے منع کرتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى

یہ حدیث اُم سلمہ سے اسی سند سے روایت کی گئی ہے ان سے روایت کرنے میں محمد بن یعلیٰ اکیلے ہیں۔

2623 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا عَمَّارٌ أَبُو هَاشِمٍ، صَاحِبُ

حضرت قبیصہ بن وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں

2621- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه287 رقم الحديث:2005' ومسلم: الصيام جلد2صفحه796 .

2622- أخرجه ابن ماجة: الاقامة جلد1صفحه393 رقم الحديث:1242' والدارقطني: سننه جلد2صفحه38 رقم الحديث:5 .

2623- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد1صفحه115 رقم الحديث:434' والطبراني في الكبير جلد18صفحه375 .

Marfat.com
Marfat.com

الزَّعْفَرَانِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ وَقَّاصٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَكُونُ عَلَيْكُمْ أُمَرَاءُ يُؤَخِّرُونَ الصَّلَاةَ عَنْ مَوَاقِيتِهَا، فَهِيَ لَكُمْ وَعَلَيْهِمْ، فَصَلُّوا مَعَهُمْ مَا صَلَّوْا لَكُمُ الصَّلَاةَ

گے جو نماز وقت پر ادا نہیں کریں گے' گناہ ان پر ہوگا' تمہارے لیے وقت پر ادا کرنے کا ثواب ملے گا' جو تم نماز اُن کے ساتھ پڑھنا جو بھی تمہارے لیے نماز پڑھائے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيِّ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو هَاشِمٍ

یہ حدیث قبیصہ بن وقاص اللیثی سے صرف اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں ابوہاشم اکیلے ہیں۔

2624 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ: نا الْمُهَاجِرُ أَبُو مَخْلَدٍ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْجُذَامِيِّ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا ذَرٍّ يَقُولُ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَيُّ اللَّيْلِ أَحَبُّ إِلَيْكَ إِنْ قُضِيَ لِي أَنْ أُصَلِّيَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ؟ قَالَ: نِصْفُ اللَّيْلِ، وَقَلِيلٌ فَاعِلُهُ

حضرت ابومسلم الجذامی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے سنا فرماتے ہوئے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! رات کا کون سا حصہ آپ کو زیادہ پسند ہے کہ میں اس میں دو رکعت نفل ادا کروں؟ آپ نے فرمایا: آدھی رات کے وقت اور اس وقت پڑھنے والے بہت تھوڑے لوگ ہوتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ إِلَّا أَبُو الْعَلَاءِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُهَاجِرُ

یہ حدیث ابومسلم سے صرف ابوالعلاء ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مہاجر اکیلے ہیں۔

2625 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ: نا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابِي الْمَكِّيِّ قَالَ: صَلَّيْتُ إِلَى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ، فَلَمَّا صَلَّى ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى فَخِذِي، فَقَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ تَحِيَّةَ الصَّلَاةِ كَمَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا؟ فَتَلَا هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ:

حضرت عبداللہ بن ابی المکی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پہلو میں نماز پڑھی' جب نماز پڑھ لی تو آپ نے اپنا ہاتھ میری ران پر مارا' فرمایا: کیا میں آپ کو نماز کی التحیات نہ سکھاؤں جس طرح رسول اللہ ﷺ ہم کو سکھاتے تھے؟ آپ نے یہ کلمات پڑھے: تمام قولی' مالی' بدنی عبادتیں اللہ کے لیے

2624- اخرجه البيهقي في الكبرىٰ جلد3صفحه6 رقم الحديث:4664 .

2625- انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه147 .

Marfat.com
Marfat.com

التَّحِيَّاتُ الصَّلَوَاتُ الطَّيِّبَاتُ لِلّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ

ہیں اے غیب کی خبریں دینے والے نبی! آپ پر سلام اور اللہ کی رحمت اور برکت ہو ہم پر سلام اور اللہ کے نیک بندوں پر سلام ہو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا اَبَانُ، تَفَرَّدَ بِهِ سَهْلٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف ابان ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں سہل اکیلے ہیں۔

2626 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ: اَنَا وَاصِلٌ، مَوْلَى اَبِي عُيَيْنَةَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ الْاَسَدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اِقَامَةُ الصَّلَاةِ لِوَقْتِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ نے فرمایا: نماز وقت پر قائم کرنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ وَاصِلٍ اِلَّا مَهْدِيٌّ

یہ حدیث واصل سے صرف مہدی ہی روایت کرتے ہیں۔

2627 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا هَمَّامٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ فِي الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُسْلِمٌ يَسْاَلُ اللّٰهَ خَيْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جمعہ کے دن میں ایک وقت ایسا ہوتا ہے جو کوئی مسلمان اس کو پالیتا ہے تو اس وقت اللہ سے کوئی بھلائی مانگتا ہے تو اللہ اس کو عطا کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَمَّامٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث ہمام سے صرف عبداللہ بن رجاء ہی روایت کرتے ہیں۔

2626- أخرجه البخاري: التوحيد جلد13صفحه519 رقم الحديث: 7534' ومسلم: الايمان جلد1صفحه90 .

2627- أخرجه البخاري: الجمعة جلد2صفحه482 رقم الحديث: 935' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه583 .

Marfat.com
Marfat.com

2628 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ وَاُقِيمَتِ الصَّلَاةُ، فَابْدَئُوا بِالْعَشَاءِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا حَمَّادٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب رات کا کھانا حاضر ہو اور نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے (اور تمہیں سخت بھوک لگی ہو) تو کھانا پہلے کھالیا کرو۔

یہ حدیث سماک سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2629 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ قَالَ: نا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اللَّيْثِيُّ ثُمَّ السَّمْعِيُّ النَّخَعِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَائَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجْتُ اِلَيْهِ، فَوَجَدْتُهُ مَوْعُوكًا، قَدْ عَصَبَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: خُذْ بِيَدِي يَا فَضْلُ فَاَخَذْتُ بِيَدِهِ حَتَّى انْتَهَى اِلَى الْمِنْبَرِ، فَجَلَسَ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: صِحْ فِي النَّاسِ فَصِحْتُ فِي النَّاسِ، فَاجْتَمَعُوا اِلَيْهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّهُ قَدْ دَنَى مِنِّي حُقُوقٌ مِنْ بَيْنِ اَظْهُرِكُمْ، فَمَنْ كُنْتُ جَلَدْتُ لَهُ ظَهْرًا فَهٰذَا ظَهْرِي فَلْيَسْتَقِدْ مِنْهُ، وَمَنْ كُنْتُ شَتَمْتُ لَهُ عِرْضًا فَهٰذَا عِرْضِي فَلْيَسْتَقِدْ مِنْهُ، وَمَنْ كُنْتُ اَخَذْتُ لَهُ مَالًا، فَهٰذَا مَالِي فَلْيَسْتَقِدْ مِنْهُ وَلَا يَقُولَنَّ رَجُلٌ: اِنِّي

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے' میں آپ کے پاس گیا' میں نے آپ کو حالت نماز میں پایا' آپ نے اپنا سر مبارک باندھا ہوا تھا' آپ نے فرمایا: اے فضل! میرا ہاتھ پکڑنا! میں نے آپ کا ہاتھ پکڑا یہاں تک کہ آپ منبر کے پاس آئے' آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' پھر مجھے فرمایا: لوگوں کو بلانے کے لیے اعلان کرو! میں نے لوگوں کے بلانے کے لیے اعلان کیا' لوگ آپ کے پاس جمع ہو گئے' آپ نے اللہ کی حمد اور ثناء کی' پھر فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے اندر موجود ہوں' تم اپنے حقوق مجھ سے لے لو' جس کو میں نے پشت پر مارا ہے' یہ میری پشت حاضر ہے وہ اس سے بدلہ لے لے' جس کو میں نے گالی دی ہو وہ گالی میں بدلہ لے لے' جس کا میں نے مال لیا ہے یہ میرا مال ہے وہ اس سے لے لے' کوئی آدمی یہ نہ کہے کہ میں رسول اللہ ﷺ سے ڈرتا ہوں' بے شک یہ میری طبیعت نہیں ہے نہ میری شان ہے' مجھے پسند وہ ہے جو مجھ سے اپنا

2628- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد9صفحه497 رقم الحديث:5463' ومسلم: المساجد جلد1صفحه392 .

2629- أخرجه الطبراني في الكبير جلد18صفحه280 . انظر: مجمع الزوائد جلد9صفحه28-29 .

Marfat.com
Marfat.com

اَخْشَى الشَّحْنَاءَ مِنْ قِبَلِ رَسُولِ اللّٰهِ، اَلَا وَاِنَّ الشَّحْنَاءَ لَيْسَتْ مِنْ طَبِيعَتِي، وَلَا مِنْ شَانِي، اَلَا وَاِنَّ اَحَبَّكُمْ اِلَيَّ مَنْ اَخَذَ حَقًّا اِنْ كَانَ، اَوْ حَلَّلَنِي فَلَقِيتُ اللّٰهَ وَاَنَا طَيِّبُ النَّفْسِ، اَلَا وَاِنِّي لَا اَرَى ذٰلِكَ بِمُغْنٍ عَنِّي حَتّٰى اَقُومَ فِيكُمْ مِرَارًا ثُمَّ نَزَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ عَادَ اِلَى الْمِنْبَرِ، فَعَادَ اِلَى مَقَالَتِهِ فِي الشَّحْنَاءِ وَغَيْرِهَا، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، مَنْ كَانَ عِنْدَهُ شَيْءٌ فَلْيَرُدَّهُ، وَلَا يَقُولُ: فُضُوحُ الدُّنْيَا، اَلَا وَاِنَّ فُضُوحَ الدُّنْيَا خَيْرٌ مِنْ فُضُوحِ الْآخِرَةِ، فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي عِنْدَكَ ثَلَاثَةَ دَرَاهِمَ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّا لَا نُكَذِّبُ قَائِلًا، وَلَا نَسْتَحْلِفُهُ عَلَى يَمِينٍ، فَلِمَ صَارَتْ لَكَ عِنْدِي؟ قَالَ: تَذْكُرُ يَوْمَ مَرَّ بِكَ السَّائِلُ فَاَمَرْتَنِي، فَدَفَعْتُ اِلَيْهِ ثَلَاثَةَ دَرَاهِمَ؟ قَالَ: ادْفَعْهَا اِلَيْهِ يَا فَضْلُ ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عِنْدِي ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ، كُنْتُ غَلَلْتُهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ: وَلِمَ غَلَلْتَهَا؟ قَالَ: كُنْتُ اِلَيْهَا مُحْتَاجًا قَالَ: خُذْهَا مِنْهُ يَا فَضْلُ، ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ خَشِيَ مِنْكُمْ شَيْئًا فَلْيَقُمْ اَدْعُ لَهُ فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي لَكَذَّابٌ وَاِنِّي لَمُنَافِقٌ، وَاِنِّي لَنَئُومٌ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ صِدْقًا وَاِيمَانًا، وَاَذْهِبْ عَنْهُ النَّوْمَ اِذَا اَرَادَ ثُمَّ قَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي لَكَذَّابٌ، وَاِنِّي لَمُنَافِقٌ، وَمَا مِنْ شَيْءٍ مِنَ الْاَشْيَاءِ اِلَّا وَقَدْ اَتَيْتُهُ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا هٰذَا، فَضَحْتَ نَفْسَكَ،

حق لے لے یا مجھے معاف کر دے میں اللہ سے ملوں اس حالت میں کہ میں اپنے نفس کو خوش پاؤں' خبردار میں اپنے آپ سے کسی کو بے پروانہیں پاتا ہوں' میں تمہارے اندر کئی مرتبہ کھڑا ہوا ہوں' پھر آپ منبر سے نیچے اترے۔ آپ نے ظہر کی نماز پڑھائی' پھر دوبارہ منبر پر تشریف فرما ہوئے' دوبارہ اس کے علاوہ والی بات دُہرائی۔ پھر فرمایا: اے لوگو! جس کے پاس کسی کی کوئی شی ہو وہ اس کو واپس کر دے وہ ترکِ دنیا کی رسوائی ہے' خبردار دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے بہتر ہے۔ آپ کے سامنے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے آپ کے ذمہ تین درہم ہیں' آپ نے فرمایا: ہم کہنے والے کو جھوٹا بھی نہیں کہتے ہیں اور نہ اس پر قسم لیتے ہیں' آپ میرے پاس کیسے آئے۔ میں نے عرض کی: آپ کو وہ دن یاد ہے کہ آپ کے پاس سے ایک سائل گزرا' آپ نے مجھے حکم دیا تھا تو میں نے اس کو تین درہم دیئے تھے؟ آپ نے فرمایا: اے فضل! اس کو دے دو! پھر دوسرا آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ذمے آپ کے تین درہم ہیں' میں نے اللہ کی راہ میں خیانت کی تھی' آپ نے فرمایا: تُو نے خیانت کیوں کی تھی؟ اس نے عرض کی: میں محتاج تھا' آپ نے فرمایا: اے فضل! اس سے لو! پھر حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جس کسی کو خوف ہو اپنے اوپر کسی شی کا وہ کھڑا ہو' میں اس کے لیے دعا کرتا ہوں۔ ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بہت جھوٹا ہوں اور منافق ہوں اور نیند

Marfat.com
Marfat.com

فَقَالَ: مَهْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، فُضُوحُ الدُّنْيَا أَيْسَرُ مِنْ فُضُوحِ الْآخِرَةِ، اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ صِدْقًا وَإِيمَانًا، وَصَيِّرْ أَمْرَهُ إِلَى خَيْرٍ، فَتَكَلَّمَ عُمَرُ بِكَلِمَةٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمَرُ مَعِي وَأَنَا مَعَ عُمَرَ، وَالْحَقُّ بَعْدِي مَعَ عُمَرَ حَيْثُ كَانَ

بہت زیادہ آتی ہے آپ نے دعا فرمائی: اے اللہ! اس کو سچائی اور ایمان کی توفیق دے اور اس سے نیند دور کر دے جب یہ ارادہ کرے۔ پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں بہت جھوٹا اور منافق آدمی ہوں' مجھے ہر شی دی گئی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے فلاں! تو اپنے آپ کو رسوا کر رہا ہے' آپ نے فرمایا: اے عمر! چھوڑ دو! دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے آسان ہے' اے اللہ! اس کو سچائی اور ایمان دے' اس کو نیکی کی توفیق دے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک بات کی' حضور ﷺ نے فرمایا: عمر میرے ساتھ ہے' میں عمر کے ساتھ ہوں' میرے بعد حق عمر کے ساتھ ہو گا جہاں بھی ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْفَضْلِ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ

یہ حدیث فضل سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں حارث بن عبدالملک اکیلے ہیں۔

2630 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّهُ لَيَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ حِينَ يُوَلُّونَ عَنْهُ، فَإِنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَانَتِ الصَّلَاةُ عِنْدَ رَأْسِهِ، وَالزَّكَاةُ عَنْ يَمِينِهِ، وَالصَّوْمُ عَنْ شِمَالِهِ، وَفِعْلُ الْخَيْرَاتِ وَالْمَعْرُوفُ وَالْإِحْسَانُ إِلَى النَّاسِ مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ، فَيُؤْتَى مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ، فَتَقُولُ الصَّلَاةُ: لَيْسَ قِبَلِي مَدْخَلٌ، فَيُؤْتَى عَنْ يَمِينِهِ، فَتَقُولُ الزَّكَاةُ: لَيْسَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میت دفن کر کے واپس آنے والوں کے جوتوں کی آواز سنتی ہے' اگر وہ میت ایمان والی ہوتی ہے تو نماز اس کے سر کے پاس اور زکوٰۃ دائیں جانب' روزہ بائیں جانب' صدقہ اور نیکیاں اور لوگوں کے ساتھ اچھائی سے پیش آنا اس کے پاؤں کی جانب سے منکر نکیر سر کی جانب سے آئیں گے' نماز کہے گی: میری طرف سے داخل ہونے کی جگہ نہیں ہے' وہ دائیں جانب سے آئیں گے تو زکوٰۃ کہے گی: میری طرف سے داخل ہونے

2630- انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحہ54 .

Marfat.com
Marfat.com

مِنْ قِبَلِي مَدْخَلٌ، ثُمَّ يُؤْتَى عَنْ شِمَالِهِ، فَيَقُولُ الصَّوْمُ: لَيْسَ مِنْ قِبَلِي مَدْخَلٌ، ثُمَّ يُؤْتَى مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ، فَيَقُولُ فِعْلُ الْخَيْرَاتِ وَالْمَعْرُوفِ وَالْإِحْسَانُ إِلَى النَّاسِ: لَيْسَ مِنْ قِبَلِي مَدْخَلٌ، فَيُقَالُ لَهُ: اجْلِسْ، فَيَجْلِسُ وَقَدْ مُثِّلَتْ لَهُ الشَّمْسُ لِلْغُرُوبِ، فَيُقَالُ لَهُ: مَا تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي كَانَ فِيكُمْ؟ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ: أَشْهَدُ أَنَّهُ رَسُولُ اللَّهِ جَاءَنَا بِالْبَيِّنَاتِ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا، فَصَدَّقْنَا وَاتَّبَعْنَا، فَيُقَالُ لَهُ: صَدَقْتَ، وَعَلَى هَذَا حَيِيتَ، وَعَلَى هَذَا مِتَّ، وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ إِنْ شَاءَ اللَّهُ، فَيُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ مَدَّ بَصَرِهِ، فَذَلِكَ قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ: (يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ) (ابراهيم: 27) فَيُقَالُ: افْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى النَّارِ، فَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَى النَّارِ، فَيُقَالُ: هَذَا كَانَ مَنْزِلَكَ لَوْ عَصَيْتَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، فَيَزْدَادُ غِبْطَةً وَسُرُورًا، وَيُقَالُ لَهُ: افْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى الْجَنَّةِ، فَيُفْتَحُ لَهُ، فَيُقَالُ: هَذَا مَنْزِلُكَ، وَمَا أَعَدَّ اللَّهُ لَكَ، فَيَزْدَادُ غِبْطَةً وَسُرُورًا، فَيُعَادُ الْجِلْدُ إِلَى مَا بَدَأَ مِنْهُ، وَتُجْعَلُ رُوحُهُ فِي نَسَمِ طَيْرٍ تَعَلَّقُ فِي شَجَرِ الْجَنَّةِ، وَأَمَّا الْكَافِرُ، فَيُؤْتَى فِي قَبْرِهِ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ، فَلَا يُوجَدُ شَيْءٌ، فَيُؤْتَى مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ فَلَا يُوجَدُ شَيْءٌ، فَيَجْلِسُ خَائِفًا مَرْعُوبًا، فَيُقَالُ لَهُ: مَا تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي كَانَ فِيكُمْ؟ وَمَا تَشْهَدُ بِهِ؟ فَلَا يَهْتَدِي لِاسْمِهِ، فَيُقَالُ: مُحَمَّدٌ صَلَّى

کی جگہ نہیں ہے' پھر وہ پاؤں کی جانب سے آئیں گے تو صدقات' نیکیاں اور لوگوں کے ساتھ اچھائیاں کہیں گی: میرے پاس سے داخل ہونے کی جگہ نہیں ہے۔ اس میت کو کہا جائے گا: بیٹھ جا! وہ بیٹھے گا تو اس کو ایسے محسوس ہوگا کہ سورج غروب ہو رہا ہے' اس کو پوچھا جائے گا: تو اس اعلیٰ درجے والے آدمی کے متعلق کیا کہتا تھا جو تم میں تھے یعنی نبی کریم ﷺ۔ وہ جواباً کہے گا: میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں' ہمارے پاس ہمارے رب کی طرف سے معجزات لے کر آئے ہیں' ہم نے آپ کی تصدیق کی اور آپ کی اتباع کی۔ اس کو کہا جائے گا: تُو نے سچ کہا ہے' اس پر تو زندہ رہا ہے اور اس پر تیرا وصال ہوا ہے اور اگر اللہ نے چاہا اس پر اُٹھایا جائے گا۔ اس کی قبر کو تاحد نگاہ کشادہ کیا جائے گا' اس لیے اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل ایمان والوں کو لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے پڑھنے سے دنیا و آخرت کی زندگی میں ثابت قدم رکھے گا۔ کہا جائے گا: اس کے سامنے جہنم کا ایک دروازہ کھولو! اس کے لیے جہنم کا ایک دروازہ کھول دیا جائے گا' اس کو کہا جائے گا: اگر تُو اللہ کی نافرمانی کرتا تو تیرا یہ مقام ہونا تھا جو اللہ نے تیار کیا ہے وہ تیرے لیے ہے اور اُس کی خوشی اور زیادہ ہو جائے گی' اس کی جلد لوٹا دی جائے گی جس سے شروع ہوئی تھی' اس کی روح پرندہ کے پیٹ میں رکھ دی جائے گی' وہ پرندہ جنت کے درخت میں لٹکا ہوا ہوگا۔ بہرحال کافر' نکیرین اس کے سر کی جانب سے آئیں گے' اس کے سر کے پاس کسی شی کو نہیں

Marfat.com
Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولُ: سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُولُونَ شَيْئًا، فَقُلْتُ كَمَا قَالُوا، فَيُقَالُ لَهُ: صَدَقْتَ، عَلَى هٰذَا حَيِيتَ، وَعَلَيْهِ مِتَّ، وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهُ حَتَّى تَخْتَلِفَ أَضْلَاعُهُ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَمَنْ أَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا) (طه: 124) فَيُقَالُ: افْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى الْجَنَّةِ، فَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَى الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ لَهُ: هٰذَا كَانَ مَنْزِلَكَ وَمَا أَعَدَّ اللّٰهُ لَكَ لَوْ أَنْتَ أَطَعْتَهُ، فَيَزْدَادُ حَسْرَةً وَثُبُورًا، ثُمَّ يُقَالُ لَهُ: افْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى النَّارِ، فَيُفْتَحُ لَهُ بَابٌ إِلَيْهَا، فَيُقَالُ لَهُ: هٰذَا مَنْزِلُكَ وَمَا أَعَدَّ اللّٰهُ لَكَ، فَيَزْدَادُ حَسْرَةً وَثُبُورًا قَالَ أَبُو عُمَرَ: قُلْتُ لِحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ: كَانَ هٰذَا مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ أَبُو عُمَرَ: كَأَنَّهُ يَشْهَدُ بِهٰذِهِ الشَّهَادَةِ عَلَى غَيْرِ يَقِينٍ يَرْجِعُ إِلَى قَلْبِهِ، كَانَ يَسْمَعُ النَّاسَ يَقُولُونَ شَيْئًا فَيَقُولُهُ

پائیں گے اس کے پاؤں کی جانب سے آئیں گے اس طرف بھی کوئی شی نہیں پائیں گے وہ بیٹھا ہوگا خوف کی حالت میں رعب اس پر طاری ہوگا اس کو کہا جائے گا: تُو اس آدمی کے متعلق کیا کہتا تھا جو تم میں موجود تھے تو ان کے متعلق کیا گواہی دیتا تھا؟ اس کو آپ کے نامِ نامی کی طرف راہنمائی نہیں کی جائے گی اس کو کہا جائے گا: یہ محمد ﷺ وہ کہے گا: میں نے لوگوں کو سنا وہ کوئی بات کہتے تھے میں بھی وہی کہتا تھا جو وہ کہتے تھے اس کو کہا جائے گا: تُو یہ سچ کہتا ہے اس پر تو نے زندگی گزاری ہے اور اس پر مرا ہے اس پر اگر اللہ نے چاہا اُٹھائے جاؤ گے اس کی قبر کو تنگ کیا جائے گا یہاں تک کہ اس کی پسلیاں اِدھر اُدھر ہو جائیں گی۔ اللہ عزوجل کے ارشاد کا بھی مطلب یہی ہے: جو میرے ذکر سے کنارہ کشی کرے گا اس کے لیے زندگی تنگ کی جائے گی۔ کہا جائے گا: اس کے سامنے جنت کا دروازہ کھول دیا جائے! اس کو کہا جائے گا: یہ تیرا مقام ہونا تھا جو اللہ نے تیرے لیے تیار کیا تھا اگر تُو اس کی اطاعت کرتا۔ اس کی حسرت اور افسوس میں اور اضافہ ہوگا۔ پھر اس کے لیے کہا جائے گا: اس کے لیے جہنم کا دروازہ کھول دیا جائے! اس کے لیے دروازہ کھول دیا جائے گا آگ کی طرف اس کو کہا جائے گا: یہ تیرا مقام ہے جو اللہ نے تیرے لیے تیار کیا ہے اس کی حسرت اور افسوس میں اور اضافہ ہو جائے گا۔ ابوعمر فرماتے ہیں: میں نے حماد بن سلمہ سے عرض کی: یہ آدمی بھی اہل قبلہ سے ہوگا؟ فرمایا: جی ہاں!

Marfat.com
Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو بِهَذَا التَّمَامِ إِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ

یہ محمد بن عمر سے اس سند سے صرف حماد بن سلمہ ہی روایت کرتے ہیں' ان سے یہ روایت کرنے میں ابوعمر ضریر اکیلے ہیں۔

2631 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومِ بْنِ جَبْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ عَامِرِ بْنِ وَاثِلَةَ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ يَخْطُبُنَا بِالْكُوفَةِ، فَيَقُولُ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ سَعِدَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ بْنُ أُسَيْدٍ، رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَجَبًا مِنْ أَمْرِ هَذَا، يَقُولُ: السَّعِيدُ مَنْ سَعِدَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَالشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ: يَا حُذَيْفَةُ، وَمَا يُعْجِبُكَ مِنْ هَذَا؟ ثُمَّ قَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ بِالشِّفَاءِ مِنْ ذَاكَ؟ ثُمَّ رَفَعَ الْحَدِيثَ، فَقَالَ: إِنَّ مَلَكًا مُوَكَّلًا بِالرَّحِمِ، إِذَا أَرَادَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَخْلُقَ شَيْئًا بِإِذْنِ اللَّهِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ أَجَلُهُ، فَيَقْضِي رَبُّكَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا رَبِّ رِزْقُهُ، فَيَقْضِي رَبُّكَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: شَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، فَيَكُونُ كَذَلِكَ، مَا زَادَ وَمَا نَقَصَ

حضرت ابوطفیل عامر بن واثلہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ہم کو کوفہ میں خطبہ دیتے تھے' فرماتے: بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا' نیک بخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں نیک بخت تھا۔ حضرت حذیفہ بن اُسید رسول اللہ ﷺ کے صحابہ میں سے ایک نے اس پر تعجب کیا کہ نیک بخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں نیک بخت تھا اور بدبخت وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں بدبخت تھا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: اے حذیفہ! آپ کو اس بات سے کیوں تعجب ہو رہا ہے؟ پھر فرمایا: کیا آپ کو اس سے اچھی بات نہ بتاؤں؟ پھر مرفوعاً حدیث بیان کی' فرمایا: اللہ عزوجل جب اپنے حُکم سے کسی شی کو پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو ایک فرشتہ رحم میں مقرر کر دیتا ہے' وہ عرض کرتا ہے: اے رب! اس کی زندگی؟ آپ کا رب فیصلہ کرتا ہے وہ فرشتہ لکھتا ہے اس کی زندگی' پھر وہ فرشتہ عرض کرتا ہے: بدبخت یا نیک بخت؟ آپ کا رب فیصلہ کرتا ہے اور فرشتہ اس کو لکھتا ہے' پھر ایسے ہی ہوتا ہے نہ زیادہ ہوتا ہے نہ کم ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْفَعْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبِيعَةَ إِلَّا مُسْلِمٌ

یہ حدیث ربیعہ سے مرفوعاً مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

2632 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

2631- اخرجه مسلم: القدر جلد4صفحه2037' والطبرانی فی الكبير جلد3صفحه176 رقم الحديث: 3040 .

2632- تقدم تخريجه .

Marfat.com
Marfat.com

قَالَ: نا رَبِيعَةُ بْنُ كُلْثُومٍ، أَنَّهُ سَمِعَ الْحَسَنَ يَقُولُ: حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ: عَهِدَ إِلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا: الْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالْوِتْرُ قَبْلَ النَّوْمِ، وَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ

ﷺ نے مجھ سے تین چیزوں کے کرنے کا وعدہ لیا: (۱) جمعہ کے دن غسل کرنے کا (۲) سونے سے پہلے وتر پڑھ لینے کا اور (۳) ہر ماہ تین روزے رکھنے کا۔

2633 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ حَكَّامٍ قَالَ: نا الْمُثَنَّى بْنُ سَعِيدٍ الْقَصِيرُ قَالَ: نا أَبُو جَمْرَةَ، أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُمْ، عَنْ بُدُوِّ إِسْلَامِ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: لَمَّا بَلَغَهُ أَنَّ رَجُلًا، خَرَجَ بِمَكَّةَ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، بَعَثَ أَخَاهُ، فَقَالَ: انْطَلِقْ حَتَّى تَأْتِيَنِي بِخَبَرِهِ، وَمَا تَسْمَعُ مِنْهُ، فَانْطَلَقَ أَخُوهُ حَتَّى سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى أَبِي ذَرٍّ، فَأَخْبَرَهُ أَنَّهُ يَأْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ، وَيَأْمُرُ بِمَكَارِمِ الْأَخْلَاقِ، فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ: مَا شَفَيْتَنِي، فَأَخَذَ شَنَّةً فِيهَا مَاؤُهُ وَزَادُهُ، ثُمَّ انْطَلَقَ حَتَّى أَتَى مَكَّةَ، فَفَرِقَ أَنْ يَسْأَلَ أَحَدًا عَنْ شَيْءٍ، وَلَمْ يَلْقَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ، فَجَالَ بِهِ حَتَّى أَمْسَى، فَلَمَّا أَعْتَمَ، مَرَّ بِهِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ: مَنِ الرَّجُلُ؟ قَالَ: رَجُلٌ مِنْ غِفَارٍ قَالَ: فَانْطَلِقْ إِلَى الْمَنْزِلِ، فَانْطَلَقَ مَعَهُ، لَا يَسْأَلُ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ، فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَا أَبُو ذَرٍّ فِي الطَّلَبِ، فَلَمَّا أَمْسَى نَامَ فِي الْمَسْجِدِ، فَمَرَّ بِهِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ: آنَ لِلرَّجُلِ أَنْ يُعْرَفَ مَنْزِلُهُ، فَلَمَّا كَانَ الْيَوْمُ الثَّالِثُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب انہیں یہ بات پہنچی کہ مکہ میں ایک ہستی نبی بن کر تشریف لائی ہے تو انہوں نے اپنے بھائی کو بھیجا اور کہا: جاؤ! اور جا کر میرے پاس اُن کی خبر لے کر آؤ اور جو کچھ اُن سے سنو صحیح صحیح بتاؤ۔ آپ کے بھائی گئے یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کے کلام کو سماعت کیا پھر لوٹ کر واپس حضرت ابوذر کے پاس آئے اور آ کر بتایا کہ وہ نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے منع کرتے ہیں اور اچھے اخلاق اپنانے کی تلقین فرماتے ہیں۔ پس حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ نے میری تشفی نہیں کی۔ پس آپ نے اپنا جھولا اُٹھایا جس میں اُن کا پانی اور زادِ راہ تھا۔ پھر چلتے ہوئے مکہ آئے۔ علیحدگی میں کسی سے کچھ پوچھنا چاہتے تھے اور رسول کریم ﷺ سے نہیں ملے۔ پس مسجد میں داخل ہو کر گھومنے لگے یہاں تک کہ وہیں شام ہو گئی، پس جب اندھیرا چھا رہا تھا تو حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ آپ کے پاس سے گزرے، انہوں نے فرمایا: کون آدمی ہے؟ آپ نے جواب دیا: بنی غفار کا ایک فرد ہوں۔ فرمایا: گھر چلو! پس آپ اُن کے ساتھ چلے حتیٰ کہ دونوں میں سے کسی ایک نے بھی اپنے ساتھی سے کسی چیز

2633- اخرجه البخاری: مناقب الأنصار جلد **7** صفحه **210** رقم الحديث: **3861**، ومسلم: فضائل الصحابة جلد **4** صفحه **1923**.

Marfat.com
Marfat.com

اَخَذَ عَلَى عَلِيٍّ لَئِنْ اَخْبَرَهُ بِاَمْرِهِ لَيَسْتُرَنَّ عَلَيْهِ، وَلَيَكْتُمَنَّ عَنْهُ، فَاَخْبَرَهُ اَنَّهُ بَلَغَهُ اَنَّ رَجُلًا خَرَجَ بِمَكَّةَ يَزْعُمُ اَنَّهُ يَرَى، فَبَعَثْتُ اَخِي، فَلَمْ يَاْتِنِي مَا يَشْفِينِي، فَجِئْتُهُ بِنَفْسِي، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: اِنِّي غَادٍ، فَاتَّبِعْنِي، فَاِنِّي اِنْ رَاَيْتُ مَا اَخَافُ عَلَيْكَ قُمْتُ كَاَنِّي اُهَرِيقُ الْمَاءَ، فَغَدَا عَلِيٌّ وَغَدَا اَبُو ذَرٍّ عَلَى اَثَرِهِ، حَتَّى دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلَ اَبُو ذَرٍّ عَلَى اَثَرِهِ، فَاَخْبَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَمِعَ مِنْهُ، فَاَسْلَمَ، ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مُرْنِي بِاَمْرِكَ، فَقَالَ: ارْجِعْ اِلَى قَوْمِكَ حَتَّى يَاْتِيَكَ خَبَرِي، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا رَجَعْتُ حَتَّى اُصَرِّحَ بِالْاِسْلَامِ، فَغَدَا اِلَى الْمَسْجِدِ، فَقَامَ يَصْرُخُ بِاَعْلَى صَوْتِهِ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: صَبَاَ الرَّجُلُ، ثُمَّ قَامُوا اِلَيْهِ فَضَرَبُوهُ حَتَّى سَقَطَ، فَمَرَّ بِهِ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَاَكَبَّ عَلَيْهِ، وَقَالَ: قَتَلْتُمُ الرَّجُلَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ، اَنْتُمْ تُجَّارٌ، وَطَرِيقُكُمْ عَلَى غِفَارٍ اَفَتُرِيدُونَ اَنْ يُقْطَعَ الطَّرِيقُ؟ فَكَفُّوا عَنْهُ، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ عَادَ لِمَقَالَتِهِ، فَوَثَبُوا عَلَيْهِ، فَضَرَبُوهُ حَتَّى سَقَطَ، فَمَرَّ بِهِ الْعَبَّاسُ، فَاَكَبَّ عَلَيْهِ، وَقَالَ لَهُمْ مِثْلَ مَا قَالَ بِالْاَمْسِ، فَكَفُّوا عَنْهُ، فَهٰذَا كَانَ بُدُوُّ اِسْلَامِ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

کے بارے کوئی سوال نہیں کیا۔ جب صبح ہوئی تو حضرت ابوذر پھر اپنے مقصد کی تلاش میں ہو گئے' پس جب شام ہوئی تو آپ مسجد میں ہی سو گئے۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ ان کے پاس سے گزرے تو آپ نے فرمایا: آدمی کے لیے اپنے گھر کو پہچاننے کی گھڑی قریب آ گئی ہے۔ پس جب تیسرا دن آیا تو آپ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قریب ہوئے اور کہا: اگر وہ اُن سے کوئی بات کہیں تو ان پر ضروری ہوگا کہ وہ اس کو چھپائیں اور اپنے تک محدود رکھیں۔ پس آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: انہیں یہ بات پتا چلی ہے کہ مکہ میں ایک ہستی نبی بن کر تشریف لائی ہے۔ میں نے اپنے بھائی کو حقیقت حال معلوم کرنے کے لیے بھیجا لیکن وہ میرے پاس کوئی شافی خبر نہ لا سکا تو میں بذاتِ خود آیا ہوں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُن سے فرمایا: میں آگے آگے چلتا ہوں اور میرے پیچھے پیچھے آ جائیں۔ اگر میں تم پر خوف والی کوئی چیز دیکھوں گا تو کھڑا ہو جاؤں گا۔ اس طرح گویا میں پانی اوپر سے نیچے بہا رہا ہوں۔ پس حضرت علی رضی اللہ عنہ چلے اور حضرت ابوذر بھی ان کے قدموں کے نشانات پر چل پڑے یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کی خدمت میں آ گئے۔ انہوں نے رسول کریم ﷺ کو خبر دی اور سماعت کا شرف حاصل کیا تو اسلام لائے۔ پھر عرض کی: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی خاص حکم ارشاد فرمائیں! آپ نے فرمایا: اپنی قوم کی طرف واپس چلے جائیں اوور وہیں رہیں یہاں تک کہ تیرے پاس ہماری خبر پہنچ

Marfat.com
Marfat.com

جائے۔ پس آپ نے کہا: قسم ہے میں اس وقت تک واپس نہ جاؤں گا جب تک میں اپنے اسلام کا واضح اعلان نہ کرلوں! صبح ہوئی تو مسجد حرام میں گئے اور کھڑے ہوکر بانگ دہل کہا: اشھد ان لا الا الٰه اللّٰه وانّ محمدًا عبدهٗ ورسولہ تو مشرکین نے سن کر کہا: یہ آدمی بے دین ہوگیا ہے۔ پھر آپ کی طرف آئے اور مارنا شروع کر دیا یہاں تک کہ آپ مار کی تاب نہ لاکر گر پڑے تو آپ کے پاس سے حضرت عباس بن عبدالمطلب گزرے' وہ آپ پر سایہ فگن ہوگئے اور فرمایا: اے قریشیو! تم آدمی کو قتل کرنا چاہتے ہو' تم تو تاجر ہو اور تمہارا راستہ بنوغفار قبیلے کے پاس سے گزرتا ہے' کیا تم اپنا راستہ بند کروانا چاہتے ہو' پس اس سے ہاتھ روک لو۔ پس جب اگلی صبح ہوئی تو آپ نے پھر اعلان فرمایا' وہ پھر جھپٹے' پس انہوں نے آپ کو مارا یہاں تک کہ آپ گر گئے۔ حضرت عباس پاس سے گزرے اور دیکھ کر رُکے اور ان پر جھک گئے۔ سو یہ ہے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے اسلام کی ابتداء۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي جَمْرَةَ اِلَّا الْمُثَنَّى، وَلَا رَوَاهُ عَنِ الْمُثَنَّى اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، وَعَمْرُو بْنُ حَكَّامٍ

حضرت ابی جمرہ سے اس حدیث کو جناب مثنیٰ ہی روایت کرتے ہیں اور مثنیٰ سے عبدالرحمٰن بن مہدی اور عمرو بن حکام روایت کرتے ہیں۔

2634 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، اَوْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت زبیر بن عوام یا حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ ہم کو خطبہ دیتے تھے' ہمیں اللہ کے دنوں کی یاد دلاتے یہاں تک کہ ہم آپ کے چہرے سے پہچان لیتے تھے' ایسے محسوس ہوتا

2634- أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد1صفحه167 . انظر: مجمع الزوائد جلد2صفحه191 .

Marfat.com
Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُنَا، فَيُذَكِّرُنَا بِأَيَّامِ اللّٰهِ حَتّٰى نَعْرِفَ ذٰلِكَ فِي وَجْهِهِ، كَأَنَّهُ رَجُلٌ يَخَافُ أَنْ يُصَبِّحَهُمُ الْأَمْرُ غُدْوَةً، وَكَانَ إِذَا كَانَ حَدِيثَ عَهْدٍ بِجِبْرِيلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَبْتَسِمْ ضَاحِكًا حَتّٰى يَرْفَعَ عَنْهُ

کہ کسی آدمی سے آپ اس کے حملہ سے ڈرار ہے ہیں' آپ جب حضرت جبریل علیہ السلام سے گفتگو کر رہے ہوتے تو آپ کھل کر تبسم نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ حضرت جبریل علیہ السلام آپ کے پاس سے چلے جاتے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ إِلَّا هِشَامٌ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں۔

2635 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو عُمَرَ الضَّرِيرُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْعَزْلِ قَالَ: لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوهُ فَإِنَّمَا هُوَ الْقَدَرُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے عزل کے متعلق پوچھا گیا' آپ نے فرمایا: تم پر کوئی گناہ نہیں ہے اس کے کرنے کا لیکن جس روح نے آنا ہے وہ آ کر ہی رہے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ وَرَوَاهُ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ، وَأَصْحَابُ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ

یہ حدیث زہری' عبیداللہ سے اور زہری سے صرف ابراہیم ہی روایت کرتے ہیں اور ان سے مالک بن انس روایت کرتے ہیں۔ زہری کے ساتھی' عبداللہ ابن محیریز سے اور وہ حضرت ابوسعید سے روایت کرتے ہیں۔

2636 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دائیں اور بائیں جانب سلام پھیرتے تھے۔

2635- أخرجه البخاري: القدر جلد **11** صفحه **502** رقم الحديث: **6603**' ومسلم: النكاح جلد **2** صفحه **1062** .

2636- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد **1** صفحه **260** رقم الحديث: **996**' والترمذي: الصلاة جلد **2** صفحه **89** رقم الحديث: **295**' وابن ماجة: الاقامة جلد **1** صفحه **396** رقم الحديث: **914**' وأحمد: المسند جلد **1** صفحه **553** رقم الحديث: **4054** .

Marfat.com
Marfat.com

وَعَنْ يَسَارِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا هِشَامٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُسْلِمٌ

یہ حدیث حماد سے صرف ہشام ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مسلم اکیلے ہیں۔

2637 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ وَكِيعِ بْنِ عُدُسٍ، عَنْ عَمِّهِ اَبِي رَزِينٍ الْعُقَيْلِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ النَّحْلَةِ، لَا تَاْكُلُ اِلَّا طَيِّبًا، وَلَا تَضَعُ اِلَّا طَيِّبًا

حضرت ابورزین العقیلی فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن کی مثال شہد کی مکھی کی طرح ہے' پاک ہی کھاتی ہے اور پاک ہی نکالتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا حَجَّاجٌ وَمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث شعبہ سے صرف حجاج اور مؤمل بن اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

2638 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ قَالَ: نا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَعَنْ يَسَارِهِ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى تَبْدُوَ لَهُمْ صَفْحَتُهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دائیں جانب سلام پھیرتے تو السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہتے' بائیں جانب سلام پھیرتے تو السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہتے تھے تو سلام پھیرتے وقت آپ کے رخسار مبارک دکھائی دیتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِلَّا الْحَجَّاجُ، تَفَرَّدَ بِهِ هِشَامٌ

ابراہیم سے صرف حجاج ہی روایت کرتے ہیں' ہشام حجاج سے روایت کرنے میں اکیلے ہیں۔

2639 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

2637- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحه298 .

2638- أخرجه الطبراني في الكبير جلد10صفحه125 رقم الحديث: 10181 .

2639- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد2صفحه160 رقم الحديث: 337' وابن ماجة: اقامة الصلاة جلد1صفحه305 رقم الحديث: 947' والدارمي: الصلاة جلد1صفحه368 رقم الحديث: 1415' وأحمد: المسند جلد1 صفحه287-288 رقم الحديث: 1896 .

Marfat.com
Marfat.com

عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ الْفَضْلُ اَكْبَرَ مِنِّي، فَكَانَ يُرْدِفُنِي، فَاَكُونُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَارْتَدَفْتُ اَنَا وَاَخِي عَلَى حِمَارَةٍ، فَانْتَهَيْنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي بِالنَّاسِ بِعَرَفَةَ، فَنَزَلْنَا بَيْنَ يَدَيْهِ، وَدَخَلْنَا فَصَلَّيْنَا وَتَرَكْنَاهَا تَرْعَى بَيْنَ يَدَيْهِ، فَلَمْ يَقْطَعْ صَلَاتَهُ

حضرت فضل مجھ سے عمر میں بڑے تھے' آپ مجھے اپنے پیچھے سوار کرتے' میں اپنے دونوں ہاتھوں سے آپ کو پکڑتا تھا' میں اور میرا بھائی آپ کے پیچھے سوار ہوئے گدھی پر' ہم حضورﷺ کے پاس پہنچے' آپ لوگوں کو مقامِ عرفات میں نماز پڑھا رہے تھے' ہم آپ کے پاس آ گئے' اُترے نیچے سواری سے' ہم نے نماز پڑھی اور ہم نے اپنے آگے گدھی چھوڑ دی چرنے کے لیے' آپ نے اپنی نماز نہیں توڑی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُجَاهِدٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث حکم' مجاہد سے اور حکم سے صرف اسماعیل بن مسلم ہی روایت کرتے ہیں۔

2640 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نا الْاَخْضَرُ بْنُ عَجْلَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادَى عَلَى حِلْسٍ وَقَدَحٍ، فِيمَنْ يَزِيدُ، فَاَعْطَاهُ رَجُلٌ دِرْهَمًا، وَاَعْطَاهُ آخَرُ دِرْهَمَيْنِ، فَبَاعَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک کمبل اور پیالہ فروخت کرنے کے لیے لوگوں کو بلایا' ایک آدمی نے اس کا دام ایک درہم لگایا' دوسرے نے دو درہم لگائے' آپ نے دو درہم دینے والے کے ہاتھ فروخت کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَنَسٍ اِلَّا اَبُو بَكْرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْاَخْضَرُ

یہ حدیث حضرت انس سے صرف ابوبکر ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں اخضر اکیلے ہیں۔

فائدہ: امام طبرانی نے یہ حدیث مختصر نقل کی ہے جبکہ ترمذی' ابوداؤد' ابن ماجہ میں روایت اس طرح ہے کہ ایک آدمی آپ کے پاس آیا' اس نے آپ سے سوال کیا' آپ نے اس کو فرمایا: تیرے پاس گھر میں کوئی شے ہے' اس نے عرض کی: ایک کمبل اور ایک پیالہ ہے' کمبل اپنے اوپر لے لیتا ہوں' آپ نے فرمایا: دونوں کو لے کر میرے پاس آؤ' وہ دونوں لے کر آپ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اس کو کون خریدے گا؟ ایک صحابی نے ایک درہم دام لگایا' دوسرے نے دو درہم لگائے' ایک دو درہم

2640- اخرجه أبو داؤد: الزكاة جلد**2**صفحه**123** رقم الحديث: **1641**' والترمذي: البيوع جلد**3**صفحه**514** رقم الحديث: **1218**' وابن ماجة: التجارات جلد**2**صفحه**740** رقم الحديث: **2198** .

Marfat.com
Marfat.com

والے کو دے دیا' فرمایا: ایک درہم اپنے کھانے کے لیے اور ایک درہم کی کلہاڑی لے کر آ ؤ' وہ کلہاڑی لے کر آیا' آپ نے اپنے دست مبارک سے اس کو دستہ ڈالا' فرمایا: جاؤ! اس کے ساتھ جنگل میں لکڑیاں کاٹ کر لاؤ' اس کو بازار میں فروخت کرو' خود بھی اس کی کمائی کھاؤ اور صدقہ بھی کرو' یہ اس سے بہتر ہے کہ تُو مانگے تو تجھے دیا جائے یا نہ دیا جائے۔ (سنن ابن ماجہ صفحہ ۴۴' مترجم علامہ عبدالحکیم اختر شاہجہانپوری' مطبوعہ فرید بک سٹال' لاہور) غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

2641 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ وَقَّاصِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ بِاَخِيهِ اُكْلَةً اَطْعَمَهُ اللّٰهُ مِثْلَهَا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بھائی کا ناحق ایک لقمہ بھی کھایا' اللہ عزوجل اس کی مثل اس کو جہنم کی آگ سے کھلائے گا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ

یہ حدیث مستورد سے صرف اسی سند سے روایت ہے اور وقاص سے صرف سلیمان ہی روایت کرتے ہیں

2642 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ، وَاَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر عید کرو۔

2643 - وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءً يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُعْرَفُ بِغَدْرَتِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر دھوکہ باز کے لیے قیامت کے دن جھنڈا لگایا جائے گا' جس کی وجہ سے اس کا دھوکہ باز ہونا پہچانا جائے گا۔

2644 - وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ سُهَيْلٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

2641- اخرجه ابو داؤد: الأدب جلد 4صفحه271 رقم الحديث: 4881' واحمد: المسند جلد4صفحه280 رقم الحديث: 18034 .

2642- اخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه143 رقم الحديث: 1906' ومسلم: الصيام جلد2صفحه759 .

2643- اخرجه البخاري: الجزية جلد6صفحه327 رقم الحديث: 3188' ومسلم: الجهاد جلد3صفحه1360 .

2644- اخرجه الطبراني في الدعاء رقم الحديث: 95612 .

Marfat.com
Marfat.com

بْـنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَالَ حِينَ تَغِيبُ الشَّمْسُ: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّهُ فِي لَيْلَتِهِ شَيْءٌ

ﷺ نے فرمایا: جس نے یہ کلمات ''اعوذ بکلمات الاتامات من شر ما خلق'' سورج غروب ہونے کے وقت پڑھ لیے اس کو اس رات کوئی شی نقصان نہیں دے گی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رِفَاعَةَ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث محمد بن رفاعہ سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

2645 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عَاصِمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسَحَ عَلَى جَوْرَبَيْهِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے اپنی دونوں جرابوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي قَيْسٍ اِلَّا سُفْيَانُ

یہ حدیث ابوقیس سے صرف سفیان ہی روایت کرتے ہیں۔

2646 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا اَبُو عَاصِمٍ قَالَ: نا الْمُغِيرَةُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ، فَلَبِسَهُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، فَفَشَتْ خَوَاتِيمُ الذَّهَبِ، فَرَمَى بِهِ، وَاتَّخَذَ خَاتَمًا مِنْ وَرِقٍ، وَنُقِشَ فِيهِ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنائی' اس کو تین دن تک پہنا' تو صحابہ کرام نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنالیں' آپ نے اس کو پھینک دیا اور آپ نے چاندی کی انگوٹھی بنائی' اس میں نقش یہ تھا: محمد رسول اللہ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ اِلَّا اَبُو عَاصِمٍ

یہ حدیث مغیرہ سے صرف ابوعاصم ہی روایت کرتے ہیں۔

2645- اخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 40 رقم الحديث: 159' والترمذی: الطهارة جلد 1 صفحه 167 رقم الحديث: 99' وابن ماجة: الطهارة جلد 1 صفحه 185 رقم الحديث: 559' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 309 رقم الحديث: 18234 .

2646- اخرجه البخاری: اللباس جلد 10 صفحه 330 رقم الحديث: 5866' ومسلم: اللباس جلد 3 صفحه 1656 .

Marfat.com
Marfat.com

2647 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا أَبُو حُذَيْفَةَ مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ: نا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ أَبِي زُمَيْلٍ سِمَاكِ بْنِ الْوَلِيدِ الْحَنَفِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، دَعْنِي أَضْرِبْ عُنُقَ حَاطِبِ بْنِ أَبِي بَلْتَعَةَ، فَقَدْ كَفَرَ. قَالَ: وَمَا يُدْرِيكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، لَعَلَّ اللّٰهَ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ: اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ، فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے چھوڑیں' میں حاطب کی گردن اُڑا دوں کیونکہ یہ کافر ہوگیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اے عمر بن خطاب! آپ کو معلوم نہیں ہے کہ اللہ نے بدر والوں پر توجہ فرمائی ہے اور فرمایا: تم جو چاہو عمل کرو میں نے تم کو بخش دیا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي زُمَيْلٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عِكْرِمَةُ

یہ حدیث ابوزمیل' حضرت ابن عباس سے روایت کرتے ہیں اور ابن عباس' حضرت عمر سے روایت کرتے ہیں' اس سند سے ابوزمیل سے روایت کرنے میں عکرمہ اکیلے ہیں۔

2648 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ زِيَادٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى زُنْبُورٌ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الصُّبْحِ، عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: بَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُنَا عَلَى بَابِ الْحُجُرَاتِ إِذْ أَقْبَلَ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَمَعَهُمَا فِئَامٌ مِنَ النَّاسِ، يُجَاوِبُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، وَيَرُدُّ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَلَمَّا رَأَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَكَتُوا، فَقَالَ: مَا كَلَامٌ سَمِعْتُهُ آنِفًا، جَاوَبَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا، وَيَرُدُّ بَعْضُكُمْ عَلَى بَعْضٍ؟ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، زَعَمَ أَبُو بَكْرٍ أَنَّ الْحَسَنَاتِ مِنَ اللّٰهِ وَالسَّيِّئَاتِ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے' ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے گھروں کے دروازے کے پاس' ہم کو آپ حدیث بیان کر رہے تھے' اچانک حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما آئے' ان دونوں کے ساتھ لوگوں کی ایک جماعت تھی' کچھ وہ ایک دوسرے کی باتوں کا جواب دے رہے تھے اور کچھ ایک دوسرے کی باتوں کا جواب دے رہے تھے' انہوں نے حضور ﷺ کو دیکھا وہ خاموش ہو گئے' آپ نے فرمایا: تم کیا گفتگو کر رہے تھے جو میں ابھی سن رہا تھا؟ تم ایک دوسرے کو جواب دے رہے تھے؟ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت ابوبکر کا خیال ہے کہ

2647- انظر: مجمع الزوائد جلد9 صفحه306-307 .

2648- انظر: مجمع البحرين(3220) .

Marfat.com
Marfat.com

مِنَ الْعِبَادِ، وَقَالَ عُمَرُ: السَّيِّئَاتُ وَالْحَسَنَاتُ مِنَ اللّٰهِ، فَتَابَعَ هٰذَا قَوْمٌ، وَتَابَعَ هٰذَا قَوْمٌ، فَاَجَابَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا، وَرَدَّ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، فَالْتَفَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: كَيْفَ قُلْتُ؟ فَقَالَ قَوْلَهُ الْاَوَّلَ، وَالْتَفَتَ اِلَى عُمَرَ، فَقَالَ قَوْلَهُ الْاَوَّلَ، فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِقَضَاءِ اِسْرَافِيلَ بَيْنَ جِبْرِيلَ وَمِيكَائِيلَ فَتَعَاظَمَ ذٰلِكَ فِي اَنْفُسِ النَّاسِ، وَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَقَدْ تَكَلَّمَ فِي هٰذَا جِبْرِيلُ؟ فَقَالَ: اِي وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَهُمَا اَوَّلُ خَلْقِ اللّٰهِ تَكَلَّمَ فِيهِ، فَقَالَ مِيكَائِيلُ بِقَوْلِ اَبِي بَكْرٍ، وَقَالَ جِبْرِيلُ بِقَوْلِ عُمَرَ، فَقَالَ جِبْرِيلُ لِمِيكَائِيلَ: اِنَّا مَتَى نَخْتَلِفُ اَهْلَ السَّمَاءِ يَخْتَلِفُ اَهْلُ الْاَرْضِ، فَلْنَتَحَاكَمْ اِلَى اِسْرَافِيلَ، فَتَحَاكَمَا اِلَيْهِ، فَقَضَى بَيْنَهُمَا بِحَقِيقَةِ الْقَدَرِ، خَيْرِهِ وَشَرِّهِ، حُلْوِهِ وَمُرِّهِ، كُلُّهُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَاِنِّي قَاضٍ بَيْنَكُمَا ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ، اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى لَوْ اَرَادَ اَنْ لَا يُعْصَى لَمْ يَخْلُقْ اِبْلِيسَ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ

نیکیاں اللہ کی طرف سے ہیں اور بُرائیاں بندوں کی طرف سے ہیں اور حضرت عمر کا خیال ہے کہ نیکیاں اور بُرائیاں اللہ کی جانب سے ہیں' کچھ لوگ حضرت ابوبکر کی اتباع کرتے ہیں اور کچھ حضرت عمر کی اتباع کرتے ہیں' ان میں بعض کو جواب دیتے ہیں اور بعض بعض کی بات کو ردّ کرتے ہیں۔ حضور ﷺ حضرت ابوبکر کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: آپ کیا کہتے ہیں؟ حضرت ابوبکر نے پہلی والی بات عرض کی' آپ ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میں تمہارے درمیان فیصلہ کروں گا جو حضرت اسرافیل علیہ السلام نے حضرت جبریل اور میکائیل کے درمیان کیا ہے' لوگوں کے دلوں میں یہ بات آئی' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اس مسئلہ میں حضرت جبریل نے بات کی ہے؟ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! یہ دونوں پہلے ہیں جن کو اللہ عزوجل نے اس مسئلہ میں گفتگو کے لیے پیدا کیا ہے' حضرت میکائیل علیہ السلام حضرت ابوبکر والی بات کہتے ہیں' حضرت جبریل عمر والی بات کہتے ہیں' حضرت جبریل نے حضرت میکائیل سے کہا: ہم جب آسمان والے اختلاف کرتے ہیں تو زمین والے بھی اختلاف کرتے ہیں' ہم اس کا فیصلہ حضرت اسرافیل سے کرواتے ہیں۔ دونوں اپنا فیصلہ کروانے کے لیے حضرت میکائیل علیہ السلام کے پاس گئے' حضرت میکائیل علیہ السلام دونوں کے درمیان فیصلہ کیا تقدیر کی حقیقت کے ساتھ' تقدیر کے اچھا اور بُرا اور

Marfat.com
Marfat.com

میٹھا اور کڑوا ہونا سب اللہ کی جانب سے ہیں' میں بھی تمہارے درمیان فیصلہ کرتا ہوں' پھر آپ حضرت ابوبکر کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: اے ابوبکر! بے شک اللہ عزوجل اگر ارادہ کرتا کہ اس کی کوئی نافرمانی نہ کرے تو ابلیس کو پیدا نہ کرتا' حضرت ابوبکر نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُقَاتِلٍ إِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَعْلَى

یہ حدیث مقاتل سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں اور عمر سے روایت کرنے میں محمد بن یعلیٰ اکیلے ہیں۔

2649 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ قَالَ: نا أَبِي قَالَ: نا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ: نا جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَ: نا أَبُو حَصِينٍ الْأَسَدِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُعَلِّمُكُمْ خَمْسًا؟: حُبَّ الْمَسَاكِينِ وَالدُّنُوَّ مِنْهُمْ، وَانْظُرُوا إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلُ مِنْكُمْ، وَلَا تَنْظُرُوا إِلَى مَنْ فَوْقَكُمْ، وَصِلُوا الرَّحِمَ وَإِنْ أَدْبَرَتْ، وَقُولُوا الْحَقَّ وَإِنْ كَانَ مُرًّا، وَأَكْثِرُوا مِنْ قَوْلِ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے سنا فرماتے ہوئے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تم کو پانچ چیزیں نہ سکھاؤں! مساکین کی محبت' مساکین کے قریب رہنے کی اور تم اپنے نیچے درجہ والے آدمی کو دیکھو جو تم سے بڑا ہے مال میں اس کی طرف نہ دیکھو' صلہ رحمی کرو اگرچہ وہ پیچھے ہو' حق بات کہو اگرچہ وہ کڑوی کیوں نہ ہو اور کثرت سے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي حَصِينٍ إِلَّا جَرِيرٌ، وَلَا عَنْ جَرِيرٍ إِلَّا أَبُو أُسَامَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ أَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ، وَأَحْسَبُ الْقَاسِمَ الَّذِي رَوَى عَنْهُ أَبُو حَصِينٍ هَذَا الْحَدِيثَ الْقَاسِمَ بْنَ مُخَيْمِرَةَ

یہ حدیث ابوحصین سے صرف جریر اور جریر سے صرف ابواسامہ ہی روایت کرتے ہیں۔ احمد بن عمر سے روایت کرنے میں ابواسامہ اکیلے ہیں۔ امام طبرانی فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ یہ حدیث ابوحصین سے روایت کرتے ہیں قاسم بن مخیمرہ۔

2649- انظر: مجمع الزوائد جلد10صفحہ266 ۔

Marfat.com
Marfat.com

2650 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ اللَّاحِقِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْاِبِلِ فَقَالَ: مَا لَكَ وَلَهَا؟ مَعَهَا سِقَاؤُهَا وَحِذَاؤُهَا، تَأْكُلُ الشَّجَرَ، وَتَرِدُ الْمَاءَ حَتّٰى يَأْتِيَهَا رَبُّهَا ثُمَّ سُئِلَ عَنْ ضَالَّةِ الْغَنَمِ، فَقَالَ: لَكَ اَوْ لِاَخِيكَ اَوْ لِلذِّئْبِ وَسُئِلَ عَنْ حَرِيسَةِ الْجَبَلِ، فَقَالَ: هِيَ عَلَيْهِ، وَمِثْلُهَا، وَجَلَدَاتُ نَكَالٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ اِلَّا حَمَّادٌ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے'ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ سے پوچھا گیا گم شدہ اونٹ کے متعلق؟ آپ نے فرمایا: آپ کو اس سے کیا واسطہ؟ اس کا پانی اس کے ساتھ ہوتا ہے'وہ درخت کے پتے کھالیتا ہے اور پانی پینے کے لیے خود چلا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کا مالک اس کے پاس آ جائے' پھر آپ سے گم شدہ بکری کے متعلق پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا: وہ تیری یا تیرے بھائی کی ہے یا بھیڑیا کے لیے ہے اور پہاڑ پر جانوروں کے باڑہ کے بارے سوال کیا گیا تو فرمایا: یہ اس پر ہے'اس کی مثل اور دوہری مصیبتیں۔

یہ حدیث عبیداللہ سے صرف حماد ہی روایت کرتے ہیں۔

2651 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ: نا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلِقِ قَالَ: بَعَثَ زِيَادٌ اِلَى اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَالٍ، وَفَضَّلَ عَائِشَةَ، فَجَعَلَ الرَّسُولُ يَعْتَذِرُ اِلَى اُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَتْ: يَعْتَذِرُ اِلَيْنَا زِيَادٌ؟ لَقَدْ كَانَ يُفَضِّلُهَا مَنْ كَانَ اَعْظَمَ عَلَيْنَا تَفْضِيلًا مِنْ زِيَادٍ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُغِيرَةَ اِلَّا قَيْسٌ، وَلَا عَنْ قَيْسٍ اِلَّا يَحْيَى، تَفَرَّدَ بِهِ الْوَكِيعِيُّ


عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ كَانَ يُسَلِّمُ تَسْلِيمَتَيْنِ فِي الصَّلَاةِ

2899 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا نَصْرٌ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَحَابَّ رَجُلَانِ فِي اللّٰهِ اِلَّا كَانَ اَحَبُّهُمَا اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَشَدُّهُمَا حُبًّا لِصَاحِبِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو دو آدمی اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے آپس میں محبت کرتے ہیں' اللہ عزوجل اس سے زیادہ محبت کرتا ہے جو اپنے ساتھی سے زیادہ محبت کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ

یہ حدیث ثابت سے صرف عبداللہ بن زبیر ہی روایت کرتے ہیں۔

2900 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ قَالَ: نا اَبُو قُتَيْبَةَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ سَالِمٍ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ بْنِ اُسَامَةَ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صُومُوا مِنْ وَضَحٍ اِلَى وَضَحٍ

حضرت ابوالملیح بن اسامہ ہذلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: روزے رکھو ایک چاند سے دوسرے چاند تک۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ اِلَّا سَالِمٌ، وَلَا عَنْ سَالِمٍ اِلَّا مُفَضَّلٌ، تَفَرَّدَ بِهِ اَبُو قُتَيْبَةَ

یہ حدیث ابوالملیح سے سالم اور سالم سے مفضل روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوقتیبہ اکیلے ہیں۔

2901 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُوسَى قَالَ: نا سَلْمٌ، عَنْ عُمَرَ بْنِ نَبْهَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي النَّعْلَيْنِ وَالْخُفَّيْنِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے نعلین اور موزے پہن کر نماز پڑھی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا عُمَرُ، تَفَرَّدَ بِهِ سَلْمٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں سلم اکیلے ہیں۔

2900- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: **504**' والبزار في كشف الأستار جلد **1** صفحه **482**.

Marfat.com
Marfat.com

2902 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ: نا عُوَيْنُ بْنُ عَمْرٍو الْقَيْسِيُّ اَخُو رِيَاحِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: نا سَعِيدُ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَئُوا الْقُرْآنَ بِالْحُزْنِ، فَاِنَّهُ نَزَلَ بِالْحُزْنِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن پڑھو غم میں ڈوب کر کیونکہ قرآن' غم کی کیفیت ساتھ لے کر نازل ہوا ہے۔

2903 - وَبِهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ غُرَفًا يُرَى ظَوَاهِرُهَا مِنْ بَوَاطِنِهَا، وبَوَاطِنُهَا مِنْ ظَوَاهِرِهَا اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُتَحَابِّينَ فِيهِ، وَالْمُتَزَاوِرِينَ فِيهِ، وَالْمُتَبَاذِلِينَ فِيهِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں ایک کمرہ ایسا ہوگا کہ اس کے اندر والا حصہ باہر سے دکھائی دے گا اور باہر کا حصہ اندر سے دکھائی دے گا' وہ اللہ عزوجل نے تیار کیا ہے آپس میں اللہ کی رضا کے لیے محبت کرنے والوں' آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرنے والوں اور آپس میں ایک دوسرے پر خرچ کرنے والوں کے لیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا عُوَيْنٌ، تَفَرَّدَ بِهِمَا اِسْمَاعِيلُ

یہ دونوں حدیثیں سعید سے صرف عوین ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں حدیثوں کو روایت کرنے والے اسماعیل اکیلے ہیں۔

2904 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ: نا جَعْفَرٌ الضُّبَعِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ، وَرُبَّمَا خَلَعَهُمَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نعلین میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا' کبھی اُتار کر پڑھتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَعْفَرٍ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث جعفر سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

2905 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ

حضرت راشد ابومحمد الحمانی فرماتے ہیں کہ میں نے

Marfat.com
Marfat.com

الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا بَكَّارُ بْنُ سُقَيْرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي رَاشِدٌ أَبُو مُحَمَّدٍ الْحِمَّانِيُّ قَالَ: رَأَيْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، بِالزَّاوِيَةِ، فَقُلْتُ: أَخْبِرْنِي عَنْ وُضُوءِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ كَانَ؟ فَإِنَّهُ بَلَغَنِي أَنَّكَ كُنْتَ تُوَضِّئُهُ قَالَ: نَعَمْ، فَدَعَا بِوَضُوءٍ، فَأُتِيَ بِطَسْتٍ وبِقَدَحٍ نُحِتَ، يَقُولُ: كَمَا نُحِتَ فِي أَرْضِهِ فَوُضِعَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَأَكْفَأَ عَلَى يَدَيْهِ مِنَ الْمَاءِ، فَأَنْعَمَ غَسْلَ كَفَّيْهِ، ثُمَّ مَضْمَضَ ثَلَاثًا، وَاسْتَنْشَقَ ثَلَاثًا، وَغَسَلَ وَجْهَهُ ثَلَاثًا، ثُمَّ أَخْرَجَ يَدَهُ الْيُمْنَى فَغَسَلَهَا ثَلَاثًا، ثُمَّ غَسَلَ الْيُسْرَى ثَلَاثًا، ثُمَّ مَسَحَ بِرَأْسِهِ مَرَّةً وَاحِدَةً غَيْرَ أَنَّهُ أَمَرَّهَا عَلَى أُذُنَيْهِ، فَمَسَحَ عَلَيْهِمَا، ثُمَّ أَدْخَلَ كَفَّيْهِ جَمِيعًا فِي الْمَاءِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ کو مقامِ زاویہ میں دیکھا' میں نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ کے وضو کے متعلق بتائیں! آپ کیسے وضو کرتے تھے؟ کیونکہ مجھے خبر پہنچی ہے کہ تم آپ ﷺ کو وضو کرواتے تھے۔ حضرت انس نے فرمایا: جی ہاں! آپ نے وضو کے لیے پانی مانگا! میں آپ کے پاس ایک تھال اور پیالہ لے کر آیا' آپ کے سامنے رکھا' آپ نے دونوں ہاتھوں پر ہتھیلی سے پانی ڈالا' دونوں ہتھیلیوں کو دھویا' پھر تین بار کلی کی اور تین بار ناک میں پانی ڈالا' اپنے چہرے کو تین مرتبہ دھویا' پھر دائیں ہاتھ کو باہر نکالا' اس کو تین مرتبہ دھویا پھر بائیں ہاتھ کو تین مرتبہ دھویا اور سر کا ایک مرتبہ مسح کیا اور دونوں کانوں پر مسح کیا' پھر اپنی دونوں ہتھیلیاں پانی میں اکٹھی داخل کیں اور حدیث ذکر کی۔

2906 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا أَبُو ظِلَالٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، عَنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَلَكَ رَجُلَانِ مَفَازَةً: عَابِدٌ، وَالْآخَرُ بِهِ رَهَقٌ، فَعَطِشَ الْعَابِدُ حَتَّى سَقَطَ، فَجَعَلَ صَاحِبُهُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ، وَمَعَهُ مِيضَاةٌ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ مَاءٍ، فَجَعَلَ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَهُوَ صَرِيعٌ، فَقَالَ: وَاللَّهِ لَئِنْ مَاتَ هَذَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ عَطَشًا وَمَعِي مَاءٌ لَا أُصِيبُ مِنَ اللَّهِ خَيْرًا أَبَدًا، وَلَئِنْ سَقَيْتُهُ مَائِي لَأَمُوتَنَّ، فَتَوَكَّلَ عَلَى اللَّهِ وَعَزَمَ، فَرَشَّ عَلَيْهِ مِنْ مَائِهِ وَسَقَاهُ فَضْلَهُ، فَقَامَ حَتَّى قَطَعَا الْمَفَازَةَ، فَيُوقَفُ الَّذِي بِهِ رَهَقٌ يَوْمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دو آدمی جنگل میں چل رہے تھے' ایک عبادت گزار دوسرا گناہگار تھا' عبادت گزار کو پیاس لگی یہاں تک کہ گر گیا اور اپنے ساتھی کو دیکھنے لگا' اس کے پاس اپنے پینے کے لیے پانی تھا وہ اس کو دیکھنے لگا' وہ بے سدھ پڑا تھا' اس نے کہا: قسم بخدا! اگر یہ نیک بندہ پیاس سے مر گیا باوجودیکہ میرے پاس پانی موجود ہے' تو میں اللہ عزوجل سے ہمیشہ نیکی نہیں پاسکوں گا' اگر میں نے اس کو پلا دیا تو میں خود مر جاؤں گا' اس نے اللہ پر بھروسہ اور یقین کیا' اس پر پانی ڈالا۔ بچا ہوا اسے پلا دیا۔ پس وہ اُٹھا یہاں تک کہ جنگل سے گزر گیا۔ قیامت کے

Marfat.com
Marfat.com

الْقِيَامَةِ لِلْحِسَابِ، فَيُؤْمَرُ بِهِ إِلَى النَّارِ، فَتَسُوقُهُ الْمَلَائِكَةُ، فَيَرَى الْعَابِدَ، فَيَقُولُ: يَا فُلَانُ، أَمَا تَعْرِفُنِي؟ فَيَقُولُ: وَمَنْ أَنْتَ؟ فَيَقُولُ: أَنَا فُلَانٌ الَّذِي آثَرْتُكَ عَلَى نَفْسِي يَوْمَ الْمَفَازَةِ، فَيَقُولُ: بَلَى، أَعْرِفُكَ. فَيَقُولُ لِلْمَلَائِكَةِ: قِفُوا، فَيَقِفُونَ وَيَجِيءُ حَتَّى يَقِفَ، فَيَدْعُو رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ قَدْ تَعْرِفُ يَدَهُ عِنْدِي، وَكَيْفَ آثَرَنِي عَلَى نَفْسِهِ، يَا رَبِّ هَبْهُ لِي، فَيَقُولُ لَهُ: هُوَ لَكَ، فَيَجِيءُ فَيَأْخُذُ بِيَدِ أَخِيهِ، فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ قَالَ جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ: فَقُلْتُ لِأَبِي ظِلَالٍ: حَدَّثَكَ أَنَسٌ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ

دن گناہ گار کو حساب کے لیے روک لیا جائے گا۔ اس کے متعلق حکم دیا جائے گا کہ اس کو جہنم میں ڈال دو۔ اس کو فرشتے ہانک کر لے چلیں گے' عبادت گزار کو وہ دیکھے گا تو کہے گا: اے فلان! کیا آپ مجھے پہچانتے نہیں ہو؟ وہ کہے گا: آپ کون ہیں؟ وہ جواب دے گا: میں وہی ہوں جس نے پیاس کی حالت میں آپ کو خود پر ترجیح دی تھی' وہ کہے گا: کیوں نہیں! پہچانتا ہوں' فرشتوں کو کہے گا ٹھہرو! وہ ٹھہریں گے' وہ آئے گا یہاں تک کہ رُکے گا' اللہ عزوجل سے دعا کرے گا: اے رب! تُو اس کے احسان کو جانتا ہے کہ اس نے مجھے اپنے اوپر ترجیح دی تھی' اے میرے رب! میرے لیے اس پر رحم کر! یا اس کا معاملہ مجھ پر چھوڑ دے! اللہ عزوجل اس کو فرمائے گا: وہ تیرا ہے' وہ آئے گا اپنے بھائی کا ہاتھ پکڑے گا اور جنت میں داخل کرے گا۔ حضرت جعفر بن سلیمان فرماتے ہیں: میں نے ابوطلال سے کہا: حضرت انس نے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے بیان کیا ہے' فرمایا: جی ہاں!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي ظِلَالٍ إِلَّا جَعْفَرٌ، تَفَرَّدَ بِهِ الصَّلْتُ

یہ حدیث ابوظلال سے صرف جعفر ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں صلت اکیلے ہیں۔

2907 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أُنَيْسِ بْنِ أَبِي يَحْيَى، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْمَعْ أَصْحَابَكَ فَجَعَلْتُ أَتَتَبَّعُهُمْ فِي الْمَسْجِدِ رَجُلًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے ساتھیوں کو جمع کرو! میں مسجد میں ایک ایک کر کے تلاش کر کے اُٹھانے لگا' ہم حضور ﷺ کے دولت خانہ پر آئے' میں داخل ہوا' ہمارے آگے آپ نے دو مدجو رکھے' ہم کو فرمایا: کھاؤ اللہ

2907- انظر: مجمع الزوائد جلد8صفحہ311 .

Marfat.com
Marfat.com

رَجُلًا، أُوقِظُهُمْ، فَأَتَيْنَا بَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلْنَا، فَوُضِعَتْ بَيْنَ أَيْدِينَا صَحْفَةُ صَنِيعٍ قَدْرَ مُدَّيْنِ شَعِيرٍ، فَقَالَ لَنَا: كُلُوا بِسْمِ اللّٰهِ، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ وُضِعَتِ الصَّحْفَةُ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، مَا فِي آلِ مُحَمَّدٍ قَبَسُ شَيْءٍ غَيْرَ مَا تَرَوْنَهُ فَأَكَلْنَا حَتَّى شَبِعْنَا، وَبَقِيَ مِنْهَا بَقِيَّةٌ، وَكُنَّا مَا بَيْنَ السَّبْعِينَ إِلَى الثَّمَانِينَ قِيلَ لِأَبِي هُرَيْرَةَ: مِثْلُ أَيْشٍ كَانَتْ حِينَ فَرَغْتُمْ مِنْهَا؟ فَقَالَ: مِثْلُهَا حِينَ وُضِعَتْ، إِلَّا أَنَّ فِيهَا أَثَرُ الْأَصَابِعِ

کا نام لے کر۔ اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس وقت پیالہ رکھا: اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! آل محمد کے پاس اس کے علاوہ کوئی شے نہیں ہے' جو تم دیکھ رہے ہو۔ ہم نے کھایا اور سیر ہو گئے' باقی لنگر اسی طرح پڑا رہا' ہم ستر یا اسّی افراد تھے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے عرض کی گئی: جب تم کھا کر فارغ ہوئے تو اس میں کوئی کمی دیکھی؟ فرمایا: جس وقت ہم کھا کر فارغ ہوئے تو اس میں صرف انگلیوں کے نشانات دیکھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ سَالِمٍ إِلَّا أُنَيْسُ بْنُ أَبِي يَحْيَى

یہ حدیث اسحاق بن سالم سے صرف انیس بن ابی یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2908 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَيَّارٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا عَبْدَانُ بْنُ عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي زِيَادٍ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا ثَقُلَ، وَعِنْدَهُ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ، إِذْ دَخَلَ عَلِيٌّ، فَلَمَّا رَآهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفَعَ رَأْسَهُ، ثُمَّ قَالَ: ادْنُ مِنِّي، ادْنُ مِنِّي فَأَسْنَدَهُ إِلَيْهِ، فَلَمْ يَزَلْ عِنْدَهُ حَتَّى تُوُفِّيَ، فَلَمَّا قَضَى قَامَ عَلِيٌّ وَأَغْلَقَ الْبَابَ، وَجَاءَ الْعَبَّاسُ وَمَعَهُ بَنُو عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَامُوا عَلَى الْبَابِ، فَجَعَلَ عَلِيٌّ يَقُولُ: مَا زِلْتَ طَيِّبًا حَيًّا، وَطَيِّبًا مَيِّتًا، وَسَطَعَتْ رِيحُهُ طَيِّبَةً لَمْ يَجِدُوا مِثْلَهَا، فَقَالَ: إِنَّهَا رِيحُ حَنِينِكَ كَحَنِينِ الْمَرْأَةِ، وَأَقْبِلُوا عَلَى

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب بیمار ہوئے تو آپ کے پاس حضرت عائشہ اور حفصہ رضی اللہ عنہما تھیں' اچانک حضرت علی رضی اللہ عنہ داخل ہوئے' جب حضور ﷺ نے ان کو دیکھا تو آپ نے اپنا سر اُٹھایا' پھر فرمایا: میرے قریب ہو جاؤ! میرے قریب ہو جاؤ! آپ نے اُن کے ساتھ ٹیک لگائی' وصال تک آپ نے ٹیک لگائی رکھی' جب آپ کا وصال ہوا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' دروازہ بند کر دیا' حضرت عباس آئے اور آپ کے ساتھ عبدالمطلب کے بیٹے تھے' وہ دروازہ پر کھڑے رہے' حضرت علی رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: آپ کی زندگی اور وصال مبارک میں خوشبو مہکتی رہی' اس کی مثل لوگوں نے نہیں پائی ہے

Marfat.com
Marfat.com

صَاحِبِكُمْ. فَقَالَ عَلِيٌّ: اَدْخِلُوا عَلَيَّ الْفَضْلَ بْنَ الْعَبَّاسِ، فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ: نَشَدْنَاكُمْ بِاللّٰهِ فِي نَصِيبِنَا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ، فَاَدْخَلُوا رَجُلًا مِنْهُمْ، يُقَالُ لَهُ اَوْسُ بْنُ خَوْلِيٍّ، يَحْمِلُ جَرَّةً بِاِحْدَى يَدَيْهِ، فَسَمِعُوا صَوْتًا فِي الْبَيْتِ: لَا تُجَرِّدُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاغْسِلُوهُ كَمَا هُوَ فِي قَمِيصِهِ، فَغَسَّلَهُ عَلِيٌّ، يُدْخِلُ يَدَهُ تَحْتَ الْقَمِيصِ، وَالْفَضْلُ يُمْسِكُ الثَّوْبَ عَنْهُ، وَالْاَنْصَارِيُّ يَنْقُلُ الْمَاءَ، وَعَلَى يَدِ عَلِيٍّ خِرْقَةٌ، يُدْخِلُ يَدَهُ تَحْتَ الْقَمِيصِ

آپ سے خوشبو مہک رہی تھی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کی طرف متوجہ ہوئے' حضرت علی نے فرمایا: میرے پاس فضل بن عباس داخل ہو جائیں! انصار کہنے لگے: ہم آپ کو اللہ کی قسم دیتے ہیں' رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے کا ہمارا بھی حصہ ہے' انصار میں ایک آدمی داخل ہوا' اس کو اوس بن خولی کہا جاتا تھا' اس نے اپنے ہاتھ میں ایک گھڑا اُٹھایا' اس نے گھر کے اندر آواز سنی' رسول اللہ ﷺ کے کپڑے نہ اُتارو' آپ کو غسل دو اس قمیص میں جو آپ پر ہے۔ حضرت علی نے غسل دیا' آپ نے اپنا ہاتھ حضور ﷺ کی قمیص کے نیچے سے ڈالا اور فضل نے آپ سے کپڑا پکڑا ہوا تھا' انصاری پانی بہا رہے تھے' حضرت علی کے ہاتھ میں کپڑا تھا' وہ آپ کی قمیص کے نیچے داخل کرتے تھے۔

2909 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِيُّ قَالَ: نا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: كَانَ الْعَرَبُ يَجْعَلُونَ عَامًا شَهْرًا وعَامًا شَهْرَيْنِ، وَلَا يُصِيبُونَ الْحَجَّ اِلَّا فِي كُلِّ سِتَّةٍ وَعِشْرِينَ سَنَةً مَرَّةً، وَهُوَ النَّسِيءُ الَّذِي ذَكَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي كِتَابِهِ، فَلَمَّا كَانَ عَامٌ حَجَّ اَبُو بَكْرٍ بِالنَّاسِ وَافَقَ فِي ذَلِكَ الْعَامِ الْحَجَّ، فَسَمَّاهُ اللّٰهُ الْحَجَّ الْاَكْبَرَ، ثُمَّ حَجَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، فَاسْتَقْبَلَ النَّاسُ الْاَهِلَّةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور ان کے والد ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ عرب کے لوگ سال کو مہینہ اور دو مہینے بناتے تھے' وہ ہر چھبیس (۲۶) سال میں ایک بار صحیح وقت پر حج کرتے تھے' یہ نسی کا مطلب ہے' جس کا اللہ عزوجل نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے' جس سال لوگوں کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حج کروایا' اس سال حج کا سال تھا۔ اللہ عزوجل نے اس کا نام حج اکبر رکھا تھا' پھر آئندہ سال حضور ﷺ نے حج کیا' لوگوں نے چاندوں کے گزرنے کا انتظار کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا: زمانہ گھوم کر اس دن پر جائے گا جس دن اللہ عزوجل نے زمین و آسمان کو پیدا کیا ہے۔

2909- انظر: الدر المنثور جلد3صفحه236 .

Marfat.com
Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الزَّمَانَ قَدِ اسْتَدَارَ كَهَيْئَتِهِ يَوْمَ خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ إِلَّا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، وَلَا عَنْ دَاوُدَ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ الصَّلْتُ

یہ حدیث عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں ان سے صرف داؤد بن ابی ہند ہی روایت کرتے ہیں اور داؤد سے صرف محمد بن عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں صلت اکیلے ہیں۔

2910 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ، وَهُوَ بِمَكَّةَ، بِالنَّجْمِ، وَسَجَدَ مَعَهُ الْمُسْلِمُونَ وَالْمُشْرِكُونَ وَالْجِنُّ وَالْإِنْسُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مکہ میں سورۂ نجم کا سجدہ کیا آپ کے ساتھ مسلمان مشرک جن وانس نے سجدہ کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث ایوب سے صرف عبدالوارث ہی روایت کرتے ہیں۔

2911 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَئُوا بِالْعَشَاءِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب شام کا کھانا حاضر ہو اور نماز کا وقت ہو جائے تو پہلے کھانا کھالیا کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَيُّوبَ إِلَّا عَبْدُ الْوَارِثِ

یہ حدیث ایوب سے صرف عبدالوارث ہی روایت کرتے ہیں۔

2912 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

2910- أخرجه البخاري: السجود جلد 2 صفحه 644 رقم الحديث: 1071' والترمذي: سننه جلد 2 صفحه 464 رقم الحديث: 575 .

2911- أخرجه البخاري: الأطعمة جلد 9 صفحه 497-498 رقم الحديث: 5463' ومسلم: المساجد جلد 1 صفحه 392 .

2912- أخرجه البخاري: الأشربة جلد 10 صفحه 69 رقم الحديث: 5610' ومسلم: الأشربة جلد 3 صفحه 1574

Marfat.com
Marfat.com

الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ الْجَعْدِ الْهُذَلِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الرُّطَبِ وَالْبُسْرِ اَنْ يُخْلَطَا

حضور ﷺ نے تر اور خشک کھجوریں ملانے سے منع فرمایا ہے (کہ دونوں کو الگ الگ بیچا جائے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ الْجَعْدِ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ

یہ حدیث حماد بن جعد سے صرف ابراہیم بن حجاج ہی روایت کرتے ہیں۔

2913 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ، نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ: نا بَكَّارُ بْنُ سُقَيْرٍ الْاَعْرَجُ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي سُقَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنْ مَنْزِلِهِ، وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِهِ، فَاَخَذَ فِي بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِينَةِ، فَمَرَّ بِفِنَاءِ قَوْمٍ، وَسَخْلَةٌ مَيْتَةٌ مَطْرُوحَةٌ بِفِنَائِهِمْ، فَقَامَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيْهَا، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى اَصْحَابِهِ، فَقَالَ: تَرَوْنَ هَذِهِ السَّخْلَةَ هَانَتْ عَلَى اَهْلِهَا اِذْ طَرَحُوهَا؟ فَقَالُوا: نَعَمْ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ. فَقَالَ: فَوَاللّٰهِ، لَلدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هَذِهِ السَّخْلَةِ عَلَى اَهْلِهَا اِذْ طَرَحُوهَا هَكَذَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک رات اپنے گھر سے نکلے' آپ کے ساتھ صحابہ کرام بھی تھے' آپ مدینہ کی کسی گلی سے گزرنے لگے' آپ کا گزر ایک قوم کے صحن سے ہوا ان کے صحن میں بکری کے بچے کو پایا جو مردار پڑا ہوا تھا۔ اس کی طرف دیکھنے لگے' پھر اپنے صحابہ کی طرف متوجہ ہوئے' فرمایا: تم یہ مردار دیکھ رہے ہو کہ اس کے مالک نے اس کو حقیر سمجھ کر پھینک دیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: اللہ کے ہاں دنیا اس سے بھی زیادہ حقیر ہے' جتنا یہ مردار اپنے مالک پر جب اس نے اس کو اس طرح پھینک دیا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ بَكَّارُ بْنُ سُقَيْرٍ

ابن عمر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابن سقیر اکیلے ہیں۔

2914 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا حِبَّانُ بْنُ يَسَارٍ اَبُو رَوْحٍ

حضرت برید بن ابی مریم السلولی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے رسول اللہ ﷺ کو

2913- انظر: الثقات جلد6صفحه107 .

2914- أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه218 رقم الحديث: 17610' والطبراني في الكبير جلد19صفحه275 رقم الحديث: 604 . انظر: مجمع الزوائد جلد3صفحه265 .

Marfat.com
Marfat.com

الْكِلَابِيُّ قَالَ: نا بُرَيْدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ السَّلُولِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَلِلْمُقَصِّرِينَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُحَلِّقِينَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَلِلْمُقَصِّرِينَ، حَتَّى اِذَا كَانَ فِي الرَّابِعَةِ قَالَ: وَلِلْمُقَصِّرِينَ

فرماتے ہوئے سنا: اے اللہ! حلق کروانے والوں کو بخش دے! قوم میں ایک آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! بال کٹوانے والوں کے لیے بھی دعا کریں' آپ نے پھر دعا کی: اے اللہ! حلق کروانے والوں کی مغفرت کر! چوتھی مرتبہ آپ نے بال کم کٹوانے والوں کے لیے دعا کی۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ اِلَّا حِبَّانُ بْنُ يَسَارٍ

یہ حدیث برید بن ابی مریم سے صرف حبان بن یسار ہی روایت کرتے ہیں۔

2915 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ: نا مَيْمُونُ بْنُ نَجِيحٍ اَبُو الْحَسَنِ قَالَ: نا الْحَسَنُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: اَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنِّي اَشْتَهِي الْجِهَادَ، وَاِنِّي لَا اَقْدِرُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: هَلْ بَقِيَ اَحَدٌ مِنْ وَالِدَيْكَ؟ قَالَ: اُمِّي قَالَ: فَاَبْلِ اللّٰهَ عُذْرًا فِي بِرِّهَا، فَاِنَّكَ اِذَا فَعَلْتَ ذٰلِكَ فَاَنْتَ حَاجٌّ وَمُعْتَمِرٌ وَمُجَاهِدٌ، اِذَا رَضِيَتْ عَنْكَ اُمُّكَ، فَاتَّقِ اللّٰهَ وَبِرَّهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں جہاد کرنا چاہتا ہوں لیکن میں اس کی طاقت نہیں رکھتا ہوں' آپ نے فرمایا: کیا تیرے والدین میں کوئی ایک زندہ ہے؟ اس نے عرض کی: میری والدہ زندہ ہے' آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے تیرا عذر قبول کر لیا' ماں کی خدمت کی وجہ سے' اگر تو ماں کی خدمت کرے گا تو حج و عمرہ و جہاد کا ثواب پالے گا بشرطیکہ ماں بھی تجھ سے راضی ہو' اللہ سے ڈر اور ماں سے نیکی کر۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ اِلَّا مَيْمُونٌ

یہ حدیث حسن سے صرف میمون ہی روایت کرتے ہیں۔

2916 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاهِبِ الْحَارِثِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ سَلَمَةَ بْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس تھے' آپ کوئی شے کھا رہے تھے' صحابہ

2916- أخرجه البخاري في العلم جلد 1 صفحه 198-199 رقم الحديث: 72' ومسلم: المنافقين جلد 4 صفحه 2165' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 18 رقم الحديث: 4598' والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 412 رقم الحديث: 13521 .

Marfat.com
Marfat.com

كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَاْكُلُ جُمَّارًا، وَالْقَوْمُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرَةً مِثْلَ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ قَالَ: فَسَكَتَ الْقَوْمُ حَتّٰى كِدْتُ اَسْاَلُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا اَصْغَرُ الْقَوْمِ، فَقَالَ: هِيَ النَّخْلَةُ

آپ کے پاس تشریف فرما تھے حضور ﷺ نے فرمایا: وہ کون سا درخت ہے؟ جس کی مثال مسلمان آدمی کی طرح ہے سارے صحابہ کرام خاموش ہو گئے یہاں تک کہ قریب تھا کہ میں رسول کریم ﷺ کو جواب دیتا حالت یہ تھی کہ میں قوم میں چھوٹا تھا' آپ نے فرمایا: وہ کھجور ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ اِلَّا يَحْيَى

یہ حدیث سلمہ سے صرف یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

2917 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ هَاشِمٍ اَبُو مَالِكٍ الْجَنْبِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ قَالَ: حَدَّثَنِي الْبَهْزِيُّ قَالَ: سَاَلْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ، عَنْ تَشَهُّدِ عَلِيٍّ فَقَالَ: هُوَ تَشَهُّدُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَقُلْتُ: حَدِّثْنِي بِتَشَهُّدِ عَلِيٍّ، عَنْ تَشَهُّدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ وَالْغَادِيَاتُ وَالرَّائِحَاتُ، وَالزَّاكِيَاتُ وَالنَّاعِمَاتُ السَّابِغَاتُ الطَّاهِرَاتُ لِلّٰهِ

حضرت بہزی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے پوچھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کون سی التحیات پڑھتے تھے' فرمایا: وہی جو حضور ﷺ پڑھتے تھے' میں نے کہا کہ مجھے وہ التحیات سکھاؤ جو نبی کریم ﷺ سے سیکھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ پڑھتے تھے۔ وہ یہ ہے: ''اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ الی آخرہ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطَاءٍ اِلَّا عَمْرٌو

یہ حدیث عبداللہ بن عطاء سے صرف عمرو ہی روایت کرتے ہیں۔

2918 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ سِيَاهٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ کو جب بھی دو کاموں کا اختیار دیا جاتا تو آپ ان میں سے آسان کو اختیار کرتے تھے۔

2917- أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 2905 .

2918- أخرجه البخاري: المناقب جلد6صفحه654 رقم الحديث: 3560' ومسلم: الفضائل جلد4صفحه1813 .

Marfat.com
Marfat.com

ثَابِتٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَمْرَيْنِ اِلَّا اخْتَارَ اَيْسَرَهُمَا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَبِيبٍ اِلَّا عَبْدُ الْعَزِيزِ

یہ حدیث حبیب سے صرف عبدالعزیز ہی روایت کرتے ہیں۔

2919 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَلَّافُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِصِبْيَانٍ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ بچوں کے پاس سے گزرتے تو آپ اُن کو سلام کرتے۔

2920 - وَبِهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَرَخَ بِهِمَا، يَعْنِي: الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے (حج و عمرہ دونوں کا احرام باندھا) بلند آواز سے تلبیہ پڑھا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَيْنِ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ

یہ دونوں حدیثیں سعید سے صرف محمد بن سواء ہی روایت کرتے ہیں۔

2921 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، كُتِبَتْ لَهُ عَشْرًا، وَمَنْ قَالَهَا عَشْرَ مِرَارٍ كُتِبَ لَهُ مِائَةٌ، وَمَنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ غَفَرَ لَهُ، وَمَنْ اَعَانَ عَلَى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سبحان اللہ کہا اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی' جس نے دس مرتبہ پڑھا اس کے لیے ایک سو نیکیاں لکھی جائیں گی' جس نے اللہ سے بخشش مانگی' اللہ عزوجل اس کو معاف کر دے گا' جو ظلم کرنے کے لیے لڑا یا بغیر علم کے لڑا' وہ مسلسل اللہ کی ناراضگی میں رہے

2919- اخرجه البخاری: الاستئذان جلد 11 صفحه 34 رقم الحديث: 6247' ومسلم: السلام جلد 4 صفحه 1708 .

2920- اخرجه البخاری: الحج جلد 3 صفحه 477 رقم الحديث: 1548 . انظر: تلخيص الحبير جلد 2 صفحه 246 رقم الحديث: 2 .

2921- اخرجه احمد: جلد 2 صفحه 112 رقم الحديث: 5543' والبيهقی فی الكبير جلد 8 صفحه 576 رقم الحديث: 17618-17617 .

Marfat.com
Marfat.com

خُصُومَةٍ بِظُلْمٍ اَوْ بِغَيْرِ عِلْمٍ، لَمْ يَزَلْ فِي سَخَطِ اللّٰهِ حَتّٰى يَبْرَحَ، وَمَنْ حَالَتْ شَفَاعَتُهُ دُونَ حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللّٰهِ، فَقَدْ ضَادَّ اللّٰهَ، وَمَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ دِينَارٌ اَوْ دِرْهَمٌ قُصَّ مِنْ حَسَنَاتِهِ لَيْسَ ثَمَّ دِينَارٌ وَلَا دِرْهَمٌ

گا یہاں تک کہ اس سے باز آ جائے' جس نے اللہ کی حدود میں سے کسی حد کو ٹالنے کی سفارش کی' اللہ اس سے ناراض ہوگا' جو اس حالت میں دنیا سے گیا کہ اس کے ذمہ قرض تھا' ایک دینار یا درہم۔ اس کی نیکیوں سے اس کا بدلہ دیا جائے گا' جس وقت اس کا قرض ادا کرنے کے لیے درہم اور دینار نہ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حُسَيْنٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

یہ حدیث حسین سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں محمد بن عبدالرحمٰن اکیلے ہیں۔

2922 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: كُنْتُ مَعَ اَبِي عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَكُونُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ اثْنَا عَشَرَ قَيِّمًا، لَا يَضُرُّهُمْ مَنْ خَذَلَهُمْ وهَمَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلِمَةٍ لَمْ اَسْمَعْهَا، فَقُلْتُ لِاَبِي: الْكَلِمَةُ الَّتِي هَمَسَ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے والد کے ساتھ حضور ﷺ کے ساتھ تھا' آپ نے فرمایا: ائمہ بارہ ہوں گے' جو اس کو رسوا کرنا چاہے گا وہ ان کو نقصان نہیں دے سکے گا' رسول اللہ ﷺ نے ایک بات آہستہ کی جسے میں نہ سن سکا' میں نے اپنے والد سے کہا کہ جو کلمہ حضور ﷺ نے آہستہ کہا ہے' وہ کیا ہے؟ فرمایا: آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ سارے کے سارے قریش سے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ

یہ حدیث قتادہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں۔

2923 - وَبِهِ عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَيْرِ حَقِّهَا لَمْ يُرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَاِنَّ رِيحَهَا لَتُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے معاہدہ بغیر حق کے توڑا تو وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا حالانکہ جنت کی خوشبو پانچ سو سال مسافت سے محسوس کی جاتی ہے۔

2922- أخرجه مسلم: الامارة جلد3صفحه1453 . انظر: مجمع الزوائد جلد5صفحه194 .

Marfat.com
Marfat.com

خَمْسِمِائَةِ عَامٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا مُحَمَّدٌ

یہ حدیث سعید سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں۔

2924 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ اَبِي الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ، بِالْكُوفَةِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَمَانِينَ وَمِائَتَيْنِ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَازِنُ قَالَ: نا اَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ قِبْلَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مشرق ومغرب کے درمیان قبلہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو اِلَّا اَبُو مَعْشَرٍ

یہ حدیث محمد بن عمرو سے صرف ابومعشر ہی روایت کرتے ہیں۔

2925 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَازِنُ قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت بریرہ کا شوہر غلام تھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ اِلَّا ابْنُ اَبِي لَيْلَى، وَلَا عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى اِلَّا اَبُو حَفْصٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَارِثُ

یہ حدیث نافع سے صرف ابن ابی لیلیٰ اور ابن ابی لیلیٰ سے صرف ابوحفص روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں حارث اکیلے ہیں۔

2926 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مَرَّارُ بْنُ حَمُّوَيْهِ الْهَمَذَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ اَبُو

حضرت زید بن اسلم اپنے والد اسلم سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر نے رماد والے سال حج کیا'

2924- أخرجه الترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 171 رقم الحديث: 342-344' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 323 رقم الحديث: 1011 . انظر: نصب الراية جلد 1 صفحه 303 .

2925- أخرجه الدارقطني: سننه جلد 3 صفحه 293 رقم الحديث: 177-178 . انظر: التلخيص الحبير جلد 3 صفحه 302-303 رقم الحديث: 8 .

Marfat.com
Marfat.com

زَكَرِيَّا الْمَدَنِيُّ، حَافِظُ قَبْرِ رَسُولِ اللّٰهِ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ قَيْسٍ مَوْلَى بَنِي الْحَارِثِ بْنِ فِهْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ اَسْلَمَ قَالَ: حَجَّ عُمَرُ عَامَ الرَّمَادَةِ سَنَةَ سِتَّ عَشْرَةَ، حَتَّى اِذَا كَانَ بَيْنَ السُّقْيَا وَالْعَرْجِ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ، عَرَضَ لَهُ رَاكِبٌ عَلَى الطَّرِيقِ، فَصَاحَ: اَيُّهَا الرَّكْبُ، اَفِيكُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: وَيْلَكَ، اَتَعْقِلُ؟ فَقَالَ: الْعَقْلُ سَاقَنِي اِلَيْكَ، تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالُوا: تُوُفِّيَ، فَبَكَى وَبَكَى النَّاسُ، فَقَالَ: مَنْ وَلِيَ الْاَمْرَ بَعْدَهُ؟ قَالُوا: ابْنُ اَبِي قُحَافَةَ، فَقَالَ: اَحْنَفُ بَنِي تَيْمٍ؟ قَالُوا: نَعَمْ قَالَ: فَهُوَ فِيكُمْ؟ قَالُوا: قَدْ تُوُفِّيَ قَالَ: فَدَعَا، وَدَعَا النَّاسُ، فَقَالَ: مَنْ وَلِيَ الْاَمْرَ بَعْدَهُ قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: اَحْمَرُ بَنِي عَدِيٍّ؟ قَالُوا: نَعَمْ، هُوَ الَّذِي كَلَّمَكَ قَالَ: فَاَيْنَ كُنْتُمْ عَنْ اَبْيَضَ بَنِي اُمَيَّةَ اَوْ اَصْلَعَ بَنِي هَاشِمٍ؟ قَالُوا: قَدْ كَانَ ذَاكَ، فَمَا حَاجَتُكَ؟ قَالَ: لَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ، وَاَنَا اَبُو عَقِيلٍ الْجُعَيْلِيُّ، عَلَى رِدْهَةِ جُعَيْلٍ، فَاَسْلَمْتُ وَبَايَعْتُ وَشَرِبْتُ مَعَهُ شَرْبَةً مِنْ سَوِيقٍ، شَرِبَ اَوَّلَهَا وَسَقَانِي آخِرَهَا، فَوَاللّٰهِ مَا زِلْتُ اَجِدُ شِبَعَهَا كُلَّمَا جُعْتُ، وَبَرْدَهَا كُلَّمَا عَطِشْتُ، وَرِيَّهَا كُلَّمَا ظَمِئْتُ اِلَى يَوْمِي هَذَا، ثُمَّ تَسَنَّمْتُ هَذَا الْجَبَلَ الْاَبْيَضَ اَنَا وَزَوْجَتِي وَبَنَاتٌ لِي، فَكُنْتُ فِيهِ اُصَلِّي فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ خَمْسَ صَلَوَاتٍ، وَاَصُومُ شَهْرًا فِي السَّنَةِ،

سولہ سال جب سقیا اور عرج کے مقام پر آئے اور رات کے وقت آپ کے سامنے راستہ میں ایک سوار دکھائی دیا' اس نے آواز دی' کہا: کیا تم میں رسول اللہ ﷺ موجود ہیں' اس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! کیا تُو سمجھتا ہے؟ اس نے کہا: عقل والا ہوں تب ہی میں چل رہا ہوں' اس نے کہا: کیا رسول اللہ ﷺ کا وصال ہو گیا ہے؟ صحابہ کرام نے فرمایا: آپ کا وصال ہو گیا ہے۔ وہ رو پڑا' صحابہ کرام بھی رو پڑے' اس نے کہا: آپ ﷺ کے بعد امیر المؤمنین کون ہے؟ صحابہ کرام نے کہا: ابن ابی قحافہ! اس نے کہا: احنف بن تمیم کے خاندان سے؟ صحابہ کرام نے کہا: جی ہاں! اس نے کہا: کیا وہ تم میں موجود ہیں؟ صحابہ کرام نے کہا: ان کا وصال ہو گیا ہے۔ راوی کا بیان ہے: اس نے دعا کی' صحابہ کرام نے بھی دعا کی' اس نے کہا: ان کے بعد امیر المؤمنین کون ہے؟ کہا: عمر بن خطاب ہیں' اس نے کہا: بنی عدی کا سرخ آدمی؟ صحابہ کرام نے کہا: جی ہاں! وہی ہستی جو ابھی آپ سے ہمکلام تھی' تم کہاں ہو؟ اے بنو امیہ کے سفید آدمی اور بنی ہاشم کا اصلع؟ انہوں نے جواب دیا: موجود ہیں تیرا کام کیا ہے؟ اس نے کہا: میں رسول کریم ﷺ سے ملا جبکہ میں ابوعقیل جعیلی ہوں۔ میں نے اسلام قبول کیا' بیعت کی۔ آپ کے ساتھ ستو پیا' پہلے چند گھونٹ آپ نے لیے (جو پتلے ہوتے ہیں) اور بعد والے مجھے پلائے (جو گاڑھے ہوتے ہیں) خدا کی قسم! مسلسل میں اُس کی سفیدی محسوس کر رہا ہوں' جب

Marfat.com
Marfat.com

وَاذْبَحُ لِعَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ فَذَلِكَ مَا عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى دَخَلَتْ هَذِهِ السَّنَةُ، فَلَا وَاللّٰهِ مَا بَقِيَتْ لَنَا شَاةٌ إِلَّا شَاةٌ وَاحِدَةٌ بَغَتَهَا الذِّئْبُ الْبَارِحَةَ، فَأَكَلَ بَعْضَهَا وَأَكَلْنَا بَعْضَهَا، فَالْغَوْثَ، الْغَوْثَ فَقَالَ عُمَرُ: أَتَاكَ الْغَوْثُ، أَصْبِحْ مَعَنَا بِالْمَاءِ وَمَضَى عُمَرُ حَتَّى جَاءَ الْمَاءَ، وَجَعَلَ يَنْتَظِرُ، وَأَخَّرَ الرَّوَاحَ مِنْ أَجْلِهِ، فَلَمْ يَأْتِ، فَدَعَا صَاحِبَ الْمَاءِ، فَقَالَ: إِنَّ أَبَا عَقِيلٍ الْجُعَيْلِيَّ مَعَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ لَهُ وَزَوْجَتُهُ، فَإِذَا جَائَكَ فَأَنْفِقْ عَلَيْهِ وَعَلَى أَهْلِهِ وَوَلَدِهِ حَتَّى أَمُرَّ بِكَ رَاجِعًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَلَمَّا قَضَى عُمَرُ حِجَّهُ رَجَعَ وَدَعَا صَاحِبَ الْمَاءِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ أَبُو عَقِيلٍ؟ فَقَالَ: جَائَنِي الْغَدَ يَوْمَ حَدَّثْتَنِي، فَإِذَا هُوَ مَوْعُوكٌ، فَمَرِضَ عِنْدِي لَيَالِيَ، ثُمَّ مَاتَ، فَذَاكَ قَبْرُهُ، فَأَقْبَلَ عُمَرُ عَلَى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: لَمْ يَرْضَ اللّٰهُ لَهُ فِتْنَتَكُمْ، ثُمَّ قَامَ فِي النَّاسِ فَصَلَّى عَلَيْهِ، وَضَمَّ بَنَاتَهُ وَزَوْجَتَهُ، فَكَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِمْ

بھی مجھے بھوک لگتی ہے اور اس کی ٹھنڈک محسوس کرتا ہوں' جب بھی مجھے پیاس لگتی ہے' آج کے اس دن تک اس کی تری محسوس کرتا ہوں' جب بھی مجھے تشنگی محسوس ہوتی ہے۔ اس سفید پہاڑ پر میں نے اپنی بیوی اور بیٹیوں کے ساتھ ڈیرہ ڈال لیا۔ پس میں اس میں رات دن میں پانچ نمازیں پڑھتا ہوں' سال میں ایک ماہ کے روزے رکھتا ہوں' دسویں ذی الحجہ کو قربانی کرتا ہوں۔ پس یہ وہ چیزیں ہیں جو رسول کریم ﷺ نے مجھے سکھائی تھیں یہاں تک کہ یہ سال آ گیا۔ قسم بخدا! میرے پاس صرف ایک ہی بکری رہ گئی تھی' گزشتہ رات بھیڑیے نے اس پر حملہ کیا۔ کچھ اُس نے کھائی' باقی کچھ ہم نے کھائی۔ المدد' المدد! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مدد تیرے پاس آ گئی ہے! صبح ہمارے پاس پانی لے کر آؤ۔ حضرت عمر چلے گئے اور وہ پانی پر آ کر انتظار کرنے لگا موت کی وجہ سے اس کا لوٹنا مؤخر ہو گیا' پس واپس نہ آیا۔ اس نے پانی والے کو آواز دی اور کہا: ابوعقیل جعیلی ہے' اس کے ساتھ اس کی تین بیٹیاں اور ایک بیوی ہے' جب تیرے پاس آئے تو اس پر اور اس کی بیوی' بچوں پر خرچ کر یہاں تک کہ میں واپس آؤں' انشاء اللہ! جب حضرت عمر حج کر کے واپس آئے تو صاحب ماء کو بلایا اور فرمایا: ابوعقیل نے کیا کیا؟ اس نے عرض کی: جس دن آپ نے مجھ سے بات کی وہ اس سے دوسرے دن میرے پاس آیا جبکہ اسے بخار تھا۔ کئی راتیں میرے پاس بیمار رہا پھر فوت ہو گیا۔ یہ اس کی قبر ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں

Marfat.com
Marfat.com

کی طرف متوجہ ہوکر فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اس کی وجہ سے تمہیں آزمائش میں ڈالنا پسند نہیں کیا۔ پھر لوگوں میں کھڑے ہوکر اس کے لیے دعا کی اور اس کی بیٹیوں اور بیوی کو اس کے ساتھ ملا دیا اور وہ ان پر خرچ کرتے رہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِى عَقِيلٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ مَرَّارٌ

یہ حدیث ابوعقیل سے صرف اسی سند کے ساتھ روایت ہے اور مرار اس کے ساتھ منفرد ہیں۔

2927 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَازِنُ قَالَ: نا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ مَنْصُورٍ، وَالْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِى وَائِلٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشُوصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے منہ کو مسواک سے صاف کرتے تھے۔

2928 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مَرَّارُ بْنُ حَمُّويَةَ قَالَ: نا اَبُو النَّضْرِ قَالَ: نا جَرْوَلُ بْنُ جَيْفَلٍ الْحَرَّانِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِى صَالِحٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْلَمَ عَلَى بَعْضِ مِنْ نِسَائِهِ بِقَدْرٍ مِنْ هَرِيسَةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی کسی زوجہ محترمہ کا ہریسہ کے ساتھ ولیمہ کیا۔

2929 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عِصَامٍ الْجُرْجَانِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بِالْجَابِيَةِ، فَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مقامِ جابیہ پر ہم کو خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے، فرمایا: ہم میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس مقام میں کھڑے ہوئے تھے فرمایا: میرے صحابہ کی عزت کرنا، پھر ان سے ملنے والوں کی، پھر اس کے بعد جھوٹ

2927- أخرجه البخاري: الوضوء جلد1صفحه424 رقم الحديث: 245، ومسلم: الطهارة جلد1صفحه221 .

2928- انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه53 .

2929- أخرجه أحمد: المسند جلد1صفحه33 رقم الحديث: 178، وابن حبان (2282/موارد) .

Marfat.com
Marfat.com

وَسَلَّمَ مَقَامِي فِيكُمْ، فَقَالَ: اَكْرِمُوا اَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتَّى يَشْهَدَ الرَّجُلُ وَلَمْ يُسْتَشْهَدْ، وَيَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلَمْ يُسْتَحْلَفْ، فَمَنْ اَرَادَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ، وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، اَلَا لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ، فَإِنَّ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ، اَلَا وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ، وَسَائَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

ظاہر ہوگا' یہاں تک کہ آدمی گواہی دے حالانکہ اس سے گواہی طلب نہیں کی جائے گی' ایک آدمی قسم اُٹھائے گا حالانکہ اُس سے قسم مانگی نہیں جائے گی' جو جنت میں جانا چاہتا ہے وہ جماعت کو اختیار کرے' بے شک کیونکہ شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور دو سے وہ دُور رہتا ہے' خبردار! کوئی آدمی کسی عورت کے ساتھ خلوت نہ کرے اگر کرے گا تو تیسرا شیطان اس کے ساتھ ہوگا' خبردار! جس کو اس کی نیکی خوش کرے اور بُرائی پریشان کرے' وہ مؤمن ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا اَبُو دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْحَمِيدِ

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابوداؤد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالحمید اکیلا ہے۔

2930 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ التَّمَّارُ قَالَ: نا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَاجٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ طَارِقٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْحَرُورِيَّةِ، فَقَالَ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، لَوَدِدْتُ اَنَّكَ مِتَّ مَعَ اَصْحَابِكَ وَلَمْ تَبْقَ بَعْدَهُمْ، اَقْبَلْتَ عَلَى الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، وَتَرَكْتَ الْجِهَادَ؟ فَاَجَابَ الْحَرُورِيَّ: ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ، لَئِنْ كُنْتُ كَائِنًا بَعْدَهُمْ خَمْسِينَ سَنَةً اَتَنَفَّصُ لَقَدْ خُلِقْتُ لِلتَّحَسُّرِ، ثُمَّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلَى خَمْسٍ: عَلَى اَنْ يُعْبَدَ اللّٰهُ، وَاِقَامِ الصَّلَاةِ، وَاِيتَاءِ الزَّكَاةِ، وَحَجِّ بَيْتِ اللّٰهِ، وَصَوْمِ رَمَضَانَ. فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ اَشْرَافِ اَهْلِ الشَّامِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حروریہ سے ایک آدمی آیا' اس نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! میں چاہتا ہوں کہ آپ کے ساتھیوں کے ساتھ مروں' ان کے بعد دنیا میں نہ رہوں' حج و عمرہ کرنا اور جہاد چھوڑتا تھا؟ حروریہ نے جواب دیا: تیری ماں تجھ پر روئے! اگر میں ان کے پچاس سال بعد پیدا ہوا ہوں' میں حسرت کر رہا ہوں۔ پھر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے: اللہ کی عبادت کرنا' نماز قائم کرنا' زکوٰۃ ادا کرنا' بیت اللہ کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔ ملک شام میں ایک بڑا آدمی آپ کے پاس بیٹھا ہوا تھا' اس نے کہا: آپ اس کو اللہ کی عبادت کرنے کے لیے کہہ رہے ہیں' آپ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے کہا: روزے تو حج سے پہلے ہیں' آپ نے ما

2930- أخرجه البخاري: التفسير جلد8صفحه32' ومسلم: الايمان جلد1صفحه45 .

Marfat.com
Marfat.com

عِنْدَهُ جَالِسٌ: اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ تَاْمُرُ بِهَا؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَعَدَّ الصَّوْمَ قَبْلَ الْحَجِّ، فَقَالَ: لَا اَجْعَلُهُ اِلَّا آخِرَهُنَّ، هٰكَذَا سَمِعْتُهَا مِنْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میں تو ان کے آخر میں رکھوں گا' میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے اسی طرح سنا ہے۔

2931 - وَبِهِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَاجٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، وَعِكْرِمَةَ، وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ: ذَكَرَ الْمَسْحَ عَلَى الْخُفَّيْنِ عِنْدَ عُمَرَ سَعْدٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، فَقَالَ عُمَرُ: سَعْدٌ اَفْقَهُ مِنْكَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ: يَا سَعْدُ، اِنَّا لَا نُنْكِرُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَسَحَ، وَلٰكِنْ هَلْ مَسَحَ مُنْذُ اُنْزِلَتْ سُورَةُ الْمَائِدَةِ؟ قَالَ: فَلَمْ يَتَكَلَّمْ اَحَدٌ، فَاِنَّهَا اَحْكَمَتْ كُلَّ شَيْءٍ، وَكَانَتْ آخِرَ سُورَةٍ اُنْزِلَتْ مِنَ الْقُرْآنِ اِلَّا بَرَاءَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت سعد اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس موزوں پر مسح کے متعلق ذکر کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سعد آپ سے زیادہ فقیہ ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اے سعد! ہم انکار نہیں کر رہے ہیں کہ حضور ﷺ مسح کرتے تھے' لیکن کیا آپ نے سورۂ مائدہ نازل ہونے کے ساتھ مسح کیا؟ فرمایا: اس میں تو کسی کو کلام نہیں ہے' کیونکہ ہر شی کی حکمت ہوتی ہے' سو قرآن میں آخری سورۃ براۃ نازل ہوئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُعْتَمِرٍ اِلَّا عُبَيْدٌ

یہ دونوں حدیثیں معتمر سے صرف عبید ہی روایت کرتے ہیں۔

2932 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْحَنْظَلِيُّ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، دَخَلَ الْجَنَّةَ فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ: وَاِنْ زَنَا، وَاِنْ سَرَقَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِنْ زَنَا وَاِنْ سَرَقَ، عَلَى رَغْمِ اَنْفِ اَبِي

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا وہ جنت میں داخل ہو گیا' حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اگرچہ وہ زانی اور چور ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگرچہ وہ زانی اور چور ہو' ابودرداء کی ناک خاک آلود ہو!

2931- أخرجه أحمد: المسند جلد1 صفحه475 رقم الحديث: 3461 . انظر: مجمع الزوائد جلد1 صفحه 261 .

Marfat.com
Marfat.com

الدَّرْدَاءِ .

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ رَجَاءٍ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الزُّبَيْرِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَرَادَةَ

رجاء سے صرف محمد بن زبیر اور محمد بن زبیر سے صرف عبداللہ بن عرادہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2933 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ فِي خُطْبَتِهِ: إِنَّ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَنِي أَنْ أُعَلِّمَكُمْ مَا جَهِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِي فِي يَوْمِي هَذَا: إِنَّ كُلَّ مَالٍ نَحَلْتُهُ عَبْدِي حَلَالٌ، وَإِنِّي خَلَقْتُ عِبَادِي حُنَفَاءَ كُلَّهُمْ، وَإِنَّهُمْ أَتَتْهُمُ الشَّيَاطِينُ فَاجْتَالَتْهُمْ عَنْ دِينِهِمْ، وَحَرَّمَتْ عَلَيْهِمْ مَا أَحْلَلْتُ لَهُمْ، وَأَمَرَتْهُمْ أَنْ يُشْرِكُوا بِي مَا لَمْ أُنْزِلْ بِهِ سُلْطَانًا وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ نَظَرَ إِلَى أَهْلِ الْأَرْضِ فَمَقَتَهُمْ، عَجَمَهُمْ وَعَرَبَهُمْ إِلَّا بَقَايَا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ، وَقَالَ: إِنَّمَا بَعَثْتُكَ لِأَبْتَلِيَكَ وَأَبْتَلِيَ بِكَ، فَأَنْزَلْتُ عَلَيْكَ كِتَابًا لَا يَغْسِلُهُ الْمَاءُ، تَقْرَأُهُ نَائِمًا وَيَقْظَانَ وَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَمَرَنِي أَنْ آتِيَ قُرَيْشًا، فَقُلْتُ: يَا رَبِّ إِذًا يَثْلَغُوا رَأْسِي، فَيَدَعُوهُ خُبْزَةً، فَقَالَ: اسْتَخْرِجْهُمْ كَمَا اسْتَخْرَجُوكَ، وَاغْزُهُمْ نُغْزِكَ، وَأَنْفِقْ فَسَنُنْفِقُ عَلَيْكَ، وَابْعَثْ جَيْشًا أَبْعَثْ خَمْسَةً أَمْثَالِهِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ

حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خطبہ دیا' خطبہ میں فرمایا: میرے رب نے مجھے حکم دیا کہ میں تم کو وہ چیز سکھاؤں جس سے تم ناواقف ہو' جو آج اللہ نے مجھے سکھایا ہے' اس میں سے کچھ یہ ہے کہ سب مال میں نے اپنے بندوں کے لیے حلال کیے ہیں' میں نے سب بندوں کو حق پر پیدا کیا ہے' ان کے پاس شیطان آتے ہیں' ان کو دین سے دور کرتے ہیں' ان پر ان چیزوں کو حرام کرتے ہیں جو میں نے ان پر حلال کی ہیں' ان کو شرک کرنے کا حکم دیتے ہیں' جس کے اوپر کوئی دلیل نازل نہیں کی گئی' بے شک اللہ عزوجل نے زمین والوں پر نظر فرمائی تو عرب و عجم کے سب لوگوں سے ناراض ہوا' سوائے اہل کتاب کے چند لوگوں سے' میں نے آپ کو آزمائش کے لیے بھیجا ہے اور آپ کے ذریعے دوسروں کی آزمائش ہوگی' آپ پر کتاب نازل کی ہے' اس کو پانی نہیں دھو سکتا ہے' اس کو سوتے جاگتے پڑھو' بے شک اللہ عزوجل نے مجھے حکم دیا کہ میں قریش کے پاس آؤں۔ میں نے عرض کی: اے رب! وہ تو اس وقت میرا سر وہ اس کو علیحدہ علیحدہ کر دیں گے۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: میں اُن کو ایسے نکال دوں گا جس طرح انہوں نے آپ کو نکالا ہے' آپ اُن سے جہاد کریں ہم آپ کی مدد کریں گے' آپ خرچ کریں آپ پر خرچ کیا جائے گا'

2933- أخرجه مسلم: الجنة جلد4صفحه2197' وأحمد: المسند جلد4صفحه200 رقم الحديث: 17496 .

Marfat.com
Marfat.com

آپ کی مدد کے لیے پانچ گنا فرشتوں کو بھیجا گیا مدد کے لیے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ اِلَّا الْمُقَدَّمِيُّ

خالد حذاء سے صرف عبدالوہاب اور عبدالوہاب سے صرف مقدمی ہی روایت کرتے ہیں۔

2934 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَيُّوبَ الْمَخْرَمِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ، وَيُعْطِي عَلَى الرِّفْقِ مَا لَا يُعْطِي عَلَى الْعُنْفِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نرم ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے نرمی کرنے پر وہ دیتا ہے جو سختی کرنے پر نہیں دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، وَلَا عَنْ سَعِيدٍ اِلَّا اَبُو عُبَيْدَةَ، وَلَا عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ اِلَّا سَعِيدٌ الْجَرْمِيُّ

یہ حدیث قتادہ سے سعید اور سعید سے ابوعبیدہ اور ابوعبیدہ سے سعید جرمی روایت کرتے ہیں۔

2935 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعِيدٌ قَالَ: نا اَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ قَالَ: نا اَبُو بِشْرٍ الْمُزَلِّقُ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عِبَادًا يَعْرِفُونَ النَّاسَ بِالتَّوَسُّمِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل کے کچھ بندے ہیں لوگ اُن کو نشانی کے ساتھ پہچانتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ ثَابِتٍ اِلَّا اَبُو بِشْرٍ، وَلَا عَنْ اَبِي بِشْرٍ اِلَّا اَبُو عُبَيْدَةَ

ثابت سے ابوبشر اور ابوبشر سے صرف ابوعبیدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

2936 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نا اَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ، عَنْ رُمَيْحِ بْنِ هِلَالٍ الطَّائِيِّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: صَلَّيْنَا الظُّهْرَ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا انْفَتَلَ مِنْ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے ظہر کی نماز پڑھی جب آپ نے نماز سے سلام پھیرا تو آپ ہماری طرف حالت غصہ میں متوجہ ہوئے آپ نے بلند آواز میں آواز دی تو عورتوں نے اپنے

Marfat.com
Marfat.com

صَلَاتِهِ أَقْبَلَ عَلَيْنَا غَضْبَانَ، فَنَادَى بِصَوْتٍ أَسْمَعَ الْعَوَاتِقَ فِي أَجْوَافِ الْخُدُورِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ مَنْ أَسْلَمَ وَلَمْ يَدْخُلِ الْإِيمَانُ فِي قَلْبِهِ، لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِينَ، وَلَا تَطْلُبُوا عَوْرَاتِهِمْ، فَإِنَّهُ مَنْ يَطْلُبُ عَوْرَةَ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَهُ، وَأَبْدَى عَوْرَتَهُ وَلَوْ كَانَ فِي سِتْرِ بَيْتِهِ

لَا يُرْوَى عَنْ بُرَيْدَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

2937 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نا أَبُو عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ الْبُنَانِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوضَعُ لِلْأَنْبِيَاءِ مَنَابِرُ مِنْ ذَهَبٍ يَجْلِسُونَ عَلَيْهَا، وَيَبْقَى مِنْبَرِي لَا أَجْلِسُ عَلَيْهِ، قَائِمٌ بَيْنَ يَدَيْ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ مُنْتَصِبًا لِأُمَّتِي مَخَافَةَ أَنْ يَبْعَثَ بِي إِلَى الْجَنَّةِ، وَتَبْقَى أُمَّتِي بَعْدِي، فَأَقُولُ: يَا رَبِّ، أُمَّتِي أُمَّتِي . فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: يَا مُحَمَّدُ، مَا تُرِيدُ أَنْ أَصْنَعَ بِأُمَّتِكَ؟ فَأَقُولُ: يَا رَبِّ اعْدِلْ حِسَابَهُمْ، فَيُدْعَى بِهِمْ فَيُحَاسَبُونَ، فَمِنْهُمْ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِي فَمَا أَزَالُ أَشْفَعُ حَتَّى أُعْطَى صِكَاكًا بِرِجَالٍ قَدْ بُعِثَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ، وَحَتَّى إِنَّ مَالِكًا خَازِنَ النَّارِ يَقُولُ: يَا مُحَمَّدُ مَا تَرَكْتَ لِغَضَبِ رَبِّكَ مِنْ أُمَّتِكَ مِنْ نِقْمَةٍ

گھروں کے اندر سن لیا' فرمایا: اے گروہ! جو اسلام لائے ہیں وہ اپنے دلوں میں ایمان کیوں داخل نہیں کرتے ہیں' مسلمانوں کو تکلیف نہ دو! ان کے عیب تلاش نہ کرو! کیونکہ جو اپنے مسلمان بھائی کے عیب تلاش کرتا ہے' اللہ عزوجل اس کے چھپے ہوئے عیب ظاہر کرے گا' اگرچہ اس نے اپنے گھر کے اندر چھپ کر گناہ کیا ہوگا۔

بریدہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

حضرت عمرو بن حمق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب اللہ عزوجل کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو عمل کرنے دیتا ہے۔ فرمایا: جانتے ہو عسل سے کیا مراد ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: اللہ اور اُس کا رسول زیادہ جانتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: بندہ کو مرنے سے پہلے نیک

3297- اخرجه ابو داؤد والنسائي وابن ماجة والدارمي واحمد بلفظ: عن معاوية بن ابي سفيان: انه سال اخته ام حبيبة زوج النبي ﷺ: هل كان رسول الله ﷺ يصلي في الثوب الذي يجامعها فيه؟ فقالت: نعم' اذا لم ير فيه أذى . أخرجه ابو داؤد في الطهارة جلد 1صفحه98 رقم الحديث: 366' والنسائي في الطهارة جلد 1صفحه127 (باب المني يصيب الثوب)' وابن ماجة في الطهارة جلد 1صفحه179 رقم الحديث: 540' والدارمي في الصلاة جلد 1 صفحه369 رقم الحديث: 1376' وأحمد في المسند جلد6صفحه453 رقم الحديث: 27471 .

3298- اخرجه ايضًا احمد جلد 5صفحه224' والبزار (كشف الأستار جلد4صفحه25) وعزاه الهيثمي في المجمع جلد7صفحه217 الى الكبير' وقال: ورجال أحمد والبزار رجال الصحيح .

Marfat.com

مَوْتِهِ، حَتَّى يَرْضَى عَنْهُ حَبِيبُهُ وَمَنْ حَوْلَهُ

عمل کی توفیق دیتا ہے' یہاں تک کہ اس سے اس کا دوست اور ارد گرد والے خوش ہو جاتے ہیں۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمْرٍو إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُعَاوِيَةُ

حضرت عمرو سے اس حدیث کو اسی سند سے روایت کیا گیا' اس کے ساتھ حضرت معاویہ منفرد ہیں۔

3299 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ الدِّمْيَاطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي رَوَّادٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشَّهِيدُ يُغْفَرُ لَهُ فِي أَوَّلِ دَفْقَةٍ مِنْ دَمِهِ، وَيُزَوَّجُ حَوْرَاوَيْنِ، وَيُشَفَّعُ فِي سَبْعِينَ مِنْ أَهْلِهِ، وَالْمُرَابِطُ إِذَا مَاتَ فِي رِبَاطِهِ كَتَبَ اللَّهُ لَهُ أَجْرَ عَمَلِهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَغُدِيَ وَرِيحَ عَلَيْهِ بِرِزْقِهِ، وَزُوِّجَ سَبْعِينَ حَوْرَاءَ، وَقِيلَ لَهُ: قِفْ، فَاشْفَعْ إِلَى أَنْ يَفْرُغَ الْحِسَابُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شہید کے سارے گناہ خون کے پہلے قطرے سے معاف ہو جاتے ہیں' اس کی شادی دو حوروں سے کی جاتی ہے' وہ اپنے ستر گھر والوں کی شفاعت کرے گا' اللہ کی راہ میں نگہبانی کرنے والا جب نگہبانی کرتے ہوئے مرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کا اجر قیامت تک لکھتا رہے گا' صبح و شام اس کو رزق دیا جائے گا (یعنی درجات بلند کیے جائیں گے) اس سے کہا جائے گا: رُک جا! میں حساب سے فارغ ہونے تک تیری شفاعت قبول کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا ابْنُ أَبِي رَوَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف ابن ابی رواد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالرحمٰن بن ابی جعفر اکیلے ہیں۔

3300 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الصَّلْتِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ وَطِءَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَقُضِيَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ، فَأَصَابَهُ جُذَامٌ فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے حالت حیض میں اپنی بیوی سے جماع کیا' اس دوران کہ وہ حاملہ ہو گئی' اس کو کوڑھ کی بیماری لگی تو وہ اپنے آپ ہی کو ملامت کرے۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ إِلَّا الْحَسَنُ بْنُ الصَّلْتِ، شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الشَّامِ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث زہری سے صرف حسن بن صلت جو شام والوں کے بزرگ ہیں' روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی سری اکیلے ہیں۔

3301 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، صَاحِبُ الْقُوصِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُولُ: حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ اَبُو حَاتِمٍ قَالَ: نَا مَطَرٌ الْوَرَّاقُ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَهُ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ: لَا تَمَسَّ الْقُرْآنَ اِلَّا وَاَنْتَ طَاهِرٌ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے جب مجھے یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا: قرآن کو نہ چھونا مگر اس حالت میں کہ تو پاک ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ اِلَّا سُوَيْدٌ اَبُو حَاتِمٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث مطر الوراق سے صرف سوید بن ابوحاتم روایت کرتے ہیں اور حکیم بن حزام سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3302 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُقْبِلٍ قَالَ: نَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هَوْذَةَ بْنِ خَلِيفَةَ الْبَكْرَاوِيُّ قَالَ: نَا عَمِّي عَمْرُو بْنُ خَلِيفَةَ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَعَاهَدُوا الْقُرْآنَ، فَلَهُوَ اَشَدُّ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُورِ الرِّجَالِ مِنْ نَوَازِعِ الطَّيْرِ اِلَى اَوْطَانِهَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن کا آپس میں دور کیا کرو! یہ سینوں سے اتنا ہی جلدی نکلتا ہے جس طرح پرندے اپنے گھونسلوں کو جلدی جلدی واپس آتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ اِلَّا عَمْرُو بْنُ خَلِيفَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هَوْذَةَ

یہ حدیث ابن عون سے صرف عمرو بن خلیفہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبدالملک بن ھوذہ

3301- أخرجه أيضًا الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد1صفحه280: وفيه سويد أبو حاتم فذكر ما تقدم .

3302- أخرجه أيضًا الصغير جلد1صفحه110' والكبير' الا أن فيه الابل بدل الطير . وقال الهيثمي في المجمع جلد7صفحه172: ورجال الصغير والأوسط ثقات .

Marfat.com

اکیلے ہیں۔

3303 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَزَّازُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِيُّ قَالَ: نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ بَعْدَمَا يُسَلِّمُ حَتَّى يَقُولَ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ (نماز میں) سلام پھیرنے کے بعد اتنی دیر بیٹھے تھے جتنی دیر میں یہ کلمات پڑھ لیتے: ''اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامِ اِلٰى آخرہٖ''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامٍ اِلَّا وُهَيْبٌ، وَلَا عَنْ وُهَيْبٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث ہشام سے صرف وہیب اور وہیب سے صرف عبداللہ بن معاویہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3304 - حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعْدَوَيْهِ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ: نَا قَزْعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ غَنَّامٍ، عَنْ بَعْضِ اُمَّهَاتِهِ، عَنْ اُمِّ فَرْوَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ الصَّلَاةُ فِي اَوَّلِ وَقْتِهَا

حضرت اُم فروہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل کو اعمال میں زیادہ پسند یہ ہے کہ نماز اوّل وقت پر ادا کی جائے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا قَزْعَةُ بْنُ سُوَيْدٍ

عبیداللہ بن عمر سے صرف قزعہ بن سوید ہی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3303- أخرجه مسلم في المساجد جلد 1صفحه414' وأبو داؤد في الصلاة جلد 2صفحه85 رقم الحديث: 1513' والترمذي في الصلاة جلد 2صفحه95 رقم الحديث: 298' والنسائي في السهو جلد 3صفحه58 (باب الذكر بعد الاستغفار)' وابن ماجة في الاقامة جلد 1صفحه298 رقم الحديث: 924' والدارمي: في الصلاة جلد 1صفحه358 رقم الحديث: 1347' وأحمد في المسند جلد6صفحه70 رقم الحديث: 24392 .

3304- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 1صفحه113 رقم الحديث: 426' والترمذي في الصلاة جلد 1صفحه320 رقم الحديث: 170' وأحمد في المسند جلد6صفحه464 رقم الحديث: 27544 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ بُشْرَانُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام بشران ہے

3305 - حَدَّثَنَا بُشْرَانُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يُؤَاجِرُ أَرْضَهُ، حَتَّى حَدَّثَهُ رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ كِرَى الْأَرْضِ، فَتَرَكَ ذَلِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی زمین کرایہ پر دی' مجھے رافع بن خدیج نے بیان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زمین کو کرایہ پر دینے سے منع کرتے تھے' میں نے چھوڑ دیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ إِلَّا ثَابِتُ بْنُ يَزِيدَ، تَفَرَّدَ بِهِ غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث برد بن سنان سے صرف ثابت بن یزید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں غسان بن ربیع اکیلے ہیں۔

3306 - حَدَّثَنَا بُشْرَانُ قَالَ: نَا غَسَّانُ قَالَ: نَا ثَابِتٌ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَمَا يَخْشَى الَّذِي يَرْفَعُ رَأْسَهُ قَبْلَ الْإِمَامِ أَنْ يُحَوِّلَ اللَّهُ رَأْسَهُ رَأْسَ حِمَارٍ؟

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ڈر ہے جو آدمی اپنا سر امام سے پہلے اُٹھاتا ہے' اللہ عزوجل اس کے سر کو گدھے کے سر سے نہ بدل دے۔

☆☆☆☆☆

3305- أخرجه مسلم في البيوع جلد3صفحه1180 .

3306- أخرجه البخاري في الأذان جلد 2صفحه214 رقم الحديث: 691' ومسلم في الصلاة جلد 1صفحه320 رقم الحديث: 427 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ بُجَيْرٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام بجیر ہے

3307 - حَدَّثَنَا بُجَيْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَابِرٍ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى بْنِ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ الْمُحَارِبِيِّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُحَارِبِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا صَلَّيْتَ فَلَا تَبْزُقْ بَيْنَ يَدَيْكَ، وَلَا عَنْ يَمِينِكَ، وَلٰكِنِ ابْزُقْ تِلْقَاءَ شِمَالِكَ اِنْ كَانَ فَارِغًا، اَوْ تَحْتَ قَدَمَيْكَ

حضرت طارق بن عبداللہ المزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب تو نماز پڑھ رہا ہوتو اپنے آگے اور دائیں جانب نہ تھوک اگر تھوکنا ہے تو بائیں جانب یا اپنے پاؤں کے نیچے تھوک۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَيْلَانَ اِلَّا يَعْلَى

یہ حدیث غیلان سے صرف یعلیٰ ہی روایت کرتے ہیں۔

3308 - وَبِهِ عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَامِعٍ، عَنْ فِرَاسِ بْنِ يَحْيَى، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ: اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى اَنْ يَذْبَحَ الرَّجُلُ اُضْحِيَّتَهُ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منع فرمایا کہ کوئی آدمی نماز سے پہلے قربانی کرے۔

3309 - وَبِهِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

3307- أخرجه أبو داؤد في الصلاة جلد 1 صفحه 126 رقم الحديث: 478' والترمذي في الصلاة جلد 2 صفحه 460 رقم الحديث: 571 وقال: هذا حديث حسن صحيح' والنسائي في المساجد جلد 2 صفحه 40 (باب الرخصة المصلي أن يبصق خلفه أو تلقاء شماله)' وابن ماجة في اقامة الصلاة جلد 1 صفحه 326 رقم الحديث: 1021 بنحوه .

3308- أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 112 وقال: ولم يروه عن غيلان بن جامع الا يعلى بن الحرث' تفرد به ابنه يحيى وأصله في البخاري ومسلم بغير هذا اللفظ .

3309- أخرجه البخاري في الصوم جلد 4 صفحه 152 رقم الحديث: 1914' ومسلم في الصيام جلد 2 صفحه 762 ولفظ عند البخاري .

Marfat.com

اَبِيهِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُتَقَدَّمَنَّ بِصِيَامِ يَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ قَبْلَ رَمَضَانَ، اِلَّا اَنْ يَكُونَ صِيَامٌ كَانَ يَصُومُهُ اَحَدُكُمْ لَمْ يَرْوِهِ عَنْ بَكْرٍ اِلَّا يَعْلَى

ﷺ نے فرمایا: کوئی بھی رمضان سے پہلے ایک یا دو دن پہلے روزے نہ رکھے ہاں اگر کسی کی عادت ہو کہ وہ اس دن روزہ رکھتا تھا تو وہ رکھ سکتا ہے۔

☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ بَابَوَيْهِ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام بابویہ ہے

3310 - حَدَّثَنَا بَابَوَيْهِ بْنُ خَالِدِ بْنِ بَابَوَيْهِ الْأَيْلِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأَيْلِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الضَّالُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ: الظُّهْرَ أَوِ الْعَصْرَ، فَقَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ: ذُو الْيَدَيْنِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَنَسِيتَ أَوْ قُصِرَتِ الصَّلَاةُ؟ قَالَ: بَلْ نَسِيتُ فَقَامَ فَصَلَّى الرَّكْعَتَيْنِ، ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، ثُمَّ سَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں دوپہر کی نمازوں میں سے یعنی ظہر یا عصر میں سے ایک پڑھائی تو دو رکعتوں میں کھڑے ہو گئے۔ ایک آدمی اُٹھ کر آگے ہوا۔ اُسے ذوالیدین کہا جاتا تھا۔ کہا: اے اللہ کے رسول! کیا نماز کم ہوگئی یا آپ بھول گئے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بلکہ میں بھولا ہوں۔ آپ اُٹھے اور دو مزید رکعتیں پڑھائیں پھر بیٹھے بیٹھے دو سجدے کر کے سجدۂ سہو کیا پھر سلام پھیرا۔

3311 - وَبِهِ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ الضَّالُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ أُخْتِهِ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ: نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الذَّهَبِ، وَتَفْضِيضِ الْأَقْدَاحِ، فَكَلَّمَهُ النِّسَاءُ فِي لُبْسِ الذَّهَبِ، فَأَبَى عَلَيْنَا، وَرَخَّصَ لَنَا فِي تَفْضِيضِ الْأَقْدَاحِ

حضرت اُمِّ عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سونا پہننے اور چاندی کے برتن بنانے سے منع فرمایا' عورتوں نے سونا پہننے کے متعلق بات کی' آپ نے ہم کو سونا پہننے کی رخصت نہ دی اور ہم کو پیالوں پر چاندی چڑھانے کی رخصت دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ مُعَاوِيَةَ إِلَّا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى، وَلَا سَمِعْنَاهَا إِلَّا مِنْ هَذَا الشَّيْخِ

یہ دونوں حدیثیں معاویہ سے صرف عمر بن یحییٰ ہی روایت کرتے ہیں' ان دونوں نے اس شیخ سے سنا ہے۔

☆☆☆☆☆

3310- أخرجه البخاري في الصلاة جلد1صفحه674 رقم الحديث: 482' ومسلم في المساجد جلد1صفحه403 .

3311- أخرجه أيضًا الكبير جلد 25صفحه68' وقال الهيثمي في المجمع جلد 5صفحه152: وفيه عمر بن يحيى الأبلي ولم أعرفه' وبقية رجاله ثقات . قلت: هو معرورف لكنه ضعيف .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ بُهْلُولٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام بہلول ہے

3312 - حَدَّثَنَا بُهْلُولُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ الْأَنْبَارِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجَدْعَانِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِي فِي بُكُورِهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ إِلَّا مُحَمَّدٌ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ

یہ حدیث عبداللہ سے صرف محمد ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابن ابی اویس اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3312- أخرجه ابن ماجة فی التجارات جلد 2صفحه752 رقم الحديث: 2238، والطبرانی فی الكبير جلد 12 صفحه375 رقم الحديث: 13390 . وقال الحافظ الهيثمی: وفيه محمد بن عبد الرحمن الجدعانی وثقه أحمد وأبو زرعة، وقال النسائی وغيره متروك . انظر: مجمع الزوائد جلد4صفحه65 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ الْبَخْتَرِيُّ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام بختری ہے

3313 - حَدَّثَنَا الْبَخْتَرِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ اللَّخْمِيُّ الْبَغْدَادِيُّ اَبُو صَالِحٍ قَالَ: نَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ قَالَ: نَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَطَيَّبَ قَبْلَ اَنْ يُحْرِمَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ احرام باندھنے سے پہلے خوشبو لگاتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عَوَانَةَ اِلَّا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ

یہ حدیث ابوعوانہ سے صرف کامل بن طلحہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3314 - حَدَّثَنَا الْبَخْتَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَمَاعَةَ قَالَ: نَا اَبُو يُوسُفَ الْقَاضِي، عَنْ اَبِي حَنِيفَةَ، عَنْ اَبِي الْهُذَيْلِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلنِّسَاءِ فِي الْخُرُوجِ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ وَصَلَاةِ الْعِشَاءِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے صبح اور عشاء کی نماز کے لیے عورتوں کو مسجد میں آنے کی رخصت دی۔

3315 - حَدَّثَنَا الْبَخْتَرِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّحْرُ يَوْمَ تَنْحَرُونَ، وَالْفِطْرُ يَوْمَ تُفْطِرُونَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نحر وہ ہے جس دن تم نحر کرتے ہو اور عید الفطر اس دن ہے جس دن تم عید مناتے ہو۔

☆☆☆☆☆

3313- اصله عند البخاری ومسلم من طريق عبد الرحمن بن القاسم، عن أبيه . أخرجه البخاری فی الحج جلد 3 صفحه 463 رقم الحديث: 1539 بلفظ: كنت أطيب رسول الله ﷺ لاحرامه حين يحرم، ومسلم فی الحج جلد 2 صفحه 849 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ بَدْرٌ

3316 - حَدَّثَنَا بَدْرُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْقَاضِي الْكُوفِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْجَرَّاحِ الْجَوْزَجَانِيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ الْعَمِّيُّ قَالَ: نَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَنُو آدَمَ عَلَى طَبَقَاتٍ شَتَّى مِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيَى مُؤْمِنًا وَيَمُوتُ مُؤْمِنًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ كَافِرًا وَيَحْيَى كَافِرًا وَيَمُوتُ كَافِرًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ مُؤْمِنًا وَيَحْيَى مُؤْمِنًا وَيَمُوتُ كَافِرًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يُولَدُ كَافِرًا وَيَحْيَى كَافِرًا وَيَمُوتُ مُؤْمِنًا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ اِلَّا وُهَيْبٌ، وَلَا عَنْ وُهَيْبٍ اِلَّا مُعَلَّى، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْجَرَّاحِ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام بدر ہے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بنوآدم کے مختلف طبقات ہیں' ان میں سے کچھ ایمان پر پیدا ہوئے اور ایمان کی حالت میں جئے اور ایمان کی حالت میں اس دنیا سے گئے' ان میں سے کچھ حالتِ کفر میں پیدا ہوئے اور حالتِ کفر میں جئے اور حالت کفر میں مرے' ان میں سے کچھ حالت ایمان میں پیدا ہوئے اور حالتِ ایمان میں جئے اور حالت کفر میں فوت ہوئے' ان میں سے کچھ حالت کفر میں پیدا ہوئے اور حالتِ کفر میں جئے اور حالت ایمان میں مرے۔

یہ حدیث داؤد بن ابی ہند سے صرف وہیب اور وہیب سے صرف معلّی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن احمد بن جراح اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3316- أخرجه الترمذی فی الفتن جلد4صفحه483 رقم الحديث: 2191 وقال: حديث حسن صحيح وأحمد فی المسند جلد3صفحه24 رقم الحديث: 11149 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ بُلْبُلٌ

3317 - حَدَّثَنَا بُلْبُلُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ بُلْبُلٍ الْخَلَّالُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: نَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَمُرَةَ قَالَ: كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَّجِرُونَ فِي الْبَحْرِ، إِلَى الشَّامِ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام بلبل ہے

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے اصحاب سمندر میں کشتیوں پر چل کر تجارت کرتے ہوئے ملک شام تک جایا کرتے تھے۔

☆☆☆☆☆

3317- اخرجه الطبرانی فی الصغیر جلد **1** صفحه **113** وقال: لم یروه عن قتادة الا هشام الدستوائی ولا عن هشام الا ابنه معاذ .

Marfat.com

بَابُ التَّاءِ
مَنِ اسْمُهُ
تَمِيمٌ

3318 - حَدَّثَنِي تَمِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَارِسِيُّ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ رَاشِدٍ الْمَدِينِيُّ، مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ابَانَ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: فَقَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتًى كَانَ يُجَالِسُهُ، فَقَالَ: مَالِي فَقَدْتُ فُلَانًا؟ فَقَالُوا: اعْتُبِطَ، وَكَانُوا يُسَمُّونَ الْوَعَكَ الِاعْتِبَاطَ، فَقَالَ: قُومُوا بِنَا حَتّٰى نَعُودَهُ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ بَكَى الْغُلَامُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبْكِ، فَاِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَخْبَرَنِي اَنَّ الْحُمَّى حَظُّ اُمَّتِي مِنْ جَهَنَّمَ

باب التاء
اس شیخ کے نام سے
جس کا نام تمیم ہے

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک جوان کو گم پایا گیا جو آپ کے ساتھ بیٹھا کرتا تھا' آپ نے فرمایا: کیا وجہ ہے کہ میں فلاں کو گم پا رہا ہوں؟ صحابہ نے عرض کی: اسے بخار ہو گیا ہے وہ بخار کو اغتباط کہتے ہیں۔ تو آپ نے فرمایا: اُٹھو! تا کہ ہم اس کی عیادت کریں' پس جب آپ اس کے پاس داخل ہوئے تو وہ لڑکا رونے لگا۔ نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: تُو نہ رو کیونکہ جبریل علیہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ بخار میری اُمت کے لیے جہنم سے حصہ ہے' جو بخار کی صورت میں انہیں تپش کی صورت میں ملتا ہے۔

☆☆☆☆☆

3318- أخرجه ايضًا الصغير جلد 1 صفحه 113 . وقال الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 309: وفيه عمر بن راشد ضعفه احمد وغيره ووثقه العجلي' قلت: لم يوثق العجلي عمر بن راشد هذا' وانما وثق عمر بن راشد بن شجرة اليمامي' وأما عمر بن راشد المدينى فاتفقوا على ضعفه' بل هو متهم بالوضع .

Marfat.com

بَابُ الثَّاءِ مَنِ اسْمُهُ ثَابِتٌ

باب الثاء اس شیخ کے نام سے جس کا نام ثابت ہے

3319 - حَدَّثَنَا اَبُو مَعْنٍ ثَابِتُ بْنُ نُعَيْمٍ الْهُوجِيُّ قَالَ: نَا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي دَاوُدَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَوِّرُوا بِالْفَجْرِ، فَاِنَّهُ اَعْظَمُ لِلْاَجْرِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فجر خوب سفید کر کے پڑھا کرو کیونکہ اس وقت میں پڑھنے کا ثواب زیادہ ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا آدَمُ وَبَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، اِلَّا اَنَّ بَقِيَّةَ رَوَاهُ عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ دَاوُدَ الْبَصْرِيِّ وَقَدْ قِيلَ: اِنَّهُ دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ

شعبہ سے یہ حدیث آدم اور بقیہ بن ولید روایت کرتے ہیں، اور بقیہ شعبہ سے وہ داؤد بصری سے۔ یہ بھی کہا گیا کہ داؤد بن ابی ہند۔

3320 - حَدَّثَنَا ثَابِتٌ اَبُو مَعْنٍ قَالَ: نَا آدَمُ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: مَا كَانَتِ الْمُتْعَةُ اِلَّا لِاَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ متعہ حضور ﷺ کے اصحاب کے ساتھ ہی خاص تھا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ اِلَّا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ

ابوحصین سے صرف قیس بن الربیع ہی روایت

3319- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 4 صفحه 251 رقم الحديث: 4292 . انظر: نصب الراية للحافظ الزيلعي جلد 1 صفحه 236 .

3320- أخرجه مسلم في الحج جلد 2 صفحه 897 رقم الحديث: 1224' والنسائي في المناسك جلد 5 صفحه 139-142 (باب اباحة فسخ الحج بعمرة لمن لم يسق الهدى)' وابن ماجة في المناسك جلد 2 صفحه 994 رقم الحديث: 2985 بلفظ: كانت المتعة في الحج لأصحاب محمد ﷺ خاصة .

Marfat.com

کرتے ہیں۔

3321 - وَبِهِ حَدَّثَنَا آدَمُ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّحِمُ شَجْنَةٌ مِنَ الرَّحْمَنِ مُعَلَّقَةٌ بِحَقْوَى الرَّحْمَنِ، تَقُولُ: اللّٰهُمَّ صِلْ مَنْ وَصَلَنِي، وَاقْطَعْ مَنْ قَطَعَنِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رحم (رشتہ داری) پریشان ہوکر رحمٰن کی بارگاہ میں آئی رحمٰن کی رحمت سے متعلق ہوئی تو عرض کیا: اے اللہ! جو مجھ سے تعلق جوڑے تُو اس سے تعلق جوڑ اور جو مجھ سے تعلق توڑے تُو اس سے تعلق توڑ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ اِلَّا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اِلَّا آدَمُ وَاَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ

یہ حدیث عبداللہ بن دینار سے صرف ابوجعفر الرازی اور ابوجعفر سے صرف آدم اور ابوالنضر ہاشم بن قاسم روایت کرتے ہیں۔

3322 - حَدَّثَنَا ثَابِتٌ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ قَالَ: نَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ اُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس سے علم کے متعلق پوچھا گیا اور اس نے چھپایا تو اس کو قیامت کے دن جہنم کی آگ کی لگام پہنائی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ اِلَّا ابْنُهُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ

یہ حدیث سلیمان تیمی سے صرف ان کے بیٹے ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابن ابی السری اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3321- أصله في البخاري من طريق عبد الله بن دينار عن أبي صالح' عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي ﷺ: ان الرحم شجنة من الرحمن فقال الله: من وصلك وصلته' ومن قطعك قطعته . أخرجه البخاري في الأدب جلد 10 صفحه430 رقم الحديث: 5988 .

3322- أخرجه أبو داؤد في العلم جلد 3صفحه320 رقم الحديث: 3658' والترمذي في العلم جلد 5صفحه29 رقم الحديث: 2649 . وقال: هذا حديث حسن . وابن ماجة في المقدمة جلد 1صفحه98 رقم الحديث: 266' و أحمد في المسند جلد2صفحه353 رقم الحديث: 7588 .

Marfat.com

بَابُ الْجِيمِ
مَنِ اسْمُهُ
جَعْفَرٌ

3323 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقَلَانِسِيُّ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نَا آدَمُ بْنُ اَبِي اِيَاسٍ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِلَّا اَنْ تَوَدُّونِي فِي نَفْسِي لِقَرَابَتِي مِنْكُمْ وتَحْفَظُوا اِلَيَّ الْقَرَابَةَ الَّتِي بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ فَلَا تُؤْذُونِي.

3324 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ لَهُمَا ثَلَاثَةٌ، لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ، اِلَّا غُفِرَ لَهُمَا بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ اِيَّاهُمْ. قُلْتُ: زِدْنِي رَحِمَكَ اللّٰهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُنْفِقُ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، اِلَّا

باب الجیم
اس شیخ کے نام سے
جس کا نام جعفر ہے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے صحابہ کرام کو فرمایا: میں تم سے تبلیغ دین پہ معاوضہ نہیں مانگتا ہے' مگر اس پر اُجرت یہ مانگتا ہوں کہ تم میرے رشتہ داروں سے محبت کرنا اور رشتہ داری کا خیال رکھنا' میرے اور تمہارے درمیان ہے' مجھے اس حوالہ سے تکلیف نہ دینا۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: مسلمانوں میں سے جس کے تین بچے نابالغ فوت ہو جائیں تو اللہ عزوجل اس کے ماں باپ دونوں کو اپنے فضل سے بخش دے گا۔ میں نے عرض کی: میرے لیے اضافہ کریں! اللہ آپ پر رحم کرے! حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو مسلمان اللہ کی راہ میں اپنے مال میں سے جوڑا خرچ کرتے ہیں' ان کے لیے جنت میں استقبال کیا جائے گا' اس کو بلایا جائے گا'

3323- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 435 رقم الحديث: 12233 .

3324- أخرجه النسائي في الجنائز جلد 4 صفحه 21 (باب من يتوفى له ثلاثة) حتى قوله الا غفر لهما بفضل رحمته اياهم . والنسائي في الجهاد جلد 6 صفحه 39-41 (باب فضل النفقة في سبيل الله تعالى) حتى قوله: كلهم تدعو الى ما عنده . واحمد في المسند جلد 5 صفحه 196 رقم الحديث: 21509 .

Marfat.com

اسْتَقْبَلَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، كُلُّهُمْ تَدْعُوهُ اِلَى مَا عِنْدَهُ

اس کی طرف جواُن کے پاس ہے۔

3325 - وَبِهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ صَالِحٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْحِمَارُ وَالْمَرْاَةُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: نمازی کے آگے سے گدھا' عورت اور کالا کتا گزرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ عَمْرٍو اِلَّا حَمَّادٌ، وَلَا عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا الْحَجَبِيُّ

یہ دونوں حدیثیں عمرو سے صرف حماد اور حماد سے صرف حجبی روایت کرتے ہیں۔

3326 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ النَّوْفَلِيُّ الْمَدِينِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاُوَيْسِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي كَثِيرٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ صَخْرٍ الْاَيْلِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَقْرَاَ الْقُرْآنَ غَضًّا كَمَا اُنْزِلَ فَلْيَقْرَاْهُ عَلَى قِرَائَةِ ابْنِ اُمِّ عَبْدٍ

حضرت ابوعبیدہ بن محمد بن عمار بن یاسر اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ قرآن کو تروتازہ اس طرح پڑھے جس طرح نازل ہوا تھا' وہ ابن مسعود کی قرأت پر پڑھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْاُوَيْسِيُّ

یہ حدیث حضرت عمار سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں اویس اکیلے ہیں۔

3327 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں' آپ اس

3325- اخرجه مسلم في الصلاة جلد 1 صفحه 365' والنسائي في القبلة جلد 2 صفحه 50 (ذكر ما يقطع الصلاة وما لا يقطع اذا لم يكن بين يدي المصلي سترة)' وابن ماجة في الاقامة جلد 1 صفحه 306 رقم الحديث: 952' وأحمد في المسند جلد 5 صفحه 192 رقم الحديث: 21486 .

3326- اخرجه ايضًا البزار (كشف الأستار جلد 3 صفحه 249)' والبخاري في تاريخه .

3327- اخرجه البخاري في الرقاق جلد 11 صفحه 341 رقم الحديث: 6498' ومسلم في فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1973 من طريق سالم بن عبد الله ولفظه عند البخاري .

Marfat.com

الْمِخْرَاقِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا النَّاسُ كَاِبِلٍ مِائَةٍ، لَا تَجِدُ فِيهَا رَاحِلَةً وَاحِدَةً

میں کوئی ایک بھی سوار ہونے کے لیے سواری نہ پائیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ اِسْمَاعِيلُ

یہ حدیث زید بن اسلم سے صرف ہشام بن سعد روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں اسماعیل اکیلے ہیں۔

3328 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ عِيسَى الشَّعْبِيُّ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هٰذَا جِبْرِيلُ وَهُوَ يَقْرَاُ عَلَيْكِ السَّلَامَ، فَقُلْتُ: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ جبریل ہیں' وہ آپ کو سلام کرتے ہیں۔ میں نے عرض کی: ''وعليك السلام ورحمة الله وبركاته''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَكَرِيَّا اِلَّا عُمَرُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ

یہ حدیث زکریا سے صرف عمر بن ابی بکر روایت کرتے ہیں۔

3329 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ قَالَ: نَا عُمَرُ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: تَزَوَّجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِلَابِيَّةَ، فَلَمَّا دَخَلَتْ عَلَيْهِ دَنَا مِنْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنِّي اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ عُذْتِ بِعَظِيمٍ، الْحَقِي بِاَهْلِكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے کلابیہ سے شادی کی' جب اس کے پاس داخل ہوئے اور رسول اللہ ﷺ اس کے قریب ہوئے تو اس عورت نے کہا: میں آپ سے اللہ کی پناہ مانگتی ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تُو نے بڑی ہستی کی پناہ مانگی ہے' اپنے گھر والوں سے مل جا۔

3328- أخرجه البخاري في فضائل الصحابة جلد7صفحه133 رقم الحديث: 3768' ومسلم في فضائل الصحابة جلد 4 صفحه1896 .

3329- أخرجه البخاري في الطلاق جلد 9صفحه286 رقم الحديث: 5254' والنسائي في الطلاق جلد 6صفحه122 (باب م واجهة الرجل المرأة بالطلاق) .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَكَرِيَّا اِلَّا عُمَرُ

یہ حدیث زکریا سے صرف عمر ہی روایت کرتے ہیں۔

3330 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اِلْيَاسَ بْنِ صَدَقَةَ الْكَبَّاشُ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ جَعَلَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ، وَقَلْبِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے حق عمر کی زبان اور دل میں رکھ دی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَالِكٍ اِلَّا ابْنُ وَهْبٍ وَلَا عَنِ ابْنِ وَهْبٍ اِلَّا صَالِحٌ

یہ حدیث مالک سے صرف ابن وہب اور ابن وہب ابن صالح روایت کرتے ہیں۔

3331 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا' اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ السُّدِّيِّ اِلَّا نُوحٌ، تَفَرَّدَ بِهِ نُعَيْمٌ

یہ حدیث سدی سے صرف نوح روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے والے نعیم اکیلے ہیں۔

3332 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا نُعَيْمٌ قَالَ: نَا نُوحٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ آلُ مُحَمَّدٍ؟ فَقَالَ: كُلُّ تَقِيٍّ وَتَلَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (اِنْ اَوْلِيَاؤُهُ اِلَّا الْمُتَّقُونَ) (الانفال: 34)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سے آلِ محمد کے متعلق پوچھا گیا کہ وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: پرہیزگار' اور آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''اللہ کے دوست صرف پرہیزگار ہیں''۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى اِلَّا نُوحٌ، تَفَرَّدَ

یہ حدیث یحییٰ سے صرف نوح روایت کرتے ہیں

3331- اخرجه البخاری فی العلم جلد1صفحه244 رقم الحدیث: 110' ومسلم فی المقدمة جلد1صفحه10 .

3332- اخرجه أیضًا الصغیر جلد1صفحه115' وقال الهیثمی فی المجمع جلد10صفحه272: وفیه نوح بن أبی مریم وهو ضعیف .

Marfat.com

بِهِ نُعَيْمٌ

اس کو روایت کرنے میں نعیم اکیلے ہیں۔

3333 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ الْهُجَيْمِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمُ بْنُ مُسْلِمٍ الْخَشَّابُ قَالَ: نَا النَّضْرُ بْنُ عَرَبِيٍّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الَّذِي يَشْرَبُ فِي آنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ إِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِي بَطْنِهِ نَارَ جَهَنَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو چاندی اور سونے کے برتنوں میں پیتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں جہنم کی آگ بھرتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ النَّضْرِ إِلَّا سُلَيْمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ

یہ حدیث نضر سے صرف سلیم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن بحر اکیلے ہیں۔

3334 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا يُونُسُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ عَوْنِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عَلَيْكُمْ بِالْإِثْمِدِ، فَإِنَّهُ يُنْبِتُ الشَّعْرَ وَيُذْهِبُ الْقَذَى مِصْفَاةٌ لِلْبَصَرِ

حضرت عون بن محمد بن حنیفہ اپنے والد وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر اثمد سرمہ لازم ہے کیونکہ وہ بالوں کو اُگاتا ہے اور تکلیف ختم کرتا ہے اور بینائی تیز کرتا ہے۔

3335 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْبَكَّائِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ مِنْ مَنَامِهِ فَأَرَادَ أَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی نیند سے اُٹھے اور اس کا وضو کرنے کا ارادہ ہے تو وہ برتن میں ہاتھ داخل نہ کرے کیونکہ وہ نہیں جانتا ہے کہ اس کے ہاتھ نے رات کہاں گزاری ہے۔

3333- أخرجه أيضًا الصغير جلد 1 صفحه 115، والكبير جلد 11 صفحه 373، وأبو يعلى جلد 5 صفحه 101 عن محمد بن يحيى به وقال الهيثمي في المجمع جلد 5 صفحه 80: وفيه محمد بن يحيى بن أبي سمينة، وقد وثقه أبو حاتم، وابن حبان، وغيرهما وفيه كلام لا يضر، وبقية رجاله ثقات. قلت: في اسناده أبي يعلى أيضًا سليم بن مسلم، وهو متروك كما تقدم.

3335- أخرجه ابن ماجة في الطهارة جلد 1 صفحه 139 رقم الحديث: 395 بلفظ: اذا قام ... انظر: نصب الراية جلد 1 صفحه 2.

Marfat.com

يَتَوَضَّأَ فَلا يُدْخِلَنَّ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ حَتَّى يَغْسِلَهَا، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي أَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ إِلَّا زِيَادٌ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

عبدالملک سے صرف زیاد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ اکیلے ہیں اور حضرت جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3336 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ السُّلَمِيُّ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِي، ثُمَّ الثَّانِي، ثُمَّ الثَّالِثُ، ثُمَّ يَجِيءُ قَوْمٌ لَا خَيْرَ فِيهِمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہتر زمانہ میرا ہے' اس کے بعد صحابہ سے ملنے والوں کا' اس کے بعد صحابہ کے ملنے والوں کے ملنے والوں کا' پھر ایسی قوم آئے گی کہ ان میں کوئی بھلائی نہیں ہوگی۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ إِلَّا يَحْيَى، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَلْقَمَةَ إِلَّا مِنْ هَذَا الْوَجْهِ

حسن بن صالح سے صرف یحییٰ اور علقمہ سے یہ اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔

3337 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ أَيُّوبَ الطَّالْقَانِيُّ قَالَ: نَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَحْتَجِمُ، وَلَا يَظْلِمُ الْحَجَّامَ أَجْرَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ پچھنا لگواتے تھے اور لگانے والے کو اُجرت دینے میں کمی نہیں کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدٍ إِلَّا النَّضْرُ

یہ حدیث محمد سے صرف نضر ہی روایت کرتے ہیں۔

3338 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ

3336- اخرجه البخاري في الشهادات جلد5صفحه306 رقم الحديث: 2652' ومسلم في فضائل الصحابة جلد4 صفحه1963 ولفظهما خير الناس قرني' ثم الذين يلونهم' ثم الذين يلونهم ثم يجيء أقوام تسبق شهادة أحدهم يمينه ويمينه شهادته .

3337- اخرجه البخاري في الاجارة جلد4صفحه536 رقم الحديث: 2280' ومسلم في السلام جلد4صفحه1731 .

3338- اخرجه أيضًا الكبير' وقال الهيثمي في المجمع جلد2صفحه95: وفيه اسماعيل بن مسلم المكي وهو ضعيف .

Marfat.com

قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالْقَانِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْمَكِّيِّ، عَنْ اَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالصَّفِّ الْاَوَّلِ، وَعَلَيْكُمْ بِالْمَيْمَنَةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالصَّفَّ بَيْنَ السَّوَارِي

حضور ﷺ نے فرمایا: تم پر پہلی صف میں شریک ہونا ضروری ہے اور دائیں طرف لازم ہے صف کے درمیان کھڑے ہونے سے بچو۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي يَزِيدَ اِلَّا اِسْمَاعِيلُ، تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ

یہ حدیث ابویزید سے صرف اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں ابن مبارک اکیلے ہیں۔

3339 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْبَكْرِيُّ الْجَوْزَجَانِيُّ قَالَ: نَا اَبُو مُطِيعٍ الْحَكَمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ السُّلَمِيُّ قَالَ: نَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى كَتَبَ فِي اُمِّ الْكِتَابِ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ: اِنِّي اَنَا اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ، خَلَقْتُ الرَّحِمَ، وَشَقَقْتُ لَهُمَا اسْمًا مِنَ اسْمِي، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا ہے اللہ اس پر رحم نہیں کرتا ہے اور حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اُم الکتاب میں زمین وآسمان پیدا کرنے سے پہلے لکھا تھا کہ میں رحمٰن رحیم ہوں اور صلہ رحمی کو اپنے نام سے نکال رہا ہوں جو اس کو جوڑے گا میں اس کو جوڑوں گا جو اس کو توڑے گا میں اس کو توڑوں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ اِلَّا اَبُو مُطِيعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ

یہ حدیث شعبہ سے صرف ابومطیع روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن یزید اکیلے ہیں۔

3339- أخرجه أيضًا الكبير جلد 2 صفحه 406 وقال الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 153: وفيه الحكم بن عبد الله أبو مطيع وهو متروك .

Marfat.com

3340 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا مُحَمَّدٌ قَالَ: نَا اَبُو مُطِيعٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِيَّاكُمْ وَالظُّلْمَ، فَاِنَّ الظُّلْمَ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالشُّحَّ، فَاِنَّهُ اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، اَمَرَهُمْ بِالْقَطِيعَةِ فَقَطَعُوا اَرْحَامَهُمْ، وَاَمَرَهُمْ بِسَفْكِ الدِّمَاءِ فَسَفَكُوا دِمَائَهُمْ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَيُّ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَفْضَلَ الْاِسْلَامِ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ظلم سے بچو! بے شک ظلم قیامت کے اندھیروں میں سے ہے' بخل سے بچو کیونکہ تم سے پہلے لوگ بخل کرنے کی وجہ سے ہلاک ہوئے ہیں' انہوں نے اپنے لوگوں کو صلہ رحمی نہ کرنے کا حکم دیا' انہوں نے صلہ رحمی کو توڑا' انہوں نے ان کو خون بہانے کا حکم دیا' انہوں نے خون بہایا۔ ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کون سا اسلام افضل ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: افضل اسلام یہ ہے کہ جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ اِلَّا سَعِيدٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مُطِيعٍ، لَا يُرْوَى عَنْ مُعَاذٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث قتادہ سے صرف سعید ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابومطیع اکیلے ہیں' حضرت معاذ صرف اسی سند سے حدیث روایت کرتے ہیں۔

3341 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ السَّمَرْقَنْدِيُّ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ الصَّلْتِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ: نُهِينَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَلَمْ يُعْزَمْ عَلَيْنَا، وَاُمِرْنَا بِالْخُرُوجِ يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ الْاَضْحَى، وَاَنْ يَخْرُجَ ذَوَاتُ الْخُدُورِ وَالْحُيَّضُ وَيُنَحَّى الْحُيَّضُ عَنْ مُصَلَّى النَّاسِ، لِيَشْهَدْنَ جَمَاعَةَ الْمُسْلِمِينَ وَدَعْوَتَهُمْ

حضرت اُم عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہم کو جنازوں میں شریک ہونے سے منع کیا گیا لیکن سختی نہیں کی گئی' ہم کو عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ میں شریک ہونے کا حکم دیا گیا' کنواری اور حیض والیوں کو نکلنے کا حکم دیا گیا اور حیض والیوں کو نماز میں شریک ہونے سے منع کیا گیا' مسلمانوں کی جماعت اور دعوت میں شریک ہونے کا حکم دیا گیا۔

3341- اخرجه البخاری فی الجنائز جلد 3صفحه173 رقم الحديث: 1278' ومسلم فی الجنائز جلد 2صفحه646 . واما حتى قوله: ليشهد جماعة المسلمين ودعوتهم . اخرجه البخاری فی الصلاة جلد 1صفحه566 رقم الحديث: 351' ومسلم فی العيدين جلد2صفحه605 رقم الحديث:890 .

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الصَّلْتِ إِلَّا هَاشِمٌ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيٌّ

یہ حدیث صلت سے صرف ہاشم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے علی اکیلے ہیں۔

3342 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَمْرِو بْنِ شَقِيقٍ، وَكَتَبْتُهُ مِنْ أَصْلِ كِتَابِهِ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، زِيدَ فِي الصَّلَاةِ؟ قَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ فَقَالُوا: صَلَّيْتَ خَمْسًا قَالَ: فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھائیں' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! نماز میں اضافہ ہوا ہے؟ آپ نے فرمایا: کیا ہوا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: آپ نے پانچ رکعتیں پڑھائی ہیں' پس آپ نے دو سجدے (سہو کے) کیے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شُعْبَةَ إِلَّا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ بْنُ عَمْرِو بْنِ شَقِيقٍ

یہ حدیث شعبہ سے صرف یزید بن زریع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے والے حسن بن عمرو بن شقیق اکیلے ہیں۔

3343 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نَا أَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ قَالَ: نَا مِسْكِينُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْأَصَمِّ، عَنْ مَيْمُونَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الرُّقْيَةِ مِنْ كُلِّ ذِي حُمَةٍ

حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے ہر بیماری میں دَم کرنے کی رخصت دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ إِلَّا مِسْكِينٌ

یہ حدیث اوزاعی سے صرف مسکین ہی روایت کرتے ہیں۔

3344 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: الْحَسَنُ بْنُ عَمْرِو بْنِ شَقِيقٍ قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ رُسْتُمٍ الْخَزَّازِ، عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، صَلَّى اللهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ عزوجل کے ارشاد کہ ''وہ لوگ جن کے دل ٹیڑھے ہیں'' کا مطلب کیا ہے؟ فرمایا: وہ لوگ جو قرآن میں بغیر علم کے گفتگو کرتے ہیں' جب تم اُن

3342- اخرجه البخاری فی الصلاة جلد1صفحه605 رقم الحديث: 404' ومسلم فی المساجد جلد1صفحه501 .

3344- اخرجه البخاری فی التفسير جلد8صفحه57 رقم الحديث: 4547' ومسلم فی العلم جلد4صفحه2053 .

Marfat.com

عَلَيْكَ، (فَاَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ) (آل عمران: 7) قَالَ: الَّذِينَ يُجَادِلُونَ فِيهِ، فَإِذَا رَأَيْتَهِمْ فَهُمُ الَّذِينَ عَنَى اللَّهُ، فَاحْذَرُوهُمْ

کو دیکھو کہ وہ اللہ کے کلام میں گفتگو کر رہے ہیں تو ان سے بچو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي عَامِرٍ إِلَّا جَعْفَرٌ

یہ حدیث ابو عامر سے صرف جعفر ہی روایت کرتے ہیں۔

3345 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، اسْتَغْفِرْ لِي، فَسَكَتَ عَنِّي، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ، حَدَّثَنَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّكَ مَا سُئِلْتَ شَيْئًا قَطُّ فَقُلْتَ: لَا فَتَبَسَّمَ فِي وَجْهِي، وَقَالَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَهُ

حضرت محمد بن ابی السری العسقلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش مانگیں! آپ میرا جواب دینے سے خاموش رہے' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو سفیان بن عیینہ نے بیان کیا' وہ فرماتے ہیں کہ محمد بن منکدر نے' ان کو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے' حضرت جابر فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جب بھی کوئی شی مانگی جاتی آپ لا نہیں فرماتے تھے' آپ میرے چہرے کو دیکھ کر مسکرائے اور عرض کی: اے اللہ! اس کو بخش دے!

3346 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْهَرَوِيُّ قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ قَالَ: نَا عُمَرُ كِسْرَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ: أَمَا إِنَّهُ نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ أَمَانَانِ، أَمَّا أَحَدُهُمَا فَقَدْ مَضَى وَهُوَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَمَّا الْآخَرُ: فَهُوَ الِاسْتِغْفَارُ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آسمان سے دو امان اُترتے ہیں' ایک گزر چکے ہیں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں' دوسرا استغفار ہیں۔

لَمْ يُسْنِدْ عُمَرُ كِسْرَى حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا، وَلَا رَوَاهُ إِلَّا ابْنُ عُلَيَّةَ

عمر کسریٰ سے یہ حدیث اس سند کے علاوہ منقول نہیں ہے' اور اس کو روایت کرنے والے ابن علیہ اکیلے

3346- اخرجه الترمذی فی التفسير جلد 5 صفحه 270 رقم الحديث: 3082 وقال: حديث غريب . واحمد فی المسند جلد 4 صفحه 480 رقم الحديث: 18525 نحو لفظ المصنف .

Marfat.com

ہیں۔

3347 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْخَيَّاطُ قَالَ: نَا عَبْدُ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ عُلَيَّةَ الْبَصْرِيُّ، عَنِ الْاَزْرَقِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ: رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ، فِي الصَّلَاةِ يَعْتَمِدُ اِذَا قَامَ، فَقُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالَ: رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت ازرق بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا' آپ نماز میں جب اُٹھتے تو سہارا لے کر اُٹھتے' میں نے عرض کی: یہ کیا ہے؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے کرتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَزْرَقِ اِلَّا الْهَيْثَمُ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحِمَّانِيُّ

یہ حدیث ازرق سے صرف ہیثم ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حمانی اکیلے ہیں۔

3348 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ الْاَنْبَارِيُّ قَالَ: نَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ مُتَعَمِّدًا فَقَدْ كَفَرَ جِهَارًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر نماز چھوڑی' بے شک اس نے کھلا کفر کیا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ اِلَّا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي دَاوُدَ

یہ ابوجعفر الرازی سے صرف ہاشم بن قاسم روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابوداؤد اکیلے ہیں۔

3349 - حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُسَرَّحٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَمِّهِ اَبِي مَشْجَعَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: ذُكِرَ زِيَادَةُ الْعُمُرِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس عمر کے زیادہ ہونے کا ذکر کیا' حضور ﷺ نے فرمایا: جب موت کا وقت آئے گا تو کسی جان کو صحت نہ دی جائے گی۔ زیادہ عمر یہ ہے کہ نیک اولاد اللہ عزوجل کا اس سے فائدہ ایسے بندے کو دیتا رہے گا جو اس

3347- وقال الحافظ ابن حجر في التلخيص في الطبراني في الأوسط عن الأزرق بن قيس رأيت عبد الله بن عمر وهو يعجن في الصلاة' يعتمد على يديه اذا قام كما يفعل الذي يعجن العجين ـ انظر: تلخيص الحبير جلد 1 صفحه 277-178 رقم الحديث: 64 ـ

Marfat.com

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُؤَخَّرُ نَفْسٌ إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا، وَإِنَّمَا زِيَادَةُ الْعُمُرِ: الذُّرِّيَّةُ الصَّالِحَةُ يَرْزُقُهَا اللّٰهُ الْعَبْدَ، فَتَدْعُو لَهُ مِنْ بَعْدِهِ، فَيَلْحَقُهُ دُعَاؤُهُمْ فِي قَبْرِهِ، فَذَلِكَ زِيَادَةُ الْعُمُرِ

کے لیے اس کے مرنے کے بعد دعا کریں گے' اُن کی دعا اس کو قبر میں بھی ملے گی' یہ عمر کا زیادہ ہونا ہے۔

3350 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى اللُّؤْلُؤِيُّ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ الْعُرَنِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْمٍ فِيهِمْ رَجُلٌ مُتَخَلِّقٌ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ، وَأَعْرَضَ عَنِ الرَّجُلِ، فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، سَلَّمْتَ عَلَيْهِمْ، وَأَعْرَضْتَ عَنِّي؟ فَقَالَ: إِنَّ بَيْنَ عَيْنَيْكَ حُمْرَةً

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک قوم کے پاس سے گزرے' ان میں ایک آدمی تھا' اس نے خلوق کا خوشبو لگایا ہوا تھا' آپ نے تمام لوگوں کو سلام کیا' اس آدمی سے اعراض کیا' اس آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے ان کو سلام کیا ہے اور مجھ سے اعراض کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تیری دونوں آنکھوں کے درمیان میں سرخی ہے۔

میں بکریاں چراتا رہا ہوں۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بکریاں چراتے رہے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی نبی ایسا نہیں ہے جس نے بکریاں نہ چرائی ہوں۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ عِيسَى إِلَّا ابْنُ سَهْمٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

مسعر سے صرف عیسیٰ بن یونس اور عیسیٰ سے صرف ابن سہم روایت کرتے ہیں' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف سے صرف اسی سند سے روایت ہے۔

3490 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُرَيْثٍ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ: نا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ التَّمِيمِيُّ قَالَ: نا الْجُرَيْرِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْحُبْلَى الَّتِي تَخَافُ عَلَى نَفْسِهَا أَنْ تُفْطِرَ، وَالْمُرْضِعِ الَّتِي تَخَافُ عَلَى وَلَدِهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: حاملہ عورت جسے اپنی جان پہ خطرہ ہو وہ افطار کر سکتی ہے' دودھ پلانے والی جسے اپنے بچے پر خوف ہو' وہ بھی افطار کر سکتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، إِلَّا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ

جناب جریری سے اسے صرف ربیع بن بدر ہی روایت کرتے ہیں۔

3491 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُؤَدِّي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مکاتب' آزاد ہونے کے لیے' آزاد کی دیت کے برابر ادائیگی کرے اور غلامی میں غلام کی دیت کی مقدار۔

3490- أخرجه ابن ماجة: الصيام جلد 1 صفحه 533 رقم الحديث: 1668' والطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 141 .

3491- أخرجه النسائي: القسامة جلد 8 صفحه 40 (باب دية المكاتب) . وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 341 رقم الحديث: 2360' والطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 142' والطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 353 رقم الحديث: 11991-11994 .

Marfat.com

الْمُكَاتِبُ بِقَدْرِ مَا عَتَقَ مِنْهُ دِيَةَ الْحُرِّ، وَبِقَدْرِ مَا رَقَّ مِنْهُ دِيَةَ الْعَبْدِ

3492 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ بَيَانٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَذْهَبْتُ كَرِيمَتَيْهِ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ، لَمْ اَرْضَ لَهُ ثَوَابًا دُونَ الْجَنَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: میں نے جس کی دو معزز چیزیں لے لیں اس نے صبر کیا اور رضائے الٰہی کی نیت کی تو میں اس کے لیے جنت سے کم ثواب پر راضی نہ ہوں گا۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَاصِمٍ، اِلَّا اَبُو الْاَحْوَصِ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، اِلَّا سَهْلٌ

حضرت عاصم سے اس کو ابوالاحوص اور ابوالاحوص سے حضرت سہل روایت کرتے ہیں۔

3493 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ بَيَانٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ: نا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ قَالَ: نا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْحَلِفَ يُنْفِقُ السِّلْعَةَ وَيَمْحَقُ الْكَسْبَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قسم اُٹھا کر سودا فروخت کرنے والے کی کمائی سے برکت ختم ہو جاتی ہے۔

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ، اِلَّا حَفْصٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ حَفْصٍ، اِلَّا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ

ادریس اودی سے صرف حفص اور حفص سے صرف سہل بن عثمان روایت کرتے ہیں۔

3494 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخَيَّاطُ الرَّامَهُرْمُزِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاَدَمِيُّ قَالَ:

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے

3492- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4 صفحه 602 رقم الحديث: 2400 بلفظ: اذا أخذت كريمتي عبدي في الدنيا لم يكن له جزاء عندي الا الجنة . وقال: هذا حديث حسن غريب . وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 347 رقم الحديث: 14029' و الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 142 ولفظهما .

3493- أخرجه البخاري: البيوع جلد 4 صفحه 369 رقم الحديث: 2087' ومسلم: المساقاة جلد 3 صفحه 1228 .

3494- أخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 142 وقال: لم يروه عن عمران الا محمد بن بلال . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 92: ورجاله موثقون .

Marfat.com

نا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ: نا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: اَقَامَ ابْنُ عُمَرَ ذَاتَ يَوْمِ الصَّلَاةَ، فَقَالَ لِرَجُلٍ مِنَ الْقَوْمِ: تَقَدَّمْ فَصَلِّ، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ رِزًّا فَلْيَتَوَضَّأْ

لَمْ يَرْوِهِ عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ

نماز کھڑی کروائی تو قوم میں سے ایک آدمی سے فرمایا: آگے ہو اور نماز پڑھا! کیونکہ میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا' آپ فرمارہے تھے: جب تم میں سے کوئی ایک گھنڈی والا ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ وضو کرے۔

عمران القطان سے اسے محمد بن بلال ہی روایت کرتے ہیں۔

3495 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، صَاحِبُ الْهَرَوِيِّ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ اَبِي كَعْبٍ، صَاحِبِ الْحَرِيرِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي السَّلِيلِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَضْرَمِيِّ اِلَى الْبَحْرَيْنِ، تَبِعْتُهُ فَرَاَيْتُ مِنْهُ ثَلَاثَ خِصَالٍ، لَا اَدْرِي اَيَّتُهُنَّ اَعْجَبُ: انْتَهَيْنَا اِلَى شَاطِئِ الْبَحْرِ، فَقَالَ: سَمُّوا وَاقْتَحِمُوا، فَقَالَ: فَسَمَّيْنَا وَاقْتَحَمْنَا فَعَبَرْنَا فَمَا بَلَّ الْمَاءُ اِلَّا اَسَافِلَ خِفَافِ اِبِلِنَا، فَلَمَّا قَفَلْنَا صِرْنَا مَعَهُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ وَلَيْسَ مَعَنَا مَاءٌ، فَشَكَوْنَا اِلَيْهِ، فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ دَعَا فَاِذَا سَحَابَةٌ مِثْلُ التُّرْسِ، ثُمَّ اَرْخَتْ عَزَالِيهَا، فَسَقَيْنَا وَاسْتَقَيْنَا، وَمَاتَ فَدَفَنَّاهُ فِي الرَّمْلِ، فَلَمَّا سِرْنَا غَيْرَ بَعِيدٍ قُلْنَا: يَجِيءُ سَبُعٌ فَيَاْكُلُهُ، فَرَجَعْنَا، فَلَمْ نَرَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ نے حضرت علاء بن حضرمی کو بحرین کی طرف بھیجا تو میں اس کے پیچھے چلا' میں نے اس سے تین خوبیوں کو ملاحظہ کیا' میں نہیں جانتا کہ ان تین میں سے کون سی زیادہ خوش کرنے والی تھی۔ ہم سمندر کے کنارے پہنچے تو انہوں نے کہا: اللہ کا نام لے کر سمندر میں داخل ہو جاؤ۔ آپ فرماتے ہیں: ہم نے اللہ کا نام لیا اور گھس گئے' سو ہم نے سمندر پار کر لیا' لیکن تری ہمارے اونٹوں کے کھروں کے نیچے تک ہی پہنچی۔ پس جب ہم واپس لوٹے تو ہم ان کے ساتھ ایک چٹیل میدان میں تھے۔ ہمارے پاس پانی نہ تھا' ہم نے ان کی بارگاہ میں شکایت کی تو انہوں نے دو رکعت نماز پڑھی پھر دعا مانگی تو اچانک بادل ڈھال کی مانند آ گئے' پھر خوب برسے' ہم نے جانوروں کو پلایا اور خود پیا۔ وہ فوت ہوئے ہم نے انہیں ریت میں دفن کیا۔ ہم زیادہ دور نہ چلے' ہم نے کہا: مردہ خور آئے گا اور اسے کھا جائے گا۔ پس ہم واپس لوٹے تو ہم نے اسے نہ دیکھا۔

Marfat.com

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي كَعْبٍ، إِلَّا إِبْرَاهِيمُ صَاحِبُ الْهَرَوِيِّ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ إِلَّا أَبُو كَعْبٍ وَاسْمُ أَبِي السَّلِيلِ: ضُرَيْبُ بْنُ نُفَيْرٍ

ابی بن کعب سے اس حدیث کو ابراہیم صاحب الھروی ہی روایت کرتے ہیں۔ جریری سے ابوکعب روایت کرتے ہیں اور ابی السلیل کا نام ضریب بن نفیر ہے۔

3496 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ قَالَ: نَا أَبُو هُرَيْرَةَ مُحَمَّدُ بْنُ فِرَاسٍ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْوَزِيرِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ شَيْبَةَ الْحَجَبِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ يُصْفِينَ لَكَ وُدَّ أَخِيكَ: تُوَسِّعُ لَهُ فِي الْمَجْلِسِ، وَتَدْعُوهُ بِأَحَبِّ الْأَسْمَاءِ إِلَيْهِ، وَتَعُودُهُ إِذَا مَرِضَ

حضرت شیبہ حجبی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں تمہارے لیے تیرے بھائی سے محبت کو خالص کریں گی۔ مجلس میں اس کے لیے تیری کشادگی چاہیں کہ اچھے نام سے پکارو جب بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَبِي الْوَزِيرِ

یہ حدیث موسیٰ بن عبدالملک سے صرف ابراہیم بن وزیر روایت کرتے ہیں۔

3497 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ تَقِيِّ بْنِ أَبِي تَقِيٍّ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نَا جَدِّي أَبُو تَقِيٍّ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ: نَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو صَالِحٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْ صَبَاحٍ يَعْلَمُ مَلَكٌ فِي السَّمَاءِ وَلَا فِي الْأَرْضِ بِمَا يَصْنَعُ اللَّهُ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ، وَإِنَّ الْعَبْدَ لَهُ رِزْقُهُ فَلَوِ اجْتَمَعَ عَلَيْهِ الثَّقَلَانِ الْجِنُّ وَالْإِنْسُ، أَنْ يَصُدُّوا عَنْهُ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ مَا اسْتَطَاعُوا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے صبح کو پیدا کیا ہے، آسمان و آسمان کا ایک فرشتہ جانتا ہے کہ اللہ عزوجل نے آج کے دن میں کیا کرنا ہے اور اپنے بندہ کو کیا رزق دینا ہے، اگر انسان و جن جمع ہو جائیں کہ اس سے کوئی شے روکیں تو وہ اس سے روکنے کی طاقت نہیں رکھیں گے۔

Marfat.com

3498 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْكُمَيْتِ قَالَ: نا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ هِلَالٍ اَبِي ضِيَاءٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ قَرْضٍ صَدَقَةٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر قرض صدقہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الرَّبِيعِ، اِلَّا هِلَالٌ اَبُو ضِيَاءٍ، وَلَا عَنْ هِلَالٍ، اِلَّا جَعْفَرُ بْنُ مَيْسَرَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ

یہ حدیث ربیع سے صرف ہلال ابوضیاء اور ہلال سے صرف جعفر بن میسرہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں غسان بن ربیع اکیلے ہیں۔

3499 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْكُمَيْتِ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ فَرْوَةَ قَالَ: نا اَبُو شِهَابٍ الْحَنَّاطُ، عَنْ عَوْفٍ الْاَعْرَابِيِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ، وَلَمَّا يَلْحَدْهُ، فَجَلَسَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ كَاَنَّمَا عَلَى رُءُوسِنَا الطَّيْرُ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ بِطُولِهِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک جنازہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ نکلے' وہ جنازہ انصار کے ایک آدمی کا تھا' جب ہم اس کو قبر کے پاس لے گئے تو ہم دفن کرنے لگے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹھ گئے' ہم آپ کے اردگرد بیٹھ گئے اس طرح کہ ہمارے سروں کے اوپر پرندے ہیں' اس کے بعد لمبی حدیث ذکر کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَوْفٍ، اِلَّا اَبُو شِهَابٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادِ بْنِ فَرْوَةَ

حضرت عوف سے صرف ابوشہاب روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن زیاد بن فروہ اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3499- أخرجه النسائي: الجنائز جلد 4 صفحه 64 (باب الوقوف للجنائز)' وابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 494 رقم الحديث: 1549 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَسْنُونُ

3500 - حَدَّثَنَا حَسْنُونُ بْنُ اَحْمَدَ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ النَّاسَ كَابِلٍ مِائَةٍ لَا تَجِدُ فِيهَا رَاحِلَةً قَالَ: وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا نَعْلَمُ شَيْئًا خَيْرًا مِنْ مِائَةٍ مِثْلِهِ اِلَّا الرَّجُلَ الْمُؤْمِنَ

لا يُروى عن ابن عمر الّا بهذا الاسناد.

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حسنون ہے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لوگ سو اونٹوں کی طرح ہیں اس میں سواری کوئی نہیں ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس سے ان سو میں کوئی بھلائی کی شے نہیں سوائے مؤمن بندے کے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے اسی سند کے ساتھ روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

3500- اخرجه أحمد: المسند جلد 2 صفحه 149 رقم الحديث: 5885, 5886 من حديثين وفيه سحنون بن أحمد المصرى لم أجده وعزاه الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 1 صفحه 67 أيضًا الى الصغير ..... ومداره على أسامة بن زيد بن أسلم وهو ضعيف جدًا .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَبَابٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حباب ہے

3501 - حَدَّثَنَا حَبَابُ بْنُ صَالِحٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا عُمَيْرُ بْنُ عِمْرَانَ الْحَنَفِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَوْحَى اِلَيَّ اَنْ اُزَوِّجَ كَرِيمَتَيَّ عُثْمَانَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے میری طرف وحی کی ہے کہ میں اپنی دونوں بیٹیوں کی شادی عثمان سے کروں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جَرِيجٍ، اِلَّا عُمَيْرُ بْنُ عِمْرَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف عمیر بن عمران روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حرب اکیلے ہیں۔

3502 - حَدَّثَنَا حَبَابُ بْنُ صَالِحٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ التَّيْمِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ عثمان جنتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جَرِيجٍ، اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ يَحْيَى التَّيْمِيُّ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف اسماعیل بن یحییٰ تیمی ہی روایت کرتے ہیں۔

3503 - حَدَّثَنَا حَبَابُ بْنُ صَالِحٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ حَمَّادٍ اَبُو الْحَارِثِ الْوَرَّاقُ، عَنْ رَوْحِ بْنِ جَنَاحٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مریض کی عیادت تین دن کے بعد کرو۔

3501- أخرجه ايضًا الطبراني في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد9صفحه86: وفيه عمير بن عمران الحنفي وهو ضعيف بهذا الحديث وغيره .

Marfat.com

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُعَادُ الْمَرِيضُ اِلَّا بَعْدَ ثَلَاثٍ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا رَوْحُ بْنُ جَنَاحٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو الْحَارِثِ الْوَرَّاقُ

یہ حدیث زہری سے روح بن جناح روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں ابوحارث وراق اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حُبَابٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حباب ہے

3504 - حَدَّثَنَا حُبَابُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُبَابِ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ قَالَ: نا سَلَّامُ بْنُ اَبِي خُبْزَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ اَبِي الْقَصَّافِ قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ قَالَ: كُنْتُ اَمْشِي مَعَ ابْنِ عُمَرَ، فَمَرَّ عَلَى قَوْمٍ قَدْ نَصَبُوا طَائِرًا غَرَضًا يَرْمُونَهُ، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَعَلَ هَذَا

لَمْ يُسْنِدْ دَاوُدُ بْنُ اَبِي الْقَصَّافِ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا، وَهُوَ شَيْخٌ بَصْرِيٌّ ثِقَةٌ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ چل رہے تھے کہ آپ کا گزر ایک ایسی قوم کے پاس سے ہوا جنہوں نے نشانہ بازی کے لیے پرندے باندھے ہوئے تھے' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: حضور ﷺ نے ایسا کرنے والے پر لعنت فرمائی ہے۔

داؤد بن قصاف سے اس حدیث کو روایت نہیں کیا گیا' یہ بصری کے ثقہ شیخ ہیں۔

3505 - حَدَّثَنَا حُبَابُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُبَابِ التُّسْتَرِيُّ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ اَبُو النَّضْرِ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنِ الْمُهَاجِرِ، مَوْلَى آلِ زِيَادٍ قَالَ: بَيْنَمَا اَنَا عَلَى حِمَارٍ لِي تَكَادُ تُصِيبُ رِجْلِي الْاَرْضَ مِنْ صِغَرِ الْحِمَارِ، اِذْ اَنَا بِصَلْعَةِ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ تَبِصُّ فِي الْقَمْرَاءِ، فَقُلْتُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ: اَيْنَ تُرِيدُ؟ قَالَ: حَاجَةً لِي، قُلْتُ: اَلَا تَرْكَبُ؟ قَالَ: بَلَى. فَتَخَلَّفْتُ عَلَى عَجُزِ الْحِمَارِ، فَقُلْتُ: ارْكَبْ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَالَ: لَا اَفْعَلُ،

آلِ زیاد کے غلام حضرت مہاجر فرماتے ہیں کہ ایک بار میں اپنے گدھے پر سوار تھا اور گدھا چھوٹا تھا' اس وجہ سے میری ٹانگیں زمین پر لگ رہی تھیں' اسی دوران امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ اچانک چمکتے نظر آئے۔ میں نے عرض کی: کہاں کا ارادہ ہے؟ آپ نے فرمایا: ایک کام ہے۔ میں نے عرض کی: سوار نہیں ہوں گے؟ فرمایا: کیوں نہیں! میں نے اپنا گدھا آپ کے پیچھے کر لیا' میں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! اب آپ سوار ہوں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں سوار نہ ہوں گا کیونکہ میں نے رسول کریم ﷺ سے سنا ہے کہ سواری

3504- أخرجه البخاري: الذبائح جلد 9 صفحه 558 رقم الحديث: 5515' ومسلم: الصيد جلد 3 صفحه 1550-1549 .

Marfat.com

اِنِّی سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: صَاحِبُ الدَّابَّةِ اَحَقُّ بِصَدْرِ الدَّابَّةِ، وَصَاحِبُ الْفَرَسِ اَحَقُّ بِصَدْرِ الْفَرَسِ

کا مالک آگے بیٹھنے کا زیادہ حقدار ہے اور گھوڑے کا مالک گھوڑے پر آگے بیٹھنے کا زیادہ حق رکھتا ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ، اِلَّا یَحْیَی بْنُ کَثِیرٍ، وَلَا رَوَی الْمُهَاجِرُ مَوْلَی آلِ زِیَادٍ عَنْ عَلِیٍّ حَدِیثًا غَیْرَ هَذَا

یہ حدیث حضرت علی بن زید سے صرف یحییٰ بن کثیر اور مہاجر مولی آل زیاد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَاجِبٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حاجب ہے

3506 - حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُفَضَّلِ قَالَ: نا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ: نا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَيْمَنَ بْنِ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْفَتَى خُرَيْمٌ لَوْ قَصَّرَ مِنْ شَعْرِهِ وَرَفَعَ مِنْ اِزَارِهِ فَقَالَ خُرَيْمٌ: لَا يُجَاوِزُ شَعْرِي اُذُنِي وَلَا اِزَارِي عَقِبِي

حضرت ایمن بن خریم بن فاتک اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بہتر نوجوان خریم ہے اگر بال کم کروائے اور اپنے تہبند کو اونچا رکھے. حضرت خریم فرماتے ہیں کہ یہ ارشاد سننے کے بعد میرے بال میرے کانوں کی لو سے نیچے نہیں گئے اور میرا تہبند ٹخنوں سے نیچے نہیں کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، اِلَّا الْمَسْعُودِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ

یہ حدیث عبدالملک بن عمیر سے صرف مسعودی ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں یونس بن بکیر اکیلے ہیں۔

3507 - حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ شُعَيْبٍ الْكَيْسَانِيُّ قَالَ: نا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ قَالَ: نا حَمَّادٌ الْفُسْطَاطُ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ: عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ لَا اَدَعُهُنَّ حَتَّى اَتَوَسَّدَ يَمِينِي: اَنْ لَا اَبِيتَ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ، وَاَنْ اَصُومَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فِي كُلِّ شَهْرٍ، وَصَلَاةِ الضُّحَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے تین چیزوں کی وصیت کی' جب سے میں نے سنا ہے میں نے ان کو چھوڑا نہیں ہے: رات کو سونے سے پہلے وتر پڑھنے کی' ہر ماہ تین روزے رکھنے کی' چاشت کی نماز کی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ الْفُسْطَاطِ اِلَّا الْخَصِيبُ بْنُ نَاصِحٍ، وَهُوَ شَيْخٌ بَصْرِيٌّ نَزَلَ مِصْرَ

یہ حدیث حماد فسطاط سے صرف خصیب بن ناصح روایت کرتے ہیں' خصیب بصری کے شیخ ہی مصر میں اُترے۔

3507- اخرجه البخاري: التهجد جلد3صفحه68 رقم الحديث: 1178' ومسلم: صلاة المسافرين جلد1صفحه499 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَمَلَةُ

اس شخص کے نام سے جس کا نام حملہ ہے

3508 - حَدَّثَنَا حَمَلَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَزِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرٍو الْغَزِّيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ التِّنِّيسِيُّ قَالَ: نا زُهَيْرٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلَى عَمَّتِهَا اَوْ خَالَتِهَا

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، اِلَّا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پھوپھی یا خالہ کو ایک نکاح میں جمع کرنے سے منع فرمایا' یعنی بھتیجی اور بھانجی کے ساتھ۔

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے صرف زہیر بن محمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمرو بن ابی سلمہ اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3508- انظر مجمع الزوائد جلد4صفحه266 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حُمَيْدٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حمید ہے

3509 - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَخْلَدٍ الْوَاسِطِيُّ الْبَزَّازُ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ قَالَ: نا اَغْلَبُ بْنُ تَمِيمٍ، عَنْ جَسْرٍ اَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَاَ يَاسِينَ فِي يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ غُفِرَ لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سورۂ یاسین دن اور رات کو اللہ کی رضا کے لیے پڑھی اس کو بخش دیا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ، اِلَّا اَغْلَبُ بْنُ تَمِيمٍ

یہ حدیث غالب القطان سے صرف اغلب بن تمیم روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3509- اخرجه ايضًا الطبراني في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7 صفحه 100: وفيه أغلب بن تميم وهو ضعيف . قلت بل هو ضعيف جدًا' وشيخه جسر متروك' وأخرجه أيضًا العقيلي في ترجمة جسر' وابن عدى في ترجمة أغلب' وفي ترجمة الحسن بن دينار .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَمَدٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حمد ہے

3510 - حَدَّثَنَا حَمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَدٍ أَبُو نَصْرٍ الْكَاتِبُ قَالَ: نَا كُرْدُوسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: كَانَ الْعَبَّاسُ عَمُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَنْ يَحْرُسُهُ، فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ وَإِنْ لَمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ) (المائدة: 67) تَرَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَرَسَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ مَرْزُوقٍ، إِلَّا مُعَلَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَلَا يُرْوَى عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے چچا ان حضرات میں سے تھے جو آپ کی حفاظت پر مامور تھے' پس جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اے رسول! آپ کے رب کی طرف سے جو آپ پر نازل ہوا ہے' پہنچا دیجئے! اگر آپ نے نہ کیا تو آپ نے اپنی رسالت کو لوگوں تک نہیں پہنچایا اور اللہ تعالیٰ آپ کے جسم کو لوگوں سے محفوظ رکھے گا'' (المائدہ: ۶۷)۔ رسول کریم ﷺ نے محافظ دستے کو وہیں چھوڑ دیا۔

فضیل بن مرزوق سے یہ حدیث معلّٰی بن عبدالرحمٰن ہی روایت کرتے ہیں اور حضرت ابوسعید خدری سے اسی سند سے روایت ہے۔

☆☆☆☆☆

3510- أخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 7صفحه20: وفيه عطية العوفي وهو ضعيف قلت: وفيه أيضًا معلى بن عبد الرحمن وهو متهم بالوضع .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حُذَاقِيٌّ

3511 - حَدَّثَنَا حُذَاقِيُّ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ الْمُسْتَنِيرِ بْنِ حُذَاقِيِّ بْنِ عَامِرِ بْنِ عِيَاضِ بْنِ مُخَرِّقٍ الْعَمِّيُّ اللَّخْمِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي حُمَيْدِ بْنِ الْمُسْتَنِيرِ، عَنْ خَالِهِ أَخِي أُمِّهِ وَهُوَ خَالِدُ بْنُ مُوسَى قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ زِيَادَةَ بْنِ جَهْوَرٍ قَالَ: وَرَدَ عَلَيَّ كِتَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيهِ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللَّهِ إِلَى زِيَادَةَ بْنِ جَهْوَرٍ، سَلَامٌ أَنْتَ، فَإِنِّي أَحْمَدُ إِلَيْكَ اللَّهَ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، أَمَّا بَعْدُ: فَإِنِّي أُذَكِّرُكَ اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ، أَمَّا بَعْدُ: فَلْيُوضَعَنَّ كُلُّ دِينٍ دَانَ بِهِ النَّاسُ إِلَّا الْإِسْلَامَ، فَاعْلَمْ ذَلِكَ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حذاقی ہے

حضرت زیادہ بن جہور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خط ملا جس میں لکھا تھا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! محمد رسول اللہ کی طرف سے زیادہ بن جہور کی طرف! سلام ہو آپ کو! میں تیری طرف اللہ کی حمد لکھ رہا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ امابعد! میں تجھے اللہ اور یوم آخرت کی یاد دلا رہا ہوں۔ امابعد! ہر دین کے ساتھ لوگوں کی بہتری ہے اسلام بھی دین ہے اس کو اچھی طرح جان لے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَمْزَةُ

3512 - حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَاتِبُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَصَبْنَا حُمُرًا مِنْ حُمُرِ الْبُيُوتِ فَذَبَحْنَاهَا، وَطَبَخْنَاهَا، فَاُخْبِرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ مُنَادِيًا، فَنَادَى فِي النَّاسِ: اَنَّ لُحُومَ حُمُرِ الْاِنْسِ لَا تَحِلُّ، حَرَّمَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصَابُوا فِي حِيطَانِهَا بَصَلًا وَثُومًا، فَاَكَلُوا مِنْهُ، وَالْقَوْمُ جِيَاعٌ، فَرَاحُوا، فَاِذَا رِيحُ الْمَسْجِدِ بَصَلًا وَثُومًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ هَذِهِ الشَّجَرَةَ الْخَبِيثَةَ فَلَا يَقْرَبْنَا فِي مَسْجِدِنَا

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حمزہ ہے

حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا' ہم کو پالتو گدھے ملے تو ہم نے ان کو ذبح کیا اور کھایا' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خبر دی گئی تو آپ نے اعلان کا حکم دیا' منادی نے لوگوں میں اعلان کیا کہ پالتو گدھے حلال نہیں ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حرام کیا' اس باغ میں پیاز و لہسن پایا' اس کو لوگوں نے کھایا' پھر لوگوں نے ڈکار مارنے شروع کیے' اس کی بدبو یعنی پیاز اور لہسن کی بدبو مسجد میں پھیل گئی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو اس بُرے درخت سے کھائے وہ ہماری مسجدوں کے قریب نہ آئے۔

3513 - حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ الْحَجَّاجِ بْنِ يُوسُفَ الثَّقَفِيُّ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ عِيسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ الْحُدَّانِيُّ، عَنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وعدہ قرض ہے۔

3512- أخرجه الطبراني في الكبير جلد 22 صفحه 215 رقم الحديث: 574 . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 2 صفحه 21: واسناده حسن . وذكر الحافظ المنذري في الترغيب جلد 1 صفحه 224 رقم الحديث: 7 وقال: اسناده حسن .

Marfat.com

الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعِدَةُ دَيْنٌ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحُدَّانِيُّ، وَلَا رَوَاهُ عَنْهُ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ مَالِكٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث اعمش سے صرف عبداللہ بن محمد حدانی روایت کرتے ہیں اور حدانی سے صرف سعید بن مالک روایت کرتے ہیں اور حضور ﷺ سے اسی سند سے روایت ہے۔

3514 - حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ دَاوُدَ الثَّقَفِيُّ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَالِكِ بْنِ عِيسَى الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ الْحُدَّانِيُّ قَالَ: نا الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، وَعَلْقَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعِدَةُ دَيْنٌ، زَادَ عَلِيٌّ فِي حَدِيثِهِ: وَيْلٌ لِمَنْ وَعَدَ ثُمَّ اَخْلَفَ يَقُولُهَا ثَلَاثًا،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: وعدہ قرض ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اضافہ ہے فرمایا: ہلاکت ہے اس کے لیے جو وعدہ خلافی کرے تین مرتبہ فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ مَالِكٍ

یہ حدیث اعمش سے صرف عبداللہ بن محمد بن اشعث روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں سعید بن مالک اکیلے ہیں۔

3515 - حَدَّثَنَا حَمْزَةُ بْنُ دَاوُدَ الثَّقَفِيُّ قَالَ: نا جَعْفَرُ بْنُ النَّضْرِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَهْلَ الْمَدِينَةِ اذْكُرُوا يَوْمَ الْخَلَاصِ قَالَهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے اہل مدینہ! خلاص کا دن یاد کرو! آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! خلاص کا دن کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: دجال آئے گا یہاں تک کہ کھیاں آئیں گی' مدینہ

3514- تقدم تخريجه انظر الحديث المتقدم .

3515- انظر مجمع الزوائد جلد3صفحه311 .

Marfat.com

ثَلاثًا قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا يَوْمُ الْخَلاصِ؟ قَالَ: يَـأْتِـي الدَّجَّالُ حَتَّى يَنْزِلَ بِذُبَابٍ فَلا يَبْقَى بِالْمَدِينَةِ كَـافِـرٌ، وَلَا كَـافِـرَةٌ، وَلَا مُشْرِكٌ، وَلَا مُشْرِكَةٌ، وَلَا مُـنَـافِقٌ، وَلَا مُنَافِقَةٌ، اِلَّا خَرَجُوا اِلَيْهِ فَيَخْلَصُ يَوْمَئِذٍ الْمُؤْمِنُونَ فَذَلِكَ يَوْمُ الْخَلَاصِ

منورہ میں کوئی کافر' مشرک' کافرعورت' مشرک عورت' منافق مرد وعورت باقی نہیں رہے گا یہاں تک کہ اس سے نکل جائے گا' اس دن اس میں صرف ایمان والے رہیں گے' یہ خلاص کا دن ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَجَّاجٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حجاج ہے

3516 - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ عِمْرَانَ السَّدُوسِيُّ، كَاتِبُ بَكَّارٍ الْقَاضِي قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الشَّاذَكُونِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ قَالَ: انَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي يَحْيَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ ذَكْوَانَ، مَوْلَى عَائِشَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَانِ يَلْبَسُهُمَا فِي جُمُعَتِهِ، فَإِذَا انْصَرَفَ طَوَيْنَاهُمَا اِلَى مِثْلِهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے دن دو کپڑے پہنتے تھے‘ جب آپ جمعہ پڑھا کر آتے تو ہم اس کو لپیٹ کر رکھ لیتے تھے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَاقِدِيُّ

یہ حدیث حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے‘ اس کو روایت کرنے میں واقدی اکیلے ہیں۔

3517 - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ عِمْرَانَ السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ قَالَ: انَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، نَحْنُ خَيْرٌ اَمِ الَّذِينَ يَجِيئُوا مِنْ بَعْدِنَا؟ قَالَ: لَوْ اَنْفَقَ اَحَدُهُمْ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِكُمْ وَلَا نَصِيفَهُ

حضرت یوسف بن عبداللہ بن سلام اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم بہتر ہیں یا جو ہمارے بعد آئیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر ان میں سے کوئی اُحد پہاڑ کی مثل خرچ کرے اور تم ایک مٹھی خرچ کرو تو وہ تمہارے اس حصے کو نہیں پہنچ سکیں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ، اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْوَاقِدِيُّ

یہ حدیث عبداللہ بن سلام سے اسی سند سے روایت ہے‘ اس کو روایت کرنے میں واقدی اکیلے ہیں۔

3518 - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ عِمْرَانَ

حضرت بسرہ بنت صفوان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں

Marfat.com

السَّدُوسِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّ بُسْرَةَ بِنْتَ صَفْوَانَ، سَأَلَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْأَةِ تُدْخِلُ يَدَهَا فِي فَرْجِهَا؟ فَقَالَ: عَلَيْهَا الْوُضُوءُ

کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا: عورت کا اپنی شرمگاہ میں ہاتھ داخل کرنے کا کیا حکم ہے؟ آپ نے فرمایا: وضو اس پر لازم ہے (یعنی ہاتھ دھونے لازم ہیں)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، إِلَّا يَحْيَى بْنُ رَاشِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ

یہ حدیث ابن ثوبان سے صرف یحییٰ بن راشد ہی روایت کرتے ہیں ان سے روایت کرنے میں سلیمان بن داؤد اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَفْصٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حفص ہے

3519 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا اَبُو حُذَيْفَةَ مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ جَرِيرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْرَعُ الْاَرْضِ خَرَابًا يُسْرَاهَا، ثُمَّ يُمْنَاهَا

حضرت جریر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: زمین کا حصہ جلدی خراب ہوتا ہے' پہلے بایاں پھر دایاں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ مَوْصُولًا اِلَّا اَبُو حُذَيْفَةَ

یہ حدیث متصلاً صرف ابوحذیفہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3520 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا قَبِيصَةُ بْنُ عُقْبَةَ قَالَ: نا اِسْرَائِيلُ، عَنْ هِلَالِ بْنِ مِقْلَاصٍ الصَّيْرَفِيِّ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ طَيِّبًا وَعَمِلَ فِي سُنَّةٍ وَاَمِنَ النَّاسُ بَوَائِقَهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ هٰذَا فِي اُمَّتِكَ لَكَثِيرٌ؟ فَقَالَ: وَسَيَكُونُ فِي قُرُونٍ مِنْ بَعْدِي

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے حلال رزق کھایا' سنت پر عمل کیا' لوگ اس کے شر سے محفوظ رہے تو وہ جنت میں گیا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کی اُمت تو بہت زیادہ ہے؟ آپ نے فرمایا: عنقریب میرے بعد ایسے لوگ آئیں گے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْرَائِيلُ

یہ حدیث ابووائل' ابوسعید سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسرائیل اکیلے

3519- أخرجه أيضًا أبو نعيم في الحلية جلد7صفحه112 من طريق الطبراني .

3520- أخرجه الترمذي: صفة القيامة جلد4صفحه669 رقم الحديث: 2520 وقال: هذا حديث غريب . والحاكم في المستدرك جلد4صفحه104 . انظر الترغيب للمنذري جلد2صفحه546 رقم الحديث:4 .

Marfat.com

ہیں۔

3521 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نا فَيْضُ بْنُ الْفَضْلِ الْبَجَلِيُّ قَالَ: نا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ اَبِي صَادِقٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ نَاجِدٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَئِمَّةُ مِنْ قُرَيْشٍ، اَبْرَارُهَا اُمَرَاءُ اَبْرَارِهَا، وَفُجَّارُهَا اُمَرَاءُ فُجَّارِهَا، وَلِكُلٍّ حَقٌّ، فَآتُوا كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ، وَاِنْ اُمِّرَ عَلَيْكُمْ عَبْدٌ حَبَشِيٌّ مُجَدَّعٌ فَاسْمَعُوا لَهُ وَاَطِيعُوا، مَا لَمْ يُخَيَّرْ اَحَدُكُمْ بَيْنَ اِسْلَامِهِ وَبَيْنَ ضَرْبِ عُنُقِهِ، فَاِنْ خُيِّرَ بَيْنَ اِسْلَامِهِ وَبَيْنَ ضَرْبِ عُنُقِهِ، فَلْيَمْدُدْ عُنُقَهُ، ثَكِلَتْهُ اُمُّهُ، فَلَا دُنْيَا وَلَا آخِرَةَ بَعْدَ ذَهَابِ اِسْلَامِهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ، اِلَّا فَيْضُ بْنُ الْفَضْلِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ائمہ قریش سے ہوں گے ان کے نیک نیکوں کے امیر اور ان کے گناہ گار گناہ گاروں کے امیر ہوں گے ہر ایک کا حق ہے پھر حق والے کا حق اسے ادا کرو اگرچہ تم پر کان کٹا حبشی غلام امیر بنا دیا جائے اس کی بھی بات سنو اور اطاعت کرو۔ جب تک تمہیں اس کے اسلام اور اس کی گردن مارنے کے درمیان اختیار نہ مل جائے اگر اس کے اسلام اور اس کی گردن مارنے کے درمیان اختیار ملے تو چاہیے کہ اس کی گردن کی مدد کی جائے اس کی ماں اسے روئے۔ اس کا اسلام چلے جانے کے بعد نہ دنیا ہے نہ آخرت (سب برباد ہے)۔

اس حدیث کو مسعر سے صرف فیض بن فضل ہی روایت کرتے ہیں۔

3522 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْخَيْرُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِي الْخَيْلِ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ شُرَيْحٍ اِلَّا اِسْرَائِيلُ

حضرت عروہ البارقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن تک بھلائی گھوڑوں کی پیشانی میں رکھ دی گئی ہے۔

یہ حدیث مقداد بن شریح سے صرف اسرائیل روایت کرتے ہیں۔

3523 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا عَبْدُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمیں حضور

3522- أخرجه البخاري: الجهاد جلد6صفحه66 رقم الحديث: 2852، ومسلم: الامارة جلد3صفحه1493 .

3523- أخرجه البخاري: الطلاق جلد 9صفحه280 رقم الحديث: 5262 ولكنه قال: فلم يعد ذلك علينا شيئًا . ومسلم: الطلاق جلد2صفحه1104 .

Marfat.com

اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا زَائِدَةُ، عَنْ بَيَانٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ، فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَيَانٍ، اِلَّا زَائِدَةُ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اختیار دیا تو ہم نے آپ کو اختیار کیا' آپ نے اسے طلاق شمار نہیں کیا۔

یہ حدیث بیان سے صرف زائدہ ہی روایت کرتے ہیں۔

3524 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ نِيَارٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَابِسٌ الْغَرِيمَ عَلَى غَرِيمِهِ كَاَشَدِّ مَا حُبِسَ شَيْءٌ عَلَى شَيْءٍ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ كَيْفَ اُعْطِيهِ وَقَدْ حَشَرْتَنِي حَافِيًا عُرْيَانًا: فَمِنْ اَيْنَ؟ فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: سَاُعْطِيهِمْ مَا اَعْطَوْكَ مِنْ حَسَنَاتِكَ، فَيَطْرَحُ عَلَى حَسَنَاتِ الْقَوْمِ، فَاِنْ كَانَتْ وَاِلَّا اُخِذَتْ مِنْ سَيِّئَاتِ الْقَوْمِ فَطُرِحَتْ عَلَى سَيِّئَاتِكَ

حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل قرض دینے والوں کو ان کے قرض کے مطابق روک لے گا' سخت طریقے سے روک لے گا' وہ عرض کریں گے: اے رب! ان کو کیسے دیا جائے گا' قرض ہم کو روک لیں گے' ننگے پاؤں' ننگے جسم کون قرض ادا کرے گا؟ اللہ عزوجل فرمائے گا: عنقریب ان کو تمہاری نیکیاں دی جائیں گی' تمہاری نیکیاں ان کے نامۂ اعمال میں ڈالی جائیں گی' اگر نیکیاں ختم ہوگئیں تو ان کے گناہ لے کر تمہارے نامۂ اعمال میں ڈالے جائیں گے۔

3525 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِي زَائِدَةَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا فِي مَسِيرٍ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَعَكَ مَاءٌ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَنَزَلَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، ثُمَّ مَشَى حَتَّى تَوَارَى عَنِّي، فَلَمَّا اسْتَقْبَلْتُهُ بِالْمِطْهَرَةِ، فَتَوَضَّاَ وَغَسَلَ كَفَّيْهِ وَغَسَلَ وَجْهَهُ، وَكَانَتْ عَلَيْهِ جُبَّةٌ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے کہ آپ نے مجھے فرمایا: تمہارے پاس پانی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ سواری سے نیچے اُترے پھر آپ چلے یہاں تک کہ آپ میری نظر سے غائب ہو گئے' جب آپ تشریف لائے تو میں وضو کے لیے پانی لایا۔ پس آپ نے وضو کیا' دونوں ہتھیلیوں کو دھویا اور اپنے چہرے کو دھویا' آپ پر شامی جبہ تھا' اس کی آستین

3525- أخرجه البخاري: اللباس جلد10صفحه280 رقم الحديث:5799' ومسلم: الطهارة جلد1صفحه230 .

Marfat.com

شَامِيَّةٌ ضَيِّقَةُ الْيَدَيْنِ فَاَخْرَجَ يَدَهُ مِنْ تَحْتِ الْجُبَّةِ وَغَسَلَ ذِرَاعَيْهِ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ، ثُمَّ اَهْوَيْتُ اِلَى خُفَّيْهِ لِاَنْتَزِعَهُمَا، فَقَالَ: دَعْهُمَا فَاِنِّي اَدْخَلْتُهُمَا وَهُمَا طَاهِرَتَانِ فَمَسَحَ عَلَى خُفَّيْهِ

تنگ تھی تو آپ نے جبہ کے نیچے سے اپنے ہاتھ نکالے دونوں کہنیوں کو دھویا اور اپنے سر کا مسح کیا' پھر میں آگے ہوا موزے اتارنے کے لیے۔ آپ نے فرمایا: رہنے دو! میں نے دونوں کو پاکی پر پہنا ہوا ہے اور آپ نے موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى السَّفَرِ، اِلَّا عُمَرُ بْنُ اَبِى زَائِدَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث عبداللہ بن ابی السفر سے صرف عمر بن ابی زائدہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رجاء اکیلے ہیں۔

3526 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِى الْحُسَامِ قَالَ: نا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ عِيسَى بْنِ مَسْعُودِ بْنِ الْحَكَمِ الزُّرَقِيِّ، عَنْ جَدَّتِهِ حَبِيبَةَ، اَنَّهَا كَانَتْ مَعَ اُمِّهَا بِنْتِ الْعَجْمَاءِ فِي اَيَّامِ الْحَجِّ بِمِنًى فَجَائَهُمْ بُدَيْلُ بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِيُّ عَلَى رَاحِلَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَادَى: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُفْطِرْ فَاِنَّهُنَّ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

حضرت عیسیٰ بن مسعود بن حکم الزرقی اپنی دادی حبیبہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتی ہیں کہ وہ حج کے دنوں میں منیٰ میں اپنی والدہ بنت عجماء کے ساتھ تھیں۔ بدیل بن ورقاء الخزاعی' رسول اللہ ﷺ کی سواری پر آئے اور اعلان کیا کہ حضور ﷺ فرماتے ہیں: جس نے روزہ رکھا ہے وہ افطار کرلے کیونکہ یہ کھانے پینے کے دن ہیں۔

لَمْ يُرْوَ هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ بُدَيْلِ بْنِ وَرْقَاءَ، اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث بدیل بن ورقاء سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رجاء اکیلے ہیں۔

3527 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: نا رَبِيعَةُ بْنُ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: دُخِلَ عَلَيْنَا يَوْمَ النَّحْرِ بِاَعْضَاءٍ مِنْ اَعْضَاءِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ہمارے پاس عید کے دن گائے کے گوشت کے اعضاء آئے' ہم نے کہا: یہ کیا ہیں؟ انہوں نے کہا: حضور ﷺ نے اپنی ازواج کی طرف سے گائے کی قربانی کی ہے۔

3527- اخرجه الدارمي: المناسك جلد 2 صفحه 22 رقم الحديث: 1904' واحمد: المسند جلد 6 صفحه 217 رقم الحديث: 25674 نحوه .

Marfat.com

الْبَقَرِ فَقُلْنَا: مَا هَذَا؟ فَقَالُوا: اَهْدَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَزْوَاجِهِ الْبَقَرَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَبِيعَةَ، اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

ربیعہ سے یہ حدیث سعید بن سلمہ روایت کرتے ہیں'اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رجاء اکیلے ہیں۔

3528 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا خُنَيْسٍ الْغِفَارِيَّ، يَقُولُ: خَرَجْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تِهَامَةَ، حَتَّى اِذَا كَانَ بِعُسْفَانَ جَائَهُ اَصْحَابُهُ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، جَهَدَنَا الْجُوعُ، فَاْذَنْ لَنَا فِي الظَّهْرِ اَنْ نَاْكُلَهُ، فَقَالَ: نَعَمْ فَاُخْبِرَ بِذَلِكَ عُمَرُ، فَجَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا صَنَعْتَ؟ اَمَرْتَ النَّاسَ اَنْ يَاْكُلُوا الظَّهْرَ، فَعَلَى مَاذَا يَرْكَبُونَ؟ قَالَ: مَا تَرَى يَا ابْنَ الْخَطَّابِ قَالَ: اَرَى اَنْ تَاْمُرَهُمْ - وَاَنْتَ اَفْضَلُ رَاْيًا - اَنْ يَجْمَعُوا فَضْلَ اَزْوَادِهِمْ فِي ثَوْبٍ، ثُمَّ تَدْعُو اللّٰهَ لَهُمْ، فَاِنَّ اللّٰهَ يَسْتَجِيبُ لَكَ، فَاَمَرَهُمْ، فَجَمَعُوا فَضْلَ اَزْوَادِهِمْ فِي ثَوْبٍ، ثُمَّ دَعَا اللّٰهَ لَهُمْ، ثُمَّ قَالَ: ائْتُوا بِاَوْعِيَتِكُمْ فَمَلَاَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِنْهُمْ وِعَائَهُ، ثُمَّ اَذِنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّحِيلِ فَلَمَّا ارْتَحَلُوا اُمْطِرُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ، وَنَزَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوخنیس الغفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے ساتھ غزوۂ تہامہ میں نکلا' جب ہم مقامِ عسفان پر آئے تو آپ کے اصحاب آپ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو بھوک لگی ہے' آپ ہمیں اجازت دیں کہ ہم سواریاں ذبح کر کے کھائیں! آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے! یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوئی تو وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: اے غیب کی خبریں دینے والے اللہ کے نبی! یہ آپ نے کیا کیا ہے؟ آپ نے لوگوں کو سواریاں ذبح کر کے کھانے کا حکم دے دیا ہے' اگر اسے کیا گیا تو سواریوں کا کیا ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! اس حوالہ سے آپ کی کیا رائے ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میری رائے یہ ہے کہ آپ ان کو حکم دیں کہ جو ان کے پاس بچا ہوا زادِ راہ ہے' وہ ایک کپڑے میں جمع کریں' پھر اس کھانے پر آپ اللہ سے دعا کریں کیونکہ اللہ آپ کی دعا قبول کرتا ہے۔ آپ ﷺ نے اپنے غلاموں کو حکم دیا تو انہوں نے زادِ راہ ایک کپڑے میں جمع کیا' آپ نے اس کھانے پر دعا کی' پھر فرمایا: اپنے برتن لے آؤ! ہر ایک نے اپنا برتن بھر لیا' پھر

3528- اخرجه ايضًا البزار من طريق عبد الله بن رجاء به' وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 8 صفحه 306: ورجاله ثقات .

Marfat.com

وَسَلَّمَ وَنَزَلُوا مَعَهُ، وَشَرِبُوا مِنَ الْمَاءِ هُمْ وَالْكُرَاعِ ثُمَّ خَطَبَهُمْ فَجَاءَ نَفَرٌ ثَلَاثَةٌ، فَجَلَسَ اثْنَانِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَهَبَ الْآخَرُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ عَنِ النَّفَرِ الثَّلَاثَةِ؟: أَمَّا وَاحِدٌ فَاسْتَحْيَا فَاسْتَحَى اللّٰهُ مِنْهُ، وَأَمَّا الْآخَرُ فَأَقْبَلَ تَائِبًا فَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَأَمَّا الْآخَرُ فَأَعْرَضَ فَأَعْرَضَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضور ﷺ نے سواری لانے کا حکم دیا' جب سواری پر بیٹھ کر چلنے لگے تو جو اللہ نے چاہا بارش ہوئی' حضور ﷺ نیچے اُترے' آپ کے ساتھ آپ کے صحابہ بھی اُترے اور اس سے پانی پیا' اس کے بعد آپ نے صحابہ کرام کو خطبہ دیا۔ پھر تین آدمی آپ کے پاس آئے' دو حضور ﷺ کے پاس بیٹھ گئے اور ایک چلا گیا' حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں آپ کو ان تینوں کے متعلق نہ بتاؤں! ایک نے شرم کی تو اللہ عزوجل نے اس سے حیاء فرمایا' دوسرا توبہ کرتے ہوئے آیا تو اللہ عزوجل نے اس کی توبہ قبول کی' تیسرے نے اعراض کیا تو اللہ عزوجل نے اس سے اعراض کیا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي خُنَيْسٍ، إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث ابوخنیس سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں عبداللہ بن رجاء اکیلے ہیں۔

3529 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: أَنَا أَبُو حُذَيْفَةَ مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ النَّهْدِيُّ قَالَ: نَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ فَكَتَمَهُ أُلْجِمَ بِلِجَامٍ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس سے علم کے متعلق پوچھا گیا اور اس نے علم کو چھپایا تو اسے قیامت کے دن جہنم کی آگ کی لگام دی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكٍ، إِلَّا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ

یہ حدیث سماک سے صرف ابراہیم بن طہمان ہی روایت کرتے ہیں۔

3529- أخرجه أبو داؤد: العلم جلد 3 صفحه 320 رقم الحديث: 3658' والترمذي: العلم جلد 5 صفحه 29 رقم الحديث: 2649 وقال: حديث أبي هريرة حديث حسن . وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 98 رقم الحديث: 266' وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 353 رقم الحديث: 7588' انظر الترغيب للمنذري جلد 1 صفحه 121 رقم الحديث: 1 .

Marfat.com

3530 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ تَمَّامٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: مَا فَرِحْنَا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَرَحَنَا بِحَدِيثٍ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُؤْجَرُ فِي هِدَايَتِهِ: السَّبِيلَ، وَفِي تَعْبِيرِهِ: بِلِسَانِهِ عَنِ الْاَعْجَمِيِّ، وَفِي اِمَاطَةِ الْاَذَى عَنِ الطَّرِيقِ، حَتّٰى اِنَّهُ لَيُؤْجَرُ فِي السِّلْعَةِ تَكُونُ فِي ثَوْبِهِ، فَيَلْتَمِسُهَا بِيَدِهِ، فَتُخْطِئُهَا فَيَخْفُقُ لَهَا فُؤَادُهُ، فَيُرَدَّ عَلَيْهِ، وَيُكْتَبُ لَهُ اَجْرُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اسلام لانے کے بعد کسی شے پر اتنے خوش نہیں ہوئے جتنے ہم اس بات پر خوش ہوئے جو ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیان کیا کہ مؤمن کو راستہ سیدھا بتانے پر ثواب دیا جاتا ہے، عجمی زبان میں بتانے پر بھی، راستہ سے تکلیف دہ شے ہٹانے پر بھی، یہاں تک کہ کپڑے پر کوئی شی ہو وہ اس کو ہاتھ لگائے اور ختم کر دے، اس کا دل اس کو اُٹھانے میں متردد رہا، اس نے اس کو نکال دیا تو اس کے لیے اس کا ثواب بھی لکھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ، اِلَّا سَلَمَةُ بْنُ تَمَّامٍ الشَّقَرِيُّ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْمِنْهَالُ بْنُ خَلِيفَةَ

ثابت سے صرف سلمہ بن تمام شقری ابوعبداللہ روایت کرتے ہیں، ان سے روایت کرنے میں منہال بن خلیفہ اکیلے ہیں۔

3531 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ قَالَ: نا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ اَبِي خَالِدٍ الدَّالَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ بَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ، شَرٌّ وَفِتْنَةٌ قُلْتُ: بَعْدَ هَذَا الشَّرِّ مِنْ خَيْرٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، هُدْنَةٌ عَلَى

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا اس نیکی کے دور ہونے کے بعد بُرائی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! بُرائی اور فتنہ ہوگا۔ میں نے عرض کی: بھلائی کے بعد بُرائی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: وہ اکیلے ہوں گے جماعت سے علیحدہ ہوں گے، میں نے عرض کی: بھلائی کے بعد بُرائی ہوگی؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! پھر آپ

3530- اخرجه ايضًا ابويعلىٰ' والبزار' والبيهقي في الأدب . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 137: وفي اسناده المنهال ابن خليفة وثقه أبو حاتم . وأبو داؤد' والبزار وفيه كلام .

3531- أخرجه البخاري: المناقب جلد 6 صفحه 712 رقم الحديث: 3606' ومسلم: الامارة جلد 3 صفحه 1475' وأبو داؤد: الفتن جلد 4 صفحه 93 رقم الحديث: 4246' وأحمد: المسند جلد 5 صفحه 451-452 رقم الحديث 23344 ولفظه عند أبو داؤد وأحمد .

Marfat.com

دَخَنٍ، وَجَمَاعَةٌ عَلَى اَقْذَاءٍ فِيهَا قُلْتُ: هَلْ بَعْدَ هَذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: نَعَمْ، فِتْنَةٌ صَمَّاءُ عَمْيَاءُ، وَدُعَاةٌ يُدْعَوْنَ اِلَى النَّارِ، فَلَانْ تَمُوتَ يَا حُذَيْفَةُ عَاضًّا عَلَى جِذْعٍ خَيْرٌ مِنْ اَنْ تَسْتَجِيبَ اِلَى اَحَدٍ مِنْهُمْ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، اِلَّا اَبُو خَالِدٍ الدَّالَانِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ

نے فرمایا: اس میں فتنہ بھرے ہوں گے وہ جہنم کی طرف بلائیں گے اے حذیفہ! اس وقت کھجور کے درخت پر سولی چڑھنا زیادہ بہتر ہوگا بجائے اس کے کہ ان کی دعوت قبول کی جائے جس کی طرف وہ بلاتے ہیں۔

عبدالملک بن میسرہ سے صرف ابوخالد الدالانی روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں عبدالسلام بن حرب اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَاتِمٌ

3532 - حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حُمَيْدٍ أَبُو عَدِيٍّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ قَالَ: نا عَاصِمُ بْنُ يُوسُفَ الْيَرْبُوعِيُّ قَالَ: نا سُعَيْرُ بْنُ الْخِمْسِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِطْعَةٍ مِنْ ذَهَبٍ، وَكَانَتْ أَوَّلَ صَدَقَةٍ جَاءَتْهُ مِنْ مَعْدِنٍ فَقَالَ: مَا هَذِهِ؟ قَالُوا: صَدَقَةٌ مِنْ مَعْدِنٍ لَنَا فَقَالَ: إِنَّهَا سَتَكُونُ مَعَادِنُ، وَسَيَكُونُ فِيهَا شِرَارُ خَلْقِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُعَيْرٍ، إِلَّا عَاصِمُ بْنُ يُوسُفَ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حاتم ہے

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں سونے کا ایک ٹکڑا لایا گیا' یہ پہلا صدقہ تھا جو معدنیات سے آیا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یہ کان سے ہمیں صدقہ ملا ہے' آپ نے فرمایا: عنقریب کانیں ہوں گی عنقریب اس میں بدترین مخلوق ہوگی۔

یہ حدیث سعیر سے صرف عاصم بن یوسف روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حُوَيْتٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حویت ہے

3533 - حَدَّثَنَا حُوَيْتُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَكِيمٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ حَازِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَتَى الْجُمُعَةَ فَلْيَغْتَسِلْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو جمعہ کے لیے آئے وہ غسل کرے۔

☆☆☆☆☆

3533- أخرجه البخاري: الجمعة جلد 2 صفحه 430 رقم الحديث: 882 بلفظ اذا راح أحدكم الى الجمعة فليغتسل ومسلم: الجمعة جلد 2 صفحه 580 بلفظ: اذا جاء أحدكم الى الجمعة فليغتسل .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَبُّوشٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حبوش ہے

3534 - حَدَّثَنَا حَبُّوشُ بْنُ رِزْقِ اللّٰهِ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَ: نا يُوسُفُ بْنُ اَبِي اِسْحَاقَ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي مَالًا وَعِيَالًا، وَاِنَّ لِاَبِي مَالًا وَعِيَالًا وَاِنَّهُ يُرِيدُ اَنْ يَاْخُذَ مَالِي اِلَى مَالِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ وَمَالُكَ لِاَبِيكَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس مال اور اولاد ہے' میرا باپ مال دار اور بچوں والا ہے' وہ باوجود اس کے میرا مال لینا چاہتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تُو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يُوسُفَ بْنِ اَبِي اِسْحَاقَ، اِلَّا عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث یوسف بن ابی اسحاق سے صرف عیسیٰ بن یونس ہی روایت کرتے ہیں۔

3535 - حَدَّثَنَا حَبُّوشُ بْنُ رِزْقِ اللّٰهِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ الْعَيَّارِ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل ہر کام میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَلَمَةَ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ

یہ حدیث سلمہ سے صرف عبداللہ بن یوسف ہی روایت کرتے ہیں۔

3536 - حَدَّثَنَا حَبُّوشُ بْنُ رِزْقِ اللّٰهِ قَالَ: نا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

3535- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه463 رقم الحديث: 6024' ومسلم: السلام جلد4صفحه1706 .

3536- أخرجه الترمذي: الفتن جلد 4صفحه541 رقم الحديث: 2269 وقال: هذا حديث غريب . وأحمد.

Marfat.com

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ مِنْ خُرَاسَانَ رَايَاتٌ سُودٌ لَا يَرُدُّهَا شَيْءٌ حَتَّى تُنْصَبَ بِإِيلِيَاءَ

ﷺ نے فرمایا: خراسان سے کالے جھنڈے والے نکلیں گے ان کو کوئی شی واپس نہیں کرے گی یہاں تک کہ ایلیاء کے مقام پر جھنڈا گاڑیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، إِلَّا يُونُسُ، تَفَرَّدَ بِهِ: رِشْدِينُ

یہ حدیث زہری سے صرف یونس روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

3537 - حَدَّثَنَا حَبُّوشُ بْنُ رِزْقِ اللّٰهِ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ قُرَّةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعُ رَحِمٍ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنت میں رشتے داری کو ختم کرنے والا داخل نہیں ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قُرَّةَ، إِلَّا رِشْدِينُ

یہ حدیث قرہ سے صرف رشدین ہی روایت کرتے ہیں۔

3538 - حَدَّثَنَا حَبُّوشُ بْنُ رِزْقِ اللّٰهِ قَالَ: ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ: نا رِشْدِينَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يُوَسَّعَ لَهُ فِي رِزْقِهِ وَيُنْسَأَ لَهُ فِي عُمْرِهِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس کو پسند ہو کہ اس کے رزق میں کشادگی دی جائے اور عمر میں اضافہ ہو تو وہ صلہ رحمی کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، إِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ: رِشْدِينُ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف عمرو بن حارث روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں رشدین اکیلے ہیں۔

المسند جلد2صفحه484 رقم الحديث: 8796 .

3537- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه428 رقم الحديث: 5984' ومسلم: البر والصلة جلد4صفحه1981 .

3538- أخرجه البخاري: البيوع جلد4صفحه353 رقم الحديث: 2067' ومسلم: البر والصلة جلد4صفحه1982 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَامِدٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حامد ہے

3539 - حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ سَعْدَانَ بْنِ يَزِيدَ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ: نا عَنْبَسَةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ: زَعَمَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُرْوَةَ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ اَبِي حَثْمَةَ، يَقُولُ: لَقَدْ رَاَيْتُ بَكْرَ ابْنَ مَغْفَلَةَ صَاحِبَنَا ذٰلِكَ، وَاَنَا غُلَامٌ فَدَنَوْتُ مِنْهُ حَتّٰى رَكَضَنِي يَعْنِي: قَضَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَسَامَةِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا يُونُسُ، وَلَا عَنْ يُونُسَ، اِلَّا عَنْبَسَةُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ

حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے بکر بن مغفلہ کو دیکھا' وہ ہمارے صاحب تھے میں بچہ تھا' میں اُن کے قریب ہوا یہاں تک کہ انہوں نے مجھے آگے دھکیل دیا یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ کے فیصلہ کی طرف جو آپ قسامت کے بارے فرما رہے تھے۔ (قسامت یہ ہے کہ اگر کہیں قتل ہو جائے اور قاتل کا پتہ نہ ہو تو لوگوں کو اکٹھا کر کے قسمیں لے لے کر قاتل تلاش کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ مترجم)

زہری سے یہ حدیث صرف یونس اور یونس سے صرف عنبسہ بن خالد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں احمد بن صالح اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3539- اصله عند البخاری ومسلم: اخرجه البخاری: الأدب جلد**10**صفحه**552** رقم الحديث: **6142-6143**' ومسلم: القسامة جلد**3**صفحه**1292**' واحمد: المسند جلد **4**صفحه**3** رقم الحديث: **16097**' والطبرانی فی الكبير جلد**6**صفحه**99** رقم الحديث: **5625** .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَكِيمٌ

3540 - حَدَّثَنَا حَكِيمُ بْنُ يَحْيَى الْمَتُّوثِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ رَاشِدٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدِينِيُّ قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَهُوَ حَامِلٌ أُمَامَةَ بِنْتَ أَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيعِ، وَهِيَ بِنْتُ زَيْنَبَ بِنْتِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا رَكَعَ وَضَعَهَا، وَإِذَا قَامَ حَمَلَهَا، حَتَّى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ

اس شیخ کا نام سے جس کا نام حکیم ہے

حضرت قتادہ بن ربعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز پڑھ رہے ہوتے اس حالت میں کہ حضرت امامہ بنت ابی العاص بن ربیع کو اٹھائے ہوتے تھے۔ یہ حضرت زینب بنت رسول اللہ ﷺ کی لخت جگر تھیں' جب آپ رکوع کرتے تو اس کو نیچے رکھتے' جب رکوع کر لیتے تو اسے اٹھا لیتے تھے' یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہو جاتے۔

☆☆☆☆☆

3540- أخرجه البخاري: الصلاة جلد1صفحه703 رقم الحديث: 516' ومسلم: المساجد جلد1صفحه385 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ الْحَكَمُ

3541 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مَعْبَدٍ الْخُزَاعِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْمَجِيدِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِي رَوَّادٍ قَالَ: نَا بَلْهَطُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: شَكَوْنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّمْضَاءَ فَلَمْ يُشْكِنَا وَقَالَ: اَكْثِرُوا مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَاِنَّهَا تَدْفَعُ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ بَابًا مِنَ الضُّرِّ، اَدْنَاهَا الْهَمُّ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، اِلَّا بَلْهَطٌ، وَلَا عَنْ بَلْهَطٍ، اِلَّا عَبْدُ الْمَجِيدِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَلَمْ يُسْنِدْ بَلْهَطٌ غَيْرَ هَذَا الْحَدِيثِ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حکم ہے

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے تیزگرمی کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ہماری شکایت کا ازالہ اس طرح فرمایا' فرمایا: کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھا کرو کیونکہ اس کے پڑھنے سے ننانوے نقصان کے دروازے بند ہو جاتے ہیں' ان میں سے سب سے کم غم ہے۔

محمد بن منکدر سے بلھط اور بلھط سے عبدالمجید روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن ابی عمر اکیلے ہیں' ان سے اسی سند سے روایت ہے' بلھط کی طرف اس کے علاوہ کوئی حدیث منسوب نہیں ہے۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ حَمْدَانُ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام حمدون ہے

3542 - حَدَّثَنَا حَمْدَانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَامِرِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ الْقَزَّازُ قَالَ: نا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ، وَأَبِي مَرْيَمَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي تَارِكٌ فِيكُمُ الثَّقَلَيْنِ: كِتَابُ اللّٰهِ، وَعِتْرَتِي أَهْلُ بَيْتِي، وَلَنْ يَتَفَرَّقَا حَتَّى يَرِدَا عَلَيَّ الْحَوْضَ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں: کتاب اللہ اور اپنی اہل بیتؑ دونوں جدا نہیں ہوں گے یہاں تک کہ مجھے حوضِ کوثر پر ملیں گے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ، إِلَّا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيُّ

یہ حدیث کثیر النواء سے صرف ابوعبدالرحمٰن المسعودی روایت کرتے ہیں۔

3543 - حَدَّثَنَا حَمْدَانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَامِرِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ الْقَزَّازُ قَالَ: نا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَسْعُودِيُّ قَالَ: نا الْحَارِثُ بْنُ حَصِيرَةَ، عَنْ أَبِي صَادِقٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ نَاجِدٍ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: لَقَدْ عَلِمَ أُولُو الْعِلْمِ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَائِشَةُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ فَسَلُوهَا، أَنَّ أَصْحَابَ الْأَسْوَدِ ذِي الثُّدَيَّةِ مَلْعُونُونَ عَلَى لِسَانِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ، وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرَى

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل علم' آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت عائشہ بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما سے پوچھیں' اصحابِ اسود اور ناقص ہاتھوں والے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان سے ملعون قرار دیئے گئے' وہ نقصان میں ہے جس نے افتراء باندھا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

بَابُ الْخَاءِ مَنِ اسْمُهُ خَلَفٌ

3544 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ: نا عَطَّافُ بْنُ خَالِدٍ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي صِدِّيقُ بْنُ مُوسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِينَةَ، فَاسْتَنَاخَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ بَيْنَ دَارِ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَدَارِ الْحَسَنِ بْنِ زَيْدٍ، فَأَتَاهُ النَّاسُ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْمَنْزِلُ، فَانْبَعَثَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ، فَقَالَ: دَعُوهَا، فَإِنَّهَا مَأْمُورَةٌ ثُمَّ خَرَجَتْ بِهِ، حَتَّى جَاءَتْ بِهِ مَوْضِعَ الْمِنْبَرِ، فَاسْتَنَاخَتْ بِهِ، ثُمَّ تَحَلْحَلَتْ، وَلِلنَّاسِ ثَمَّ عَرِيشٌ كَانُوا يَرُشُّونَهُ وَيَعْمُرُونَهُ وَيَتَبَرَّدُونَ فِيهِ، حَتَّى نَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَأَوَى إِلَى الظِّلِّ، فَنَزَلَ فِيهِ، فَأَتَاهُ أَبُو أَيُّوبَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْزِلِي أَقْرَبُ الْمَنَازِلِ إِلَيْكَ، فَانْقُلْ رَحْلَكَ إِلَيْهِ، قَالَ نَعَمْ، فَذَهَبَ بِرَاحِلَتِهِ إِلَى الْمَنْزِلِ، ثُمَّ أَتَاهُ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، انْزِلْ عَلَيَّ، فَقَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ مَعَ رَحْلِهِ حَيْثُ كَانَ وَثَبَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعَرِيشِ اثْنَا عَشَرَ لَيْلَةً حَتَّى بَنَى الْمَسْجِدَ

باب الخاء اس شیخ کے نام سے جس کا نام خلف ہے

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ مدینہ منورہ آئے' آپ کی سواری جب جعفر بن محمد بن علی اور حسن بن زید کے گھر کے درمیان پہنچی تو آپ کے پاس صحابہ کرام آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ نیچے اُتریں! آپ سواری سے نیچے اُتریں! آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو' یہ اللہ کے حکم کی پابند ہے۔ پھر وہ سواری آپ کو لے کر نکلی یہاں تک کہ منبر کی جگہ پر آئی اور بیٹھ گئی' یہاں پر صحابہ کرام کے گھر تھے۔ وہ چھڑکاؤ کر کے رونق بڑھاتے اور ماحول کو ٹھنڈا کرتے۔ رسول اللہ ﷺ نیچے اُترے اور اپنی سواری سے سایہ میں آئے' آپ کے پاس حضرت ابوایوب آئے اور عرض کی: یارسول اللہ! میرا گھر آپ کے زیادہ قریب ہے' آپ میرے گھر آ جائیں! اس میں ڈیرہ جمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ٹھیک ہے! آپ کی سواری آپ کو حضرت ابوایوب کے ہاں لے گئی۔ پھر ایک اور آدمی آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے گھر آئیں! آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی اپنی سواری کے ساتھ ہوتا ہے جہاں وہ ہوگی' حضور ﷺ اس چھپر میں بارہ راتیں رہے مسجد کے بننے تک۔

Marfat.com

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ

یہ حدیث ابن زبیر سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں سعید بن منصور اکیلے ہیں۔

3545 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ شَيْبَةَ، مِنْ وَلَدِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاِمَامُ ضَامِنٌ فَمَا صَنَعَ فَاصْنَعُوا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: امام ضامن ہے جو وہ کرتے ہیں تم بھی وہی کرو۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْحُمَيْدِيُّ

یہ حدیث حضرت جابر بن عبداللہ سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں حمیدی اکیلے ہیں۔

3546 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ: نا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَسْلَمَ عَلَى يَدَيْهِ رَجُلٌ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو آدمی کسی کے ہاتھ پر مسلمان ہوا اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ اللَّيْثِ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

حضرت لیث سے یہ حدیث محمد بن معاویہ روایت کرتے ہیں اور عقبہ بن عامر سے صرف اسی سند سے مروی ہے۔

3547 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا الْحُمَيْدِيُّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ سِيسِنٍ الْمَكِّيُّ الْخَيَّاطُ قَالَ: حَدَّثَنِي بِشْرُ بْنُ عُبَيْدٍ، - وَكَانَ شَيْخًا قَدِيمًا - قَالَ: كُنَّا مَعَ طَاوُسٍ فِي الْمَقَامِ، فَسَمِعْنَا ضَوْضَاءَ، فَقَالَ طَاوُسٌ: مَا هَذَا؟ فَقَالَ: قَوْمٌ اَخَذَهُمْ

حضرت بشر بن عبید فرماتے ہیں (یہ پرانے بزرگ ہیں) ہم ایک مقام میں طاؤس کے ساتھ تھے ہم نے شور سنا حضرت طاؤس نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ فرمایا: قوم کو ابن ہشام نے ایک سبب میں پکڑا ہے ان کو طوق ڈالا۔ میں نے طاؤس کو بیان کرتے ہوئے سنا کہ حضرت ابن عباس

Marfat.com

ابْنُ هِشَامٍ فِي سَبَبٍ، فَطَوَّقَهُمْ فَسَمِعْتُ طَاوُسًا يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ اَحَدٍ يُحْدِثُ فِي هَذِهِ الْاُمَّةِ حَدَثًا لَمْ يَكُنْ يَمُوتُ حَتَّى يُصِيبَهُ ذَلِكَ قَالَ بِشْرُ بْنُ عُبَيْدٍ: فَاَنَا رَاَيْتُ ابْنَ هِشَامٍ حِينَ عُزِلَ، فَاَتَى عُمَّالُ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ فَطَوَّقُوهُ

رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی اس اُمت میں بدعت ایجاد کرتا ہے وہ مرے گا نہیں یہاں تک کہ وہ اس کو پالے گا۔ حضرت بشر بن عبید فرماتے ہیں: میں نے ابن ہشام کو دیکھا کہ جس وقت اسے معزول کیا گیا ولید بن عبدالملک کے عمال آئے ان کو طوق ڈالا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحُمَيْدِيُّ

حضرت ابن عباس سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں حمیدی اکیلے ہیں۔

3548 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا اَزْهَرُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ وَاسِعٍ قَالَ: قُلْتُ لِبِلَالِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ: اِنَّ اَبَاكَ حَدَّثَنِي عَنْ جَدِّكَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي جَهَنَّمَ وَادِيًا، فِي الْوَادِي بِئْرٌ يُقَالُ لَهُ: هَبْهَبٌ، حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُسْكِنَ فِيهِ كُلَّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ

حضرت محمد بن واسع فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال بن بردہ سے کہا: آپ کے والد نے مجھے بیان کیا دادا کے حوالہ سے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جہنم میں ایک وادی ہے اس وادی میں ایک کنواں ہے اس کو ھبھب کہا جاتا ہے اللہ عزوجل پر حق ہے کہ اس میں ہر تکبر کرنے والے سرکش کو ڈالے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، اِلَّا اَزْهَرُ بْنُ سِنَانٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي مُوسَى، اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

محمد بن واسع سے صرف ازہر بن سنان روایت کرتے ہیں ابوموسیٰ سے اسی سند سے روایت ہے۔

3549 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ قَالَ: نا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْمُهَاجِرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَهْدَى اَمِيرُ الْقِبْطِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَارِيَتَيْنِ اُخْتَيْنِ وَبَغْلَةً، فَاَمَّا الْبَغْلَةُ: فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ امیر قبط نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دو لونڈیاں جو بہنیں تھیں اور ایک خچر تحفہ کے طور پر دیں خچر پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سوار ہوتے تھے دونوں لونڈیوں میں سے ایک (کو آزاد کر کے اس) سے آپ نے نکاح کیا ان سے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے دوسری آپ نے حسان بن ثابت انصاری کو دے

Marfat.com

يَرْكَبُهَا، وَاَمَّا اِحْدَى الْجَارِيَتَيْنِ: فَتَسَرَّاهَا، فَوَلَدَتْ اِبْرَاهِيمَ، وَاَمَّا الْاُخْرَى فَاَعْطَاهَا حَسَّانَ بْنَ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيَّ

دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْمُهَاجِرِ، اِلَّا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث بشر بن مہاجر سے صرف حاتم بن اسماعیل ہی روایت کرتے ہیں۔

3550 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا مُسْلِمُ بْنُ اَبِي مُسْلِمٍ الْجَرْمِيُّ قَالَ: نا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: نَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى رَجُلٍ يُشِيرُ بِاُصْبُعَيْهِ، فَقَالَ: اَحَدٌ اَحَدٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کی طرف جو اپنی انگلی سے اشارہ کرتا ہے تو آپ نے کہا: احد احد (وہ ایک ہے وہ ایک ہے)۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، اِلَّا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُسْلِمٌ الْجَرْمِيُّ

ہشام بن حسان سے صرف مخلد بن حسین روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں مسلم الجرمی اکیلے ہیں۔

3551 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو بَكْرٍ الزُّهَيْرِيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَاَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَا: بَشَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ مِنْ قَصَبٍ، لَا صَخَبَ فِيهِ وَلَا نَصَبَ لَمْ يَقُلْ اَحَدٌ

حضرت ابو ہریرہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما دونوں فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ کو جنت میں ایسے گھر کی خوشخبری دی جو بانسوں کا ہے' اس میں شور اور تھکاوٹ نہیں ہوگی۔

فِي هَذَا الْحَدِيثِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، اِلَّا عَبْدَ الْوَاحِدِ بْنَ زِيَادٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ، اِلَّا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ،

کسی ایک نے بھی نہیں کہا کہ یہ حدیث حضرت ابوصالح سے' وہ ابوسعید سے مگر عبدالواحد بن زیاد نے اور عبدالواحد سے صرف عمرو بن عاصم روایت کرتے ہیں' ان

Marfat.com

تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو بَكْرٍ الزُّهَيْرِيُّ وَرَوَاهُ عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ وَحْدَهُ

سے روایت کرنے میں ابوبکر الزہیری اکیلے ہیں۔ عیسیٰ بن یونس اعمش سے وہ ابوصالح سے وہ حضرت ابوہریرہ سے اکیلے روایت کرتے ہیں۔

3552 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عَمْرٍو الْعُكْبَرِيُّ قَالَ: نا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَرَى مِنْ اَعْرَابِيٍّ - قَالَ: حَسِبْتُ اَنَّهُ قَالَ: مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ - حِمْلَ خَبَطٍ اَوْ حِمْلَ حِنْطَةٍ اَوْ حِنَطٍ، فَلَمَّا وَجَبَ الْبَيْعُ قَالَ لَهُ: اخْتَرْ فَقَالَ الْاَعْرَابِيُّ: اِنْ رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ، عَمَرَكَ اللّٰهُ، مِمَّنْ اَنْتَ؟ قَالَ: مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے قبیلہ بنی عامر بن صعصعہ کے ایک دیہاتی سے سودا کیا۔ فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ وہ گندم کا ڈھیر تھا (حمل خبط، حمل حنطة، حنط کے الفاظ ہیں) جب سودا مکمل ہوگیا تو آپ نے اس سے فرمایا: چن لے! اعرابی نے کہا: اگر میں آج کی طرح دیکھوں (اللہ آپ کو آباد رکھے) آپ کس قبیلہ سے ہیں؟ آپ نے فرمایا: قریشی ہوں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اِلَّا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث ابن جریج سے صرف یحییٰ بن ایوب روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

3553 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَاسِطِيُّ الْمُسْتَمْلِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ الْحَجْرِيِّ قَالَ: صَلَّيْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفَى عَلَى جَنَازَةِ بِنْتٍ لَهُ، فَكَبَّرَ عَلَيْهَا اَرْبَعًا ، ثُمَّ

حضرت ابراہیم الحجری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک جنازہ پڑھا جو آپ کی بیٹی کا تھا آپ نے اس جنازہ پر چار تکبیریں کہیں پھر فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے ہی کرتے دیکھا۔

3552- أخرجه ابن ماجة: التجارات جلد 2صفحه736 رقم الحديث: 2184' والحاكم في المستدرك جلد 2صفحه48' والبيهقي في الكبرى جلد 5صفحه444 رقم الحديث: 10442' والدارقطني: سننه جلد 3صفحه21 رقم الحديث: 74 . انظر الدر المنثور للسيوطي جلد2صفحه144 .

3553- أخرجه ابن ماجة: الجنائز جلد 1صفحه482 رقم الحديث: 1503 نحوه في الزوائد: في اسناده الهجري' واسمه ابراهيم بن مسلم الكوفي' ضعفه ابن عيينة ويحيى بن معين والنسائي وغيرهم .

Marfat.com

قَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ مِسْعَرٍ، اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْوَاسِطِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ النَّشَائِيُّ

یہ حدیث مسعر سے صرف محمد بن یزید الواسطی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن حرب النشائی اکیلے ہیں۔

3554 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ عَوْفٍ الْاَعْرَابِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ قَالَ: قُلْتُ لِاَبِي: يَا اَبَةِ، مَنْ خَيْرُ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ

حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد سے پوچھا: اے اباجان! رسول اللہ ﷺ کے بعد افضل کون ہے؟ فرمایا: ابوبکر اور پھر ان کے بعد عمر رضی اللہ عنہما ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَوْفٍ، اِلَّا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ

یہ حدیث عوف سے صرف اسحاق بن ازرق روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن خلف اکیلے ہیں۔

3555 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ الْحَسَنِ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الشَّامِيُّ قَالَ: نا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلَاكُ اُمَّتِي فِي ثَلَاثٍ: فِي الْقَدَرِيَّةِ، وَالْعَصَبِيَّةِ، وَالرِّوَايَةِ مِنْ غَيْرِ ثَبْتٍ

حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اُمت کی ہلاکت تین چیزوں میں ہے: (۱) قدریہ (۲) عصبیت میں (۳) بغیر تصدیق کے روایت کرنے میں۔

3556 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلْمٍ

حضرت سلمان بن عامر ضی رضی اللہ عنہ فرماتے

3554- اخرجه البخاری: فضائل الصحابة جلد7صفحه24 رقم الحديث: 3671 .

3555- وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد1صفحه144 أيضًا الى الصغير وقال: وفيه سويد ابن عبد العزيز' وقد أجمعوا على ضعفه .

3556- واخرجه أيضًا الترمذي' وابن ماجة' والنسائي من طريق حفصة بنت سيرين بالاسناد المذكور مرفوعًا بلفظ

Marfat.com

الضَّبِّيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا غَالِبُ بْنُ قُرَّانَ الْهُذَلِيُّ قَالَ: نا اَبُو نَعَامَةَ الْعَدَوِيُّ عَمْرُو بْنُ عِيسَى قَالَ: حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ بِنْتُ سِيرِينَ، عَنْ اُمِّ الرَّائِحِ بِنْتِ صُلَيْعٍ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: صَدَقَةُ ذِی الرَّحِمِ عَلَی ذِی رَحِمِهِ صَدَقَةٌ، وَصِلَةٌ

ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رشتے دار کو صدقہ دینا دوگنا ثواب ہے' ایک صدقہ کا اور دوسرا صلہ رحمی کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ اَبِی نَعَامَةَ، اِلَّا غَالِبُ بْنُ قُرَّانَ، تَفَرَّدَ بِهِ: نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث ابونعامہ سے صرف غالب بن قران روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں نصر بن علی اکیلے ہیں۔

3557 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نا مُعَاذُ بْنُ هَانِءٍ الْبَهْرَانِيُّ قَالَ: نا هَمَّامٌ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اُمِّ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ: اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَرْقُدُ لَيْلًا وَلَا نَهَارًا، فَيَسْتَيْقِظُ اِلَّا تَسَوَّكَ قَبْلَ اَنْ يَتَوَضَّاَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ دن و رات کو جاگتے تھے تو آپ وضو سے پہلے مسواک کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا هَمَّامٌ، وَلَا يُرْوَی عَنْ عَائِشَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث علی بن زید سے صرف ہمام روایت کرتے ہیں اور حضرت عائشہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

الصدقة علی المسکین صدقة وعلی ذی الرحم اثنتان ـ صدقة' وصله' وقال الترمذی: حدیث حسن ـ وأخرجه أیضًا أحمد' والدارمی' والحاکم وصححه کلهم من طریق حفصة بنت سیرین بالاسناد المکور ـ وانظر تهذیب الکمال جلد22 صفحه181 ـ

3557- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد 1 صفحه 15 رقم الحدیث: 57' وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 180 رقم الحدیث: 25327' والبیهقی فی الکبری جلد 1 صفحه 64 رقم الحدیث: 167 وعزاه الحافظ السیوطی أیضًا الی ابن أبی شیبة' وقال: بسند ضعیف ـ انظر الدر المنثور جلد1 صفحه113 ـ

Marfat.com

3558 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا عَمْرُو بْنُ الْوَضِي بْنِ نَصْرِ بْنِ الْوَضِي الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الرُّمَّانِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الضَّبِّيُّ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمُؤَذِّنِينَ وَالْمُلَبِّينَ يَخْرُجُونَ مِنْ قُبُورِهِمْ، يُؤَذِّنُ الْمُؤَذِّنُ، وَيُلَبِّي الْمُلَبِّي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اذان پڑھنے والے اور تلبیہ پڑھنے والے اپنی قبروں سے اُٹھیں گے تو مؤذن اذان پڑھ رہا ہوگا اور تلبیہ پڑھنے والا تلبیہ پڑھ رہا ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، اِلَّا اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيِّ، وَلَا عَنْ اَبِي بَكْرٍ، اِلَّا اَبُو الْوَلِيدِ الضَّبِّيُّ - وَهُوَ: الْعَبَّاسُ بْنُ بَكَّارٍ -، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث ابوزبیر سے صرف ابوبکر الہذلی اور ابوبکر سے صرف ابوالولید الضبی روایت کرتے ہیں۔ ابوالولید یہ عباس بن بکار ہیں اور حضرت جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

3559 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا شِغَارَ قَالُوا: وَمَا الشِّغَارُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نِكَاحُ الْمَرْاَةِ بِالْمَرْاَةِ، لَا صَدَاقَ بَيْنَهُمَا

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: شغار جائز نہیں ہے' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! شغار کیا ہے؟ فرمایا: ایک عورت کا دوسری عورت کے بدلے میں نکاح کرنا اور آپس میں مہر مقرر نہ کرنا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ

یہ حدیث ابی بن کعب سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں یوسف بن خالد السمتی اکیلے ہیں۔

3558- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 330: وفيه مجاهيل لم أجد من ذكرهم . قلت: وفيه أيضا متهم بالوضع' ومتروك .

3559- وعزاه الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 4 صفحه 269 أيضًا الى الصغير وقال: وفيه يوسف بن خالد السمتي وهو ضعيف' والسند منقطع أيضًا .

Marfat.com

3560 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ السَّعْدِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا نَضْرَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَنُوتِرُ بَعْدَ اَذَانِ الصُّبْحِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوْتِرْ قَبْلَ الْاَذَانِ قَالَ: وَكَانَ اَذَانُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ طُلُوعِ الْفَجْرِ، فَقَالُوا: اَنُوتِرُ بَعْدَ الْاَذَانِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُوتِرْ قَبْلَ الْاَذَانِ فَقَالُوا الثَّالِثَةَ: اَنُوتِرُ بَعْدَ الْاَذَانِ؟ قَالَ: اَوْتِرُوا بَعْدَ الْاَذَانِ فَرَخَّصَ لَهُمْ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! کیا ہم وتر صبح کی اذان کے بعد پڑھ سکتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وتر اذان سے پہلے پڑھو۔ حضرت ابوسعید فرماتے ہیں: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اذان طلوع فجر کے بعد ہوتی تھی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: کیا ہم اذان کے بعد وتر پڑھ سکتے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وتر اذان سے پہلے پڑھو۔ صحابہ کرام نے تیسری مرتبہ عرض کی: کیا ہم وتر اذان کے بعد پڑھ سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: اذان کے بعد پڑھ لیا کرو۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ کرام کو رخصت دی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سُفْيَانَ السَّعْدِيِّ، اِلَّا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ السَّمْتِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ عَنْهُ

یہ حدیث ابوسفیان السعدی سے صرف یوسف بن خالد سمتی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے ان سے اکیلے ہیں۔

3561 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الضَّبِّيُّ قَالَ: نا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ قَالَ: نا اَبِي، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ السَّعْدِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: اَوْصَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَشْرِ رَكَعَاتٍ لَا اَدَعُهُنَّ: رَكْعَتَانِ قَبْلَ الْغَدَاةِ، وَرَكْعَتَانِ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الظُّهْرِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَرَكْعَتَانِ بَعْدَ الْعِشَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصیت کی: دس رکعتیں پڑھنے کی تو میں ان کو نہیں چھوڑتا ہوں' دو رکعتیں فجر کے فرضوں سے پہلے اور دو رکعتیں ظہر کے فرضوں سے پہلے' دو فرضوں کے بعد' دو مغرب کے بعد' یعنی فرضوں کے بعد' دو عشاء کے فرضوں کے بعد۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي سُفْيَانَ السَّعْدِيِّ، اِلَّا يُوسُفُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُهُ عَنْهُ

یہ حدیث ابوسفیان السعدی سے صرف یوسف بن خالد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ان کے بیٹے اکیلے ہیں۔

3560- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد2صفحه250: وفيه يوسف بن خالد السمتي وهو ضعيف .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ خَضِرٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام خضر ہے

3562 - حَدَّثَنَا خَضِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ الْجَوْهَرِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ قَالَ: نا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ: نا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ اِلَى صَلَاةِ الْغَدَاةِ وَرَاْسُهُ يَقْطُرُ مِنَ الْغُسْلِ، ثُمَّ يُصْبِحُ صَائِمًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نمازِ فجر کے لیے نکلتے تو غسل کے پانی کے قطرے آپ کے سر سے ٹپک رہے ہوتے تھے' پھر صبح روزہ کی حالت میں کرتے تھے۔

3563 - حَدَّثَنَا خَضِرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَرْزُبَانِ قَالَ: نا اَحْمَدُ بْنُ بُدَيْلٍ قَالَ: نا مُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ قَالَ: اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

حضرت صفوان بن عسال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن اُن سے ملا نہیں ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آدمی جس سے محبت کرتا ہوگا' اسی کے ساتھ ہوگا۔

☆☆☆☆☆

3562- أخرجه ابن ماجة: الصيام جلد1صفحه543 رقم الحديث: 1703 .

3563- أخرجه الترمذي: الزهد جلد4صفحه596 رقم الحديث: 2387 وقال: هذا حديث حسن صحيح' وأحمد: المسند جلد4صفحه293 رقم الحديث: 18115 .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ خَالِدٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام خالد ہے

3564 - حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ أَبُو يَزِيدَ الْقُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الْجُوَيْرِيَةِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نَهَارٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمُّ سَعْدٍ، قَالَتْ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْتُ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، الْمَرْأَةُ تُعْطِي الشَّيْءَ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا صَدَقَةً، فَهُوَ لَهَا أَوْ لِزَوْجِهَا؟ قَالَتْ: هُوَ بَيْنَهُمَا، حَدَّثَنِي بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَائِشَةَ، إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ

حضرت اُم سعد رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی' میں نے عرض کی: اے اُم المؤمنین! ایک عورت اپنے شوہر کے گھر سے صدقہ کرتی ہے' ثواب اس عورت کے لیے ہے یا اس کے شوہر کے لیے؟ آپ نے فرمایا: دونوں کے لیے ہے' مجھے حضور ﷺ نے اسی طرح بیان کیا ہے۔

اس حدیث کو حضرت عائشہ سے صرف اسی سند سے روایت کیا گیا ہے۔ اس حدیث کے ساتھ نصر بن علی منفرد ہیں۔

3565 - حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ الْقُرَشِيُّ قَالَ: نا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نا سَلَمَةُ بْنُ حَرْبِ بْنِ زِيَادٍ الْكِلَابِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو مُدْرِكٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسٌ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، حَتَّى إِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاتَّبَعْتُهُ فَقَالَ: انْطَلِقْ بِنَا حَتَّى نَدْخُلَ عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ مسجد میں تھے یہاں تک کہ جب سورج طلوع ہوا تو رسول اللہ ﷺ نکلے' میں آپ کے پیچھے چلا یہاں تک کہ ہم حضرت فاطمہ بنت محمد کے گھر پہنچے' رسول اللہ ﷺ داخل ہوئے تو آپ رضی اللہ عنہا آرام فرما رہی تھیں' آپ ﷺ نے فرمایا: اے فاطمہ! آپ اس وقت کیا ارادہ رکھتی ہیں؟ عرض کی: میں آج ساری رات

3564- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد3صفحه141: وفيه من لم أعرفه .

3565- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10صفحه183: ذكر الذهبي سلمة في الميزان' فقال: مجهول كشيخه أبي مدرك' وقد وثق ابن حبان سلمة' وذكر له هذا الحديث في ترجمته' وفي الميزان أبو مدرك' قال الدارقطني: متروك' فلا أدري هو أبو مدرك هذا' أو غيره' وبقية رجاله ثقات' وعزاه أيضًا الى الصغير .

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا، فَإِذَا هِيَ نَائِمَةٌ مُضْطَجِعَةٌ، فَقَالَ: يَا فَاطِمَةُ، مَا يُنِيمُكِ فِي هَذِهِ السَّاعَةِ؟ قَالَتْ: مَا زِلْتُ مُنْذُ الْبَارِحَةِ مَحْمُومَةً قَالَ: فَأَيْنَ الدُّعَاءُ الَّذِي عَلَّمْتُكِ؟ قَالَتْ: نَسِيتُهُ قَالَ: قُولِي يَا حَيُّ، يَا قَيُّومُ، بِرَحْمَتِكَ اسْتَغِيثُ، اَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ، وَلَا تَكِلْنِي إِلَى اَحَدٍ مِنَ النَّاسِ وَلَا إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَنَسٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ تَفَرَّدَ بِهِ: نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ

پریشان رہی ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: جو دعا میں نے آپ کو سکھائی تھی' وہ کیا آپ کو یاد نہیں ہے؟ عرض کی: میں بھول گئی ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو پڑھ "یَا حَيُّ، یَا قَيُّومُ، بِرَحْمَتِكَ اسْتَغِيثُ، اَصْلِحْ لِي شَأْنِي كُلَّهُ، وَلَا تَكِلْنِي إِلَى اَحَدٍ مِنَ النَّاسِ وَلَا إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ"۔

یہ حدیث حضرت انس سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں نصر بن علی اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ خَيْرٌ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام خیر ہے

3566 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ التُّجِيبِيُّ الْمِصْرِيُّ قَالَ: نا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْعِرْقِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِي لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والوں کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَاصِمٍ، اِلَّا ابْنُ الْمُبَارَكِ تَفَرَّدَ بِهِ: عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ

یہ حدیث عاصم سے صرف ابن مبارک روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عروہ بن مروان اکیلے ہیں۔

3567 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْعِرْقِيُّ قَالَ: نا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ، وَقِتَالُهُ كُفْرٌ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کو قتل کرنا کفر ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، اِلَّا لَيْثٌ، وَلَا عَنْ لَيْثٍ، اِلَّا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ،

یہ حدیث طلحہ بن مصرف سے صرف لیث اور لیث سے صرف اسماعیل بن عیاش روایت کرتے ہیں' اس کو

3566- أخرجه أيضًا الصغير' والبزار من طريق أبي داؤد' ثنا الخزرج في المطبوع الجراح بن عثمان' عن ثابت' عن أنس بمثله . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 381: وفيه الخزرج بن عثمان' وقد وثقه ابن حبان' وضعفه غير واحد' وبقية رجال البزار رجال الصحيح . قلت: الخزرج بن عثمان قال فيه ابن حجر نقلًا عن ابن معين: صالح . ولم ينفرد به فالحديث حسن ثم أن هذا الحديث ليس في الزوائد فقد أخرجه أبو داؤد والترمذي وقال: حسن صحيح .

3567- أخرجه البخاري: الايمان جلد 1 صفحه 135 رقم الحديث: 48' ومسلم: الايمان جلد 1 صفحه 81 .

Marfat.com

تَفَرَّدَ بِهِ: عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ

روایت کرنے میں عروہ بن مروان الرقی اکیلے ہیں۔

3568 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فِي السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ مَوْضِعُ قَدَمٍ وَلَا شِبْرٍ وَلَا كَفٍّ اِلَّا وَفِيهِ مَلَكٌ قَائِمٌ اَوْ مَلَكٌ رَاكِعٌ اَوْ مَلَكٌ سَاجِدٌ، فَاِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالُوا جَمِيعًا: سُبْحَانَكَ مَا عَبَدْنَاكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ، اِلَّا اَنَّا لَمْ نُشْرِكْ بِكَ شَيْئًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سات آسمانوں میں ایک قدم اور ایک بالشت ایک ہتھیلی کے برابر جگہ نہیں مگر وہاں فرشتہ کھڑا ہے کوئی قیام کوئی رکوع کوئی سجدے کی حالت میں جب قیامت کا دن ہوگا تو وہ سارے کے سارے عرض کریں گے: تو پاک ہے ہم تیری عبادت کا حق ادا نہیں کر سکتے ہم نے تیرے ساتھ کوئی شے شریک نہیں ٹھہرائی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ، اِلَّا عَبْدُ الْكَرِيمِ، وَلَا عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ، اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث عطاء سے صرف عبدالکریم اور عبدالکریم سے صرف عبیداللہ بن عمر روایت کرتے ہیں۔

3569 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسَلِّمُ تَسْلِيمَتَيْنِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نماز میں دو سلام کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ، اِلَّا الزُّبَيْدِيُّ

یہ حدیث زہری سے صرف زبیدی ہی روایت کرتے ہیں۔

3570 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْعِرْقِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں احمد ہوں میں محمد ہوں اور میں

3568- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **10** صفحه **361**: وفيه عروة بن مروان قال الدارقطني: ليس بقوي في الحديث' وبقية رجاله رجال الصحيح .

3569- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **149**: وفيه بقية وهو ثقة مدلس' وقد عنعنه .

3570- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد **8** صفحه **287**: وفيه عروة بن مروان' قيل فيه ليس بالقوي' وبقية رجاله وثقوا . وقد اخرجه ايضًا الطبراني في الكبير جلد **2** صفحه **199** .

Marfat.com

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا اَحْمَدُ، وَاَنَا مُحَمَّدٌ، وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِي الْكُفْرَ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ فَاِنَّ لِوَاءَ الْحَمْدِ مَعِي وَكُنْتُ اِمَامَ الْمُرْسَلِينَ، وَصَاحِبَ شَفَاعَتِهِمْ

حاشر ہوں' سارے لوگ میرے قدموں کے پاس جمع ہوں گے' میں ماحی ہوں میری وجہ سے اللہ عزوجل نے کفر ختم کیا' جب قیامت کا دن ہوگا تو حمد کا جھنڈا میرے پاس ہوگا' میں سارے رسولوں کا سردار ہوں گا اور ان سب کی شفاعت کروں گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ، اِلَّا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، وَالْقَاسِمُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ

یہ حدیث جابر بن عبداللہ سے صرف عبداللہ بن محمد بن عقیل اور عقیل سے صرف عبیداللہ بن عمرو اور قاسم' اور وہ عبداللہ بن محمد بن عقیل سے روایت کرتے ہیں۔

3571 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ قَالَ: اَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْحَجَّةُ الْمَبْرُورَةُ لَيْسَ لَهَا جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةُ، وَالْعُمْرَتَانِ تُكَفِّرَانِ مَا بَيْنَهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حج مبرور کی جزاء صرف جنگ ہے اور عمرے کے درمیان میں ہونے والے گناہوں کو معاف کرواتے ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، اِلَّا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ، وَلَا عَنْ خَالِدٍ، اِلَّا اللَّيْثُ

یہ حدیث سعید بن ابی حلال سے صرف خالد بن یزید اور خالد سے صرف لیث ہی روایت کرتے ہیں۔

3572 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ: نا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ

حضرت مستورد بن شداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے کسی مسلمان آدمی کا

3571- أخرجه البخاری: العمرة جلد**3**صفحه**698** رقم الحديث: **1773**' ومسلم: الحج جلد **2**صفحه**983** ولفظهما: العمرة الى العمرة كفارة لما بينهما......' والدارمي: المناسك جلد**2**صفحه**48** رقم الحديث: **1795**' وأحمد: المسند جلد**2**صفحه**607** رقم الحديث: **9954** ولفظه عند الدارمي وأحمد .

3572- أخرجه أبو داؤد: الأدب جلد**4**صفحه**271** رقم الحديث: **4881**' واحمد: المسند جلد**4**صفحه**280** رقم الحديث: **18034** . انظر الدر المنثور للسيوطي جلد**6**صفحه**96** .

Marfat.com

ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ وَقَّاصِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ اُكْلَةً فَاِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ، وَمَنْ كُسِيَ ثَوْبًا بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَكْسُوهُ مِثْلَهُ مِنْ جَهَنَّمَ، وَمَنْ قَامَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ مَقَامَ سُمْعَةٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يُقِيمُهُ مَقَامَ رِيَاءٍ وَسُمْعَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

ایک لقمہ ناجائز طریقے سے کھایا' اللہ عزوجل اُسے جہنم سے اس کی مثل کھلائے گا' جس نے کسی مسلمان کا ناجائز طریقے سے کپڑا پہنا تو اللہ عزوجل اسے اس کی مثل جہنم سے پہنائے گا' جو مسلمان آدمی ریاکاری کے لیے کھڑا ہوا بے شک اللہ عزوجل اس کو قیامت کے دن ریاکاری کے مقام پر کھڑا کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، اِلَّا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ

یہ حدیث ابن ثوبان سے صرف بقیہ بن ولید ہی روایت کرتے ہیں۔

3573 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ قَالَ: نا هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نا اَبُو رَبِيعَةَ سُلَيْمَانُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْاُمُورُ كُلُّهَا خَيْرُهَا وَشَرُّهَا مِنَ اللّٰهِ وَقَالَ: اِنَّ الْقَدَرَ نِظَامُ التَّوْحِيدِ، فَمَنْ وَحَّدَ اللّٰهَ وَآمَنَ بِالْقَدَرِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى، وَمَنْ لَمْ يُؤْمِنْ بِالْقَدَرِ كَانَ نَاقِصًا لِلتَّوْحِيدِ وَقَالَ: لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مُكَذِّبٌ بِقَدَرٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تمام سارے کے سارے اچھے اور بُرے اللہ کی طرف سے پیدا شدہ ہیں۔ اور فرمایا: تقدیر نظامِ توحید ہے' جو اللہ کی توحید اور تقدیر پر ایمان رکھے اس نے مضبوطی سے رسی کو پکڑا' جو تقدیر پر ایمان نہ رکھے اس کی توحید ناقص ہے۔ اور فرمایا: تقدیر کا جھٹلانے والا جنت میں نہیں جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي حَازِمٍ، اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ رَبِيعَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

حضرت ابوحازم سے صرف سلیمان بن ربیعہ ہی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ھانی بن متوکل اکیلے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3573- وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد7صفحه200: وفيه هانئ بن المتوكل وهو ضعيف .

Marfat.com

مَنِ اسْمُهُ خَطَّابٌ

3574 - حَدَّثَنَا خَطَّابُ بْنُ سَعْدٍ الدِّمَشْقِيُّ قَالَ: نا مُؤَمَّلُ بْنُ اِهَابٍ الرَّمْلِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ جَعَلَ اللّٰهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّارِ خَنْدَقًا كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ، اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ

اس شیخ کے نام سے جس کا نام خطاب ہے

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھا' اللہ عزوجل اس کے اور جہنم کے درمیان ایک خندق بنائے گا' اتنی بڑی جتنا فاصلہ زمین و آسمان کے درمیان ہے۔

یہ حدیث سفیان سے صرف عبداللہ بن ولید العدنی روایت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

3574- أخرجه أيضًا الطبراني في الصغير . وقال الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3صفحه197: واسناده حسن . وحسنه أيضًا المنذري (الترغيب جلد2صفحه86) .

Marfat.com

بَابُ الدَّالِ مَنِ اسْمُهُ دَاوُدُ

باب الدال اس شیخ کے نام سے جس کا نام داؤد ہے

3575 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ اَبُو الْفَوَارِسِ الْمَرْوَرُوذِيُّ قَالَ: نا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ قَالَ: نا سَلَّامُ بْنُ اَبِي مُطِيعٍ، عَنْ جَابِرٍ الْجُعْفِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ مَيِّتًا فَاَدَّى فِيهِ الْاَمَانَةَ، يَعْنِي: سَتَرَ مَا يَكُونُ عِنْدَ ذٰلِكَ، كَانَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَيَوْمٍ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ قَالَتْ: وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَلِهِ مَنْ كَانَ اَعْلَمَ، فَاِنْ كَانَ لَا يَعْلَمُ فَرَجُلٌ مِمَّنْ تَرَوْنَ اَنَّ عِنْدَهُ وَرَعًا وَاَمَانَةً

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی میت کو غسل دیا' اس نے امانت کو ادا کیا' یعنی جو اس سے عیب ظاہر ہو اس کو چھپا دے تو اس کے گناہ اس طرح معاف ہوں گے جس طرح آج ہی اس کی ماں نے اس کو جنا ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: چاہیے کہ ولی وہ شخص بنے جو زیادہ علم والا ہو' اگر علم والا نہ ہو تو وہ جو پرہیزگار اور امانت دار ہو۔

